2148 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَانِءٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نَا اَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو آدمی آپس میں تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں۔

2149 - وَبِاِسْنَادِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُقِيمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَكَانِهِ فَيَجْلِسُ فِيهِ، فَاِذَا رَجَعَ فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کوئی آدمی جو اپنی جگہ سے اُٹھے پھر واپس آئے تو وہی اس جگہ کا زیادہ حق دار ہے۔

2150 - وَبِاِسْنَادِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا نَعَسَ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ مَكَانِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے جب کسی کو جمعہ کے دن اونگھ آئے تو وہ اپنی جگہ بدل لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا اَبُو شِهَابٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف ابوشہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

2148- أخرجه ابن ماجه في الأدب جلد**2**صفحه**1241** رقم الحديث:**3776**' ومالك في الموطأ جلد**2**صفحه**989** رقم الحديث:**14**' وأحمد في المسند جلد**2**صفحه**14** رقم الحديث:**4563** .

2149- أخرجه البخاري في الجمعة جلد**2**صفحه**456** رقم الحديث: **911**' ومسلم في السلام جلد**4**صفحه**1714** .

2150- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد **1**صفحه**290** رقم الحديث: **1119**' والترمذي في الجمعة جلد **2**صفحه**404** رقم الحديث:**526**' وأحمد في المسند جلد**2**صفحه**45** رقم الحديث:**4874** .

2151 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ بَشِيرٍ الْأَسْلَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَمَّهُ عَامِرَ بْنَ الْأَكْوَعِ جُرِحَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَقَتَلَ رَجُلًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَهُ أَجْرَانِ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُن کے چچا حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ خیبر کے دن زخمی ہوئے اور انہوں نے ایک آدمی کو قتل کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے دو اجر ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ إِلَّا أَبُو أَحْمَدَ

محمد بن بشر سے صرف ابواحمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2152 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو شَيْبَةَ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّحَاسُ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيْسَ رَجُلٌ يَلِي قَوْمًا، ثُمَّ لَا يَحُوطُهُمْ كَمَا يَحُوطُ نَفْسَهُ وَأَهْلَهُ، إِلَّا أَدْخَلَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کوئی آدمی نہیں ہے جو کسی قوم سے ملے تو وہ اُن کو معاف نہ کرے جس طرح وہ اپنے آپ اور گھر والوں کو معاف کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو جہنم کی آگ میں ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ إِلَّا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّحَاسُ

اسے خالد سے صرف عبید بن محمد النحاس ہی روایت کرتے ہیں۔

2153 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَذِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ يَمَانٍ، عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا زَيْدُ، أَعْطِ زَكَاةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے زید! لوگوں کے ساتھ اپنے سر کی زکوۃ دو اگر تو نہ پائے تو دھاگہ ہی دے دے۔

2151- أخرجه البخاري في المغازي جلد7صفحه530 رقم الحديث: 4196، ومسلم في الجهاد جلد3صفحه1432 .

2152- أخرجه الطبراني في الكبير جلد20صفحه218 رقم الحديث: 506 .

2153- أخرجه الطبراني في الكبير جلد5صفحه120 رقم الحديث: 4806 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه84 .

رَأْسِكَ مَعَ النَّاسِ وَإِنْ لَمْ تَجِدْ إِلَّا خَيْطًا

2154 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَمِّهِ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ فَمَا يَتَنَفَّلُ مِنْ صَلَاتِهِ حَتَّى تَرِمَ قَدَمَاهُ، فَقِيلَ: أَتُجْهِدُ نَفْسَكَ، فَمَا هَذَا الْجَهْدُ وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نفل نماز کے لیے قیام کرتے یہاں تک کہ آپ کے قدموں میں ورم پڑ جاتے تھے' آپ سے عرض کی گئی: آپ اپنے آپ کو مشقت میں کیوں ڈالتے ہیں حالانکہ آپ کے سبب سے اللہ عزوجل نے آپ کی اُمت کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں اللہ کا شکرگزار بندہ نہ بن جاؤں۔

لَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ وَبَيْنَ الْمُغِيرَةِ أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ مِسْعَرٍ قُطْبَةَ إِلَّا ابْنُ إِسْحَاقَ

زیاد بن علاقہ اور مغیرہ بن شعبہ کے درمیان کوئی داخل نہیں ہے جو مسعر قطبہ سے روایت کرتا ہو' سوائے ابن اسحاق کے۔

2155 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ الْوَرَّاقُ قَالَ: نَا سَلَّامُ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ خَرَّبُوذَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَذَكَرَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَاتَمَ الْأَوْصِيَاءِ، وَوَصِيَّ خَاتَمِ الْأَنْبِيَاءِ، وَأَمِينَ الصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ . ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ الْأَوَّلُونَ وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، لَقَدْ

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما نے خطبہ دیا' تو اللہ کی حمد وثناء کی' امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا' فرمایا: اوصیاء میں خاتم ہیں' خاتم الانبیاء کے وصی تھے' صدیقین اور شہداء کے امین ہیں۔ پھر فرمایا: اے لوگو! تم سے ایک آدمی جدا ہوا ہے جو سابقین اوّلین میں سے تھا' پچھلوں نے اس کو نہیں پایا' رسول اللہ ﷺ نے اُن کو جھنڈا دیا تھا' حضرت جبریل علیہ السلام اس کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام اس کی بائیں جانب لڑ رہے

2154- أخرجه البخاری فی التهجد جلد3صفحه19 رقم الحديث: 1130' ومسلم صفة القيامة جلد4صفحه2171 .

2155- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 7913' والحاكم فی مستدركه جلد3صفحه172' أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد1صفحه199' والبزار جلد3صفحه205 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه149 .

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيهِ الرَّايَةَ، فَيُقَاتِلُ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، فَمَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَلَقَدْ قَبَضَهُ اللّٰهُ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي قَبَضَ فِيهَا وَصِيَّ مُوسَى، وَعُرِجَ بِرُوحِهِ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي عُرِجَ فِيهَا بِرُوحِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَفِي اللَّيْلَةِ الَّتِي أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهَا الْفُرْقَانَ . وَاللّٰهِ، مَا تَرَكَ ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً وَّلَا شَيْئًا يُصَرُّ لَهُ، وَمَا فِي بَيْتِ مَالِهِ إِلَّا سَبْعُمِائَةِ دِرْهَمٍ وَّخَمْسِينَ دِرْهَمًا فَضَلَتْ مِنْ عَطَائِهِ، أَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَ بِهَا خَادِمًا لِأُمِّ كُلْثُومٍ ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي، وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي فَأَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ قَوْلَ يُوسُفَ: (وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ) ، ثُمَّ أَخَذَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَ: أَنَا ابْنُ الْبَشِيرِ، وَأَنَا ابْنُ النَّذِيرِ، وَأَنَا ابْنُ النَّبِيِّ، وَأَنَا ابْنُ الدَّاعِي إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهِ، وَأَنَا ابْنُ السِّرَاجِ الْمُنِيرِ، وَأَنَا ابْنُ الَّذِي أُرْسِلَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ، وَأَنَا مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ الَّذِينَ أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيرًا، وَأَنَا مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ الَّذِينَ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَوَدَّتَهُمْ وَوِلَايَتَهُمْ، فَقَالَ فِيمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى) (الشورى: 23)

تھے۔ وہ واپس نہیں آئے یہاں تک کہ اللہ نے اُن کو فتح دی‘ اس رات اللہ نے ان کو وفات دی‘ جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وصیت کی تھی‘ اس رات کو ان کی روح کو اوپر چڑھایا گیا جس میں حضرت عیسیٰ بن مریم چڑھے تھے‘ اس رات اللہ عزوجل نے قرآن نازل کیا تھا اللہ کی قسم! آپ نے سونا‘ چاندی کوئی شے نہیں چھوڑی آپ کے گھر میں مال نہیں تھا سوائے ساڑھے سات سو درہموں کے‘ جو دینے سے بچ گئے تھے‘ اس کے ساتھ آپ نے اُم کلثوم کے لیے غلام خریدنے کا ارادہ کیا تھا۔ پھر فرمایا: جس نے مجھے پہچان لیا‘ اس نے مجھے پہچان لیا اور جس نے مجھے نہیں پہچانا تو میں حسن بن محمد ﷺ ہوں۔ پھر حضرت یوسف علیہ السلام کا قول تلاوت کیا: ”میں نے اپنے والد ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کی اتباع کی“ پھر آپ نے اللہ کی کتاب پکڑی اور فرمایا: میں خوشخبری دینے والے کا لختِ جگر ہوں‘ میں ڈرانے والے کا لختِ جگر ہوں‘ میں غیب کی خبریں بتانے والے کا لختِ جگر ہوں‘ میں اللہ کی طرف بلانے والے کا لختِ جگر ہوں‘ میں چمکنے والے سورج کا لختِ جگر ہوں‘ میں اس کا بیٹا ہوں جس کو اس نے ساری کائنات کیلئے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا‘ اور میں ان گھر والوں کا فرزند ہوں جن سے اللہ نے پلیدی دور کر دی اور اُن کو خوب پاک کیا ہے‘ میں اُس گھر کا چشم و چراغ ہوں جن کی مَوَدّت (محبت) اور ولایت اللہ عزوجل نے فرض کی ہے اور اس بارے جو حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا‘ پڑھا کہ ”اے پیارے حبیب! فرما دیں کہ میں تم سے

کوئی معاوضہ نہیں مانگتا سوائے اپنے گھر والوں کی محبت کے“۔(الشوریٰ:۲۳)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا مَعْرُوفُ بْنُ خَرَّبُوذَ، وَلَا عَنْ مَعْرُوفٍ اِلَّا سَلَّامُ بْنُ اَبِي عَمْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث ابوطفیل سے صرف معروف بن خربوذ اور معروف سے صرف سلام بن ابی عمرہ ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں اسماعیل بن ابان اکیلے ہیں۔

2156 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ دَلْهَمٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھ سے صرف مؤمن ہی محبت کرے گا اور منافق ہی تجھ سے بغض رکھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث حارث بن حصیرہ سے صرف محمد بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2157 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ دَلْهَمٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحَزَوَّرِ، عَنْ اَصْبَغَ بْنِ نُبَاتَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى زَيَّنَكَ بِزِينَةٍ لَمْ يُزَيِّنِ الْعِبَادَ بِزِينَةٍ مِثْلِهَا، اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى حَبَّبَ اِلَيْكَ الْمَسَاكِينَ، وَالدُّنُوَّ مِنْهُمْ، وَجَعَلَكَ لَهُمْ اِمَامًا تَرْضَى بِهِمْ، وَجَعَلَهُمْ لَكَ اَتْبَاعًا يَرْضَوْنَ بِكَ، فَطُوبَى لِمَنْ اَحَبَّكَ وَصَدَقَ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق سنا: بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو اپنے بندوں میں سے زینت دی‘ ایسی زینت اپنے بندوں میں کسی کو نہیں دی‘ بے شک اللہ عزوجل نے آپ کے لیے مساکین کو پسند کیا ہے‘ تجھے اُن کے قریب کیا ہے‘ اور تیرے لیے امامت مقرر کی ہے اور آپ کو ان کا امام بنایا ہے‘ ان کی تیرے لیے رضا ہے‘ اُن کی اتباع تیری رضا کے لیے بنائی ہے‘ خوشخبری اس کے لیے ہے جو تجھ

2156- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه136 .

2157- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:13519 .

عَلَيْكَ، وَوَيْلٌ لِّمَنْ اَبْغَضَكَ وَكَذَّبَ عَلَيْكَ، فَاَمَّا مَنْ اَحَبَّكَ وَصَدَّقَ عَلَيْكَ فَهُمْ جِيرَانُكَ فِي دَارِكَ، وَرُفَقَاؤُكَ مِنْ جَنَّتِكَ، وَاَمَّا مَنْ اَبْغَضَكَ وَكَذَّبَ عَلَيْكَ فَاِنَّهُ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُوقِفَهُمْ مَوَاقِفَ الْكَذَّابِينَ

سے محبت کرے' تیری تصدیق کرے' اور ہلاکت اس کے لیے ہے جو تجھ سے بغض رکھے' تجھ کو جھٹلائے' جو تجھ سے محبت کرے تیری تصدیق کرے' تیرے گھر کے پاس پڑوسی ہوں گے اور جنت میں تیرے ساتھی ہوں گے جو تجھ سے بغض رکھے گا اور تجھے جھٹلائے گا' اللہ پر حق ہے کہ اس کو جھٹلانے والوں کے موافق کردے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث عمار سے اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

2158 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُولُ فِي دِرْهَمَيْنِ تُسْوَى بِدِرْهَمٍ جَيِّدٍ؟ قَالَ: وَمَا بَاْسُ ذٰلِكَ؟ هَلْ ذٰلِكَ اِلَّا كَالْبَعِيرَيْنِ بِالنَّاقَةِ السَّمِينَةِ؟ فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اَنْتَ الَّذِي تَاْكُلُ الرِّبَا وَتُطْعِمُهُ النَّاسَ؟ فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: اَبُو سَعِيدٍ، فَقَالَ: مَا شَعَرْتُ اَنَّ اَحَدًا يَعْلَمُ قَرَابَتِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْتَرِءُ عَلَيَّ هٰذِهِ الْجُرْاَةَ . فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ: وَاللّٰهِ، مَا اَقُولُ لَكَ ذٰلِكَ اِلَّا نَصِيحَةً لَّكَ، وَشَفَقَةً عَلَيْكَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' اس نے عرض کی: آپ کیا فرماتے ہیں دو درہم ایک جید درہم کے بدلے؟ آپ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے! کیا دو اونٹ ایک گابھن اونٹنی کے برابر نہیں ہیں؟ حضرت ابوسعید خدری نے فرمایا: اے ابن عباس! تم سود کھاتے ہو اور لوگوں کو بھی کھلاتے ہو؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: میں نہیں جانتا تھا کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت کو جانتا ہو وہ مجھ پر یہ جرأت کرے گا۔ تو حضرت ابوسعید نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں آپ کی خیر خواہی اور آپ پر شفقت کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے' آپ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے برابر برابر' چاندی چاندی کے بدلے برابر برابر اور کھجور کے کھجور بدلے برابر برابر اور نمک نمک کے بدلے برابر برابر فروخت کرو۔

2158- أخرجه البخاري في البيوع جلد4 صفحه444 رقم الحديث: 2176' ومسلم في المساقاة جلد3 صفحه1211 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث مطر وراق سے صرف ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں۔

2159 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْأَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْمُجَبِّرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَأَلْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّيْرِ بِالْجِنَازَةِ؟ فَقَالَ: السَّيْرُ بِهِ مَا دُونَ الْخَبَبِ، فَإِنْ يَكُ خَيْرًا يُعَجَّلُ إِلَيْهِ، وَإِنْ يَكُ شَرًّا فَبُعْدًا لِأَصْحَابِ النَّارِ، الْجِنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ، وَلَا تُتْبَعُ، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ تَقَدَّمَهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنازہ لے جانے کے متعلق پوچھا (کہ کیسے لے جائیں)؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جلدی جلدی لیکن جھٹکے نہ لگیں' اگر وہ نیک ہوگا تو اس کو جلدی لے چلو گے' اور اگر وہ بُرا ہوگا تو جہنم والوں کے لیے دوری ہے' جنازہ متبوعہ ہوتا ہے' تابع نہیں ہے اور اس کا تعلق ہم سے نہیں' جو جنازہ کے آگے چلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ

یہ حدیث علی بن صالح سے صرف عامر بن مدرک ہی روایت کرتے ہیں۔

2160 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيٍّ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ عِنْدَكُمْ مِنَ الْوَحْيِ إِلَّا مَا فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ؟ فَقَالَ: لَا، وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَبَرَأَ النَّسَمَةَ، مَا أَعْلَمُهُ، إِلَّا فَهْمٌ يُعْطِيهِ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَجُلًا فِي الْقُرْآنِ، وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ، قُلْتُ: وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ وَفَكَاكُ الْأَسِيرِ، وَأَنْ لَا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے امیر المؤمنین! کیا تمہارے پاس وحی کے علاوہ کوئی شے ہے جو اللہ عزوجل کی کتاب میں نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس ذات کی قسم جو دانے کو پھاڑتا ہے اور اُگاتا ہے! میں نہیں جانتا ہوں مگر وہی فہم جو اللہ عزوجل نے ایک آدمی کو قرآن کا دیا ہے اور جو کچھ صحیفہ میں ہے؟ میں نے عرض کی: صحیفہ میں کیا ہے؟ فرمایا: دیت اور قیدیوں کے احکام اور یہ کہ مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا

یہ حدیث حسن بن صالح سے صرف عامر بن مدرک

2159- أخرجه أبو داؤد في الجنائز جلد 3 صفحه 202 رقم الحديث: 3184' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 511 رقم الحديث: 3733 .

عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ

2161 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، عَنْ خَلَّادٍ الصَّفَّارِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلَاةِ مِمَّا يُطَوِّلُ بِنَا فُلَانٌ، فَمَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضِبَ مِنْ شَيْءٍ أَشَدَّ مِمَّا غَضِبَ مِنْ هَذَا، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِينَ، فَأَيُّكُمْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الصَّغِيرَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ

2162 - وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّمْسَ الْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، لَكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذَلِكَ فَعَلَيْكُمْ بِالصَّلَاةِ

2163 - وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْيَمَنِ، فَقَالَ: إِنَّ الْإِيمَانَ هَاهُنَا، وَإِنَّ الْقَسْوَةَ وَغِلَظَ الْقَلْبِ فِي الْفَدَّادِينَ عِنْدَ مَطْلِعِ الشَّمْسِ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ عِنْدَ أُصُولِ أَذْنَابِ الْإِبِلِ، فِي رَبِيعَةَ

ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں فلاں کے باجماعت نماز لمبا کرنے کی وجہ سے نماز سے پیچھے رہتا ہوں (شریک نہیں ہوتا)۔ (راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ) میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کبھی کسی شے پر اتنا غصہ کرتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا اس مسئلہ پر کرتے ہوئے دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! تم میں نفرت پھیلانے والے ہیں' جو کوئی تم میں سے نماز پڑھائے تو مختصر پڑھائے کیونکہ ان میں بچے' بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورج اور چاند کو گرہن کسی کی موت کی وجہ سے نہیں لگتا' اور نہ کسی کی زندگی کی وجہ سے لیکن یہ دونوں اللہ عزوجل کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں' سو جب تم انہیں دیکھو تو نماز پڑھا کرو۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: ایمان یہاں ہے اور سختی اور سخت دلی مشرق کی جانب ہے' یہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا' اونٹوں کی دُم کے پاس قبیلہ ربیعہ اور مضر میں۔

2161- أخرجه البخاری فی العلم جلد1صفحه224 رقم الحديث:90' ومسلم فی الصلاة جلد1صفحه340 .

2162- أخرجه البخاری فی الكسوف جلد2صفحه633 رقم الحديث: 1057' ومسلم فی الكسوف جلد2 صفحه628 .

2163- أخرجه البخاری فی بدء الخلق جلد6صفحه403 رقم الحديث:3302' ومسلم فی الأيمان جلد1صفحه71 .

وَمُضَرَ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ خَلَّادٍ الصَّفَّارِ اِلَّا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ

یہ حدیث خلاد الصفار سے صرف عامر بن مدرک ہی روایت کرتے ہیں۔

2164 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے حالت احرام میں شادی کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث عثمان سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2165 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ النَّضْرِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَهْلَ الْمَدِينَةِ، اذْكُرُوا يَوْمَ الْخَلَاصِ، قَالُوا: وَمَا يَوْمُ الْخَلَاصِ؟ قَالَ: يُقْبِلُ الدَّجَّالُ حَتَّى يَنْزِلَ بِذُبَابٍ فَلَا يَبْقَى بِالْمَدِينَةِ مُشْرِكٌ وَّلَا مُشْرِكَةٌ، وَلَا كَافِرٌ وَّلَا كَافِرَةٌ، وَلَا مُنَافِقٌ وَّلَا مُنَافِقَةٌ، وَلَا فَاسِقٌ وَّلَا فَاسِقَةٌ، اِلَّا خَرَجَ اِلَيْهِ، وَيَخْلُصُ الْمُؤْمِنُونَ، فَذٰلِكَ يَوْمُ الْخَلَاصِ الْحَدِيثَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اہل مدینہ! خلاص کے دن کو یاد کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! خلاص کا دن کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: دجال آئے گا یہاں تک کہ ذباب کے پاس اُترے گا' مدینہ میں نہ کوئی مشرک مرد وعورت' نہ کافر مرد وعورت' اور نہ منافق مرد وعورت' اور نہ فاسق مرد وعورت رہنے دیا جائے گا' مگر اس کی طرف نکلے گا اُن کو نکال دیا جائے گا' صرف مؤمن رہیں گے' یہ اخلاص کا دن ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث سعید جریری سے صرف علی بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2166 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

2164- أخرجه البزار جلد2صفحه167 . انظر مجمع الزوائد رقم الحديث: 2704 .

2165- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه311 .

2166- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد1صفحه109' والبزار جلد 2صفحه225 . انظر: مجمع الزوائد

عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ يُثَيْعٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ يَسْتَخْلِفُوا اَبَا بَكْرٍ يَجِدُوهُ مُسْلِمًا اَمِينًا زَاهِدًا فِي الدُّنْيَا، رَاغِبًا فِي الْآخِرَةِ، وَاِنْ يُؤَمِّرُوا عُمَرَ يَجِدُوهُ قَوِيًّا اَمِينًا، لَا تَاْخُذُهُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَاِنْ يُؤَمِّرُوا عَلِيًّا، وَلَا اُرَاهُمْ يَفْعَلُونَ، يَجِدُوهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، يَسْلُكُ بِهِمُ الطَّرِيقَ الْمُسْتَقِيمَ

ﷺ نے فرمایا: اگر انہوں نے ابوبکر کو خلیفہ بنایا تو وہ اسے امین اور دنیا سے بے رغبت پائیں گے اور آخرت سے رغبت رکھنے والا' اگر انہوں نے عمر کو امیر بنایا تو وہ اسے قوی امین پائیں گے' تم انہیں اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت قبول کرتا نہیں پاؤ گے اور اگر علی کو امیر بنایا تو وہ اُن کو ایسے کرنے والا نہیں پائیں گے' اُن کو ہدایت دینے والا اور خود ہدایت یافتہ پائیں گے وہ ان کو سیدھے راستے پر چلائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث فضیل سے صرف زید بن حباب ہی روایت کرتے ہیں۔

2167 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاَرُزِّيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْاَزْدِيَّ، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: اَقْرَاَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی تھیں' حضرت زید بن ثابت کے اسلام لانے سے پہلے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن سالم سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2168 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ الدَّقَّاقُ قَالَ: نَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آگے بڑھنے کا کھیل تیر' گھوڑے اور اونٹ میں ہے۔

جلد 5 صفحہ 179 ۔

2168- أخرجه أبوداؤد فى الجهاد جلد 3 صفحه 29 رقم الحديث: 2574' والترمذى فى الجهاد جلد 4 صفحه 205 رقم الحديث: 1700' والنسائى فى الخيل جلد 6 صفحه 188 (باب السبق)' وابن ماجة فى الجهاد جلد 2 صفحه 960 رقم الحديث: 2878' وأحمد فى المسند جلد 2 صفحه 343 رقم الحديث: 7501 ۔

الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا سَبَقَ اِلَّا فِي نَصْلٍ، اَوْ حَافِرٍ، اَوْ خُفٍّ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ اَخُو فُلَيْحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى

یہ حدیث ابوزناد سے صرف عبدالحمید بن سلیمان جو فلیح کے بھائی ہیں' وہ روایت کرتے ہیں۔ اسے روایت کرنے میں حجین بن مثنیٰ اکیلے ہیں۔

2169 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّ الْاَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيِّ ذَرَارِيِّ الْاَنْصَارِ، وَلِمَوَالِي الْاَنْصَارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! انصار اور انصار کی اولاد اور ان کی اولاد کی اولاد اور انصار کے غلاموں کو بخش دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث عکرمہ بن عمار سے صرف علی بن ثابت ہی روایت کرتے ہیں۔

2170 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَدِمَتْ وَهِيَ مُعْتَمِرَةٌ، فَحَاضَتْ قَبْلَ اَنْ تَطُوفَ بِالْبَيْتِ، فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهَا اَنْ تُهِلَّ بِالْحَجِّ، فَلَمَّا قَضَتْ نُسُكَهَا . قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَرْجِعُ اَخَوَاتِي بِحَجٍّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں عمرہ کرنے کے لیے آئی تھی تو میں طواف بیت اللہ کرنے سے پہلے حائضہ ہوگئی' تو انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے انہیں حج کا احرام باندھنے کا حکم دیا' جب انہوں نے حج کے ارکان ادا کر لیے تو عرض کی: یارسول اللہ! میری بہنیں حج اور عمرہ کر کے واپس جا رہی ہیں؟ تو جبکہ میں صرف حج کر کے جا رہی ہوں' آپ

2169- أخرجه الترمذی فی المناقب جلد 5 صفحه 713 رقم الحديث: 3902' والطبرانی فی الكبير جلد 5 صفحه 205 رقم الحديث: 5103 .

2170- أخرجه البخاری فی الحج جلد 3 صفحه 492 رقم الحديث: 1561' ومسلم فی الحج جلد 2 صفحه 870 .

وَعُمْرَةٍ، وَارْجِعُ بِحَجَّةٍ؟ فَقَالَ: اخْرُجِي مَعَ اَخِيكِ، فَخَرَجَتْ مَعَهُ اِلَى التَّنعِيمِ، وَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَبْطَحِ يَنْتَظِرُهَا، فَصَارَتْ سُنَّةَ النَّاسِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اپنے بھائی کے ساتھ جا! پس میں اپنے بھائی کے ساتھ مقامِ تنعیم کی طرف نکلی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقامِ ابطح میں اترے اُن کا وہاں پر انتظار کرنے لگے پس یہ اب لوگوں کیلئے سنت ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث زیاد بن فیاض سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

2171 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَفَعَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي بَيْتٍ، فَاَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ لِي عَلَيْكُمْ حَقًّا، وَلِاَئِمَّةِ قُرَيْشٍ مَّا عَمِلُوا بِثَلَاثٍ: اِنْ حَكَمُوا عَدَلُوا، وَاِنِ اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَاِنْ عَاهَدُوا وَفَوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' ہم گھر میں تھے' آپ نے میرے گھر کی چوکھٹ پکڑی' پھر فرمایا: بے شک میرا تم پر حق ہے اور ائمہ قریش کا جب وہ تین کام کریں: (۱) جب فیصلہ کریں تو عدل کریں (۲) اگر ان سے رحم طلب کیا جائے تو وہ رحم کریں (۳) اگر وہ وعدہ کریں تو وعدہ پورا کریں جو اُن میں سے یہ نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا مُوسَى الْجُهَنِيُّ

یہ حدیث منصور سے صرف موسیٰ الجہنی ہی روایت کرتے ہیں۔

2172 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ كُرْدِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر پڑھتے تو (پہلی رکعت میں) سبح اسم ربك الاعلٰی اور (دوسری رکعت میں) قل یا ایها

2171- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد1صفحه252 رقم الحديث: 725 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه197 .

2172- أخرجه النسائی فی قيام الليل جلد3صفحه194 (باب ذكر الاختلاف علی أبی اسحاق فی حديث سعيد بن جبير عن ابن عباس فی الوتر)' وابن ماجة فی الاقامة جلد1صفحه371 رقم الحديث: 1172' وأحمد فی المسند جلد1 صفحه412 رقم الحديث: 2910 .

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى، وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

الکافرون اور (تیسری رکعت میں) قل ھو اللّٰہ احد پڑھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سعید بن عامر ہی روایت کرتے ہیں۔

2173 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حِبَّانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک دن اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کو ستر سال کی مسافت کے برابر جہنم سے دور کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا بَقِيَّةُ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2174 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ يُونُسَ بْنِ مِهْرَانَ الزَّيَّاتُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ وَقَدْ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلَى هَذَا؟ فَيُصَلِّيَ مَعَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جبکہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھا چکے تھے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا کوئی ایسا آدمی ہے جو اس پر صدقہ کرے؟ پس اس کے ساتھ نماز پڑھے۔

لَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ وُهَيْبٍ وَسُلَيْمَانَ الْاَسْوَدِ خَالِدًا الْحَذَّاءَ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وُهَيْبٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ

وہیب اور سلیمان الاسود کے درمیان خالد الحذاء کو داخل نہیں کیا جس نے بھی اس حدیث کو روایت کیا' وہیب سے سوائے احمد بن اسحاق حضرمی کے۔

2174- أخرجه أبو داؤد فی الصلاة جلد 1 صفحه 154 رقم الحديث: 574' والترمذی فی الصلاة جلد 1 صفحه 428 رقم الحديث: 220' والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه 367 رقم الحديث: 1368' وابن حبان رقم الحديث: 436 وأحمد فی المسند جلد 3 صفحه 79 رقم الحديث: 11619 .

2175 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی یُوسُفَ الْمُسْلِیُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ زِیَادٍ التِّرْمِذِیُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ اللَّیْلِ مَثْنَی مَثْنَی، فَاِذَا خَشِیتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِرَکْعَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے' جب کسی کو صبح ہونے کا خوف ہو تو وہ ایک رکعت ساتھ ملا کر وتر کر لے۔

2176 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَنْبَغِی لِامْرِءٍ ذِی وَصِیَّةٍ یَبِیتُ لَیْلَتَیْنِ اِلَّا وَوَصِیَّتُهُ مَکْتُوبَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ دو راتیں اس پر اس طرح گزریں کہ اس کی وصیت لکھی ہوئی اس کے پاس نہ ہو۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنْ خَالِدِ بْنِ زِیَادٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی یُوسُفَ

یہ دونوں حدیثیں خالد بن زیاد سے صرف محمد بن ابی یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

2177 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْکِینٍ الْیَمَامِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِیُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ صُهَیْبٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: کَانَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جُمَّةٌ جَعْدَةٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال مبارک گھونگھریالے تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف محمد بن قاسم ہی روایت کرتے ہیں۔

2178 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ یَحْیَی بْنِ زِمَامٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ شُعَیْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: باجماعت نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس گنا زیادہ ثواب کا درجہ رکھتی ہے۔

2175- أخرجه البخاری فی الوتر جلد2صفحه554 رقم الحدیث: 990' ومسلم فی المسافرین جلد1صفحه516 .

2176- أخرجه البخاری فی الوصایا جلد5صفحه2738' ومسلم فی الوصیة جلد3صفحه1249 .

2177- أخرجه النسائی فی الزینة جلد8صفحه160 (باب اتخاذ الجمة) .

2178- أخرجه البزار جلد1صفحه227 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه41 .

تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الْفَذِّ خَمْسًا وَعِشْرِينَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعَيْبٍ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ السَّلَامِ

یہ حدیث شعیب سے صرف ان کے بیٹے عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں۔

2179 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مَرْدَانَبَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَسْقَلَةَ، عَنْ مَجْزَأَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ طَهِّرْنِي بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اللَّهُمَّ طَهِّرْنِي مِنَ الذُّنُوبِ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ

حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي مِنَ الذُّنُوبِ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَقَبَةَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث رقبہ سے صرف ابراہیم بن یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

2180 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا دَخَلَ الرِّفْقُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ، وَلَا نُزِعَ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شی میں نرمی داخل ہوتی ہے وہ اس کو خوبصورت کر دیتی ہے اور جس شے سے نرمی لے لی جائے اس کو بدصورت بنا دیتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَقَبَةَ إِلَّا أَبُو حَمْزَةَ .

یہ حدیث رقبہ سے صرف ابوحمزہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2179- أخرجه مسلم فى الصلاة جلد **1** صفحه **346**، والنسائى فى الغسل جلد **1** صفحه **163** (باب الاغتسال بالثلج والبرد)، وأحمد فى المسند جلد **4** صفحه **432** رقم الحديث: **19142** .

2180- أخرجه مسلم فى البر جلد **4** صفحه **2004**، وأبو داؤد فى الجهاد جلد **3** صفحه **3** رقم الحديث: **2478**، وأحمد فى المسند جلد **6** صفحه **66** رقم الحديث: **24361**، وانظر الترغيب والترهيب لابن المنذر جلد **2** صفحه **415** رقم الحديث: **3** .

2181 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِيُّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَنَامُ وَهُوَ جُنُبٌ؟ فَقَالَ: يَتَوَضَّاُ، ثُمَّ يَرْقُدُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا جو جنابت میں سوتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ وضو کرلے پھر سوجائے۔

2182 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ قَالَ: نَا اَبُو اُسَامَةَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَخْبَرَنِي الْاَسْوَدُ بْنُ يَزِيدَ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى صَلَاتَهُ مِنَ اللَّيْلِ اَوْتَرَ، ثُمَّ جَاءَ اِلَى فِرَاشِهِ، فَاِذَا نَادَى الْمُنَادِي بِالصَّلَاةِ وَثَبَ مِنْ فِرَاشِهِ، فَاِنْ كَانَ جُنُبًا اَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ جُنُبًا تَوَضَّاَ وُضُوئَهُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ جَاءَ فَصَلَّى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب رات کو نماز پڑھتے تو آپ وتر بھی پڑھتے تھے' پھر اپنے بستر پر آتے' پس جب آپ کو نماز کے لیے بلایا جاتا تو آپ اپنے بستر سے اُٹھ جاتے اگر آپ حالت جنابت میں ہوتے' تو اپنے اوپر پانی بہاتے' اور اگر حالت جنابت میں نہ ہوتے تو نماز جیسا وضو کرتے' پھر نماز کے لیے جاتے۔

2183 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ اَبُو عَمْرٍو الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْقَاسِمِ الْكِنْدِيُّ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عُرْفَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور آپ فرما رہے تھے: یہ میرا ولی ہے اور میں اس کا ولی ہوں' میں اس سے دوستی رکھوں گا جو اس

2181- أخرجه البخاری فی الغسل جلد 1صفحه468 رقم الحديث: 290' ومسلم فی الحيض جلد 1صفحه249' والدارمی فی الطهارة جلد 1صفحه212 رقم الحديث: 756' وأحمد فی المسند جلد 2صفحه63 رقم الحديث: 5055 .

2182- أخرجه النسائی فی قيام الليل جلد3صفحه189 (باب وقت الوتر)' وأحمد فی المسند جلد6صفحه197 رقم الحديث: 25488 .

2183- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه111 .

رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ وَهُوَ يَقُولُ: هٰذَا وَلِيِّي وَاَنَا وَلِيُّهُ، وَالَيْتُ مَنْ وَالٰى، وَعَادَيْتُ مَنْ عَادٰى

سے دوستی رکھے گا اور میں اس سے دشمنی رکھوں گا جو اس سے دشمنی رکھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي وَائِلٍ اِلَّا الْمُعَلَّى بْنُ عُرْفَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْقَاسِمِ الْكِنْدِيُّ

یہ حدیث ابووائل سے صرف معلّٰی بن عرفان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن قاسم الکندی اکیلے ہیں۔

2184 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْوَرَّاقُ قَالَ: نَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، فَحَضَّ الرِّجَالَ عَلَى الصَّدَقَةِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النِّسَاءِ، فَحَثَّهُنَّ عَلَى الصَّدَقَةِ فَبَعَثَتْ اِلَيْهِ زَيْنَبُ امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بِلَالًا، فَقَالَتْ: اقْرَاْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ مِنِ امْرَاَةٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَلَا تُبَيِّنْ لَهُ، وَقُلْ لَهُ: هَلْ لَهَا مِنْ اَجْرٍ فِي زَوْجِهَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَيْسَ لَهُ شَيْءٌ، وَاَيْتَامٍ فِي حَجْرِهَا، وَهُمْ بَنُو اَخِيهَا اَنْ تَجْعَلَ صَدَقَتَهَا فِيهِمْ؟ فَاَتَى بِلَالٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَعَمْ، لَهَا اَجْرَانِ: اَجْرُ الْقَرَابَةِ، وَاَجْرُ الصَّدَقَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مردوں اور عورتوں کے درمیان کھڑے ہوئے' آپ نے مردوں کو صدقہ دینے پر اُبھارا' پھر عورتوں کی طرف متوجہ ہوئے تو آپ نے انہیں بھی صدقہ دینے پر اُبھارا۔ حضرت زینب زوجہ عبداللہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ رسول اللہ ﷺ کو مہاجرین عورتوں کی طرف سے سلام عرض کرنا اور آپ ﷺ کو میرے متعلق نہ بتانا اور عرض کرنا کہ کیا اس میں بھی نیکی ہے کہ مہاجر عورتیں اپنے مہاجر شوہروں کو صدقہ دیں اور جو یتیم اُن کی پرورش میں ہیں' یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں کو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: ہاں! ان کے لیے دو اجر ہیں' ایک رشتے داری کا اور دوسرا صدقہ کا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ

یہ حدیث عامر بن شقیق سے صرف مسعودی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حجاج بن نصیر اکیلے ہیں۔

2185 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

2184- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه120 .

2185- أخرجه البخارى فى الحج جلد3صفحه482 رقم الحديث:1552' ومسلم فى الحج جلد2صفحه845 .

الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَ: نَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَسِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهَلَّ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس وقت سواری پر سیدھے بیٹھ گئے تو اس وقت آپ نے تلبیہ پڑھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا وَرْقَاءُ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف ورقاء ہی روایت کرتے ہیں۔

2186 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ كِفْلًا مِنْهُ، لِاَنَّهُ اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو جان بھی قتل کی جائے گی اس کے گناہ کا حصہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے پر ہوگا کیونکہ اس نے سب سے پہلے قتل کا طریقہ شروع کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ وَخَالَفَ سُلَيْمَانُ اَصْحَابَ الْاَعْمَشِ فِي اِسْنَادِهِ، فَقَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ شَقِيقٍ، وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، وَغَيْرُهُ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔ اسے روایت کرنے میں عمرو بن عاصم اکیلے ہیں۔ سلیمان نے اعمش کے اصحاب کی اس سند میں مخالفت کی اور فرمایا: عبداللہ، شقیق سے روایت کرتے ہیں کہ سفیان ثوری وغیرہ از اعمش از عبداللہ بن مرہ از ابوالاحوص روایت کرتے ہیں۔

2187 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

2186- أخرجه البخارى فى الاعتصام جلد 13 صفحه 314 رقم الحديث: 7321' والترمذى فى العلم جلد 5 صفحه 42 رقم الحديث: 2673' وأحمد فى المسند جلد 1 صفحه 561 رقم الحديث: 4122' والطبرانى فى الكبير جلد 10 صفحه 192 رقم الحديث: 10429 .

2187- أخرجه البخارى فى جزاء الصيد جلد 4 صفحه 86 رقم الحديث: 1864' ومسلم فى الحج جلد 2 صفحه 676 .

الْمُعَلَّى بْنِ مَنْصُورٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي، وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سواریوں کے کجاوے صرف تین مسجدوں کی طرف باندھے جائیں (۱) مسجد نبوی (۲) مسجد حرام (۳) بیت المقدس۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا مِنْدَلٌ، وَلَا عَنْ مِنْدَلٍ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ الْمُعَلَّى

یہ حدیث حسن بن عمرو سے صرف مندل اور مندل سے صرف غسان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن معلّٰی اکیلے ہیں۔

2188 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: حَجَمَ اَبُو طَيْبَةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَعْطَاهُ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، وَاَمَرَ اَهْلَهُ اَنْ يُخَفِّفُوا عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطیبہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کو پچھنا لگایا' آپ نے اس کو کھانے کا ایک صاع دیا اور اس کے اہل کو حکم دیا کہ اس سے تخفیف کریں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالمجید ہی روایت کرتے ہیں۔

2189 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نحر کے دن ادھر آؤ! میرے لیے کچھ کنکریاں لے آنا' میں نے ان کے لیے کچھ کنکریاں لیں' وہ ٹھیکری کی طرح کنکریاں تھیں' آپ نے فرمایا: اس کی مثل مارو! کیونکہ تم سے پہلے لوگ اس

2188- أخرجه البخاري في البيوع جلد4صفحه380 رقم الحديث:2102' ومسلم في المساقاة جلد3صفحه1204 .

2189- أخرجه النسائي في المناسك جلد5صفحه218 (باب التقاط الحصى)' وابن ماجه في المناسك جلد 2 صفحه1008 رقم الحديث:3029' وأحمد في المسند جلد1صفحه283 رقم الحديث:1856 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ: هَاتِ، الْتَقِطْ لِي حَصَيَاتٍ، فَالْتَقَطْتُ لَهُ حَصَيَاتٍ مِثْلَ حَصَى الْخَذْفِ فَقَالَ: بِمِثْلِ هَؤُلَاءِ فَارْمُوا، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالْغُلُوِّ فِي الدِّينِ

لیے ہلاک ہوئے ہیں کہ انہوں نے دین میں غلو کیا۔

لَمْ يَذْكُرْ أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: عَنِ الْفَضْلِ إِلَّا جَعْفَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ عَوْفٍ، عَنْ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

کسی ایک نے بھی ذکر نہیں کیا جس نے یہ حدیث از عوف بن زیاد از ابوالعالیہ از حضرت ابن عباس از فضل روایت کی صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔ اور دوسرے لوگ عوف سے' وہ زیاد سے' وہ ابوالعالیہ سے اور وہ حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں۔

2190 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَلُّوَيْهِ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ إِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث سعید بن مسروق سے صرف قیس بن ربیع ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ثابت اکیلے ہیں۔

2191 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوفِيُّ قَالَ:

حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی اپنا قدم نہیں اُٹھائے گا

2190- أخرجه الترمذی فی المناقب جلد5صفحه656 رقم الحديث: 3768' وأحمد فی المسند جلد3صفحه5 رقم الحديث: 11005 .

2191- أخرجه الترمذی فی القيامة رقم الحديث: 3614' والدارمی جلد1صفحه135' وأبو نعيم فی الحلية جلد 10 صفحه232 .

نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ خَرَّبُوذَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرٍ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ اَرْبَعَةٍ: عَنْ جَسَدِهِ فِيمَا اَبْلَاهُ، وَعُمْرِهِ فِيمَا اَفْنَاهُ، وَمَالِهِ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَا اَنْفَقَهُ، وَعَنْ حُبِّ اَهْلِ الْبَيْتِ . فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا عَلَامَةُ حُبِّكُمْ؟ فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

یہاں تک کہ اس سے چار سوال نہ کیے جائیں: (۱) اس کے جسم کے متعلق کہ کہاں اس کو استعمال کیا (۲) اس کی عمر کے متعلق کہ کہاں ضائع کی (۳) اس کے مال کے متعلق کہ اس کو کہاں سے کمایا' کہاں خرچ کیا (۴) اور اہل بیت کی محبت کے متعلق۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کی محبت کی کیا نشانی ہے؟ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کندھے پر ہاتھ مارا (یعنی ان سے محبت کرنا میرے اہل بیت سے محبت کرنا ہے)۔

2192 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَتْ اِحْدَانَا تَحِيضُ فِي الثَّوْبِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ طُهْرِهَا غَسَلَتْ مَا اَصَابَهُ، ثُمَّ صَلَّتْ فِيهِ، وَاِنَّ اِحْدَاكُنَّ الْيَوْمَ تُفَرِّغُ خَادِمَهَا لِغَسْلِ ثِيَابِهَا يَوْمَ طُهْرِهَا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اگر ہم میں سے کسی کو کپڑے میں حیض آتا تو جب وہ پاک ہوتی تو اس کپڑے کو دھوتی جہاں پر حیض کا خون لگا ہوتا' پھر اس میں نماز پڑھتی۔ آج تم نے اپنے خادم کو اس کی پاکی کے دن اس کپڑے کو دھونے سے فارغ کر دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمِنْهَالُ

مجاہد سے صرف خالد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں منہال اکیلے ہیں۔

2193 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ: نَا اَبُو بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا الرُّحَيْلُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: يُسْتَحَبُّ الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلَيْسَ بِحَتْمٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے' فرض نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الرُّحَيْلِ اِلَّا شُجَاعٌ

اسے رحیل سے صرف شجاع ہی روایت کرتے ہیں۔

2192- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه285 .

2193- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه178-179 .

2194 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ هَذَا كَانَ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَمَنْ يَتَتَعْتَعُ فِيهِ كَانَ لَهُ اَجْرَانِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اس قرآن کو پڑھا وہ معزز فرشتوں کے ساتھ ہوگا' اور جو اٹک اٹک کر پڑھتا ہے' اس کے لیے دوگنا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ

اسے روح بن قاسم سے صرف عیسیٰ بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں۔

2373 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي سَبْعُونَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ؟ قَالَ: الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں میری اُمت کے لوگ ستر ہزار بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہوں گے؟ فرمایا: وہ لوگ ہوں گے نہ (ناجائز کلمات سے) دَم کروائیں گے نہ فال نکلوائیں گے اور اپنے رب پر بھروسہ کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ اِلَّا اَبُو خُشَيْنَةَ حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث حکم بن اعرج سے صرف ابوخشینہ حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں۔

2374 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْاَشَجِّ اَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: اِنَّ فِيكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ: الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت اشج عبدالقیس سے فرمایا: تم میں دو باتیں جو اللہ کو بھی پسند ہیں‘ یہ ہیں: (۱) بردباری (۲) رجوع (اللہ کی طرف)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا بِشْرٌ

یہ حدیث قرہ سے صرف بشر ہی روایت کرتے ہیں۔

2375 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ مَسْلَمَةَ

حضرت سعد بن زید بن سعد الاشہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کو نجران سے آئی ہوئی تلوار بطور ہدیہ دی‘ آپ نے وہ تلوار محمد بن مسلمہ کو عطا کی اور فرمایا: اس کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو‘ جب

2373- أخرجه البخاری: الطب جلد10صفحه163-164 رقم الحديث:5705‘ ومسلم: الايمان جلد1صفحه198 .

2374- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه48‘ والترمذی: البر والصلة جلد 4صفحه366 رقم الحديث 2011‘ وابن ماجه: الزهد جلد2صفحه1401 رقم الحديث:4188 .

2375- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه304 .

الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ سَعْدٍ الْاَشْهَلِيِّ قَالَ: اُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفٌ مِنْ نَجْرَانَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ اَعْطَاهُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ فَقَالَ: جَاهِدْ بِهٰذَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَاِذَا اخْتَلَفَتْ اَعْنَاقُ النَّاسِ فَاضْرِبْ بِهِ الْحَجَرَ، ثُمَّ ادْخُلْ بَيْتَكَ فَكُنْ حِلْسًا مُلْقًى حَتّٰى تَقْتُلَكَ كَفٌّ خَاطِئَةٌ، اَوْ تَاْتِيَكَ مَنِيَّةٌ قَاضِيَةٌ

لوگوں کی گردنیں اِدھر اُدھر ہو جائیں۔ تو آپ نے یہ تلوار پتھر پر مارنی ہے' پھر اپنے گھر چلے جانا ہے' وہاں ٹھہرے رہنا یہاں تک کہ لوگ تجھے بے گناہ ہاتھ قتل کر دے یا تیرے پاس فیصلہ کن موت آ جائے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث سعد بن یزید سے اسی سند سے روایت ہے' اُن سے روایت کرنے میں حجبی اکیلے ہیں۔

2376 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ - يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ: لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُذْنِبُونَ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ، فَيَغْفِرَ لَهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی قوم لائے گا جو گناہ کریں گے پھر اللہ سے بخشش طلب کریں گے' اللہ اُن کو معاف کرے گا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ بن عمر اکیلے ہیں۔

2377 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: اَخْبَرَنِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! ہلاک کرنے والے گناہوں سے بچو! کیونکہ اللہ کی طرف سے یہی مطلوب ہے۔

2376- أخرجه الطبراني في الكبير جلد**12**صفحه**172** رقم الحديث: **12794**' والامام أحمد في مسنده جلد **1** صفحه**289**' والبزار جلد**4**صفحه**82** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**218** .

2377- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد **2**صفحه**1417** رقم الحديث: **4243**' والدارمي: الرقاق جلد**2**صفحه**392** رقم الحديث: **2726**' وأحمد: المسند جلد**6**صفحه**79** رقم الحديث: **24469** .

عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الطُّفَيْلِ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَائِشُ، اِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ، فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدٌ

حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

2378 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ جُنْدُبٍ، اَنَّهَا رَاَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ الْجَمْرَةِ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَا يَقْتُلَنَّ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَارْمُوا مِثْلَ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت اُم جندب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو کنکریاں مارنے کے دن صبح کے وقت دیکھا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! ایک دوسرے کو قتل نہ کرو اور ٹھیکری کی طرح کنکری پھینکو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُفَضَّلِ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث مفضل سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2379 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيُّ اَحَدُ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، اِمَامُ مَسْجِدِ قُبَاءَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيِّ قَالَ: اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ، فَرَاَى حِصْنَةً فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَرَاضِي، وَلَمْ يَكُنْ رَآهُ قَبْلَ ذٰلِكَ،

حضرت جابر بن عبداللہ السلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ بدھ کے دن بنی عمرو بن عوف کے گھر آئے' آپ نے اُن کے گھر اموال اور غلہ کا ڈھیر دیکھا' اس سے پہلے اُن کے گھر میں ایسا نہیں تھا' آپ نے اُن کو فرمایا: اے انصار کے گروہ! انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہیں! ہمارے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! فرمایا: اگر جمعہ کے لیے آؤ تو تم وہاں ٹھہرو یہاں تک کہ میری گفتگو سنو۔ انہوں نے عرض کی: ٹھیک ہے'

2378- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 207 رقم الحديث: 1966' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 608 رقم الحديث: 16094 . انظر: نصب الراية جلد 3 صفحه 75 .

2379- أخرجه البزار جلد 1 صفحه 451 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 131 .

فَقَالَ لَهُمْ: مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ فَقَالُوا: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا اَنْتَ قَالَ: لَوْ اَنَّكُمْ اِذَا هَبَطْتُمْ لِعِيدِكُمْ، يَعْنِي الْجُمُعَةَ، مَكَثْتُمْ حَتّٰى تَسْمَعُوا مِنِّي قَوْلِي قَالُوا: نَعَمْ، اَيْ رَسُولَ اللّٰهِ، بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا اَنْتَ، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ حَضَرُوا صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَتَنَفَّلَ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ مُقَامِهِ، وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ اِذَا صَلَّى الْجُمُعَةَ انْصَرَفَ اِلَى بَيْتِهِ فَصَلَّاهُمَا فِي بَيْتِهِ، حَتّٰى كَانَ يَوْمَئِذٍ فَتَنَفَّلَهُمَا فِي الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ اسْتَقْبَلَهُمْ بِوَجْهِهِ، فَتَبِعَتِ الْاَنْصَارُ مِنَ الْمَسْجِدِ، حَتّٰى اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ فَقَالُوا: لَبَّيْكَ، اَيْ رَسُولَ اللّٰهِ، بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا اَنْتَ قَالَ: كُنْتُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِذْ لَا يُعْبَدُ اللّٰهُ، تَحْمِلُونَ الْكَلَّ فِي اَمْوَالِكُمْ، وَتَفْعَلُونَ الْمَعْرُوفَ، وَتُصَلُّونَ، حَتّٰى اِذَا مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِالْاِسْلَامِ وَاَتٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْتُمْ تُحْصِنُونَ، فِيمَا يَاْكُلُ ابْنُ آدَمَ اَجْرٌ، وَفِيمَا يَاْكُلُ الطَّيْرُ اَجْرٌ، وَفِيمَا يَاْكُلُ السَّبُعُ اَجْرٌ فَانْصَرَفَ الْقَوْمُ، فَمَا بَقِيَ اَحَدٌ اِلَّا هَدَمَ فِي مَالِهِ ثُلُمَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، يَعْنِي هَدَمَ فِي حِيطَانِ بَسَاتِينِهِمْ، لِيَدْخُلَ الْفُقَرَاءُ فَيَاْكُلُوا مِنَ التَّمْرِ

اے اللہ کے رسول! ہمارے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! جب جمعہ کا دن آیا تو رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز کے لیے حاضر ہوئے' پھر آپ نے سلام پھیرا' اس جگہ کے قریب ہی دو رکعت نفل ادا کیے' اس سے پہلے یہ تھا کہ جب آپ جمعہ پڑھا لیتے تو اپنے گھر چلے جاتے' وہاں اپنے گھر دو رکعت نفل ادا کرتے لیکن یہاں پر آپ نے دو رکعت نفل مسجد میں ادا کیے' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے اپنا چہرۂ مبارک اُن کی طرف کیا' انصار مسجد کی طرف آنے لگے یہاں تک کہ حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نے اُن کو فرمایا: اے انصار کے گروہ! انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! حاضر ہیں! ہمارے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ نے فرمایا: تم جاہلیت میں تھے اس وقت اللہ کی عبادت نہیں کی جاتی تھی' تم اپنے اموال کے حوالے سے مشکل اُٹھاتے تھے اور نیکی کرتے تھے اور نماز پڑھتے تھے یہاں تک کہ تم پر اسلام نے احسان کیا اور محمد ﷺ تشریف لائے' جو تم اس میں جمع کرتے ہو' اس سے ابن آدم کھاتا ہے' اس میں تمہارے لیے ثواب ہے جو اس میں پرندے کھائیں' اس میں تمہارے لیے ثواب ہے جو درندے کھائیں' اس میں تمہارے لیے ثواب ہے۔ قوم چلی گئی' ان میں کوئی باقی نہیں رہا تو دو تہائی یا ایک تہائی مال باغ میں بکھیر دیا تاکہ فقراء داخل ہوں اور اس سے کھجوریں کھائیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث جابر سے اسی سند سے روایت ہے' اُن سے روایت کرنے میں حجبی اکیلے ہیں۔

2380 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (لَعَمْرُكَ) (الحجر: 72) قَالَ: بِحَيَاتِكَ يَا مُحَمَّدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی تفسیر ''لعمرك'' کرتے ہوئے فرماتے ہیں: مراد یہ ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کی زندگی کی قسم!

2381 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا اَبُو كَعْبٍ الْاَزْدِيُّ، صَاحِبُ الْحَرِيرِ قَالَ: نا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اُمِّ سَلَمَةَ بِالْمَدِينَةِ، وَبَيْنِي وَبَيْنَهَا حِجَابٌ، فَسَمِعْتُهَا تَقُولُ: كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ قَالَ: مَا مِنْ آدَمِيٍّ اِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمَنِ، اِذَا شَاءَ اَزَاغَهُ، وَاِذَا شَاءَ هَدَاهُ

حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس مدینہ شریف آیا' میرے اور آپ کے درمیان پردہ تھا' میں نے سنا آپ فرما رہی تھیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کثرت سے یہ دعا مانگتے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا (تعلیم اُمت کے لیے یہ دعا فرمائی) آپ نے فرمایا: ہر آدمی کا دل اللہ عزوجل کی دو انگلیوں (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) کے درمیان ہے' جب چاہے ٹیڑھا کر دے جب چاہے اس کو سیدھا کر دے۔

2382 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّيَ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، مِائَةَ مَرَّةٍ، وَاِذَا اَمْسَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کے وقت سو مرتبہ سبحان اللّٰہ ربی العظیم وبحمدہ پڑھا' اسی طرح شام کے وقت پڑھا تو روئے زمین میں اس کی مثل کوئی نہیں ہوگا' ہاں جس نے یہ کلمات پڑھ لیے اور یا اضافہ کر لیا۔

2380- أخرجه البيهقي في دلائل النبوة جلد5صفحه488 . انظر: الدر المنثور جلد4صفحه103 .

2381- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5صفحه538 رقم الحديث: 3522' وأحمد: المسند جلد6صفحه348 رقم الحديث:26735 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه213-214 .

2382- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه326 رقم الحديث: 5091 .

كَذَلِكَ، لَمْ يُوَافِ اَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ مِثْلَ مَا وَافَى بِهِ، اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ

2383 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: مَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِي قَطُّ اِلَّا رَفَعَ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ، اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ، اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے گھر سے جب بھی نکلتے تو آپ آسمان کی طرف سر اٹھاتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ، اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ، اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمٌ .

یہ حدیث شعبی عبداللہ بن شداد سے وہ حضرت میمون سے اور شعبی سے صرف بکر ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں مسلم اکیلے ہیں۔

2384 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نا عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیکی کی دعوت دینے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ عَائِشَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوحازم سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ابن عائشہ اکیلے ہیں' سہل بن سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

2385 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور

2383- انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**132** .

2384- أخرجه أبو داؤد جلد**5**صفحه**327**' والترمذی جلد**5**صفحه**155**' والنسائی جلد **8**صفحه**268**' وابن ماجه جلد**2**صفحه**1278**' والامام أحمد فی مسنده جلد**6**صفحه**306** .

2385- أخرجه مسلم: النكاح جلد **2**صفحه**1021**' وأبو داؤد: النكاح جلد**2**صفحه**253** رقم الحديث: **2151**'

اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ قَالَ: نا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى امْرَاَةً، فَدَخَلَ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، فَقَضَى حَاجَتَهُ مِنْهَا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ: اِنَّ الْمَرْاَةَ تُقْبِلُ فِي صُورَةِ شَيْطَانٍ، وَتُدْبِرُ فِي صُورَةِ شَيْطَانٍ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَاْتِ اَهْلَهُ، فَاِنَّهُ يَغْمُرُ مَا فِي نَفْسِهِ

ﷺ نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس آئی' اس نے اپنی ضروری پوری کر لی' پھر آپ باہر نکلے' آپ نے فرمایا: عورت شیطان کی صورت میں آتی ہے اور شیطان کی صورت میں چلتی ہے' جب تم میں سے کوئی اس کے متعلق اپنے دل میں کوئی بات پائے تو وہ اپنی بیوی کے پاس چلا جائے' جو اس کے دل میں اس کے متعلق بُرا خیال آیا' وہ چلا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمٌ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

2386 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَحْرٍ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ بَيَانٍ اَبِي بِشْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ قِيلَ: يَا اَهْلَ الْجَمْعِ غُضُّوا اَبْصَارَكُمْ تَمُرُّ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: فَتَمُرُّ وَعَلَيْهَا رَيْطَتَانِ خَضْرَاوَانِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو کہا جائے گا: اے اہل محشر! اپنی نگاہوں کو نیچے کرو' فاطمہ بنت محمد ﷺ گزر رہی ہیں' آپ اس شان سے گزریں گی کہ آپ پر دو سبز جوڑے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ اِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْحَمِيدِ. وَالْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ الضَّبِّيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث بیان سے صرف خالد ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں عبدالحمید اور عباس بن بکار اکیلے ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

والترمذی: الرضاع جلد 3 صفحه 455 رقم الحديث: 1158' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 405 رقم الحديث: 14550 .

2386- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 5 صفحه 1666 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 215 .

2387 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: شِهَابٌ، فَقَالَ: بَلْ اَنْتَ هِشَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی کا ذکر کیا گیا' اس کو شہاب کہا جاتا تھا' آپ نے فرمایا: بلکہ تیرا نام ہشام ہے۔

2388 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا ابْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِينَا، فَنَاْتِيهِ بِمِيضَاةٍ لَنَا فِيهَا مَاءٌ، يَاْخُذُ بِمُدِّ الْمَدِينَةِ مُدًّا وَنِصْفًا اَوْ ثُلُثًا، فَاَصُبُّ عَلَيْهِ، فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَيُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ، وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَيَمْسَحُ بِرَاْسِهِ وَاحِدَةً، وَيَمْسَحُ بِاُذُنَيْهِ ظَاهِرَهُمَا، وَبَاطِنَهُمَا، وَيُطَهِّرُ قَدَمَيْهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آتے تھے' ہم آپ کے پاس ایک برتن لے کر آتے' اس میں پانی ہوتا تھا' آپ اس سے مدینہ کے مد یا آدھا یا ایک تہائی لیتے' اس میں سے پانی بہاتے' اپنے ہاتھ کو تین مرتبہ دھوتے اور کلی کرتے اور ناک میں پانی ڈالتے اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھوتے اور کلائیوں کو تین مرتبہ دھوتے اور سر کا ایک مرتبہ مسح کرتے اور کانوں کے اندرونی و بیرونی حصہ کا مسح کرتے اور اپنے پاؤں کو دھوتے۔

یہ حدیث روح سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

2389 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسَدَّدٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب وضو کرتے تو سر کا مسح کرتے' جو پانی بچ جاتا اس کو ہاتھ پر رکھتے' اس سے سر کے آگے والے حصے سے ابتداء کرتے' پھر گردن تک لے

2387- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **5418** .

2388- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **24** صفحه **267** رقم الحديث: **676** .

2389- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **32** رقم الحديث: **130** . أخرجه الطبراني في الكبير جلد **24** صفحه **267** .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَوَضَّأَ مَسَحَ رَأْسَهُ بِفَضْلِ مَاءٍ كَانَ فِي يَدِهِ، فَبَدَأَ بِمُؤَخَّرَةِ رَأْسِهِ، ثُمَّ جَرَّهُ إِلَى قَفَاهُ، ثُمَّ جَرَّهُ إِلَى مُؤَخِّرِهِ

جاتے' پھراس کو آگے کھینچتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبداللہ بن روّاد ہی روایت کرتے ہیں۔

2390 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الْوُضُوءُ، وَتَحْرِيمُهَا التَّكْبِيرُ، وَتَحْلِيلُهَا التَّسْلِيمُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نماز کی چابی وضو ہے (نماز سے پہلے جو کام جائز تھے) تکبیران کو حرام کرنے والی ہے (اور نماز کے اندر جو کام ناجائز تھے) ان کو سلام حلال کرنے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا حَسَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو عُمَرَ

یہ حدیث سعید سے صرف حسان ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ابوعمر اکیلے ہیں۔

2391 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ شِهَابٍ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَهُوَ الْفَرَقُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اور میں ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے' وہ ایک فرق (سولہ رطل یعنی تین صاع) پانی ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث زہری سے قاسم اور زہری سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2392 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْحَكَمُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

2390- أخرجه الترمذی فی الصلاة رقم الحديث: 238 .

2391- أخرجه البخاری: الغسل جلد 1 صفحه 433 رقم الحديث: 250' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 255 .

2392- انظر: مجمع البحرين للحافظ الهيثمی (344) .

بْنُ مَرْوَانَ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا فُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَخَلَّى الرَّجُلُ تَحْتَ شَجَرَةٍ مُثْمِرَةٍ، وَنَهَى اَنْ يُتَخَلَّى عَلَى ضَفَّةِ نَهَرٍ جَارٍ

حضور ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی پھل دار درخت کے نیچے اور جاری نہر میں پاخانہ کرے۔

2393 - وَبِهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّمِيمَةِ، وَعَنِ الاسْتِمَاعِ اِلَى النَّمِيمَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے چغلی کرنے اور سننے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مَيْمُونٍ اِلَّا فُرَاتٌ، تَفَرَّدَ بِهَا الْحَكَمُ

یہ حدیث میمون سے صرف فرات ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں حکم اکیلے ہیں۔

2394 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طُهْرِ الْحَيْضِ، فَقَالَ: خُذِي سُكْبَتَكِ فَقَالَتْ: اَصْنَعُ بِهَا مَاذَا؟ فَاسْتَحْيَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: هَلُمِّي اِلَيَّ اُخْبِرْكِ، امِرِّيهَا عَلَى مَخْرَجِ الدَّمِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے حیض سے پاکی کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: تُو ایک کپڑا لے! اس نے عرض کی: میں اس سے کیا کروں؟ حضور ﷺ پر حیاء کی کیفیت طاری ہوگئی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے اس کو کہا: میرے پاس آؤ میں تم کو بتاتی ہوں اس کو خون نکلنے والی جگہ پر رکھنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو عُمَرَ

یہ حدیث عطاء سے حماد ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں ابوعمر اکیلے ہیں۔

2395 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے وضو کیا اور داڑھی کا خلال کیا۔

2393- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه94 .

2395- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1صفحه44 رقم الحديث: 29-30' وابن ماجه: الطهارة جلد 1صفحه148 رقم الحديث: 429 .

بِلَالٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں'ان سے روایت کرنے میں سفیان اکیلے ہیں۔

2396 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ، وَالرِّيحُ رِيحُ الْمِسْكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ کی راہ میں زخم آیا' قیامت کے دن آئے گا اس حالت میں کہ اس کے خون کا رنگ خون کی طرح ہوگا لیکن اس کی خوشبو مشک کی طرح ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا صَالِحٌ

یہ حدیث زہری سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

2397 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں دن میں سو مرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

2398 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، وَحَبِيبٍ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے کھانے میں مکھی گر جائے تو وہ اس کو ڈبو لے' کیونکہ اس کے ایک پَر میں بیماری ہے اور ایک میں شفاء ہے۔

2396- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه674 رقم الحديث: 10664 .

2397- أخرجه الطبراني في الدعاء رقم الحديث: 1836' والبزار جلد4صفحه81 . انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه211 .

2398- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه414 رقم الحديث: 3320' والدارمي: الأطعمة جلد2صفحه135 رقم الحديث: 2039' وأحمد: المسند جلد2صفحه330 رقم الحديث: 7377 .

إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ فِيهِ، فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَاءً، وَالْآخَرِ شِفَاءً

2399 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے زبان جانور کسی کو زخمی کرے اور کنواں جو اپنی ملک میں کھودے اس میں کوئی گر کر ہلاک ہو جائے' اس صورت میں تاوان نہیں ہے اور دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

2400 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ قَالَ: انا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، وَحَبِيبٍ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، إِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ طَعَامٍ، لَا سَمْرَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی بکری فروخت کی اس حالت میں کہ اس کا دودھ رُکا ہوا تھا' اس لینے والے کو اختیار ہے تین دن کا' اگر چاہے تو اس کو واپس کر دے اور ساتھ ایک صاع گندم کا دے' اس میں کانٹے نہ ہوں۔

2401 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ: رَجُلٌ أَتَى قَوْمًا عَلَى إِسْلَامٍ دَامِجٍ، فَشَقَّ عَصَاهُمْ حَتَّى اسْتَحَلُّوا الْمَحَارِمَ، وَسَفَكُوا الدِّمَاءَ، وَسُلْطَانٌ جَائِرٌ وَقَالَ: مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ،

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی طرف اللہ عزوجل نظر رحمت نہیں کرے گا نہ ان کو پاک کرے گا' ان کے لیے دردناک عذاب ہے: (۱) ایک وہ آدمی جو ایسی قوم کے پاس آیا وہ مسلمان تھے' اس نے اُن پر عصا کاٹ کر اُن کا خون بہایا اور خون کو حلال جانا (۲) ظالم بادشاہ' اور فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے

2399- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه426 رقم الحديث: 1499' ومسلم: الحدود جلد3صفحه1334 .

2400- أخرجه مسلم: البيوع جلد 3صفحه1158' وأبو داؤد: البيوع جلد 3صفحه268 رقم الحديث: 3444' والترمذي: البيوع جلد3صفحه544 رقم الحديث: 1252 .

2401- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه240 .

وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَسَكَتَ سُفْيَانُ عَنِ الثَّالِثِ، فَلَمْ يَذْكُرْهَا

میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ سفیان تیسرے کا ذکر کرنے سے خاموش رہے۔

2402 - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَالَ وَلَهُ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا اَوْ قِيمَتُهَا فَهُوَ مُلْحِفٌ، وَهُوَ مِثْلُ سَفِّ الْمَاءِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اس حالت میں مانگا کہ اس کے پاس چالیس درہم یا اس کے برابر قیمت ہے وہ لپٹنے والا ہے وہ بہنے والے پانی کی طرح ہے۔

2403 - وَبِهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام مجھے مسلسل وصیت کرتے رہے پڑوسی کے متعلق یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ وارث نہ بنا دیا جائے۔

2404 - وَبِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُذُوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ: رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَرَجُلَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَخَصَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ بِكَلِمَةٍ قَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَقْرَاَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا اُنْزِلَ فَلْيَقْرَاْ بِقِرَائَةِ ابْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے پڑھو دو کا تعلق مہاجرین سے ہے اور دو کا تعلق انصار سے ہے وہ چار آدمی یہ ہیں: (۱) حضرت عبداللہ بن مسعود (۲) سالم مولیٰ ابی حذیفہ (۳) ابی بن کعب (۴) معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم۔ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو ایک بات کے ساتھ خاص کیا وہ یہ تھا کہ جس کا ارادہ ہو کہ قرآن اس طرح پست آواز میں

2402- أخرجه النسائي: الزكاة جلد**5**صفحه**73** (باب الالحاف في المسألة)، والبيهقي في الكبرى جلد**7**صفحه**39** رقم الحديث: **13211** .

2403- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**341** رقم الحديث: **5152**، والترمذي: البر والصلة جلد**4**صفحه**333** رقم الحديث: **1943**، وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**218** رقم الحديث: **6503** .

2404- أخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد **7**صفحه**158** رقم الحديث: **3808**، ومسلم: فضائل الصحابة جلد**4** صفحه**1913** .

پڑھے جس طرح نازل ہوا ہے وہ قرآن عبداللہ بن مسعود کی قرأت پر پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ اِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهَا الرَّمَادِيُّ

یہ تمام احادیث داؤد بن شابور سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں رمادی اکیلے ہیں۔

2405 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الْوَاقِعِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، اَنَّهُ قَالَ لَهُ: يَا مُعَاوِيَةُ بْنَ حُدَيْجٍ، اِيَّاكَ وبُغْضَنَا، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبْغَضُنَا وَلَا يَحْسُدُنَا اَحَدٌ اِلَّا ذِيدَ عَنِ الْحَوْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسِيَاطٍ مِنْ نَارٍ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما' انہوں نے فرمایا: اے معاویہ بن خدیج! ہم سے بغض رکھنے سے پرہیز کرو' بے شک حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو ہم سے بغض اور حسد کرے گا اس کو قیامت کے دن حوض سے آگ کے ڈنڈوں کے ساتھ ہٹا دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث شریک سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2406 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ الطُّفَيْلَ بْنَ عَمْرٍو الدَّوْسِيَّ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِي حِصْنٍ حَصِينٍ وَمَنَعَةٍ؟ يُرِيدُ حِصْنًا كَانَ لِدَوْسٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَبَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ لِلَّذِي ذَخَرَ اللّٰهُ لِلْاَنْصَارِ، فَلَمَّا هَاجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِينَةِ هَاجَرَ اِلَيْهِ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت طفیل بن عمرو الدوسی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو مضبوط قلعہ اور حفاظت کی ضرورت ہے؟ مراد ہمارا قلعہ تھا' جو قبیلۂ بنی دوس کا زمانۂ جاہلیت میں تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے لینے سے انکار کر دیا کیونکہ یہ توفیق اور سعادت مندی اللہ عزوجل نے انصار کے لیے رکھ دی تھی' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ شریف کی طرف ہجرت کر کے آئے تو حضرت طفیل بن عمرو نے آپ کی طرف ہجرت کی' آپ کے ساتھ آپ کی

2405- انظر: لسان الميزان جلد3صفحه320 . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه175 .

2406- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه108' وأحمد: المسند جلد3صفحه453 رقم الحديث: 14992 .

وَهَاجَرَ مَعَهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ، فَاجْتَوَى الرَّجُلُ الْمَدِينَةَ، فَجَزِعَ، فَأَخَذَ مَشَاقِصَ لَهُ، فَقَطَعَ بِهَا بَرَاجِمَهُ، فَشَخَبَتْ يَدَاهُ حَتَّى مَاتَ، فَرَآهُ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فِي مَنَامِهِ، فَرَآهُ فِي هَيْئَةٍ حَسَنَةٍ، وَرَآهُ يُغَطِّي يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا صَنَعَ بِكَ رَبُّكَ؟ فَقَالَ: غَفَرَ لِي بِهِجْرَتِي إِلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا لِي أَرَاكَ مُغَطِّيًا يَدَيْكَ؟ قَالَ: قِيلَ لِي: لَنْ نُصْلِحَ مِنْكَ مَا أَفْسَدْتَ، فَقَصَّهَا الطُّفَيْلُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ

قوم کے ایک آدمی نے بھی ہجرت کی، وہ آدمی مدینہ پاک میں بیمار ہوگیا اور بیماری زیادہ ہوگئی، اس نے بانس کی لکڑی لی، اس کے ساتھ اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑ کاٹنے لگے، اس کی وجہ سے خون بہا اور وہ مرگیا۔ حضرت طفیل نے اس کو خواب میں دیکھا تو اچھی حالت میں دیکھا اور اس کو دیکھا وہ اپنے ہاتھ چھپا رہا ہے۔ حضرت طفیل نے فرمایا: تیرے ربّ نے تیرے ساتھ کیا کیا؟ آپ نے کہا: مجھے حضور ﷺ کی طرف ہجرت کرنے کی وجہ سے بخش دیا۔ میں نے کہا: تُو اپنے ہاتھ کیوں چھپا رہا ہے؟ اس نے کہا: مجھے کہا گیا ہے کہ جس کو تو نے بگاڑا ہے ہم اس کو درست نہیں کریں گے۔ حضرت طفیل نے حضور ﷺ سے خواب بیان کیا تو حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! اس کے ہاتھوں کو درست فرما دے اور اسے معاف کردے!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا حَجَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادٌ

حضرت ابوزبیر سے یہ حدیث حضرت حجاج نے ہی روایت کی ہے۔ اس کے ساتھ حضرت حماد اکیلے ہیں۔

2407 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو شَيْبَةَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ: أَتَانَا كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ إِلَى أَرْضِ جُهَيْنَةَ قَبْلَ وَفَاتِهِ بِشَهْرَيْنِ: أَنْ لَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارے پاس حضور ﷺ کا خط آیا سرزمین جہینہ کی طرف سے، آپ کی وفات سے بیس دن پہلے، وہ خط یہ تھا کہ مردہ کھال اور پٹھوں سے نفع نہ اُٹھایا جائے۔

2407- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 66 رقم الحديث: 4128، والترمذي: اللباس جلد 4 صفحه 222 رقم الحديث: 1729، والنسائي: الفرع جلد 7 صفحه 154 (باب ما يدبغ به جلود الميتة)، وابن ماجه: اللباس جلد 2 صفحه 1194 رقم الحديث: 3613، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 381 رقم الحديث: 18808 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي شَيْبَةَ إِلَّا أَبُو عُمَرَ

یہ حدیث ابی شیبہ سے صرف ابوعمر ہی روایت کرتے ہیں۔

2408 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، قَالَ أَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ قَالَ: نا الشَّعْبِيُّ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ شَاةً لِمَيْمُونَةَ مَاتَتْ، فَدَبَغْنَا جِلْدَهَا، فَكُنَّا نَنْتَبِذُ فِيهَا حَتَّى صَارَ شَنًّا بَالِيًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہ کی بکری مرگئی' ہم نے اس کے چمڑے کو دباغت دی' ہم اس میں نبیذ بناتے تھے یہاں تک کہ وہ پرانا ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2409 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو عَلَى أَرْبَعَةِ نَفَرٍ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران: 128) فَهَدَاهُمُ اللَّهُ إِلَى الْإِسْلَامِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے چار آدمیوں کے خلاف بددعا کی تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: "لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ الی آخرہ" اللہ عزوجل نے اُن کو اسلام لانے کی ہدایت دے دی۔

2410 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا عِمْرَانُ بْنُ زَيْدٍ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ أَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم والے آگ میں جلتے رہنے کی وجہ سے اُن کے جسم بڑے ہو جائیں گے یہاں تک

2408- أخرجه البخاری فی الأیمان والنذور جلد11صفحه577 رقم الحديث: 6686 .

2409- أخرجه البخاری: التفسير جلد8صفحه73 رقم الحديث: 4559، وأحمد: المسند جلد2صفحه127 رقم الحديث: 5676 .

2410- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 12صفحه402، والامام أحمد فی مسنده جلد 2صفحه26 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه294 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ النَّارِ لَيَعْظُمُونَ لِلنَّارِ، حَتَّى يَصِيرَ مَا بَيْنَ شَحْمَةِ أُذُنَيْهِ إِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةَ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ، وَغِلَظُ جِلْدِهِ أَرْبَعِينَ ذِرَاعًا، وضِرْسُهُ أَعْظَمَ مِنْ أُحُدٍ

کہ ایک جہنمی کی دونوں کانوں کی لوؤں سے اس کی گردن تک سات سو سال کے برابر مسافت ہوگی' اس کی جلد کی موٹائی چالیس ہاتھ ہوگی' ان کی داڑھ اُحد پہاڑ سے بڑی ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يَحْيَى إِلَّا عِمْرَانُ

اس حدیث کو ابو یحییٰ سے صرف عمران نے روایت کیا ہے۔

2411 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُعْظِمَ اللّٰهُ رِزْقَهُ، وَأَنْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَجَلِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اللہ عزوجل اس کے رزق میں برکت دے اور اس کی عمر لمبی کرے' وہ صلہ رحمی کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث ابن ابی حسین سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

2412 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا الْيَمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَشْرَبُ فِي ثَلَاثَةِ أَنْفَاسٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ (کوئی) شی پیتے وقت تین سانس میں پیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَمَانٍ إِلَّا حَجَّاجٌ

یہ حدیث یمان سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2413 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ

حضرت یعلیٰ بن سیابہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

2411- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 353 رقم الحديث: 2067' ومسلم: البر جلد 4 صفحه 1982' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 191 رقم الحديث: 12595 .

2412- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 84 .

2413- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 172 . انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 96 .

الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى عَمْرَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ سِيَابَةَ، اَنَّهُ عَهِدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَتَى عَلَى قَبْرٍ يُعَذَّبُ صَاحِبُهُ، فَقَالَ: اِنَّ هَذَا كَانَ يَاْكُلُ لُحُومَ النَّاسِ ثُمَّ دَعَا بِجَرِيدَةٍ رَطْبَةٍ، فَوَضَعَهَا عَلَى قَبْرِهِ، وَقَالَ: لَعَلَّهُ اَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُ مَا دَامَتْ هَذِهِ رَطِبَةً

کہ وہ حضورﷺ کے ہم زمانہ ہیں کہ آپﷺ ایک قبر پر تشریف لائے تو دیکھا اس قبر والے کو عذاب ہو رہا ہے' آپ نے فرمایا: یہ قبر والا لوگوں کی چغلی کرتا تھا' پھر آپ نے کھجور کی ایک سبز شاخ منگوائی' اس کو قبر پر رکھ دیا اور فرمایا: یقیناً اس کے سبز رہنے تک اللہ عزوجل اس کے عذاب میں تخفیف کرتا رہے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: معلوم ہوا کہ قبروں پر پھول ڈالنا اچھی بات ہے' اگر گنہگار ہوگا تو اس سے گناہ معاف ہوں گے اور اگر نیک ہو تو درجات بلند ہوں گے۔

2414 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِى عُبَيْدَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: عَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِىَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا) (الاحزاب: 70) الْآيَةَ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ ہم کو نکاح کا خطبہ سکھاتے تھے: (وہ خطبہ یہ ہے) ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِىَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا) (الاحزاب: 70) الْآيَةَ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 102) (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِى خَلَقَكُمْ

2414- أخرجه أبوداؤد: النكاح جلد2صفحه245 رقم الحديث: 2118' والترمذي: النكاح جلد 3صفحه404 رقم الحديث: 1105' وابن ماجه: النكاح جلد 1صفحه609 رقم الحديث: 1892' وأحمد: المسند جلد1 صفحه510 رقم الحديث: 3719' والطبراني في الكبير جلد1صفحه98-99 رقم الحديث: 10080 .

مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 102) (يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ) (النساء : 1) الْآيَةَ

مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ) (النساء : 1) الْآيَةَ ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا أَبُو عُمَرَ

یہ حدیث حماد سے صرف ابوعمر ہی روایت کرتے ہیں۔

2415 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عَرْعَرَةَ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَحِبْتُ جَرِيرًا، فَكَانَ يَخْدُمُنِي ، وَكَانَ أَكْبَرَ مِنْ أَنَسٍ وَقَالَ جَرِيرٌ: رَأَيْتُ الْأَنْصَارَ يَصْنَعُونَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَا أَرَى أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا أَحْبَبْتُهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے پاس ٹھہرا' آپ میری خدمت کرتے تھے حالانکہ آپ مجھ سے بڑے تھے' حضرت جریر نے فرمایا: میں نے انصار کو دیکھا کہ حضور ﷺ کی جیسی خدمت انصار صحابہ نے کی' ایسی خدمت کوئی نہیں بجالایا' اس لیے میں نے اُن میں سے ہر ایک سے محبت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2416 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ زَيْدٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أَهْدَى مَلِكُ الرُّومِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدَايَا، وَكَانَ فِيمَا أَهْدَى إِلَيْهِ جَرَّةٌ فِيهَا زَنْجَبِيلٌ، فَأَطْعَمَ كُلَّ إِنْسَانٍ قِطْعَةً، وَأَطْعَمَنِي قِطْعَةً

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ روم کے بادشاہ نے حضور ﷺ کی طرف ہدیہ بھیجا' اس ہدیہ میں ایک گھڑا تھا' اس میں زنجبیل تھی' آپ نے ہر صحابی کو اس سے ایک ٹکڑا کھلایا' اور مجھے بھی اس سے ایک ٹکڑا کھلایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث شعبہ سے صرف عمرو ہی روایت کرتے

2415- أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 98 رقم الحديث: 2888' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1951' والطبراني في الكبير جلد 2 صفحه 293 .

2416- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 48 .

ہیں۔

2417 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ جَدِّهِ اَنَسٍ، اَنَّ امْرَاَةً يَهُودِيَّةً اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَسْمُومَةٍ، فَاَكَلَ مِنْهَا، فَجِيءَ بِهَا، فَقِيلَ: اَلَا نَقْتُلُهَا؟ قَالَ: لَا فَمَا زِلْتُ اَعْرِفُهَا فِي لَهَوَاتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا خَالِدٌ وَرَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ

حضرت ہشام بن زید بن انس اپنے دادا حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی عورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس زہر ملی بکری لے کر آئی' آپ نے اس سے کھایا' اس کے بعد اُس عورت کو لایا گیا آپ سے عرض کی گئی: کیا ہم اس کو قتل نہ کر دیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میں مسلسل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ مبارک سے پہچانتا رہا۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف خالد اور روح بن عبادہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2418 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْاَسْوَدِ بْنِ خَلَفٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ الْاَسْوَدَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُ النَّاسَ عِنْدَ قَرْنِ مَسْقَلَةَ، فَجَائَهُ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ وَالصَّغِيرُ وَالْكَبِيرُ، فَبَايَعُوهُ عَلَى الْاِسْلَامِ وَالشَّهَادَةِ قُلْتُ: وَمَا الشَّهَادَةُ؟ فَاَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ: عَلَى شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ جُرَيْجٍ

حضرت ابواسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسفلہ کے قریب لوگوں سے بیعت لے رہے ہیں' آپ کے پاس مرد' عورتیں' بچے' بڑے آ رہے ہیں اور وہ اسلام اور شہادت پر بیعت کر رہے ہیں' میں نے عرض کی: شہادت سے مراد کیا ہے؟ مجھے محمد بن اسود نے بتایا: شہادت سے مراد لا الٰہ الا اللّٰہ وان محمد رسول اللّٰہ کی گواہی دینا ہے۔

یہ حدیث اسود سے اسی سند سے روایت ہے' اُن سے روایت کرنے میں ابن جریج اکیلے ہیں۔

2417- أخرجه البخاری: الهبة جلد**5**صفحه**272** رقم الحديث: **2617**' ومسلم: السلام جلد**4**صفحه**1721** .

2418- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد **3**صفحه**415**' والطبرانی فی الكبير جلد **5**صفحه**8**' والحاكم فی مستدركه جلد**3**صفحه**296** . انظر: مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**40** .

2419 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتِمُّوا الصُّفُوفَ، فَإِنْ كَانَ نُقْصَانٌ فَفِي الْمُؤَخَّرِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صفیں مکمل کرو! اگر کوئی کمی ہو تو پچھلی صف میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا أَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث سعید سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2420 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِنَّمَا نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَرِيرِ الْمُصْمَتِ، فَأَمَّا أَنْ يَكُونَ سَدَاهُ أَوْ لُحْمَتُهُ حَرِيرًا فَلَا بَأْسَ بِلُبْسِهِ وَنَهَى عَنِ الْإِنَاءِ الْفِضَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ریشم اور مصمت سے منع کیا' بہرحال جس کا تانا یا بانا ریشم کا ہو اس کو پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے اور آپ نے چاندی کے برتن سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ سَعِيدٍ وَعِكْرِمَةَ إِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ

یہ حدیث خصیف سے روایت ہے' وہ سعید اور عکرمہ سے روایت کرتے ہیں اور خصیف سے صرف ابن جریج ہی روایت کرتے ہیں۔

2421 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُرْطٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ الْأَيَّامِ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمُ النَّحْرِ، ثُمَّ يَوْمُ الْقَرِّ يَسْتَقِرُّ فِيهِ النَّاسُ، وَهُوَ

حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں سب دنوں سے افضل دن قربانی کا دن ہے' پھر نویں ذی الحجہ کا دن جس میں لوگ (میدانِ عرفات میں) ٹھہرتے ہیں' وہ یوم نحر کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ حضور ﷺ کی بارگاہ میں پانچ یا چھ

2419- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 177 رقم الحديث: 671' والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 72 (باب الصف المؤخر)' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 163 رقم الحديث: 12360 .

2420- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 79 .

2421- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 153 رقم الحديث: 1765' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 427 رقم الحديث: 19099 .

الَّذِی يَلِی النَّحْرَ، قُدِّمَ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسٌ اَوْ سِتٌّ، فَجَعَلْنَ يَزْدَلِفْنَ اِلَيْهِ، بِاَيَّتِهِنَّ يَبْدَاُ، فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَةً خَفِيَّةً لَمْ اَفْهَمْهَا، فَقُلْتُ لِلَّذِی اِلَی جَنْبِی: مَا قَالَ؟ قَالَ: مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ

اونٹ پیش کیے گئے (جب ان اونٹوں کو پتہ چلا کہ حضور نے ہمیں ذبح کرنا ہے) تو وہ ایک دوسرے کو سر مار مار کے آپ کی طرف بڑھ رہے تھے کہ جس سے آپ چاہیں ابتداء کریں' جب وہ کروٹ کے بل گر پڑے تو حضور ﷺ نے ایک پوشیدہ کلمہ فرمایا' میں اس کو سمجھ نہ سکا' میں نے اپنے پہلو میں کھڑے آدمی سے پوچھا: آپ نے کروٹ کے بل گراتے وقت کیا فرمایا؟ آپ نے فرمایا: جو چاہے اس میں حصہ لے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ثَوْرٌ

یہ حدیث عبداللہ بن قرط سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں ثور اکیلے ہیں۔

2422 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ وَهْبِ اَبِی خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِی اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، عَنْ اَبِيهَا، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِی نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَعَنْ كُلِّ ذِی مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ وَنَهَى عَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَاَنْ تُوطَاَ الْحَبَالَى حَتَّى يَضَعْنَ مَا فِی بُطُونِهِنَّ

حضرت اُم حبیبہ بنت عرباض بن ساریہ اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن ہر کچلیوں والے درندے اور ہر پنجوں سے شکار کرنے والے پرندے اور نوک سے کرنے والوں سے منع کیا اور حاملہ سے وطی کرنے سے یہاں تک کہ وہ جن دے جوان کے پیٹ میں ہے۔

2423 - وَبِهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ وَبَرَةً مِنَ الْفَیْءِ فَقَالَ: مَا لِی مِنْ هٰذِهِ اِلَّا مَا لِاَحَدِكُمْ اِلَّا الْخُمُسُ، وَهُوَ مَرْدُودٌ عَلَيْكُمْ، فَرُدُّوا الْخَيْطَ وَالْمَخِيطَ، وَاِيَّاكُمْ وَالْغُلُولَ، فَاِنَّهُ عَارٌ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ فئی سے وبر لیا' اس کے بعد فرمایا: مجھے کیا اس سے جو تم میں کوئی لیتا ہے سوائے خمس کے' وہ تم پر مردود ہے' سوئی اور دھاگہ ہے تم خیانت سے بچو' کیونکہ

2422- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 157 رقم الحديث: 17158' والطبرانی فی الكبير جلد 18 صفحه 259 رقم الحديث: 648 .

2423- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 157-158 رقم الحديث: 17159' والطبرانی فی الكبير جلد 18 صفحه 259-260 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 34 .

وَشَنَارٌ وَنَارٌ

جلد2 صفحه99 رقم الحديث: 1933 .

2655- أخرجه مسلم: المساقاة جلد 3 صفحه1210' وأبو داؤد: البيوع جلد4 صفحه245 رقم الحديث: 3349' والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه532 رقم الحديث: 1240' والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه240 (باب بيع البر بالبر) .

2656- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه74 رقم الحديث: 204' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه683 رقم الحديث: 10759 .

قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، فَأَعْطَاهُ رَجُلٌ، ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَنَّ خَيْرًا فَاسْتَنَّ بِهِ مَنْ بَعْدَهُ، كَانَ لَهُ أَجْرٌ، وَمِثْلُ أَجْرِ مَنِ اسْتَنَّ بِهِ مِنْ بَعْدِهِ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ شَرًّا، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ، وَمِنْ أَوْزَارِ مَنْ تَبِعَهُ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

آدمی نے سوال کیا اس حالت میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے' ایک آدمی نے اس کو دیا پھر لوگ بھی دینے لگے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ شروع کیا اس کے بعد لوگ اس اچھے کام کو کریں' اس کو اتنا ہی ثواب ملے گا جو انہوں نے اس کے بعد کیا ہے' کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی' جس نے بُرا طریقہ شروع کیا جو اس کے بعد وہ بُرا کام لوگ کریں گے' اس شروع کرنے کو گناہ ملے گا' کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ وَرَوَاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَغَيْرُهُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ، مَقْطُوعًا، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، كَمَا رَوَاهُ مُؤَمَّلٌ، عَنْ حَمَّادٍ

یہ حدیث حماد' ایوب سے' وہ محمد سے' وہ حضرت ابوہریرہ سے اور حماد سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔ سلیمان بن حرب وغیرہ حماد بن یزید سے' وہ ایوب سے' وہ محمد' وہ ابوعبیدہ بن حذیفہ سے مقطوعاً روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو عبدالوارث بن سعید' ایوب سے' وہ محمد سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے جس طرح کہ مؤمل' حماد سے روایت کرتے ہیں۔

2657 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَرِيمُ ابْنُ الْكَرِيمِ ابْنِ الْكَرِيمِ ابْنِ الْكَرِيمِ: يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کریم ابن کریم ابن کریم ابن کریم' یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام ہیں۔

2657- أخرجه الترمذي: التفسير جلد5صفحه293 رقم الحديث: 3116' وأحمد: المسند جلد 2صفحه443 رقم الحديث: 8412.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث عطاء سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' حماد سے روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

2658 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ أُنْزِلَ عَلَيَّ آيَاتٌ لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ مِثْلُهُنَّ: الْمُعَوِّذَتَيْنِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی طرح کوئی سورت نازل نہیں ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ، إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ عَائِشَةَ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ وَالنَّاسُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ

یہ حدیث عطاء سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔ اسماعیل' قیس سے' وہ ابومسعود اور اسماعیل سے صرف عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں اور عبدالعزیز سے صرف ابن عائشہ روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔ سفیان اور کچھ لوگ اسماعیل سے' وہ قیس سے' وہ عقبہ بن عامر الجہنی سے۔

2659 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تَزَوَّجْ، فَإِنَّ خَيْرَنَا كَانَ أَكْثَرَنَا نِسَاءً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ شادی کرو کیونکہ ہم سے بہتر نے ہم سے زیادہ شادیاں کی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث ایوب سے حماد روایت کرتے ہیں اور حماد سے مؤمل روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

2660 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

2658- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه152 .

2659- أخرجه البخاري: النكاح جلد9صفحه15 رقم الحديث:5069 .

2660- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه380 رقم الحديث:2102' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1204 .

مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا طَيْبَةَ حَجَمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ، وَكَلَّمَ اَهْلَهُ، فَوَضَعُوا لَهُ مِنْ خَرَاجِهِ

ابوطیبہ نے حضور ﷺ کو پچھنا لگوایا' آپ نے مزدوری کے طور پر ان کو ایک صاع کھجوریں دیں' اس کے گھر والوں نے بات کی' اس کو ٹیکس میں رکھا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث ثابت سے حماد روایت کرتے ہیں اور حماد سے مؤمل روایت کرتے ہیں۔

2661 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْاَسَدِيُّ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: اَقْبَلَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ بِنَاضِحَيْنِ، فَبَادَرَ يَعْلِفُهُمَا اللَّيْلَ، فَسَمِعَ مُؤَذِّنَ مُعَاذٍ حِينَ اَقَامَ الصَّلَاةَ، فَدَخَلَ وَافْتَتَحَ الصَّلَاةَ مَعَ مُعَاذٍ، فَقَرَاَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَمَا عَدَا اَنْ رَاَى ذَلِكَ الْفَتَى، فَاَقْبَلَ عَلَى صَلَاتِهِ وَتَرَكَ مُعَاذًا، فَقَالَ مُعَاذٌ: لَاَذْكُرَنَّ مَا صَنَعَ الْاَنْصَارِيُّ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْاَنْصَارِيُّ اِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي دَخَلْتُ مَعَ مُعَاذٍ فِي صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَافْتَتَحَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَاَقْبَلْتُ عَلَى صَلَاتِي، وَتَرَكْتُ مُعَاذًا، اِذْ دَخَلَ مُعَاذٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَا مُعَاذُ، اَفَتَّانٌ اَفَتَّانٌ؟ اقْرَاْ بِالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشَى، وَنَحْوِهِمَا

حضرت محارب بن دثار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ سے سنا فرماتے ہوئے کہ حضرت معاذ نے مؤذن کو اقامت پڑھتے ہوئے سنا' جس وقت نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی وہ انصاری داخل ہوئے اور حضرت معاذ کے ساتھ نماز شروع کی' حضرت معاذ نے قرأت میں سورۃ البقرہ پڑھی اور اس کے علاوہ پڑھی' جب نوجوان انصاری نے دیکھا اس نے آپ کے ساتھ نماز پڑھنا چھوڑ دی اور خود اپنی نماز پڑھنا الگ شروع کی۔ حضرت معاذ نے فرمایا: میں ضرور اس بات کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کروں گا جو انصاری نے کیا ہے۔ انصاری حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے حضرت معاذ کے پیچھے نماز شروع کی تھی' حضرت معاذ نے سورۂ بقرہ شروع کی' میں نے اپنی نماز شروع کر دی اور معاذ کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دی' اس وقت حضرت معاذ آئے' آپ نے فرمایا: اے معاذ! کیا آپ لوگوں کو فتنہ میں ڈالنا چاہتے ہیں؟ آپ والشمس وضحاها واللیل اذا یغشی ان دونوں جیسی سورتیں کیوں نہیں پڑھ لیتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ إِلَّا وَهْبٌ

یہ حدیث محمد بن قیس سے صرف وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

2662 - وَبِهِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْأَسَدِيُّ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ: قَتَلَتْ يَهُودُ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ بِخَيْبَرَ، فَأَتَى أَوْلِيَاؤُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ يُقَالُ لَهُمْ: الْأَحَارِصَةُ، فَلَمَّا انْتَهَوْا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكَلَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَكْبَرُ الْأَكْبَرُ فَقَالَ: لِيَشْهَدْ مِنْكُمْ خَمْسُونَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَشْهَدُ عَلَى مَا لَمْ نَرَ أَوْ نَرْضَى بِأَيْمَانِ يَهُودَ؟ وَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِبِلٍ، فَوَادَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ بِمِائَةٍ مِنَ الْإِبِلِ قَالَ: فَرَأَيْتُهَا وَرَكَضَتْنِي مِنْهَا بَعِيرَةٌ

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہودی نے ایک انصار کے آدمی کو خیبر میں قتل کیا' مقتول کے اولیاء حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کو احارصہ کہا جاتا تھا' جب حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو اس قوم میں سے ایک آدمی نے بات کی' حضور ﷺ نے فرمایا: بڑا آدمی بات کرے' آپ نے فرمایا: تم میں سے پچاس آدمی گواہی دیں گے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم گواہی دیں اس پر کہ ہم نے تو دیکھا ہی نہیں ہے یا ہم یہود کے قسم پر راضی ہو جائیں! رسول اللہ ﷺ کے پاس اونٹ لائے گئے' حضور ﷺ نے خود اپنی جانب سے سو اونٹ بطور دیت کے دیئے۔ راوی حدیث سہل بن ابی حثمہ فرماتے ہیں: میں نے ان اونٹوں کو دیکھا' ان میں سے ایک اونٹنی نے مجھے ٹانگ ماری۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ إِلَّا وَهْبٌ

یہ حدیث محمد بن قیس سے صرف وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

2663 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ عُمَرَ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم سیکھنے سے آتا ہے اور بردباری بردباری کرنے سے آتی ہے' جو نیکی کی کوشش کرتا ہے اللہ اس کو

2662- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 552 رقم الحديث: 6142-6143' ومسلم: القسامة جلد 3 صفحه 1292' وأبو داؤد: الديات جلد 4 صفحه 175 رقم الحديث: 4520' والنسائي: القسامة جلد 8 صفحه 7 (باب ذكر اختلاف الفاظ الناقلين لخبر سهل فيه).

2663- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 5 صفحه 174' والخطيب في تاريخ بغداد جلد 5 صفحه 204 . انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 131 .

الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا الْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ، وَاِنَّمَا الْحِلْمُ بِالتَّحَلُّمِ، مَنْ يَتَحَرَّى الْخَيْرَ يُعْطَهُ، وَمَنْ يَتَّقِ الشَّرَّ يُوقَهُ، ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ لَمْ يَسْكُنِ الدَّرَجَاتِ الْعُلَا، وَلَا اَقُولُ لَكُمُ الْجَنَّةَ: مَنْ تَكَهَّنَ، اَوِ اسْتَقْسَمَ، اَوْ رَدَّهُ مِنْ سَفَرٍ تَطَيُّرٌ

نیکی کی توفیق دے دیتا ہے' جو بُرائی سے بچنا چاہتا ہے اللہ اس کو بچا لیتا ہے' تین چیزیں جس میں ہوں اس کے لیے بلند درجات نہ ہوں' میں نہیں کہتا کہ تمہارے لیے جنت نہیں ہے جو کاہنوں کے پاس جائے اور ستاروں کے ذریعے بارش طلب کرے یا سفر سے واپس آئے فال کے ذریعے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث سفیان سے صرف محمد بن حسن ہی روایت کرتے ہیں۔

2664 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقْضِي الرَّجُلُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ کرے غصہ کی حالت میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُؤَمَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَكِيعِيُّ

یہ حدیث عطاء سے صرف حماد اور حماد سے صرف مؤمل اور مؤمل سے روایت کرنے میں وکیعی اکیلے ہیں۔

2665 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ الْمُزَنِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرُّكْنُ وَالْمَقَامُ يَاْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُمَا لِسَانٌ وَشَفَتَانِ اَعْظَمُ مِنْ اَبِي قُبَيْسٍ، يَشْهَدَانِ لِمَنْ وَافَاهُمَا بِالْوَفَاءِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حجر اسود اور مقامِ ابراہیم دونوں قیامت میں آئیں گے' دونوں کی زبان اور دو ہونٹ ہوں گے دونوں یعنی ہونٹ اور زبان ابوقبیس پہاڑ سے بڑی ہوں گی' دونوں اپنے چومنے والے اور پیچھے نفل ادا کرنے والے کے متعلق گواہی دیں گے اور وعدہ پورا کریں گے۔

2664- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه146 رقم الحديث: 7158، ومسلم: الأقضية جلد3صفحه1342 .

2665- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11صفحه182 رقم الحديث: 11432 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه245 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف حارث بن غسان ہی روایت کرتے ہیں۔

2666 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ تَحْتَ شَجَرَةٍ، وَاضِعٌ يَدَهُ تَحْتَ رَأْسِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَا تَدْعُو اللّٰهَ عَلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ قَدْ خَشِينَا أَنْ يَرُدُّونَا عَنْ دِينِنَا؟ فَصَرَفَ وَجْهَهُ عَنِّي، فَتَحَوَّلْتُ إِلَيْهِ، فَصَرَفَ وَجْهَهُ عَنِّي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ أَقُولُ لَهُ، فَيَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنِّي، فَجَلَسَ فِي الثَّالِثَةِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللّٰهَ، فَوَاللّٰهِ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ قَبْلَكُمْ لَيُوضَعُ الْمِنْشَارُ عَلَى رَأْسِهِ، فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ، مَا يَرْتَدُّ عَنْ دِينِهِ، اتَّقُوا اللّٰهَ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَاتِحٌ لَكُمْ وَصَانِعٌ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اس حالت میں کہ آپ ایک درخت کے پاس لیٹے ہوئے تھے اور اپنا ہاتھ مبارک سر کے نیچے رکھا ہوا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان لوگوں کے لیے بددعا نہیں کریں گے جن سے ہم کو خوف ہے کہ وہ ہم کو ہمارے دین سے پھرا دیں گے۔ آپ نے اپنا چہرۂ مبارک مجھ سے پھیرلیا' دوبارہ متوجہ ہوئے' آپ نے تین مرتبہ مجھ سے اپنا چہرہ پھیرلیا' تین مرتبہ آپ سے عرض کی آپ نے اپنا چہرہ پھیرلیا' تیسری مرتبہ آپ بیٹھ گئے' فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور اللہ کی قسم! تم سے پہلے کوئی آدمی ایمان والا ہوتا اس کے سر پر آرا رکھا جاتا اور اس کے دو حصے کر دیئے جاتے تو وہ پھر بھی دین سے نہیں پھرتے تھے' اللہ سے ڈرو! بے شک اللہ عزوجل تم کو فتح دے گا اور تمہارے لیے فتح دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا سَلَمَةُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا ابْنَاهُ مُحَمَّدٌ وَيَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا حَسَّانُ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف سلمہ اور سلمہ ان کے دونوں بیٹے محمد اور یحییٰ اور محمد بن سلمہ سے صرف حسان ہی روایت کرتے ہیں۔

2667 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت نجاشی فوت ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کے لیے بخشش مانگو! بعض صحابہ کرام نے عرض

2666- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد4صفحه65-66 رقم الحديث: 3648.

2667- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه422-423.

النَّجَاشِيُّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: يَأْمُرُنَا أَنْ نَسْتَغْفِرَ لَهُ وَقَدْ مَاتَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ؟ فَنَزَلَتْ: (وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ) (آل عمران: 199).

کی: آپ ہم کو بخشش کے لیے حکم دیتے ہیں حالانکہ ان کا وصال حبشہ کی سرزمین پر ہوا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی: اہل کتاب میں سے کچھ اللہ پر اور قرآن پر ایمان رکھتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حماد سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

2668 - وَبِهِ عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: اسْتَوُوا مَرَّتَيْنِ إِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِي كَمَا أَرَاكُمْ بَيْنَ يَدَيَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جاتی تھی تو آپ اپنا چہرۂ مبارک لوگوں کی طرف کرتے' فرماتے: سیدھے ہو جاؤ! دو مرتبہ فرماتے: کیونکہ میں تم کو اپنے پیچھے سے ایسے ہی دیکھتا ہوں جس طرح تم کو اپنے آگے سے دیکھتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حماد' ثابت سے اور حماد سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

2669 - وَبِهِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنْ جَنَابَةٍ غَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَغْمِسَهُمَا فِي الْمَاءِ، ثُمَّ أَخَذَ الْمَاءَ بِيَمِينِهِ فَيَصُبُّهُ عَلَى شِمَالِهِ ثُمَّ يَغْسِلُ فَرْجَهُ، ثُمَّ يُمَضْمِضُ ثَلَاثًا، وَيَسْتَنْشِقُ ثَلَاثًا، وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَيَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ يَصُبُّ عَلَى رَأْسِهِ الْمَاءَ وَاحِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب غسل جنابت کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتے' پانی میں داخل کرنے سے پہلے' پھر آپ پانی لیتے اس کو اپنے بائیں ہاتھ پر ڈالتے' اس سے اپنی شرمگاہ دھوتے پھر تین مرتبہ کلی کرتے اور ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالتے اور چہرۂ مبارک کو تین مرتبہ دھوتے اور دونوں کلائیوں کو تین مرتبہ دھوتے' پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے' ایک مرتبہ جب غسل کر کے فارغ

2668- أخرجه أحمد: المسند جلد3 صفحه328 رقم الحديث: 13845 .

2669- أخرجه البخاري: الغسل جلد 1 صفحه454 رقم الحديث: 272' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه253' والنسائي: الطهارة جلد1 صفحه111 (باب اعادة الجنب غسل يديه بعد ازالة الأذى عن جسده) .

وَاحِدًا، فَإِذَا خَرَجَ مِنْ مُغْتَسَلِهِ غَسَلَ قَدَمَيْهِ

ہوتے تو اپنے قدم مبارک دھوتے تھے۔

2670 - وَبِهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حماد' عطاء سے' وہ عبدالرحمٰن سے اور حماد سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

2671 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً، صَلَّيْتُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا' اللہ عزوجل اس پر دس مرتبہ اپنی رحمت بھیجے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ اِلَّا حَسَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث یوسف سے صرف حسان ہی روایت کرتے ہیں اور حسان بن ابراہیم سے صرف ازرق بن علی اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

2672 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا عَوْبَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي جَارَيْنِ، اَحَدُهُمَا قُبَالَةَ بَابِي، وَالْآخَرُ شَاسِعٌ عَنْ بَابِي وَهُوَ اَقْرَبُ اِلَى الْجِوَارِ، فَبِاَيِّهِمَا اَبْدَاُ؟ قَالَ: الَّذِي قُبَالَةَ بَابِكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے دو پڑوسی ہیں' ایک میرے دروازے کے سامنے ہے' دوسرا میرے دروازے کے ساتھ ہے' یہ میرے پڑوس ہونے کے لحاظ سے قریب ہے' میں ان دونوں میں سے کس سے ابتداء کروں؟ آپ نے فرمایا: جو تیرے دروازے کے سامنے ہے۔

2670- تقدم تخريجه .

2671- وأخرجه النسائي: السهو جلد3صفحه42 (باب نوع آخر) . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه166 .

2672- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه169 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْبَدٍ اِلَّا بَكْرٌ

یہ حدیث عوبد سے صرف بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

2673 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْخَالِقِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: لَمَّا نَزَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُهُ يُدِيمُ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَاَيْتُكَ تُدِيمُ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، فَقَالَ: اِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَلَا يُغْلَقُ مِنْهَا بَابٌ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ، فَاُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ لِي فِي تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جب آپ کے پاس آیا' میں نے آپ کو ظہر سے پہلے چار رکعتوں کے ادا کرنے پر ہمیشگی کرتے ہوئے دیکھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو ظہر سے پہلے چار رکعت ادا کرنے پر ہمیشگی کرتے ہوئے دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: اس وقت آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں' وہ بند نہیں ہوتے ہیں یہاں تک کہ ظہر کی نماز ادا کر لی جائے' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال اس وقت بہتر بلند ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْخَالِقِ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ، وَلَا عَنِ الْمَسْعُودِيِّ اِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

یہ حدیث عبدالخالق سے صرف مسعودی اور مسعودی سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں اور عباد سے صرف یحییٰ اکیلے روایت کرنے والے ہیں۔

2674 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ: نا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي مِسْكِينٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتُنْتَهَكُنَّ الْاَصَابِعُ بِالطُّهُورِ، اَوْ لَتَنْتَهِكَنَّهَا النَّارُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انگلیوں کا ضرور خلال کیا کرو ورنہ اُن کا جہنم کی آگ سے خلال کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ اِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث ابوعوانہ سے صرف شیبان ہی روایت

2673- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 4031-4036' والامام أحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 416 . أخرجه أبو داؤد جلد 2 صفحه 3 رقم الحديث: 1270' وابن ماجه جلد 1 صفحه 366 رقم الحديث: 1157 . انظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 222-223 .

2674- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 239 .

کرتے ہیں۔

2675 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ سَوَادَةَ اَبُو الصَّبَّاحِ النَّخَعِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ زَاذَانَ قَالَ: مَرِضَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَرْضَةً ثَقُلَ مِنْهَا، فَجَمَعَ اِلَيْهِ بَنِيهِ وَاَهْلَهُ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَجَّ مِنْ مَكَّةَ مَاشِيًا، حَتَّى يَرْجِعَ اِلَيْهَا، فَلَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ سَبْعُ مِائَةِ حَسَنَةٍ مِنْ حَسَنَاتِ الْحَرَمِ ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَمَا حَسَنَاتُ الْحَرَمِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: كُلُّ حَسَنَةٍ مِنْهَا اَلْفُ حَسَنَةٍ

حضرت زاذان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیمار ہوئے' آپ کی بیماری زیادہ ہوئی' آپ کے بیٹے اور گھر والے آپ کے پاس جمع ہوئے' آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ جو مکہ شریف سے پیدل چل کر حج کرے' واپس آنے تک اس کے لیے ہر قدم کے بدلے سات سو نیکیوں کا ثواب ملتا ہے' نیکیاں بھی حرم والیاں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! حرم کی نیکیوں سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: ہر نیکی ہزار نیکیوں کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا عِيسَى

یہ حدیث اسماعیل سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2676 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا بَزِيعٌ اَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَصَابَ ذَنْبًا فَنَدِمَ، غَفَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ ذَلِكَ الذَّنْبَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَسْتَغْفِرَهُ، وَمَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ نِعْمَةً فَعَلِمَ اَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ شُكْرَهَا مِنْ قَبْلِ اَنْ يَحْمَدَهُ عَلَيْهَا، وَمَنْ كَسَاهُ اللّٰهُ ثَوْبًا فَعَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الَّذِي كَسَاهُ، لَمْ يَبْلُغِ الثَّوْبُ رُكْبَتَهُ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی گناہ کیا اس پر ندامت کی' اللہ عزوجل اس کے گناہ کو معاف کر دے گا' اس کی بخشش مانگنے سے پہلے' جس پر اللہ نے کوئی نعمت کی اس نے یقین کیا کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے شکر کو لکھوائے گا' اس نعمت پر اللہ کی تعریف کرنے سے پہلے' جس کو اللہ عزوجل نے کپڑا پہنایا اس کو علم ہوا کہ یہ اللہ نے پہنایا ہے تو اس کا کپڑا گھٹنوں تک نہیں پہنچے گا یہاں تک کہ اللہ اس کو بخش دے گا۔

2675- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 12 صفحه 105 رقم الحدیث: 12606' والبزار جلد 2 صفحه 25-26' وأبو نعیم فی أخبار أصبهان جلد 2 صفحه 354' والحاکم جلد 1 صفحه 460 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 121 .

2676- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 202 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا بَزِيعٌ

ہشام سے یہ حدیث صرف بزیع ہی روایت کرتے ہیں۔

2677 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ بَيَانٍ، وإسماعيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ الْفَزَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ، الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، حَتَّى لَا يَبْقَى إِلَّا حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ التَّمْرِ، لَا يُبَالِي اللَّهُ بِهِمْ

حضرت مستورد بن شداد الفزاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ چلے جائیں گے یہاں تک کہ ذلیل کمینے لوگ باقی رہ جائیں گے جس طرح خراب پھل ہوتا ہے' اللہ عزوجل کو ایسے لوگوں کی کوئی پروانہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ بَيَانٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ

یہ حدیث اسماعیل' بیان سے روایت کرتے ہیں اور بیان سے صرف اسماعیل بن مجالد ہی روایت کرتے ہیں۔

2678 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ أَبُو الْحُسَيْنِ الْعُكْلِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي عَبَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو قاضی بنایا گیا' وہ ایسے ہے جس طرح (جانور) بغیر چھری کے ذبح کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا زَيْدٌ

سفیان سے یہ حدیث صرف زید ہی روایت کرتے ہیں۔

2679 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

2677- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه323-324 .

2678- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد 3صفحه297 رقم الحديث: 3572' والترمذى: الأحكام جلد 3صفحه605 رقم الحديث: 1325' وابن ماجه: الأحكام جلد 2صفحه774 رقم الحديث: 2308' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه484 رقم الحديث: 8798 .

2679- أخرجه البخارى: التوحيد جلد 13صفحه527 رقم الحديث: 7544' ومسلم: المسافرين جلد 1صفحه545 والنسائى: الافتتاح جلد 2صفحه139 (باب تزين القرآن بالصوت)' وأحمد: المسند جلد 2صفحه592 رقم الحديث: 9819-9820 .

يُوسُفَ الزِّمِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِنَبِيٍّ اِذْنَهُ لِرَجُلٍ حَسَنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ وَسَمِعَ قِرَائَةَ اَبِي مُوسَى، فَقَالَ: لَقَدْ اُوتِيَ هَذَا مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کسی نبی کو حکم نہیں دیا جیسا حکم اس نے خوبصورت آواز میں قرآن پڑھنے والے کو دیا اور اُس نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی قرأت سنی فرمایا: ابوموسیٰ کو آلِ داؤد کی آواز دی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث اسحاق سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2680 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا يَحْيَى قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِاَصْحَابِهِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ اَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: اَتَقْرَئُونَ وَالْاِمَامُ يَقْرَاُ؟ فَسَكَتُوا، ثُمَّ قَالَهَا ثَلَاثًا، فَقَالَ قَائِلُونَ: اِنَّا لَنَفْعَلُ، فَقَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا، وَلْيَقْرَاْ اَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي نَفْسِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کو نماز پڑھائی' جب نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: کیا تم بھی قرآن پڑھتے ہو (جبکہ) امام بھی قرأت کر رہا ہو' پس وہ خاموش رہے' پھر آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' کہنے والوں نے کہا: ہم ایسے کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: ایسے نہ کیا کرو' تم میں سے کوئی آدمی سورۂ فاتحہ اپنے دل کے اندر پڑھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: مسئلہ یہ ہے کہ امام کے پیچھے مطلقاً قرأت جائز نہیں ہے چاہے جہری یا سری نماز ہو کیونکہ اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: جب قرآن پڑھا جائے تو خاموش ہو جاؤ اور غور سے سنو تا کہ تم پر رحم کیا جائے' (القرآن) یہ ارشادِ باری تعالیٰ مطلقاً کہ چاہے جہری نماز ہو یا سری نماز ہو' اور حضور ﷺ کا ارشاد مبارک' 'قراۃ الامام قرأت له'' کہ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔ حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے امام کے پیچھے قرأت کرنے سے انگارے چبانا زیادہ پسند ہے۔

(موطا امام محمد صفحہ ۱۰۰)

2680- أخرجه الدارقطني: سننه جلد1صفحه340 رقم الحديث: 8 . انظر: نصب الراية جلد2صفحه18 .

2681 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يُوسُفَ الزِّمِّيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اعْتَرَفَ الرَّجُلُ بِالزِّنَا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، فَاُمِرَ بِهِ الرَّجْمُ، فَهَرَبَ، تُرِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی نے زنا کا چار مرتبہ اقرار کیا' اس کو رجم کرنے کا حکم دیا گیا' وہ بھاگ گیا اس کو چھوڑ دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بَكْرٍ

یہ حدیث ابوسلمہ سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں اور حمید سے صرف ابوبکر اکیلے ہیں روایت کرنے میں۔

2682 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا يَحْيَى قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ الرَّاهِبِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِرْهَمٌ مِنْ رِبًا اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ زَنْيَةً

حضرت عبداللہ بن حنظلہ بن راہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سود کا ایک درہم کا گناہ بڑا ہے اللہ کے ہاں چھتیس مرتبہ زنا کرنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

لیث سے یہ حدیث صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2683 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے شادی فرمائی حالت احرام میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا وُهَيْبٌ

یہ حدیث خالد سے صرف وہیب ہی روایت کرتے ہیں۔

2681- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه270 .

2682- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه120 .

2683- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه 581 رقم الحديث: 4258' ومسلم: الحج جلد2صفحه1031 .

2684 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ نِزَارٍ الْعَبْسِيُّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَبِي حُذَيْفَةَ الْاَزْدِيِّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ: صَبَبْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، مِنَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ، اِلَّا النَّوْمَ وَاِلَّا الْجَنَابَةَ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہا ہوں' آپ وضو کرتے تو موزوں پر مسح کرتے تھے' بول و براز کی صورت میں لیکن نیند اور جنابت کی حالت میں آپ پاؤں کو دھوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَبِي حُذَيْفَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدٌ

یہ حدیث حذیفہ بن ابی حذیفہ سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زید اکیلے ہیں۔

2685 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي ذَرٍّ: مَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْكَ مِثْلِ مُؤْخِرَةِ الرَّحْلِ؟ قَالَ: الْمَرْاَةُ، وَالْحِمَارُ، وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ. قُلْتُ: مَا شَاْنُ الْكَلْبِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَبْيَضِ مِنَ الْاَحْمَرِ؟ فَقَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِي، فَقَالَ: اِنَّ الْاَسْوَدَ شَيْطَانٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر سے عرض کی: اگر نمازی کے آگے کجاوہ کی طرح کوئی شی نہ ہو تو کوئی شی نماز توڑتی ہے؟ نمازی کے آگے سے گزرنے سے۔ فرمایا: عورت' کالا کتا اور گدھا آگے گزرنے سے۔ میں نے کہا: کالے کتے کا انتخاب کیوں کیا حالانکہ کتا تو سفید اور سرخ بھی ہوتا ہے؟ فرمایا: میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا جس طرح آپ مجھ سے پوچھ رہے ہیں' آپ نے فرمایا: کالا کتا شیطان ہوتا ہے' یہ تین مرتبہ فرمایا۔

2684- أخرجه الترمذی: الطهارة جلد 1صفحه159 رقم الحديث:96' والنسائی: الطهارة جلد 1صفحه82 (باب الوضوء من الغائط)' وابن ماجه: الطهارة جلد 1صفحه161 رقم الحديث: 478' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه293 رقم الحديث: 18115 .

2685- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1صفحه365' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه184 رقم الحديث: 702' والترمذی: الصلاة جلد2صفحه161 رقم الحديث: 338' والنسائی: القبلة جلد 2صفحه50 (باب ذكر ما يقطع الصلاة وما لا يقطع اذا لم يكن بين يدی المصلی سترة .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ إِلَّا أَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

ہشام الدستوائی سے صرف ازہر ہی روایت کرتے ہیں احمد بن عمرا کیلے روایت کرنے والے ہیں۔

2686 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا أَبُو مُعَاوِيَةَ، نا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتِي فَقَالَ: مَا لِي لَا أَرَى فِي بَيْتِكِ بَرَكَةً؟ قُلْتُ: وَمَا الْبَرَكَةُ الَّتِي أَنْكَرْتَ مِنْ بَيْتِي؟ قَالَ: لَا أَرَى فِيهِ شَاةً

حضرت اُم ھانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے گھر تشریف لائے' آپ نے فرمایا: میں آپ کے گھر میں برکت نہیں دیکھ رہا ہوں' میں نے عرض کی: برکت سے مراد کیا ہے آپ کی؟ جس کے نہ ہونے کا میرے گھر میں کہہ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں آپ کے گھر میں بکری نہیں دیکھ رہا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ إِلَّا أَبُو مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث یوسف سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں احمد بن عمرا کیلے ہیں۔

2687 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نا مُفَضَّلُ بْنُ مُهَلْهِلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَالِمٍ الْبَرَّادِ قَالَ: سَأَلْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَمْرٍو، عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَامَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَكَبَّرَ، ثُمَّ رَكَعَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَأَصَابِعَهُ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ، وَجَافَى بِإِبْطَيْهِ فَرَكَعَ حَتَّى اسْتَقَرَّ كُلُّ شَيْءٍ مِنْهُ، ثُمَّ قَامَ حَتَّى اسْتَقَرَّ كُلُّ شَيْءٍ مِنْهُ، ثُمَّ سَجَدَ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى الْأَرْضِ، وَجَافَى بِإِبْطَيْهِ وَسَجَدَ حَتَّى اسْتَقَرَّ كُلُّ شَيْءٍ مِنْهُ، ثُمَّ جَلَسَ حَتَّى اسْتَقَرَّ كُلُّ شَيْءٍ مِنْهُ، ثُمَّ سَجَدَ، حَتَّى صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سالم البراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عقبہ بن عمرو سے پوچھا حضور ﷺ کی نماز کے متعلق' حضرت عقبہ مسجد میں کھڑے ہوئے' تکبیر کہی' پھر رکوع کیا اپنے ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھا' انگلیاں نیچے رکھیں' دونوں ہاتھوں کو پہلوؤں سے جدا رکھا' رکوع سے اُٹھے یہاں تک کہ ہر عضو سیدھا ہو گیا پھر سجدہ کیا' اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھے' دونوں ہاتھوں کو پہلوؤں سے جدا رکھا' ہر عضو سیدھا رکھا' پھر بیٹھے یہاں تک کہ ہر عضو سیدھا ہو گیا' پھر سجدہ کیا یہاں تک کہ چار رکعتیں پڑھیں' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

2686- أخرجه الطبراني في الكبير جلد24صفحه435 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه69 .

2687- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه226 رقم الحديث: 863 .

يُصَلِّي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُفَضَّلٍ إِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث مفضل سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2688 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٍ عَلَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْقُرْآنَ، فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٍ أَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ

حضرت سالم اپنے والد ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رشک صرف دو آدمیوں کے متعلق جائز ہے ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے قرآن کا علم دیا وہ دن و رات پڑھتا ہے ایک وہ آدمی جس کو اللہ نے مال دیا وہ دن و رات اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، وَيَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ يَحْيَى إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، وَعَنْ يَزِيدَ شَيْبَانُ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف یحییٰ بن سعید الانصاری اور یزید بن عیاض ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں یحییٰ اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں یزید سے شیبان روایت کرتے ہیں۔

2689 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنَّهُمْ أَخَذُوا عَمُودَ الْكِتَابِ فَعَمَدُوا بِهِ إِلَى الشَّامِ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ فَالْأَمْنُ بِالشَّامِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ (لوگوں) نے قرآن کو پکڑا ہوا ہے اس کو لے کر شام کی طرف گئے ہیں فرمایا: جب فتنہ آئے گا تو امن شام میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر اور معمر سے صرف محمد بن ثور ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

2688- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13 صفحة511 رقم الحديث: 7529، ومسلم: المسافرين جلد1 صفحه558 .

2689- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه61 .

2690 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نا مُفَضَّلُ بْنُ مُهَلْهِلٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُعَلِّمُ رَجُلًا التَّشَهُّدَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: هُوَ كَذٰلِكَ، وَلٰكِنْ نَنْتَهِي اِلَى مَا عَلِمْنَا

حضرت علاء بن مسیّب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کو التحیات سکھاتے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اس آدمی نے عرض کیا: وحدہٗ لا شریک لہٗ۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: ہے تو اس طرح لیکن ہم اپنے علم تک محدود ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اِلَّا مُفَضَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

یہ حدیث علاء بن مسیّب سے صرف مغفل ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

2691 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ اَبْصَرَ رَجُلًا يُصَلِّي لَا يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَلَا السُّجُودَ، فَقَالَ: لَوْ مَاتَ هٰذَا لَمَاتَ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ عِيسَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُفَضَّلٍ اِلَّا يَحْيَى

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا نماز پڑھتے ہوئے' وہ رکوع اور سجود مکمل نہیں کر رہا تھا' میں نے کہا: اگر اس حالت میں مرے گا تو دینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کسی اور پر مرے گا۔

اس حدیث کو مفضل سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2692 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطْلُبُوا اَوْ قَالَ: الْتَمِسُوا، الْاَمَانَةَ فِي قُرَيْشٍ، فَاِنَّ الْاَمِينَ مِنْ قُرَيْشٍ لَهُ فَضْلَانِ عَلَى اَمِينٍ مَنْ سِوَاهُمْ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تلاش کرو! قریش میں امانت کوئی بے شک امین لوگ قریش میں ہیں' قریش کو دوسروں کے امین پر دو فضیلتیں حاصل ہیں اور قریش طاقتور کو دو فضیلتیں ہیں دوسرے قوی لوگوں پر۔

2691- أخرجه الطبراني في الكبير جلد1صفحه356 رقم الحديث: 1085 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه124 .

2692- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه28-29 .

وَاِنَّ قَوِیَّ قُرَیْشٍ لَهُ فَضْلَانِ عَلَی قَوِیِّ مَنْ سِوَاهُمْ

2693 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِیُّ قَالَ: نا بَکْرُ بْنُ خُنَیْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْمَدِینِیُّ، عَنْ مُوسَی بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ یَکُنْ عِنْدَهُ مَالٌ یَتَصَدَّقُ بِهِ، فَلْیَسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِینَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، فَاِنَّهَا صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس مال نہ ہو وہ صدقہ کرنا چاہتا ہے وہ ایمان والے مرد اور عورتوں کے لیے بخشش کی دعا کرے اس کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُوسَی اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ بَکْرٌ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اس حدیث کو روایت کرنے میں بکر اکیلے ہیں۔

2694 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا حُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْجُعْفِیُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّیْلِ مَثْنَی مَثْنَی، فَاِذَا خَشِیَ اَحَدُکُمُ الصُّبْحَ فَوَاحِدَةٌ تُوتِرُ لَهُ صَلَاتَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کو نماز دو دو رکعتیں ہیں جب تم میں سے کسی کو صبح ہو جانے کا خوف ہو تو وہ ایک رکعت ساتھ ملا کر وتر کر لے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ زَائِدَةَ اِلَّا حُسَیْنٌ

زائدہ سے صرف حسین ہی روایت کرتے ہیں۔

2695 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَیْدٍ، عَنْ رَجُلٍ یُقَالُ لَهُ: حَبِیبٌ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُرَاهُ: عَمَّارَ بْنَ یَاسِرٍ قَالَ: کَلَّمْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی حَاجَةٍ، فَکَلَّمْتُهُ وَعَلَی یَدَیَّ صُفْرَةٌ، فَقَالَ لِی: اذْهَبْ

حضرت اسحاق بن سوید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ایک آدمی سے جس کو حبیب کہا جاتا ہے صحابۂ رسول ﷺ میں سے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں خیال ہے کہ وہ عمار بن یاسر ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کی کسی کام کے لیے میں نے گفتگو کی تو میرے ہاتھوں پر زرد رنگ تھا آپ نے مجھے

2693- أخرجه الطبرانی فی الدعاء رقم الحدیث: 1849 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه213 .

2694- أخرجه البخاری: الوتر جلد2صفحه554 رقم الحدیث: 990 ومسلم: المسافرین جلد1صفحه516 .

2695- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه137 رقم الحدیث: 17015 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه158 .

فَاغْسِلْ عَنْكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَانْطَلَقْتُ بِمِنْشَفَةٍ، فَجَعَلْتُ اَتَتَبَّعُ بِهَا اَثَرَ الْخَلُوقِ مِنْ بَيْنِ اَظْفَارِى، اَغْسِلُهُ حَتَّى ذَهَبَ، ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِى: سَلْ حَاجَتَكَ فَاَبْلَغْتُهَا اِيَّاهُ

فرمایا: اسے دھوڈالو! تین مرتبہ فرمایا' میں چلا اس کو دھونے کے لیے تولیہ لے کر' میں اس کے نشانات ختم کرنے کے لیے کوشش کرنے لگا ناخنوں کے درمیان سے بھی میں لگا تار دھوتا رہا یہاں تک کہ اس کے نشان چلے گئے' پھر میں حضور ﷺ کے پاس آیا' مجھے آپ نے فرمایا: اپنی ضرورت کا سوال کرو' میں نے اپنی ضرورت بیان کی آپ سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا مُؤَمَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عمر اکیلے ہیں۔

2696 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِى قَالَ: نا مُؤَمَّلٌ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا اِذَا كُنَّا فَحَدَّثْتَنَا رَقَّتْ قُلُوبُنَا، وَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ فَعَايَنَّا النِّسَاءَ وَفَعَلْنَا وَفَعَلْنَا اَنْكَرْنَا قُلُوبَنَا فِى تِلْكَ السَّاعَةِ، فَقَالَ: لَوْ تَدُومُونَ عَلَى مَا تَكُونُونَ عَلَيْهِ عِنْدِى لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: یارسول اللہ! جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دل ڈر رہے ہوتے ہیں' جب ہم آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ہم عورتوں میں مشغول ہو جاتے ہیں' ہم ایسے ایسے کرتے ہیں' اس وقت جس کو ہمارے دل ناپسند کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: اگر ایسی ہی حالت پر رہو جس حالت میں میرے پاس ہوتے ہو تو تمہارے ساتھ ضرور فرشتے مصافحہ کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

2697 - وَبِهِ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ حَمَّادٌ: وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا قَدْ رَفَعَهُ قَالَ: قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

حضرت حماد مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت کہی جائے تو تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے تو سکون سے آئے' جو رکعت

2696- أخرجه البزار جلد4صفحه75' وابو يعلى جلد5صفحه378' والامام أحمد فى مسنده جلد3صفحه175 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه311 .

2697- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه34 .

فَلْيَمْشِ اَحَدُكُمْ عَلَى هِينَتِهِ، فَلْيُصَلِّ مَا اَدْرَكَ، وَلْيَقْضِ مَا سُبِقَ بِهِ

مل جائے وہ پڑھ لو جو رہ جائے وہ بعد میں ادا کرلو۔

2698 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سَاَلَ النَّاسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اَلْحَفُوهُ بِالْمَسْاَلَةِ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: لَا تَسْاَلُونِي عَنْ شَيْءٍ اِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ فَجَعَلْتُ اَلْتَفِتُ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَاَرَى كُلَّ رَجُلٍ لَافًّا رَاْسَهُ فِي ثَوْبِهِ يَبْكِي قَالَ: فَاَنْشَاَ رَجُلٌ، كَانَ اِذَا لَاحَى الرِّجَالَ دُعِيَ اِلَى غَيْرِ اَبِيهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَبِي؟ قَالَ: اَبُوكَ حُذَافَةُ فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ، وَغَضَبِ رَسُولِهِ، وَمِنْ شَرِّ الْفِتَنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَيْتُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ مِثْلَ الْيَوْمِ، اِنَّهُ صُوِّرَتْ لِيَ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ حَتَّى رَاَيْتُهُمَا دُونَ الْحَائِطِ وَكَانَ قَتَادَةُ، يَذْكُرُ عِنْدَ هَذَا الْحَدِيثِ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْاَلُوا عَنْ اَشْيَاءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة: 101)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا یہاں تک کہ آپ سے سوال کرنے کے لیے لپٹنے لگے' آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے فرمایا: مجھ سے کسی شی کے متعلق مت پوچھو' مگر از خود میں تمہارے لیے واضح کر دوں' میں نے دائیں بائیں جانب دیکھا' ہر آدمی اپنا سر ڈھانپ کر رو رہا تھا' ایک آدمی بولا: لوگ اس کے نسب پر شک کرتے تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا باپ حذیفہ ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' عرض کی: ہم اللہ کے رب اور اسلام کے دین اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہیں' ہم اللہ اور اس کے رسول کے غصہ سے پناہ مانگتے ہیں اور بڑے فتنوں کے شر سے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آج کے دن کی طرح میں نے اچھائی اور بُرائی میں کوئی دن نہیں دیکھا یہاں تک کہ میرے لیے جنت اور دوزخ اپنی اصلی شکل میں کر دی گئی یہاں تک کہ میں نے اُن دونوں کو دیوار کے پیچھے دیکھ لیا۔ حضرت قتادہ اس حدیث کو ذکر کرتے وقت یہ آیت پڑھتے تھے: اے ایمان والو! اشیاء کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے نہ پوچھو اگر تمہارے لیے ظاہر کی گئیں تو تم کو بُرا لگے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اَزْهَرُ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث ہشام سے صرف ازہر ہی روایت کرتے

2698- أخرجه البخاري: الفتن جلد13صفحه47 رقم الحديث: 7089' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1834' وأحمد: المسند جلد3صفحه310 رقم الحديث: 13673-13674.

بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عمر اکیلے ہیں۔

2699 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ قَالَ: نا هُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رُبَّمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَاةَ، وَالْحُمُرُ تَعْتَرِكُ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بسا اوقات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا نماز پڑھتے ہوئے' گدھے آپ کے آگے چر رہے ہوتے تھے۔

2700 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُسِفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَقَامَ مَلِيًّا ثُمَّ رَكَعَ مَلِيًّا، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ اَعَادَ مِثْلَهَا قَالَ عِكْرِمَةُ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَكُنْتُ اِلَى جَانِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ اَسْمَعِ الْقِرَائَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن لگا' آپ نماز کیلئے کھڑے ہوئے' آپ نے لمبا قیام کیا اور لمبا رکوع کیا' پھر سجدہ کیا' پھر دوسری رکعت میں ایسے ہی کیا۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس فرماتے تھے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک جانب تھا اور میں نے قرأت نہیں سنی۔

2701 - وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رُكِزَتِ الْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ يُصَلِّي، وَالْحُمُرُ تَمُرُّ مِنْ وَرَاءِ الْعَنَزَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے نیزہ گاڑ دیا گیا عرفات میں تاکہ آپ نماز ادا کریں' گدھے نیزہ کے آگے سے گزرتے تھے۔

2702 - وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا منبر پر اس گھڑی کا ذکر

2700- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد 1 صفحه 293' والبیهقی فی الکبرٰی جلد 3 صفحه 335 . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 210 .

2701- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 319 رقم الحدیث: 2179 .

2702- أخرجه البخاری: الجمعة جلد 2 صفحه 482 رقم الحدیث: 935' ومسلم: الجمعة جلد 2 صفحه 583 .

وَسَلَّمَ يَذْكُرُ السَّاعَةَ الَّتِي فِي الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنبَرِ، يُقَلِّلُهَا بِإِصْبَعِهِ

کرتے ہوئے جو جمعہ کے دن ہوتی ہے' اپنی انگلی کے اشارے سے فرمایا: وہ وقت بہت کم ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ إِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ

یہ تمام احادیث حکم بن ابان سے صرف حفص بن عمر العدنی ہی روایت کرتے ہیں۔

2755 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْمُثَنَّى الْعَطَّارُ الْاَصَمُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي: اَبَا سُكَيْنٍ قَالَ: اَتَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: اَخْبِرْنِي عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِنَا الظُّهْرَ، وَقَرَاَ قِرَائَةً هَمْسًا بِالْمُرْسَلَاتِ، وَالنَّازِعَاتِ، وعَمَّ يَتَسَائَلُونَ، وَنَحْوِهَا مِنَ السُّوَرِ

حضرت ابوسکین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کے متعلق بتائیں' آپ نے بتایا کہ ہم کو آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں سورۂ مرسلات' نازعات اور عم یتساءلون اور اس جیسی سورتیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي سُكَيْنٍ اِلَّا الْمُثَنَّى الْعَطَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ سُكَيْنٌ

یہ حضرت عبدالعزیز بن ابی سکین سے مثنیٰ العطار روایت کرتے ہیں اور مثنیٰ سے صرف سکین ہی روایت

2754- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 473 رقم الحديث: 1543-1544' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 931' والنسائي: المناسك جلد 5 صفحه 217' وابن ماجه: المناسك جلد 2 صفحه 1010 رقم الحديث: 3039 .

2755- انظر: المجمع جلد 2 صفحه 119 .

کرتے ہیں۔

2756 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی عُتْبَةَ، مَوْلَى اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَرِهَ شَيْئًا رُئِیَ ذَاكَ فِی وَجْهِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی شی کو ناپسند کرتے تھے تو اس کی ناپسندیدگی آپ کے چہرے سے معلوم کر لی جاتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے ہشام روایت کرتے ہیں اور ہشام سے صرف معاذ ہی روایت کرتے ہیں۔

2757 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ اَبِی سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَعَى فِی بَطْنِ الْمَسِيلِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ، وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسیل کی گھاٹی میں چل رہے تھے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! اس کو بخش اور رحم فرما اور تُو عزت دینے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' لیث سے روایت کرنے میں عبدالوارث اکیلے ہیں۔

2758 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حنین کا دن تھا' صحابہ کرام حضور ﷺ سے علیحدہ ہوئے' مگر حضرت عباس بن عبدالمطلب اور سفیان بن حارث رضی اللہ عنہم موجود تھے' حضور ﷺ نے حکم دیا اعلان کرنے کا' اے سورۂ بقرہ کے اصحاب! اے انصار

2756- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه20 .

2757- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه251 .

2758- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه183-184 .

الْمُطَّلِبِ وَاَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ، وَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُنَادِيَ: يَا اَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ، اسْتَحَرَّ النِّدَاءُ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، فَلَمَّا سَمِعُوا النِّدَاءَ اَقْبَلُوا، فَوَاللّٰهِ مَا شَبَّهْتُهُمْ اِلَّا بِالْاِبِلِ تَحِنُّ اِلَى اَوْلَادِهَا، فَلَمَّا الْتَقَوْا الْتَحَمَ الْقِتَالُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْآنَ حَمِيَ الْوَطِيسُ ، وَاَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًى، فَرَمَى بِهِ، وَقَالَ: هُزِمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ مِنْ اَشَدِّ النَّاسِ قِتَالًا يَوْمَئِذٍ

کے گروہ! یہ اعلان بنی حارث بن خزرج کی گئی جب انہوں نے اعلان سنا وہ پلٹے اللہ کی قسم! وہ اس طرح آئے جس طرح اونٹ اپنی اولاد کے پاس آتے ہیں جب وہ آئے لڑائی شروع ہوئی حضور ﷺ نے فرمایا: ابھی جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھے آپ نے اپنی مٹھی میں کنکریاں لیں ان کو پھینکا اور فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! بھاگ جاؤ! حضرت علی رضی اللہ عنہ اس دن تمام لوگوں سے زیادہ لڑے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

یہ حدیث معمر سے وہ زہری سے وہ انس سے معمر سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں اور عمران سے اکیلے عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

2759 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادِ بْنِ سَمْعَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَطَاُ بِنَعْلَيْهِ فِي الْاَذَى قَالَ: التُّرَابُ لَهُمَا طَهُورٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے جوتے کو نجاست لگ جاتی ہے چلتے ہوئے آپ نے فرمایا: مٹی ان دونوں کو پاک کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث روح سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

2760 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ،

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی میت کو غسل دے اس کو چاہیے کہ

2759- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه103 رقم الحديث: 387 . انظر: نصب الراية جلد1صفحه208-209 .

2760- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه26 .

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ

وہ غسل کرے۔(یہ حکم استحبابی ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف معمر اور معمر سے صرف یزید اور یزید سے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

2761 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ شُقْرَانَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ، مُتَوَجِّهًا اِلَى خَيْبَرَ

حضرت شقران فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اپنے دراز گوش پر نفل پڑھتے ہوئے' اس کا منہ خیبر کی طرف تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ شُقْرَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمٌ

یہ حدیث شقران سے اسی سند سے روایت ہے' شقران سے روایت کرنے میں مسلم اکیلے ہیں۔

2762 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ مَثَلَ الْفَاسِقِ فِي الْقَوْمِ كَمَثَلِ قَوْمٍ رَكِبُوا سَفِينَةً فِي الْبَحْرِ، فَاقْتَسَمُوهَا، فَصَارَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ مَكَانٌ فَعَمَدَ اَحَدُهُمْ اِلَى مَكَانِهِ لِيَخْرِقَهُ، فَقَالُوا: اَتُرِيدُ اَنْ تُهْلِكَنَا؟ فَقَالَ: وَمَا اَنْتُمْ مِنْ مَكَانِي؟ فَاِنْ تَرَكُوهُ غَرِقُوا وَغَرِقَ مَعَهُمْ، وَاِنْ اَخَذُوا عَلَى يَدَيْهِ نَجَوْا وَنَجَا، فَذٰلِكَ مَثَلُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ فاسق کی مثال قوم میں اس گروہ کی طرح ہے جو کشتی پر سمندر میں سوار ہوں' پس وہ اس کشتی کو تقسیم کر لیں اور اُن میں سے ہر ایک کے لیے اپنی جگہ ہو' پس اُن میں سے ایک ارادہ کرے کہ اپنی جگہ سے سوراخ کر ڈالے تو دوسرے کہیں: کیا تم ہم کو ہلاک کرنا چاہتے ہو؟ تو وہ کہے: تم میری جگہ تو نہیں ہو (میں تو اپنی جگہ کو سوراخ کر رہا ہوں) اگر وہ اس کو چھوڑ دیں' وہ خود بھی اور اُن کے ساتھ والے غرق ہو جائیں گے' اگر اس کے ہاتھوں کو پکڑ لیں خود بھی نجات اور

2761- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه165 .

2762- أخرجه البخاري: الشركة جلد 5صفحه157 رقم الحديث: 2493' والترمذي: الفتن جلد4صفحه470 رقم الحديث: 2173' وأحمد: المسند جلد4صفحه329 رقم الحديث: 18391 .

الْفَاسِقِ

وہ بھی نجات پا جائیں گے' فرمایا: اسی طرح فاسق کی مثال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا حَسَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْأَزْرَقُ

یہ حدیث سلمہ سے ان کے بیٹے محمد اور محمد سے حسان روایت کرتے ہیں' حسان سے روایت کرنے میں ازرق اکیلے ہیں۔

2763 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا دَعَا النَّاسَ إِلَى عِرْقٍ أَوْ مِرْمَاتَيْنِ لَأَجَابُوهُ، وَهُمْ يُدْعَوْنَ إِلَى هَذِهِ الصَّلَاةِ فِي جَمَاعَةٍ فَلَا يَأْتُونَهَا، لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي جَمَاعَةٍ، ثُمَّ أَنْصَرِفَ إِلَى قَوْمٍ سَمِعُوا النِّدَاءَ، فَلَمْ يُجِيبُوا فَأُضْرِمَهَا عَلَيْهِمْ نَارًا، وَإِنَّهُ لَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی لوگوں کو دعوت دے عرق یا مرمات کی طرف تو اس کو قبول کریں' حالانکہ نماز باجماعت کی طرف بلائے جاتے ہیں اور وہ نہیں آتے۔ میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی آدمی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے باجماعت' پھر چلا جاؤں ان لوگوں کی طرف جنہوں نے اذان سنی تھی وہ نہیں آئے تھے' ان کو آگ میں جلا دوں' باجماعت نماز سے پیچھے صرف منافق ہی رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ثابت سے صرف حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2764 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ قَالَ: نا أَبُو طَاهِرٍ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: كَانَ لِي أَخٌ يُقَالُ لَهُ أُنَيْسٌ وَكَانَ شَاعِرًا فَتَنَافَرَ هُوَ وَشَاعِرٌ آخَرُ، فَقَالَ أُنَيْسٌ: أَنَا أَشْعَرُ مِنْكَ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَنَا أَشْعَرُ، قَالَ أُنَيْسٌ: فَمَنْ تَرْضَى أَنْ يَكُونَ بَيْنَنَا؟ قَالَ: أَرْضَى أَنْ يَكُونَ بَيْنَنَا كَاهِنُ مَكَّةَ قَالَ: نَعَمْ، فَخَرَجَا إِلَى مَكَّةَ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا ایک بھائی تھا جسے اُنیس کہا جاتا تھا وہ شاعر تھا' پس اس کی دوسرے شاعر سے ٹھن گئی۔ اُنیس نے کہا: میں تجھ سے بڑا شاعر ہوں۔ دوسرے نے کہا: میں تجھ سے اچھا شاعر ہوں۔ اُنیس نے کہا: تم اپنے درمیان کس کے ثالث ہونے پر راضی ہوتے ہو؟ اس نے کہا: مکہ کا فلاں کاہن ہمارے درمیان فیصلہ کرے گا۔ اُنیس نے کہا: ٹھیک ہے! پس دونوں مکہ کی طرف چل پڑے یہاں تک کہ اس کاہن

2763- انظر: مجمع البحرين (663) .

فَاجْتَمَعَا عِنْدَ الْكَاهِنِ، فَأَنْشَدَهُ هَذَا كَلَامَهُ، وَهَذَا كَلَامَهُ فَقَالَ لِأُنَيْسٍ: قَضَيْتَ لِنَفْسِكَ، فَكَأَنَّهُ فَضَّلَ شِعْرَ أُنَيْسٍ، فَقَالَ: يَا أَخِي، بِمَكَّةَ رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَهُوَ عَلَى دِينِكَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قُلْتُ لِأَبِي ذَرٍّ: وَمَا كَانَ دِينُكَ؟ قَالَ: رَغِبْتُ عَنْ آلِهَةِ قَوْمِي الَّتِي كَانُوا يَعْبُدُونَ، فَقُلْتُ: أَيَّ شَيْءٍ كُنْتَ تَعْبُدُ؟ قَالَ: لَا شَيْءَ، كُنْتُ أُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ حَتَّى أَسْقُطَ كَأَنِّي خِفَاءٌ، حَتَّى يُوقِظَنِي حَرُّ الشَّمْسِ، فَقُلْتُ: أَيْنَ كُنْتَ تُوَجِّهُ وَجْهَكَ؟ قَالَ: حَيْثُ وَجَّهَنِي رَبِّي، فَقَالَ لِي أُنَيْسٌ: وَقَدْ سَئِمُوهُ، يَعْنِي: كَرِهُوهُ، قَالَ أَبُو ذَرٍّ: فَجِئْتُ حَتَّى دَخَلْتُ مَكَّةَ، فَكُنْتُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا خَمْسَ عَشْرَةَ لَيْلَةً وَيَوْمًا أَخْرُجُ كُلَّ لَيْلَةٍ فَأَشْرَبُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ شَرْبَةً، فَمَا وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سَخْفَةَ جُوعٍ، وَلَقَدْ تَعَكَّنَ بَطْنِي، فَجَعَلَتِ امْرَأَتَانِ تَدْعُوَانِ لَيْلَةً آلِهَتَهُمَا، وَتَقُولُ إِحْدَاهُمَا: يَا إِسَافُ، هَبْ لِي غُلَامًا، وَتَقُولُ الْأُخْرَى: يَا نَائِلُ، هَبْ لِي كَذَا وَكَذَا ـ فَقُلْتُ: هُنَّ بِهِنَّ، فَوَلَّتَا وَجَعَلَتَا تَقُولَانِ: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا، إِذْ مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ يَمْشِي وَرَاءَهُ، فَقَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا، فَتَكَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلَامٍ قَبَّحَ مَا قَالَتَا، قَالَ أَبُو ذَرٍّ: فَظَنَنْتُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ، فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثَلَاثًا، ثُمَّ

کے پاس جا اکٹھے ہوئے۔ پس دونوں نے اپنا اپنا کلام پڑھا تو اس نے اُنیس سے کہا: تُو نے اپنے حق میں فیصلہ کروا لیا۔ گویا کہ اس نے جناب اُنیس کے شعروں کو فضیلت دی۔ پس اس نے کہا: اے میرے بھائی! مکہ میں ایک آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے' وہ تیرے دین پر ہے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوذر سے کہا: اس وقت تیرا دین کیا تھا؟ آپ نے فرمایا: بس میں اپنی قوم کے خداؤں سے متنفر ہو گیا تھا جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔ تو میں نے کہا: تُو کس چیز کی عبادت کیا کرتا تھا؟ کہا: کسی چیز کی نہیں' میں رات کی نماز پڑھا کرتا تھا یہاں تک کہ تھک کر بستر پر آ گرتا' گویا میں پوشیدہ تھا یہاں تک کہ سورج کی دھوپ آ کر مجھے جگا دیتی۔ میں نے کہا: تُو منہ کس طرف کرتا تھا؟ آپ نے بتایا: بس جس طرف میرا ربّ میرا منہ کر دیتا تھا۔ اُنیس نے مجھ سے کہا: آپ کی قوم والے آپ سے بیزار ہو چکے ہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں آیا یہاں تک کہ مکہ شہر میں داخل ہو گیا۔ میں نے کعبہ اور اس کے پردوں میں چھپ چھپ کر پندرہ راتیں اور پندرہ دن گزار دیئے' رات کے وقت نکلتا آبِ زمزم پیتا' میں اپنے جگر پر بھوک کی سختی محسوس نہیں کرتا تھا۔ میرا پیٹ موٹا ہو گیا' ایک رات دو عورتیں اپنے معبودوں کو پکار رہی تھیں' ان میں سے ایک کہہ رہی تھی: اے اساف بت! مجھے بچہ دے! اور دوسری کا کلام یہ تھا: اے نائل بت! مجھے فلاں فلاں چیز دے دے۔ میں نے

فَقَالَ لِی: مُنْذُ كَمْ اَنْتَ هَاهُنَا؟ قُلْتُ: مُنْذُ خَمْسَ عَشْرَةَ يَوْمًا وَلَيْلَةً قَالَ: فَمِنْ اَيْنَ كُنْتَ تَاْكُلُ؟ قَالَ: كُنْتُ آتِي زَمْزَمَ كُلَّ لَيْلَةٍ نِصْفَ اللَّيْلِ، فَاَشْرَبُ مِنْهَا شَرْبَةً، فَمَا وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سَخْفَةَ جُوعٍ، وَلَقَدْ تَعَكَّنَ بَطْنِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا طُعْمٌ وَشِرْبٌ، وَهِيَ مُبَارَكَةٌ، قَالَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ سَاَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ فَقُلْتُ: مِنْ غِفَارٍ قَالَ: وَكَانَتْ غِفَارٌ يَقْطَعُونَ عَلَى الْحَاجِّ، وَكَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْقَبَضَ عَنِّي، فَقَالَ لِاَبِي بَكْرٍ: انْطَلِقْ بِنَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَانْطَلَقَ بِنَا اِلَى مَنْزِلِ اَبِي بَكْرٍ، فَقَرَّبَ لَنَا زَبِيبًا، فَاَكَلْنَا مِنْهُ، وَاَقَمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَّمَنِي الْإِسْلَامَ، وَقَرَاْتُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اُظْهِرَ دِينِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ اَنْ تُقْتَلَ، قُلْتُ: لَا بُدَّ مِنْهُ ۔ قَالَ: اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ اَنْ تُقْتَلَ، قُلْتُ: لَا بُدَّ مِنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاِنْ قُتِلْتُ، فَسَكَتَ عَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ وَقُرَيْشٌ حِلَقٌ يَتَحَدَّثُونَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُلْتُ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَتَنَفَّضَتِ الْحِلَقُ، فَقَامُوا اِلَيَّ، فَضَرَبُونِي حَتَّى تَرَكُونِي كَاَنِّي نُصُبٌ اَحْمَرُ، وَكَانُوا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ قَدْ قَتَلُونِي، فَقُمْتُ، فَجِئْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَاَى مَا بِي مِنَ الْحَالِ، فَقَالَ

کہا: ''هُنَّ بِهِنَّ'' (وہ ان کے بدلے ہیں) پس وہ پیچھے پلٹیں اور دونوں نے کہنا شروع کر دیا کہ کعبہ کے پردوں میں کوئی بے دین موجود ہے۔ اسی دوران رسول کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی الہ عنہ کعبہ کے پیچھے چل رہے تھے۔ ان دونوں نے کہا: کعبہ کے پردوں میں کوئی صابی موجود ہے۔ رسول کریم ﷺ نے ان کی بات سن کر ایک کلام فرمایا جس میں ان کی بات کی بُرائی تھی (وہ الفاظ اب مجھے یادنہیں)۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: میں سمجھ گیا کہ رسولِ زمن یہی ہیں' میں پردوں سے نکل کر ان کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ میں نے عرض کی: السلام علیک یا رسول اللہ! تو آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ! اور یہ تین بار فرمایا' پھر مجھ سے یوں خطاب فرمایا: تُو کتنے دن سے اس مقام پر ہے؟ میں نے عرض کی: پندرہ رات اور پندرہ دن۔ آپ نے فرمایا: تُو کہاں سے کھاتا تھا؟ کہا: زمزم پر آتا آدھی رات کے وقت' اس میں سے پیتا' بس بھوک پیاس ختم ہو جاتی۔ میں کسی قسم کی بھوک محسوس نہ کرتا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک زمزم کھانے کی جگہ بھی ہے اور پینے کے قائم مقام بھی ہے۔ یہ بڑا برکتوں والا ہے۔ یہ بات آپ نے تین بار کہی۔ پھر رسول کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: تُو کس قبیلہ سے ہے؟ میں نے عرض کی: بنوغفار قبیلہ سے تعلق ہے۔ آپ نے فرمایا: بنوغفار کا پیشہ حاجیوں پر ڈاکے ڈالنا تھا' گویا رسول کریم ﷺ مجھ سے تنگ دل ہوئے۔ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

لِی: اَلَمْ اَنْهَكَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَانَتْ حَاجَةٌ فِي نَفْسِي فَقَضَيْتُهَا. فَاَقَمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: الْحَقْ بِقَوْمِكَ، فَاِذَا بَلَغَكَ ظُهُورِي فَاْتِنِي، فَجِئْتُ وَقَدْ اَبْطَاْتُ عَلَيْهِمْ، فَلَقِيتُ اُنَيْسًا، فَبَكَى، وَقَالَ: يَا اَخِي، مَا كُنْتُ اَرَاكَ اِلَّا قَدْ قُتِلْتَ لَمَّا اَبْطَاْتَ عَلَيْنَا، مَا صَنَعْتَ؟ اَلَقِيتَ صَاحِبَكَ الَّذِي طَلَبْتَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ اُنَيْسٌ: يَا اَخِي، مَا بِي رَغْبَةٌ عَنْكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ وَاَسْلَمَ مَكَانَهُ، ثُمَّ اَتَيْتُ اُمِّي، فَلَمَّا رَاَتْنِي بَكَتْ، وَقَالَتْ: يَا بُنَيَّ، اَبْطَاْتَ عَلَيْنَا، حَتَّى تَخَوَّفْتُ اَنْ قَدْ قُتِلْتَ، مَا صَنَعْتَ؟، اَلَقِيتَ صَاحِبَكَ الَّذِي طَلَبْتَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَتْ: فَمَا صَنَعَ اُنَيْسٌ؟ قُلْتُ: اَسْلَمَ، فَقَالَتْ: وَمَا بِي عَنْكُمَا رَغْبَةٌ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَاَقَمْتُ فِي قَوْمِي، فَاَسْلَمَ مِنْهُمْ نَاسٌ كَثِيرٌ، حَتَّى بَلَغَنَا ظُهُورُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ

اے ابوبکر! ہمیں لے چلو! پس آپ ہمیں لے کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر آ گئے‘ انہوں نے کشمش ہمارے سامنے رکھ دی۔ ہم نے اس میں سے کچھ کھایا‘ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ رہنے لگا‘ آپ نے مجھے اسلام کی تعلیم دی اور میں نے کچھ حصہ قرآن پڑھا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اپنے دین کو سب پر ظاہر کر دینا چاہتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے خوف ہے کہ تجھے قتل کر دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: حضور! یہ کام ضروری ہے۔ آپ نے فرمایا: مجھے آپ پر قتل ہو جانے کا خوف ہے۔ میں نے عرض کی: حضور! اس کے بغیر چارۂ کار نہیں‘ خواہ میں قتل کر دیا جاؤں۔ رسول کریم ﷺ نے خاموشی اختیار کی۔ قریشی حلقوں کی صورت میں مسجد حرام کے اندر بیٹھے ہوئے تھے۔ تو میں نے علی الاعلان کہا: اشهد ان لا الٰه الا الله واشهد ان محمدًا عبدهٗ ورسولهٗ۔ حلقے ختم ہو گئے‘ وہ اُٹھ کر سیدھے میری طرف آئے اور مارنا شروع کر دیا یہاں تک کہ مجھے یوں کر چھوڑا گویا کہ مجھے سخت پہنچائی۔ وہ خیال کر رہے تھے کہ انہوں نے مجھے قتل کر دیا ہے۔ میں کھڑا ہوا اور سیدھا رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا‘ آپ نے میرا حال دیکھ کر فرمایا: کیا میں نے تجھے منع نہیں کیا تھا! میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے دل میں ایک کھٹکا تھا‘ سو وہ دور ہو گیا۔ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ مقیم ہو گیا‘ آپ نے مجھ سے فرمایا: اب اپنی قوم میں چلے جاؤ! پس جب تمہیں خبر پہنچے کہ میں اسلام کی علانیہ

تبلیغ کر رہا ہوں تو میرے پاس آ جانا۔ میں آیا اس حال میں کہ ان پر (میرے گھر والوں پر) بڑی دیر گزر گئی تھی۔ میں اُنیس سے ملا تو وہ رونے لگا اور کہا: اے میرے بھائی! جب تُو نے ہمارے پاس آنے میں دیر کر دی تو میں نے تو تیرے بارے یہی خیال کیا کہ تجھے قتل کر دیا گیا ہے۔ تُو نے کیا کیا؟ کیا تُو اپنے مطلوب دوست سے ملا؟ میں نے کہا: ہاں! اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه و اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه ۔ اُنیس نے کہا: میں کوئی آپ سے متنفر تو نہیں ہوں اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه و اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه ۔ اسی جگہ کھڑے ہوئے مسلمان ہو گیا۔ پھر میں اپنی ماں کے پاس آیا' وہ بھی مجھے دیکھ کر رونے لگیں۔ کہا: اے میرے بیٹے! آپ نے ہمارے پاس آنے میں بہت دیر کر دی۔ مجھے تو خوف لاحق ہو گیا کہ آپ کو شہید کر دیا گیا ہے۔ تُو نے یہ کیا کیا؟ کیا تُو اپنے اس دوست سے ملا جس کو تُو تلاش کر رہا تھا؟ میں نے کہا: ہاں! اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه و اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه ۔ میری ماں نے فرمایا: پھر اُنیس نے کیا کیا؟ میں نے عرض کیا: اس نے کلمہ پڑھ لیا ہے۔ میری ماں بولیں: میں تم دونوں سے الگ نظریہ تو نہیں رکھتی (پڑھا:) اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه...... میں اپنی قوم میں رہنے لگا۔ بہت سارے لوگ مسلمان ہوئے یہاں تک کہ ہمیں معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام نے اعلانیہ تبلیغ کا آغاز کر دیا ہے۔ سو میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ اِلَّا اَبُـو طَاهِرٍ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس حدیث کوابو یزید مدینی سے صرف ابوطاہر غلام حسین ابن علی ہی روایت کرتے ہیں' اس حدیث کے ساتھ جعفر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

2765 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ، فَسَاَلْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ: هَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ فَاَشَارَتْ بِكَفَّيْهَا، فَقَالَتْ: عِنْدِي شَيْءٌ، فَقُلْتُ: اصْنَعِي، اعْجِنِي، وَاَرْسَلْتُ اَنَسًا فَقُلْتُ: ائْتِ فَسَارِّهِ فِي اُذُنِهِ، وَادْعُهُ، فَلَمَّا اَقْبَلَ اَنَسٌ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا رَجُلٌ قَدْ اَتَاكُمْ يَحْبُونَا بِشَيْءٍ، اَرْسَلَكَ اَبُو طَلْحَةَ تَدْعُونَا؟ فَقَالَ اَنَسٌ: نَعَمْ، فَقَالَ: قُومُوا، بِسْمِ اللّٰهِ، فَاَدْبَرَ اَنَسٌ يَشْتَدُّ حَتّٰى اَتَى اَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ: هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَتَاكَ فِي النَّاسِ، قَالَ اَبُو طَلْحَةَ: فَاسْتَقْبَلْتُهُ عِنْدَ الْبَابِ عَلَى مُسْتَرَاحِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: مَاذَا صَنَعْتَ بِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ اِنَّمَا عَرَفْتُ فِي وَجْهِكَ الْجُوعَ، فَصَنَعْتُ لَكَ شَيْئًا تَاْكُلُهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ وَاَبْشِرْ، فَدَخَلَ، فَاُتِيَ بِصَحْفَتِهَا، فَجَعَلَ يُسَوِّيهَا بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ مِنْ؟، كَاَنَّهُ يَعْنِي: الْاُدْمَ، فَاَتَيَاهُ بِعُكَّتِنَا فِيهَا شَيْءٌ اَوْ لَيْسَ

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن ابی طلحہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا' میں نے بھوک رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے پہچان لی' میں نے اُم سلیم سے پوچھا: کیا تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اُم سلیم نے اپنی ہتھیلی کے ساتھ اشارہ کیا' کہا: میرے پاس کوئی شی ہے' میں نے کہا: آٹا گوندھ اور پکا اور انس کو بھیجا بلوانے کے لیے۔ میں نے انس سے کہا: آپ کے کان میں آہستہ سے عرض کریں اور آپ کو دعوت دیں۔ جب انس آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی آیا ہم کو کسی شی کی دعوت دینے کے لیے۔ آپ کو ابوطلحہ نے بھیجا ہے ہم کو دعوت دینے کے لیے؟ حضرت انس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے اپنے غلاموں سے فرمایا: اُٹھو! اللہ کا نام لو! حضرت انس تیزی سے پلٹے یہاں تک کہ حضرت ابوطلحہ کے پاس آئے' عرض کی: رسول اللہ ﷺ اور آپ کے غلام صحابہ بھی آ رہے ہیں۔ ابوطلحہ نے فرمایا: میں دروازے کے پاس کھڑا ہو گیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ہمارے ساتھ کیا کیا؟ میں نے بھوک آپ کے چہرے سے پہچان لی' میں نے آپ کے کھانے کے لیے کوئی شی تیار کی تھی' حضور ﷺ نے فرمایا: داخل ہو اور

2765- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 5 صفحه 103-104 رقم الحديث: 4729 . انظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 309 .

فِيهَا، فَأَخَذَهَا بِيَدِهِ، فَانْسَكَبَ مِنْهَا السَّمْنُ، فَقَالَ: اَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً عَشَرَةً قَالَ: وَهُمْ زُهَاءُ مِائَةٍ، فَدَخَلُوا، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفَضْلِ الَّذِي فَضَلَ: كُلُوا اَنْتُمْ وعِيَالُكُمْ. فَأَكَلُوا وَشَبِعُوا

خوشخبری دو! حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' آپ کے پاس پیالہ لایا گیا' آپ نے اس میں اپنا ہاتھ رکھا' پھر فرمایا: کیا آپ کے پاس کوئی شی ہے؟ یعنی سالن ہے؟ ہم آپ کے پاس ایک کپی لائے' آپ نے اپنے ہاتھ سے پکڑی اس سے گھی ڈالا' فرمایا: دس دس افراد داخل ہوں' ان کی تعداد سو تھی' وہ داخل ہوئے اور انہوں نے کھایا جب وہ سیر ہو گئے جو بچ گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خود بھی کھاؤ اور اپنے بچوں کو بھی کھلاؤ' انہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ حَاتِمٌ

یہ حدیث عبداللہ بن عبداللہ بن ابی طلحہ سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حاتم اکیلے ہیں۔

2766 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ اسْمًا قَبِيحًا غَيَّرَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بُرا نام سنتے تو اس کو بدل دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمُزَنِيِّ الْوَاسِطِيِّ اِلَّا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث محمد بن حسن المزنی الواسطی سے صرف صلت بن مسعود ہی روایت کرتے ہیں۔

2767 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذُكِرْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے ہاں میرا ذکر کیا جائے' وہ مجھ پر درود پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔

2766- أخرجه الترمذي: الأدب جلد 5 صفحه 135 رقم الحديث: 2839' انظر: الترغيب والترهيب للمنذرى جلد 3 صفحه 71 رقم الحديث: 6 .

عِنْدَهُ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ مَرَّةً صُلِّي عَلَيْهِ عَشْرًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2768 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نا هِشَامٌ أَبُو الْمِقْدَامِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، أَنَّهَا سَمِعَتْ أَبَاهَا الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ وَلَا مُسْلِمَةٍ يُصَابُ بِمُصِيبَةٍ، فَيَذْكُرُهَا وَإِنْ قَدُمَ عَلَى عَهْدِهَا، فَيُحْدِثُ لَهَا اسْتِرْجَاعًا إِلَّا أَحْدَثَ اللَّهُ لَهُ عِنْدَ ذَلِكَ وَأَعْطَاهُ اللَّهُ ثَوَابَهُ يَوْمَ أُصِيبَ بِهَا

حضرت فاطمہ بنت حسین اپنے والد حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتی ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب مسلمان مرد اور عورت کو کوئی تکلیف پہنچے تو اس کا ذکر کرے تو اس کو ثواب نہیں ملے گا' اگر وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ثواب دے گا' جس دن اس کو مصیبت پہنچی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامٌ أَبُو الْمِقْدَامِ

یہ حدیث حسین بن علی سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ہشام ابوالمقدام اکیلے ہیں۔

2769 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ، نا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابَ لَهُ، هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطَى، هَلْ مِنْ مَكْرُوبٍ فَيُفَرَّجَ عَنْهُ، فَلَا يَبْقَى مُسْلِمٌ يَدْعُو بِدَعْوَةٍ إِلَّا اسْتَجَابَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ، إِلَّا زَانِيَةً تَسْعَى بِفَرْجِهَا، أَوْ عَشَّارًا

حضرت عثمان ابن ابوالعاص الثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدھی رات کے وقت آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے: کیا ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے' کیا ہے کوئی مانگنے والا کہ اس کو عطا کیا جائے' ہے کوئی پریشان کہ اس کی پریشانی دور کی جائے' جو مسلمان دعا کرتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے مگر زانیہ جو شرمگاہ کو فروخت کرتی ہے یا کرایہ لیتی ہے۔

2769- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه 91 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا دَاوُدُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ہشام سے صرف داؤد روایت کرتے ہیں اور داؤد سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

2770 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا فُرَاتُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُولُوا لِمَوْتَاكُمْ إِلَّا خَيْرًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ تم مُردوں کے متعلق صرف بھلائی ہی بیان کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا الْفُرَاتُ

یہ حدیث معاویہ سے صرف فرات ہی روایت کرتے ہیں۔

2771 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ امْرَأَتَيْنِ أَتَتَا دَاوُدَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ أَكَلَ أَحَدَ ابْنَيْهِمَا الذِّئْبُ، تَخْتَصِمَانِ فِي الْبَاقِي، فَقَضَى بِهِ دَاوُدُ لِلْكُبْرَى، فَلَمَّا خَرَجَتَا عَلَى سُلَيْمَانَ قَالَ: كَيْفَ قَضَى بَيْنَكُمَا؟ فَأَخْبَرَتَاهُ، فَقَالَ: ائْتُونِي بِالسِّكِّينِ، قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوَّلُ مَنْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ السِّكِّينَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا، كُنَّا نُسَمِّيهَا الْمُدْيَةَ، فَقَالَتِ الصُّغْرَى: لِمَ؟ قَالَ: لِأَشُقَّهُ بَيْنَكُمَا، فَقَالَتِ: ادْفَعْهُ إِلَيْهَا، فَقَضَى بِهِ سُلَيْمَانُ لِلصُّغْرَى، وَقَالَ: لَوْ كَانَ ابْنَكِ لَمْ تَرْضَى أَنْ تَشُقِّيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس دو عورتیں آئیں' ان میں سے ایک کے بچے کو بھیڑیا کھا گیا تھا' دونوں دوسرے بچے کے متعلق جھگڑ رہی ہیں' حضرت داؤد نے بڑی کے لیے فیصلہ کیا جب دونوں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس گئیں' فرمایا: تمہارے درمیان کیا فیصلہ کیا ہے؟ دونوں نے بتایا' آپ نے فرمایا: میرے پاس چھری لاؤ! حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سب سے پہلے میں نے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: چھری کو سکین' ہم اسکو مدیہ کہتے تھے' چھوٹی نے کہا: کس لیے؟ فرمایا: اس لیے کہ آدھا آدھا کر کے آپ کو دے دوں' اس نے کہا: بڑی کو دے دو! حضرت سلیمان علیہ السلام نے چھوٹی کے لیے فیصلہ کیا' فرمایا: اگر بیٹا تیرا ہوتا تو تُو اس کو آدھا کرنے کو پسند نہ کرتی۔

2771- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 528 رقم الحديث: 3427' ومسلم: الأقضية جلد 3 صفحه 1344.

2772 - وَعَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ وَلَا كَلْبٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

هٰكَذَا رَوَى رَوْحٌ هَذَا الْحَدِيثَ قَالَ: عَنْ أَبِي أَيُّوبَ وَرَوَاهُ النَّاسُ كُلُّهُمْ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ

اسی طرح سے یہ حدیث روح بھی روایت کرتے ہیں' وہ ابوایوب سے روایت کرتے ہیں اور تمام لوگ اس کو سہیل سے' وہ سعید بن یسار سے' وہ یزید بن خالد سے' وہ ابوطلحہ سے روایت کرتے ہیں۔

2773 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ، فَمَرَّ عَلَى جَبَلٍ يُقَالُ لَهُ جُمْدَانُ، فَقَالَ: هَذَا جُمْدَانُ، سِيرُوا، سَبَقَ الْمُفَرِّدُونَ، مَرَّتَيْنِ، قَالُوا: وَمَا الْمُفَرِّدُونَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الذَّاكِرُونَ اللّٰهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتُ، رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: وَالْمُقَصِّرِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مکہ کے راستہ میں ایک پہاڑ کے پاس سے گزرے اس کو جمران کہا جاتا تھا' آپ نے فرمایا: یہ جمران ہے' چلو! مفردون سبقت لے گئے' دو مرتبہ فرمایا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! مفردون کیا ہیں؟ فرمایا: کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں' اللہ رحم کرے حلق کروانے والوں پر! صحابہ کرام نے عرض کی: بال کٹوانے والوں کے لیے؟ یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: اللہ رحم کرے حلق کروانے والوں کے لیے! صحابہ کرام نے عرض کی: بال کٹوانے والوں کے لیے دعا کریں! آپ نے فرمایا: اللہ حلق کروانے والوں پر رحم کرے! صحابہ کرام نے عرض کی: بال کٹوانے والوں کے لیے! آپ نے فرمایا: اللہ رحم کرے بال کٹوانے والوں پر بھی۔

2773- أخرجه أحمد: المسند جلد2 صفحه543 رقم الحديث: 9352' ومسلم: الذكر والدعاء جلد4 صفحه2062 .

2774 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَادِرُوا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اعمال کرنے میں جلدی کرو، فتنے آنے سے پہلے جو رات کے اندھیرے کی طرح ہوں گے' آدمی رات کو مؤمن' شام کو کافر' شام کو مؤمن اور رات کو کافر' وہ اپنے دین کو فروخت کریں گے دنیا کے عوض۔

2775 - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: كُلُّ حَسَنَةٍ يَعْمَلُهَا ابْنُ آدَمَ اَجْزِيهِ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ اِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، اِلَّا الصِّيَامَ هُوَ لِي وَاَنَا اَجْزِي بِهِ، يَذَرُ الطَّعَامَ مِنْ اَجْلِي، وَيَذَرُ الشَّهْوَةَ مِنْ اَجْلِي، فَهُوَ لِي وَاَنَا اَجْزِي بِهِ، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، فَمَنْ كَانَ صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ، فَاِنِ امْرُؤٌ شَتَمَهُ اَوْ آذَاهُ فَلْيَقُلْ: اِنِّي صَائِمٌ، اِنِّي صَائِمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ انسان کی ہر نیکی کا بدلہ دس نیکیوں سے لے کر سات سو نیکیوں تک ہے' مگر روزہ کہ وہ میرے لیے ہے میں خود اس کی جزاء دوں گا' کیونکہ وہ روزہ میرے لیے رکھتا ہے اور شہوات میرے لیے چھوڑتا ہے' روزہ میرے لیے ہے میں خود اسکی جزاء دوں گا' روزہ ڈھال ہے' جو روزہ رکھے وہ بے حیائی اور جہالت نہ کرے' اگر کوئی اس کو گالی دے یا تکلیف دے تو وہ کہہ دے: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔

2776 - وبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اِذَا كُنْتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ؟ قَالَ: وَذَاكَ مَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ذٰلِكَ اِذَا مَرِجَتْ اَمَانَاتُهُمْ وعُهُودُهُمْ فَصَارُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ قَالَ: فَكَيْفَ اَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَعْمَلُ بِمَا تَعْرِفُ وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَتَدَعُ عَوَامَّ النَّاسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! جب تُو کمینے ذلیل لوگوں میں ہوگا تو تیری حالت کیا ہوگی؟ عرض کی: یارسول اللہ! کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: جب امانت کو ضائع کیا جائے گا اور وعدہ خلافی کی جائے گی اور معاملہ اس طرح ہو جائے گی' آپ نے انگلیاں دوسری انگلیوں میں داخل کیں۔ عرض کی: یارسول اللہ! میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: تُو جانتا ہے جو ناپسند سمجھے وہ چھوڑ دے' خاص اپنی

2774- أخرجه مسلم: الايمان جلد 1صفحه110' والترمذي: الفتن جلد 4صفحه487 رقم الحديث: 2195' وأحمد: المسند جلد2صفحه406 رقم الحديث: 7050 .

2775- أخرجه مسلم: الصيام جلد2صفحه807' والبخاري: الصوم جلد2صفحه125 رقم الحديث: 1894 .

ذات کے لیے عمل کر' عوام الناس کو چھوڑ دے۔

2777 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الدِّينَ بَدَاَ غَرِيبًا، وَاِنَّ الدِّينَ سَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین غریبوں سے شروع ہوا اور غریبوں میں واپس آئے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہے۔

2778 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَدْرُونَ مَا الْمُفْلِسُ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعٌ قَالَ: اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِي مَنْ يَاْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصِيَامٍ وَصَلَاةٍ وَصَدَقَةٍ، وَيَاْتِي قَدْ ظَلَمَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا، وَضَرَبَ هٰذَا، وَشَتَمَ هٰذَا، فَيَقْعُدُ، فَيَقْتَصُّ لِهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَلِهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ اَنْ يَقْضِيَ الَّذِي عَلَيْهِ مِنَ الْخَطَايَا اَخَذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُرِحَ بِهِ فِي النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم جانتے ہو مفلس کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: مفلس ہم میں سے وہ ہے جس کے پاس درہم اور سامان نہ ہو' آپ نے فرمایا: مفلس وہ میری اُمت سے ہے جو قیامت کے دن نماز اور روزہ لے کر آئے گا' اس نے کسی پر ظلم اور کسی کا مال کھایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا' کسی کو گالی دی ہوگی' اس کی نیکیوں سے بدلہ لیا جائے گا' اس کی نیکیاں لی جائیں گے' اگر نیکیاں بدلہ لینے سے پہلے ختم ہو جائیں گی تو جس پر ظلم کیا یا کسی کو گالی دی ہوگی اس کے گناہ لے کر اس کے نامۂ اعمال میں ڈالے جائیں گے' پھر اس کو جہنم میں ڈالا جائے گا۔

2779 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوبَةِ مَا طَمِعَ اَحَدٌ بِجَنَّتِهِ، وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ عَبْدٌ مِنْ جَنَّتِهِ، خَلَقَ اللّٰهُ الرَّحْمَةَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، وَاَهْبَطَ مِنْهَا رَحْمَةً بَيْنَ

اور یہی راوی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر مؤمن کو معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سزا کتنی ہے تو کبھی وہ اللہ کی جنت کا لالچ نہ کرے (صرف یہ کہے کہ بس اپنی سزا سے بچالے) اور اگر کافر کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کے پاس رحمت کتنی ہے تو کوئی بندہ' اللہ کی جنت سے

2777- أخرجه مسلم: الايمان جلد **1** صفحه **130**' وابن ماجه: الفتن جلد **2** صفحه **1319** رقم الحديث: **3986**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **514** رقم الحديث: **9077**.

2778- أخرجه مسلم: البر جلد **4** صفحه **1997**' والترمذي: صفة القيامة جلد **4** صفحه **613** رقم الحديث: **2418**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **406** رقم الحديث: **8049**.

2779- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **307** رقم الحديث: **6469**' ومسلم: التوبة جلد **4** صفحه **2109**.

عِبَادِهِ يَتَرَاحَمُونَ بِهَا، وَعِنْدَ اللّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ، وَهَذِهِ النَّارُ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ جُزْءٍ مِنْ جَهَنَّمَ

مایوس نہ ہو! اللہ نے سو حصے رحمت پیدا کی ہے جن میں سے ایک حصہ اپنے بندوں کے درمیان اُتارا ہے جس کے ساتھ وہ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں' ننانوے حصے رحمت کے اللہ کے پاس موجود ہیں (جن کا اظہار قیامت کے دن ہوگا) اور یہ دنیا کی آگ جہنم کے سو جزؤں میں سے ایک جز ہے۔

2780 - وَبِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِأَعْمَالِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ لَهُ عَمَلَهُ بِأَعْمَالِ أَهْلِ النَّارِ، فَيَجْعَلُهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِأَعْمَالِ أَهْلِ النَّارِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ عَمَلَهُ بِأَعْمَالِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَجْعَلُهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

وہی صحابی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایک آدمی لمبے زمانے تک جنتیوں والے کام کرتا رہتا ہے' پھر اللہ تعالیٰ اس کے عمل پر جہنمیوں والے اعمال کی مہر لگا دیتا ہے تو وہ جہنمیوں میں سے ہو جاتا ہے اور ایک آدمی جہنمیوں والے کام کرتا رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کے عمل پر جنتیوں والے اعمال کی مہر لگا دیتا ہے' پس وہ جنتیوں میں سے ہو جاتا ہے۔

2781 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيُؤْمِنُوا بِي وَبِمَا جِئْتُ بِهِ، فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَائَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے جہاد کرنے کا یہاں تک کہ وہ گواہی دیں توحید کی اور مجھ پر ایمان لائیں اور اس پر جو میں لایا' جب وہ ایسے کر لیں تو وہ مجھ سے اپنے خون اور اموال بچالیں گے مگر حق کے ساتھ' ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

2782 - وَبِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

2780- أخرجه مسلم: القدر جلد4صفحه2042' وأحمد: المسند جلد2صفحه638 رقم الحديث: 10296 .

2781- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه52 .

2782- أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2272' والترمذي: الزهد جلد4صفحه562 رقم الحديث: 2324' وابن ماجه: الزهد جلد2صفحه1378 رقم الحديث: 4113' وأحمد: المسند جلد2صفحه432 رقم الحديث: 8309 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

ﷺ نے فرمایا: دنیا مؤمن کیلئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے۔

2783 - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَدْعُو الرَّجُلُ ابْنَ عَمِّهِ وَقَرِيبَهُ هَلُمَّ اِلَى الرَّخَاءِ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ ایک آدمی اپنے چچا اور قریبی کو بلائے گا' کشادگی کے مقام کی طرف آؤ حالانکہ مدینہ اُن کے لیے بہتر تھا اگر وہ جانتے ہوتے۔

2784 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَنْفِيَ الْمَدِينَةُ شِرَارَهَا كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ مدینہ اپنے اندر سے بُرے لوگوں کو صاف نہ کر دے' جس طرح لوہے سے بھٹی زنگ دور کر دیتی ہے۔

2785 - وَبِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْحَرَّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَاَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گرمی جہنم کی سانس سے ہے' اس لیے ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو۔

2786 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُونِي، وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُونَ عَلَيَّ، وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ، وَيُسِيئُونَ اِلَيَّ، فَقَالَ: اِنْ كَانَ كَمَا تَقُولُ، فَكَاَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ، وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلَى ذَلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے کچھ قریبی رشتہ دار ہیں' میں ان سے جوڑتا ہوں وہ مجھ سے توڑتے ہیں' میں ان سے بردباری کرتا ہوں' وہ مجھ سے جہالت سے پیش آتے ہیں' میں اُن سے اچھا سلوک کرتا ہوں وہ مجھ سے بُرے طریقے سے پیش آتے ہیں' آپ نے فرمایا: اگر ایسے ہی ہے جس طرح تُو کہہ رہا ہے تو تُو ان کے منہ میں

2783- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه1005 .

2784- تقدم تخريجه . انظر الحديث السابق .

2785- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه23 رقم الحديث: 536' ومسلم: المساجد جلد1صفحه431 .

2786- أخرجه مسلم: البر جلد4صفحه1982' وأحمد: المسند جلد2صفحه402 رقم الحديث: 8012 .

راکھ ڈال رہا ہے تیرے ساتھ ہمیشہ اللہ کی طرف سے مددگار رہے گا جب تک تُو اسی حالت پر رہے گا۔

2787 - وَعَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ بُجَيْرِ بْنِ أَبِي بُجَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ قَنَصٍ، وَلَا كَلْبِ مَاشِيَةٍ، نَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کتا پالا جو گھر یا مویشیوں کے لیے نہ ہو اس کے ثواب میں ہر روز ایک قیراط کے برابر ثواب میں کمی ہوگی ہاں اگر شکار اور حفاظت کے لیے ہو تو جائز ہے۔

2788 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّهُمْ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ فِي سَفَرٍ، فَمَرُّوا عَلَى قَبْرِ أَبِي رِغَالٍ، فَقَالُوا: مَا هَذَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: هَذَا قَبْرُ أَبِي رِغَالٍ، وَهُوَ أَبُو ثَقِيفٍ، وَكَانَ امْرَأً مِنْ ثَمُودَ، وَكَانَ مَنْزِلُهُ بِالْحَرَمِ، فَلَمَّا أَهْلَكَ اللَّهُ قَوْمَهُ بِمَا أَهْلَكَهُمْ بِهِ مَنَعَهُ لِمَكَانِهِ مِنَ الْحَرَمِ، وَإِنَّهُ خَرَجَ حَتَّى إِذَا بَلَغَ هَا هُنَا مَاتَ، فَدُفِنَ، وَدُفِنَ مَعَهُ غُصْنٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَابْتَدَرْنَاهُ، فَاسْتَخْرَجْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ وہ ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے ہمارا گزر ابورغال کی قبر سے ہوا صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کس کی قبر ہے؟ آپ نے فرمایا: ابورغال کی قبر ہے یہ ابوثقیف تھا یہ قومِ ثمود سے ایک آدمی تھا اس کا گھر حرم میں تھا جب اللہ عزوجل نے اس کی قوم کو ہلاک کیا جو اس قوم سے ہلاک کرنے تھے اس کو ہلاک نہیں کیا حرم میں مکان ہونے کی وجہ سے یہ وہاں سے نکلا یہاں تک کہ یہاں پہنچا تو فوت ہوا اس جگہ اس کو دفن کیا گیا اس کے ساتھ سونے کی ایک ڈلی دفن کی گئی ہم نے جلدی سے اس کی قبر کھودی اور اس کو نکال لیا۔

2789 - وَبِهِ عَنْ رَوْحٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا عَلَى الْيَمَنِ فَقَالَ: إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا فرمایا: تُو اہل کتاب کی ایک قوم کے پاس جا رہا ہے ان کو سب سے پہلے اللہ کی عبادت کی دعوت دینا جب

2788- أخرجه أبو داؤد: الامارة جلد 3 صفحه 178 رقم الحديث: 3088، والبيهقي في دلائل النبوة جلد 6 صفحه 297، والبيهقي في الكبرى جلد 4 صفحه 363 رقم الحديث: 7653 .

2789- أخرجه البخاري: الزكاة جلد 3 صفحه 377 رقم الحديث: 1458، ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 51 .

قَوْمٍ اَهْلِ كِتَابٍ، فَلْيَكُنْ اَوَّلَ مَا تَدْعُوهُمْ اِلَيْهِ عِبَادَةُ اللّٰهِ، فَاِذَا عَرَفُوا اللّٰهَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٍ فِي يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ، فَاِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ، فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ زَكَاةَ اَمْوَالِهِمْ

وہ اللہ کو پہچان لیں تو ان کو بتانا کہ ان پر دن ورات میں پانچ وقت کی نماز فرض ہے' جب وہ یہ کرلیں تو ان کو بتانا کہ اللہ عزوجل نے ان کے اموال پر زکوٰۃ فرض کی ہے۔

2790 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، اَنَّ اَبَا بَصْرَةَ حَمِيلَ بْنَ بَصْرَةَ لَقِيَ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَهُوَ مُقْبِلٌ مِنَ الطُّورِ، فَقَالَ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَهُ لَمْ تَاْتِهِ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّمَا تُضْرَبُ اَكْبَادُ الْمَطِيِّ اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، ومَسْجِدِي هٰذَا، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصَى

حضرت ابوبصرہ حمیل بن بصرہ کی ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی' اس حالت میں کہ وہ طور سے واپس آ رہے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں آپ کو طور سے جانے سے پہلے ملتا تو آپ کو نہ جانے دیتا کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریاں صرف تین مسجدوں کی طرف باندھو: مسجد حرام' مسجد نبوی' مسجد اقصیٰ۔

2791 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہیں کرے گا جو تکبر سے تہبند لٹکاتا ہے۔

2792 - وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ فَلَا يَدَعْ اَحَدًا يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاِنْ اَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ، فَاِنَّهُ شَيْطَانٌ

حضرت سعید بن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو اور کوئی آگے سے گزرے تو اس کو گزرنے نہ دے' اگر وہ گزرنے پر اصرار کرے تو اس سے جھگڑا کرے کیونکہ وہ شیطان ہے۔

2790- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد2صفحة276 رقم الحديث: 2159 .

2791- أخرجه البخاری: اللباس جلد10صفحة264 رقم الحديث: 5783' ومسلم: اللباس جلد3صفحة1651 .

2792- أخرجه البخاری: الصلاة جلد1صفحة693 رقم الحديث: 509' ومسلم: الصلاة جلد1صفحة362 .

2793 - وَبِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، اَنَّهُ حَمَلَ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَوَجَدَهُ عِنْدَ صَاحِبِهِ وَقَدْ اَضَاعَهُ، وَكَانَ قَلِيلَ الْمَالِ، فَاَرَادَ اَنْ يَشْتَرِيَهُ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: لَا تَشْتَرِهِ، وَاِنْ اُعْطِيتَهُ بِدِرْهَمٍ، فَاِنَّ مَثَلَ الْعَائِدِ فِي هِبَتِهِ كَمَثَلِ الْكَلْبِ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

حضرت سعید بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کی راہ میں ایک گھوڑا دیا' آپ نے وہ گھوڑا اس کے مالک کے پاس پایا' وہ اس کو ضائع کر رہا ہے' وہ غریب آدمی تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو خریدنے کا ارادہ کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اس بات کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: اس کو نہ خرید' اگرچہ وہ ایک درہم کا دے' اس کی مثال جو ہبہ کر کے واپس لیتا ہے اس طرح ہے جو کتا قے کر کے واپس چاٹ لے۔

2794 - وَبِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ وَجْهِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَشْفَارِهِ، فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ يَدَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِهِ، فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رَاْسِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ بَيْنِ اُذُنَيْهِ، فَاِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رِجْلَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِهِ

حضرت سعید بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ وضو کرتا ہے تو کلی اور ناک میں پانی ڈالتا ہے اور چہرے کو دھوتا ہے تو اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ ابروؤں کے نیچے سے بھی' جب اپنے ہاتھ دھوتا ہے تو ہاتھ کے سارے گناہ نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی' جب سر کا مسح کرتا ہے تو اس کے سر کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ دونوں کانوں کے بھی' جب اپنے پاؤں دھوتا ہے تو اس کے پاؤں کے گناہ بھی نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ پاؤں کے ناخنوں کے نیچے سے بھی۔

2793- أخرجه البخاري: الهبة جلد5صفحه278 رقم الحديث:2623' ومسلم: الهبات جلد3صفحه1239 .

2794- أخرجه النسائي: الطهارة جلد 1صفحه63 (باب مسح الأذنين مع الرأس)' وابن ماجه: الطهارة جلد 1صفحه103 رقم الحديث:282' ومالك في الموطأ: الطهارة جلد1صفحه31 رقم الحديث:30' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه426 رقم الحديث:19092 .

2795 - وَبِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ عُمَرَ قَالَتْ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ قَتْلًا فِي سَبِيلِكَ، وَوَفَاةً فِي بَلَدِ نَبِيِّكَ قُلْتُ: وَاَنَّى يَكُونُ هٰذَا؟ قَالَ: يَاْتِي بِهِ اللّٰهُ اِذَا شَاءَ

حضرت اُم المؤمنین حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں تیری راہ میں قتل ہو جاؤں اور تیرے پیارے حبیب ﷺ کے شہر میں موت آئے۔ میں نے عرض کی: آپ یہاں بھی ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو لے آئے گا۔

2796 - وَبِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ، فَاَتَتْنَا ضَبَابَةٌ فَرَّقَتْ بَيْنَ النَّاسِ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ النَّاسُ؟ قُلْتُ: فَرَّقَتْ بَيْنَهُمُ الضَّبَابَةُ قَالَ: قُلْ. قُلْتُ: مَا اَقُولُ؟ قَالَ: قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ حَتّٰى خَتَمَهَا، فَقُلْتُهَا، فَقَالَ: مَا تَعَوَّذَ النَّاسُ وَالْخَلْقُ بِمِثْلِهَا

حضرت معاذ بن عبداللہ بن خبیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا مکہ کے راستے میں ہمارے پاس گوہ آئی لوگ علیحدہ علیحدہ ہو گئے مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ کہاں ہیں؟ میں نے عرض کی: گوہ کی وجہ سے علیحدہ علیحدہ ہو گئے ہیں آپ نے فرمایا: پڑھو! میں نے عرض کی: میں کیا پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: قل اعوذ برب الفلق مکمل اور قل اعوذ برب الناس مکمل پڑھی۔ تو آپ نے فرمایا: جس سے لوگ پناہ مانگتے ہیں اور مخلوق بھی اس کی مثل پناہ مانگتی ہے۔

2797 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ) (النور: 4) قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ اَنِّي رَاَيْتُ مَعَ اَهْلِي رَجُلًا، اَنْتَظِرُ حَتّٰى اَجِيءَ بِاَرْبَعَةٍ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ قَالَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، وَلَوْ رَاَيْتُهُ لَعَاجَلْتُهُ بِالسَّيْفِ، فَقَالَ: انْظُرُوا يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، مَا يَقُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: وہ لوگ جو پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں پھر چار گواہ نہیں لا سکتے ہیں۔ حضرت سعد بن عبادہ نے عرض کی: اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پاؤں تو میں چار مرد لانے تک انتظار کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: نہیں! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اگر میں اس حالت میں دیکھوں گا تو تلوار سے جلدی

2795- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد1صفحه53-54 .

سَیِّدُکُمْ، اِنَّ سَعْدًا لَغَیُورٌ، وَاَنَا اَغْیَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَغْیَرُ مِنِّی

جلدی مار دوں گا۔ آپ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! دیکھو! تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے' بے شک سعد غیرت مند ہے' میں اس سے زیادہ غیرت مند ہوں' اللہ عزوجل مجھ سے زیادہ غیرت مند ہے۔

2798 - وَبِهِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ فَاطِمَةَ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ خَادِمًا، فَشَكَتْ اِلَیْهِ الْعَمَلَ، فَقَالَ: مَا اَلْفَیْتِهِ عِنْدَنَا ثُمَّ قَالَ: اَلَا اَدُلُّكِ عَلَی مَا هُوَ خَیْرٌ مِنْ خَادِمٍ؟ تُسَبِّحِینَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِینَ، وَتُحَمِّدِینَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِینَ، وتُكَبِّرِینَ اَرْبَعًا وَثَلَاثِینَ حِینَ تَاْخُذِینَ مَضْجَعَكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں اور ایک خادم مانگنے لگیں' کام کی شکایت کرنے لگیں' آپ نے فرمایا: ابھی خادم ہمارے پاس نہیں آیا' پھر فرمایا: کیا میں آپ کو خادم سے بہتر نہ بتاؤں! تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' تینتیس مرتبہ اللہ اکبر' تینتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو' جب سونے کے لیے بستر پر آؤ۔

2799 - وَبِهِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِینَ عَلَی رَجُلٍ ادَّعَی مَوْلَی قَوْمٍ بِغَیْرِ اِذْنِ مَوَالِیهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اس آدمی پر جو اپنے آقا کے علاوہ اپنی نسبت کسی اور آقا کی طرف کرتا ہے۔

2800 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِیمٍ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا قَالَ لِجِبْرِیلَ: اِنِّی اُحِبُّ فُلَانًا، فَیُحِبُّهُ جِبْرِیلُ، فَیُنَادِی جِبْرِیلُ اَهْلَ السَّمَاءِ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ یُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبُّوهُ، فَیُحِبُّونَهُ، ثُمَّ یُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِی الْاَرْضِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو فرماتا ہے کہ میں فلاں بندہ سے محبت کرتا ہوں' حضرت جبریل اس سے محبت کرتے ہیں اور حضرت جبریل آسمان والوں میں اعلان کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل فلاں بندہ سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو' وہ اس سے محبت کرتے ہیں' اس کے بعد اس

2798- أخرجه مسلم: الذكر جلد4صفحه2094 .

2799- أخرجه مسلم: العتق جلد2صفحه1146' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه332 رقم الحديث: 5114 .

2800- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه469 رقم الحديث: 7485' ومسلم: البر جلد4صفحه2030 .

وَالشَّرُّ عَلَى ذَلِكَ

کی مقبولیت زمین والوں میں پھیلا دی جاتی ہے' بُرے انسان کی بھی اسی طرح۔

2801 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ، وَقَدِ اسْتُخْلِفَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ يُقَالُ لَهُ: سِبَاعُ بْنُ عُرْفُطَةَ عَلَى الْمَدِينَةِ، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ الْغَدَاةَ، فَقَرَاَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُولَى سُورَةَ مَرْيَمَ، وَفِي الْاُخْرَى وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ، وَكَانَ فِينَا رَجُلٌ يُطَفِّفُ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنَ الصَّلَاةِ قُلْنَا: وَيْلٌ لِفُلَانٍ، ثُمَّ اَتَيْنَاهُ، فَلَحِقْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ فَتَحَ خَيْبَرَ، فَاسْتَاْذَنَ النَّاسَ اَنْ يَقْسِمَ لَنَا مِنَ الْغَنَائِمِ، فَاَذِنُوا لَهُ، فَقَسَمَ لَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مدینہ آئے تو بنی غفار سے ایک آدمی کو مدینہ چھوڑ آئے' اس کو سباع بن عرفطہ کہا جاتا تھا' ہم نے اس کے پیچھے نماز پڑھی' اس نے پہلی رکعت میں سورۂ مریم اور دوسری میں ویل للمطففین' ہم میں ایک آدمی تھا کم تولنے والا' ہم جب نماز سے فارغ ہوئے' ہم نے کہا: فلاں کے لیے ہلاکت ہے' پھر اس کے پاس آئے' ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملے' آپ نے خیبر فتح کر لیا تھا' لوگوں نے ہمارے لیے مالِ غنیمت تقسیم کرنے کی اجازت مانگی' آپ نے ان کو اجازت دے دی' ہمارے درمیان مالِ غنیمت تقسیم کیا۔

2802 - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ اَنْ يَثْنِيَ الرَّجُلُ اِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى فِي الصَّلَاةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناپسند کرتے تھے کہ کوئی آدمی ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھے نماز کی حالت میں۔

2803 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ اَبُو عَبَّادٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ اَبِي عُمَارَةَ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کیڑے گھروں میں ہوتے ہیں' جب تم میں سے کوئی گھر داخل ہو تو یہ پڑھ لیا کرے: ''اللّٰهم انی اعوذ بك من الخبث والخبائث ومن

2802- أخرجه الطحاوی فی شرح المعانی جلد4صفحه277 .

2803- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه2 رقم الحديث:6' وابن ماجه: الطهارة جلد 1صفحه108 رقم الحديث: 296' وأحمد: المسند جلد4صفحه451 رقم الحديث: 19308 . انظر: تلخيص الحبير جلد 1 صفحه115 رقم الحديث:9 .

الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَإِذَا دَخَلَهَا اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ، وَمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

الشيطان الرجيم''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عَدِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ قَطَنٌ

یہ حدیث قتادہ' حضرت انس سے اور قتادہ سے صرف عدی ہی روایت کرتے ہیں اور عدی سے صرف اکیلے قطن ہی روایت کرتے ہیں۔

2804 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ قَالَ: نا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ رَهْبَةُ النَّاسِ اَنْ يَقُولَ بِحَقٍّ اِذَا رَآهُ، اَوْ يُذَكِّرَ بِعَظِيمٍ، فَاِنَّهُ لَا يُقَرِّبُ مِنْ اَجَلٍ، وَلَا يُبَاعِدُ مِنْ رِزْقٍ اَنْ يَقُولَ بِحَقٍّ اَوْ يُذَكِّرَ بِعَظِيمٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب حق دیکھے تو اس کو حق کہنے سے لوگوں کا ڈر نہ روکے کیونکہ حق کہنے سے نہ موت قریب آتی ہے نہ رزق کم ہوتا ہے یا بڑے کا ذکر کرنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُعَلَّى اِلَّا جَعْفَرٌ

یہ حدیث معلّٰی سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

2805 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُسِفَتِ الشَّمْسُ فَصَلُّوا كَاَدْنَى صَلَاةٍ صَلَّيْتُمُوهَا

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب سورج کو گرہن لگے تو اس کے ختم ہونے تک نماز پڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں اور ہشام سے اکیلے معاذ روایت کرتے ہیں۔

2805- اخرجه النسائي: الكسوف جلد3صفحه115-118 (باب نوع آخر).

2806 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِى بَرْزَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ، وَعَنِ الْحَدِيثِ بَعْدَهَا

حضرت مغیرہ بن ابی برزہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا عشاء سے پہلے سونے اور عشاء کے بعد (دنیوی) گفتگو کرنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ

اس حدیث کو حضرت مغیرہ سے صرف حضرت خالد ہی روایت کرتے ہیں' اس کے ساتھ عثمان اکیلے ہیں۔

2807 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْمُسَيِّبِ اَبُو رَجَاءٍ الْكَلْبِيُّ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتَيْنَ النِّسَاءُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَهَبَ الرِّجَالُ بِالْفَضْلِ وَالْجِهَادِ، فَمُرْنَا بِعَمَلٍ نُدْرِكُ بِهِ فَضْلَ الْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ: مِهْنَةُ اِحْدَاكُنَّ فِي بَيْتِهَا تُدْرِكُ بِهِ عَمَلَ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتیں حضور ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کرنے لگیں: یارسول اللہ! مرد ہم سے فضیلت لے گئے جہاد کرنے کے ساتھ' ہم کو ایسے عمل کے متعلق بتائیں جسے کرنے سے ہم جہاد کے ثواب کو پالیں؟ آپ نے فرمایا: تم میں سے جو عورت اپنے گھر میں رہ کر کوئی عمل کرے تو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ثواب پالے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا رَوْحٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف روح ہی روایت کرتے ہیں۔

2808 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ، اَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَوْبَدُ بْنُ اَبِى عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِى، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَنَسُ، اَحْسِنِ الْوُضُوءَ يَزِدْ فِي عُمُرِكَ، وَسَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيتَ مِنْ اُمَّتِي تَكْثُرْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے انس! اچھا وضو کر! تیری عمر میں اضافہ ہوگا' میری اُمت سے جو آپ کو ملے اس کو سلام کر' تیری نیکیاں زیادہ ہوں گی' جب تُو گھر داخل ہو تو سلام کرے تو تیرے گھر میں خیر زیادہ ہوگی' بچوں پر رحم کر'

2806- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه59 رقم الحديث:568' ومسلم: المساجد جلد1صفحه447 .

2808- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد6صفحه427 رقم الحديث: 8761-8766 . انظر: الدر المنثور جلد5 صفحه59-60 .

حَسَنَاتُكَ، وَإِذَا دَخَلْتَ مَنْزِلَكَ فَسَلِّمْ يَكْثُرْ خَيْرُ بَيْتِكَ، وَارْحَمِ الصَّغِيرَ، وَوَقِّرِ الْكَبِيرَ

بڑوں کا احترام کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ إِلَّا ابْنُهُ عَوْبَدٌ

یہ حدیث ابوعمران سے ان کے بیٹے عوبد ہی روایت کرتے ہیں۔

2809 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، وَعَنِ الْجَلَّالَةِ، وَرُكُوبِهَا، وَأَكْلِ لَحْمِهَا وَنَهَى أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا أَوْ عَلَى خَالَتِهَا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن پالتو گدھوں کے گوشت اور جلالہ (وہ جانور جو مینگنیاں کھاتا ہو) سے اور اس پر سوار ہونے اور اس کا گوشت کھانے سے منع کیا اور منع فرمایا عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع کیا جائے۔

2810 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: افْتَخَرَ أَهْلُ الْإِبِلِ وَأَهْلُ الْغَنَمِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي أَهْلِ الْإِبِلِ، وَالسَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اونٹوں اور بکریوں والوں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں فخر کیا، حضور ﷺ نے فرمایا: فخر اور تکبر اونٹ والوں میں ہے، سکون اور وقار بکریوں والوں میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث حجاج سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2811 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ

حضرت نافع بن عبدحارث فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں داخل ہوئے، آپ کنواں کے اوپر بیٹھ گئے، حضرت ابوبکر

2810- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه118 رقم الحديث: 11924 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه68 .

2811- أخرجه أحمد جلد4صفحه408 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه59 .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُحَدِّثُ، وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنْ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حَائِطًا مِنْ حَوَائِطِ الْمَدِينَةِ، فَجَلَسَ عَلَى قُفِّ الْبِئْرِ، فَجَاءَ اَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ مَعَ بَلَاءٍ

آئے اجازت مانگنے لگے آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دے دو اور اس کو جنت کی خوشخبری دے دو! پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اجازت مانگنے لگے آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دے دو اور خوشخبری دے دو اور جنت کی خوشخبری دو! پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دے اور جنت کی خوشخبری دے اور آزمائش کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں۔

2812 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ الدَّانَاجُ قَالَ: حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ اَبِي هُرَيْرَةَ، فَكَانَ يُكَبِّرُ اِذَا خَفَضَ وَاِذَا رَفَعَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ: اِنَّهُ سُنَّةُ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی تو آپ تکبیر کہتے تھے جب سر نیچے کرتے اور سر کو اُٹھاتے سو میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا: ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہی سنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّانَاجِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ

اس حدیث کو عبداللہ الداناج سے صرف عبدالعزیز بن مختار ہی روایت کرتے ہیں۔

2813 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَ جِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَاوَلَهُ يَدَهُ، فَاَبَى اَنْ يَتَنَاوَلَهَا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد اُن کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت جبریل کے سامنے ہوئے آپ نے حضرت جبریل علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا حضرت جبریل نے پکڑنے سے انکار کر دیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی مانگا وضو کے لیے پھر اپنا ہاتھ حضرت جبریل علیہ السلام کے ہاتھ میں دیا تو حضرت

2812- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه317 رقم الحديث: 788، وأحمد: المسند جلد 1صفحه380 رقم الحديث:2660 .

فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ نَاوَلَهُ يَدَهُ، فَتَنَاوَلَهَا، فَقَالَ: يَا جِبْرِيلُ: مَا مَنَعَكَ اَنْ لَا تَأْخُذَ بِيَدِي؟ قَالَ: اِنَّكَ اَخَذْتَ بِيَدِ يَهُودِيٍّ، فَكَرِهْتُ اَنْ تَمَسَّ يَدِي يَدًا مَسَّتْهَا يَدُ كَافِرٍ

جبریل نے پکڑا' آپ نے فرمایا: اے جبریل! آپ کو میرا ہاتھ پکڑنے سے کیا رکاوٹ تھی؟ حضرت جبریل نے عرض کی: آپ نے اپنے ہاتھ سے یہودی کا ہاتھ پکڑا تھا' میں ناپسند کرتا ہوں اس ہاتھ کو چھونا جس ہاتھ کو کافر کے ہاتھ نے چھوا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ سَعِيدٌ

یہ حدیث ہشام سے عمر روایت کرتے ہیں اور عمر سے اکیلے سعید روایت کرتے ہیں۔

2814 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ قَالَ: نا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، وَمَيْمُونِ بْنِ سِيَاهٍ، وَجَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَاِيَّاكُمْ اَنْ يَطْلُبَكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' تم ڈرو کہ اللہ عزوجل تم سے اپنے ذمہ کا مطالبہ نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحٍ اِلَّا سَعِيدٌ

صالح سے یہ حدیث صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

2815 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى اَبُو مَالِكٍ قَالَ: نا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَاَبْعَثَنَّ رَجُلًا لَا يُخْزِيهِ اللّٰهُ، فَبَعَثَ اِلَى عَلِيٍّ وَهُوَ فِي الرَّحَى يَطْحَنُ، وَمَا كَانَ اَحَدُكُمْ يَطْحَنُ، فَجَائُوا بِهِ اَرْمَدَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا اَكَادُ اُبْصِرُ، فَنَفَثَ فِي عَيْنَيْهِ، وَهَزَّ الرَّايَةَ ثَلَاثَ مِرَارٍ، ثُمَّ دَفَعَهَا اِلَيْهِ، فَفُتِحَ لَهُ، فَجَاءَ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، ثُمَّ قَالَ لِبَنِي عَمِّهِ: اَيُّكُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: میں ضرور ایک ایسے آدمی کو بھیجوں گا جس کو اللہ عزوجل نامراد نہیں بھیجے گا' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف کسی کو بھیجا' آپ رضی اللہ عنہ چکی چلا رہے تھے' آپ آئے تو آپ کی آنکھوں میں درد تھی' عرض کی: یا نبی اللہ! میری آنکھ ٹھیک نہیں ہے' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں دَم کیا اور تین مرتبہ جھنڈے کو ہلایا' پھر آپ نے جھنڈا حضرت علی کو دیا' اللہ عزوجل نے آپ کو فتح دی۔

2814- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد6صفحه173 .

يَتَوَلَّانِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ فَقَالَ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ: يَا فُلَانُ، أَتَتَوَلَّانِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟، ثَلَاثًا؟ فَيَقُولُ: لَا . حَتَّى مَرَّ عَلَى آخِرِهِمْ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَنَا وَلِيُّكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ قَالَ: وَبَعَثَ أَبَا بَكْرٍ بِسُورَةِ التَّوْبَةِ، وَبَعَثَ عَلِيًّا عَلَى أَثَرِهِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا عَلِيُّ، لَعَلَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ سَخِطَا عَلَيَّ، فَقَالَ عَلِيٌّ: لَا، وَلَكِنْ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْبَغِي أَنْ يُبَلِّغَ عَنِّي إِلَّا رَجُلٌ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ قَالَ: وَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَهُ عَلَى عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: (إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ بَعْدَ خَدِيجَةَ مِنَ النَّاسِ قَالَ: وَسَرَى عَلِيٌّ بِنَفْسِهِ، لَبِسَ ثَوْبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَامَ عَلَى مَكَانِهِ قَالَ: وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَرْمُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پس آپ حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو لے کر آئے' پھر آپ نے اپنے چچازاد بھائیوں سے کہا کہ تم میں کون مجھے دنیا و آخرت میں دوست بنائے گا؟ ان میں سے ہر ایک آدمی کو فرمایا: اے فلان! کیا تو مجھے دنیا و آخرت میں دوست بنائے گا؟ تین مرتبہ فرمایا' اس نے عرض کی: نہیں! یہاں تک کہ آخری سے کہا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں آپ کو دنیا و آخرت میں دوست رکھتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو میرا دوست ہے دنیا و آخرت میں۔ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سورۂ توبہ میں نازل ہونے والے حکم بیان کرنے کے لیے بھیجا۔ ان کے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: اے علی! ہوسکتا ہے اللہ اور اس کے رسول مجھ سے ناراض ہوں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! لیکن حضور ﷺ نے فرمایا: میرے لیے مناسب نہیں ہے کہ میرا پیغام وہی آدمی پہنچائے جو مجھ سے ہو اور میں اس سے ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنا کپڑا حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم پر رکھا' پھر فرمایا: اللہ عزوجل! میں ارادہ کرتا ہوں کہ تم ان سے پلیدی لے جاؤ' اے اہل بیت! تم کو خوب پاک کردے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد تمام صحابہ سے پہلے اسلام لائے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خوش ہوئے تھے' جب ہجرت کے وقت حضور

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کپڑا لے کر آپ کے بستر پر سو گئے تھے' مشرکین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیچھا کرتے تھے۔

2816 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نا اَبُو عِمْرَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عِصَابَةٍ قَدْ اَقْبَلَتْ، فَقَالَ: اَتَتْكُمُ الْاَزْدُ اَحْسَنُ النَّاسِ وُجُوهًا، وَاَعْذَبُهُ اَفْوَاهًا وَاَصْدَقُهُ لِقَاءً وَنَظَرَ اِلَى كَبْكَبَةٍ قَدْ اَقْبَلَتْ، فَقَالَ: مَنْ هَذِهِ؟ قَالُوا: هَذِهِ بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اجْبُرْ كَسِيرَهُمْ وَآوِ طَرِيدَهُمْ، وَلَا تُرِنِي مِنْهُمْ سَائِلًا

حضرت ابوعمران محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' ان کے دادا کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گروہ کو دیکھا کہ وہ آ رہا ہے' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس قبیلہ ازد کے لوگ آئے ہیں' جو لوگوں میں زیادہ خوبصورت ہیں چہرے کے لحاظ سے اور منہ کے میٹھے ہیں' ملاقات کرنے میں زیادہ سچے ہیں' آپ نے کبکبہ کی طرف دیکھا کہ وہ بھی آ رہا ہے' آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: بکر بن وائل ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! ان کے کمزور کو پورا مال عطا فرما اور ان کے دھتکارے ہوئے کو پناہ دے اور ان میں سے کوئی گداگر نہ ہو۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عبداللہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

2817 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا مُطِيعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَحَبَّبَ اِلَى النَّاسِ بِمَا يُحِبُّونَ، وَبَارَزَ اللّٰهَ بِمَا يَكْرَهُونَ، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں سے محبت کا اظہار کرتے ہیں ایسی چیزوں کے ساتھ جن کو پسند کرتے ہیں' جو اللہ سے مقابلہ کرتے ہیں ایسی چیزوں کے ساتھ جن کو ناپسند کرتے ہیں تو اللہ عزوجل سے ملے گا تو اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

2818 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ اَرْقَمَ قَالَ: نا السَّرِيُّ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُفْرٌ بِاللّٰهِ: ادِّعَاءُ نَسَبٍ لَا يُعْرَفُ، وَكُفْرٌ بِاللّٰهِ: تَبَرُّؤٌ مِنْ نَسَبٍ وَاِنْ دَقَّ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غیر معروف نسب کا دعویٰ کرنا اللہ کا انکار کرنا ہے' نسب سے بَری ہونا اگرچہ تھوڑا ہی ہو' تب بھی اللہ کا انکار کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ اِلَّا السَّرِيُّ

یہ حدیث بیان سے صرف سری روایت کرتے ہیں۔

2819 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكْفِيكُمْ مِنَ الْحَيَّةِ ضَرْبَةٌ بِسَوْطٍ، اَصَبْتُمُوهَا اَوْ خَطَاْتُمُوهَا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سانپ کو مارنے کے لیے ایک ضرب ہی کافی ہے' چاہے وہ لگ جائے یا غلط ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث عثمان سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

2820 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيُّ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ شَهِدَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس موجود تھے' آپ نے فرمایا: جمعہ کے دن غسل واجب ہے ہر بالغ پر اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا۔

2820- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه423 رقم الحديث: 880' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه581 .

وَسَلَّمَ قَالَ: الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ، وَاَنْ يُسْتَنَّ، وَاَنْ يَمَسَّ طِيبًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا حِرْمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ

شعبہ سے حدیث صرف حرمی بن عمارہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2821 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ فِي رَمَضَانَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے رمضان میں پچھنا لگوایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا يُوسُفُ

یہ حدیث اعمش سے صرف یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

2822 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبُولَنَّ فِي الْمَاءِ النَّاقِعِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی کھڑے پانی میں پیشاب نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي فَرْوَةَ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ

یہ حدیث ابن ابی فروہ سے صرف عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں سلیمان اکیلے ہیں۔

2823 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بہت زیادہ نبیذ اور چھونے سے منع کیا۔

2822- أخرجه ابن ماجه: الطهارة جلد 1 صفحه 124 رقم الحديث: 345 .

2823- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 420 رقم الحديث: 2145' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 610 رقم الحديث: 9995 .

عَنِ النِّبَاذِ وَاللِّمَاسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

2824 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ وَهُوَ يَجِدُ مِنَ الْاَذَى شَيْئًا يَعْنِي الْغَائِطَ وَالْبَوْلَ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اس حالت میں نماز نہ پڑھے کہ جب بول و براز کی حاجت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَاقِدِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف ان کے بھائی کے بیٹے اور ان سے صرف واقدی ہی روایت کرتے ہیں۔

2825 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ ابْنُ اَخِي، حَزْمٍ الْقُطَعِيِّ قَالَ: نا الْخَصِيبُ بْنُ جَحْدَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْدَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: شَكَى رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُوءَ الْحِفْظِ، فَقَالَ: اسْتَعِنْ بِيَمِينِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے شکایت کی حافظہ کے کمزور ہونے کی آپ نے فرمایا: اپنے دائیں ہاتھ سے مدد طلب کی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث عبیداللہ بن ابی بکر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

2826 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

2824- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد20صفحه20-22 .

2826- أخرجه البخاری: الهبة جلد 5صفحه260 رقم الحديث: 2595' وأحمد: المسند جلد 6صفحه196 رقم الحديث:25476 .

بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، ابْنُ اَخِي حَزْمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سَاَلَتْ عَائِشَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي جَارَيْنِ، فَبِاَيِّهِمَا اَبْدَأُ؟ فَقَالَ: بِاَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا

عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! میرے دو پڑوسی ہیں' میں ان میں سے کس کو پہلے دوں؟ آپ نے فرمایا: جو تیرے دروازے کے زیادہ قریب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُ اَخِي حَزْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث عبیداللہ سے ان کے بھائی کے بیٹے حزم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

2827 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، اَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، وَحَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ اَنْ يَقُولَ: اللّٰهُمَّ وَجَّهْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَهْبَةً وَرَغْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو حکم دیا کہ جب تُو اپنے بستر پر آئے تو یہ دعا پڑھ لیا کر: ''اللّٰهم انی وجهت وجهی اليك الٰى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ وَحَبِيبٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث عبداللہ بن مختار اور حبیب سے صرف حماد روایت کرتے ہیں۔

2828 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے تین جمعہ بغیر عذر کے چھوڑے اللہ عزوجل اس کے دل پر مہر لگادے گا۔

2827- أخرجه البخاري: التوحيد جلد**13**صفحه**471** رقم الحديث: **7488**' ومسلم: الذكر جلد**4**صفحه**2082** .

2828- أخرجه ابن ماجه: الاقامة جلد **1**صفحه**357** رقم الحديث: **1126**' وأحمد: المسند جلد **3**صفحه**407** رقم الحديث: **14571** . انظر: تلخيص الحبير جلد**2**صفحه**56** .

تَرَكَ ثَلاثَ جُمُعَاتٍ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ طُبِعَ عَلَى قَلْبِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَوَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حَسَّانُ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ

یہ حدیث محمد بن عمرو' ابوسلمہ سے' وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور محمد بن عمرو سے صرف ابومعشر روایت کرتے ہیں' ابومعشر سے اکیلے حسان ہی روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے محمد بن عمرو سے روایت کیا ہے' وہ عبیدہ بن سفیان سے' وہ ابوالجعد الضمری روایت کرتے ہیں۔

2829 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: دَفَعَ اِلَيْنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، كِتَابًا، وَقَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِي فَكَانَ فِيهِ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْرَمَ فِي حَجَّتِهِ فِي اِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے رات کی دونمازوں میں سے کسی ایک نماز کے وقت حج کا احرام باندھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مُعَاذٌ فِي كِتَابِهِ

یہ حدیث قتادہ سے ہشام اور ہشام سے معاذ روایت کرتے ہیں اپنی کتاب میں۔

2830 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْخَيَّاطُ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي كَرِبٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيبِ مِنَ النَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ان ایڑیوں کے لیے ہلاکت ہے جہنم کی آگ سے جو وضو کے وقت خشک رہ جاتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ

یہ حدیث عمرو سے صرف ابوعبیدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2831 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین دوا جو تم استعمال کرتے ہو' وہ پچھنا اور

2830- أخرجه ابن ماجه: الطهارة جلد 1 صفحه 155 رقم الحديث: 454' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 452 رقم الحديث: 14976 .

سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ

قُسط بحری ہے۔ (قُسط سے مراد ہندوستان میں پیدا ہونے والی وہ لکڑی ہے جو بطور دوا استعمال کی جاتی ہے اور بحری کا معنی سمندری ہے)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَهَّابِ

یہ حدیث قتادہ سے سعید ہی روایت کرتے ہیں اور سعید سے عبدالوہاب اکیلے روایت کرتے ہیں۔

2832 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، خَتَنُ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِي عَلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا، فَاِذَا فِيهَا رِجَالٌ تُقْرَضُ اَلْسِنَتُهُمْ وَشِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: هَؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے معراج کی رات آسمانِ دنیا پر لے جایا گیا' اس میں کچھ لوگ ایسے تھے جو اپنی زبانیں اور ہونٹ کاٹ رہے تھے آگ کی قینچیوں سے' میں نے کہا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ آپ کی اُمت کے خطیب حضرات ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ خَتَنِ مَالِكٍ اِلَّا هِشَامٌ

یہ حضرت مغیرہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

2833 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ سَبَلَانُ قَالَ: نا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، لَوْ كَانَ عِنْدَنَا اَحَدٌ يُحَدِّثُنَا فَاغْتَنَمْتُهَا مِنْهُ، فَقُلْتُ: اَفَلَا نَبْعَثُ اِلَى اَبِي بَكْرٍ؟ فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، لَوْ كَانَ عِنْدَنَا اَحَدٌ يُحَدِّثُنَا فَاغْتَنَمْتُهَا مِنْهُ، فَقُلْتُ: اَلَا نَبْعَثُ اِلَى عُمَرَ؟ فَسَكَتَ عَنِّي، وَدَعَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھی' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اگر ہمارے پاس کوئی ہوتا ہم اس کو وہ بات بیان کرتے' میں نے عرض کی: کیا ہم حضرت ابوبکر کی طرف کسی کو بھیجیں؟ آپ خاموش رہے' پھر فرمایا: اے عائشہ! اگر ہمارے پاس کوئی ہوتا ہم اس کو بات بیان کریں! میں نے عرض کی: کیا ہم عمر کی طرف کسی کو بھیجیں؟ آپ نے کچھ دیر مجھ سے گفتگو نہ کی' آپ نے دعا کی تو دیکھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اجازت مانگ رہے تھے' آپ نے اجازت

2832- اخرجه أبو نعيم في الحلية جلد2صفحه386-387 .

وَصِيفًا لَهُ، فَسَارَّهُ، فَإِذَا عُثْمَانُ يَسْتَأْذِنُ، فَأَذِنَ لَهُ، فَأَكَبَّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَكَبَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَجَعَلَ يَتَسَارَّانِ، وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا يَقُولَانِ، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ وَلَّى، فَنَادَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ، عَسَى أَنْ يُقَمِّصَكَ اللّٰهُ قَمِيصًا، فَإِنْ أَرَادَكَ الْمُنَافِقُونَ عَلَى خَلْعِهِ فَلَا تَخْلَعْهُ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، فَقُلْتُ لَهَا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، أَيْنَ كُنْتِ عَنْ هَذَا الْحَدِيثِ؟ فَقَالَتْ: نَسِيتُهُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، حَتَّى قُتِلَ الرَّجُلُ

دی' آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوئے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے قریب ہوئے' دونوں آہستہ آہستہ گفتگو کرنے لگے' اللہ کی قسم! میں نہیں جانتی کہ دونوں نے کیا گفتگو کی' جب آپ نے سر اُٹھایا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ چلے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکارا: اے عثمان! یقیناً اللہ آپ کو خلافت عطا کرے گا' جب منافقین اس کو اُتروانے کی کوشش کریں تو اس خلعت کو مت اُتارنا' تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! آپ کہاں تھیں اس حدیث کے ظہور کے وقت؟ آپ نے فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! میں بھول گئی تھی یہاں تک کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الزُّبَيْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ فَرَجٌ

یہ حدیث زہری سے صرف زبیدی روایت کرتے ہیں اور اس حدیث کو اکیلے فرج روایت کرتے ہیں۔

2834 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ أَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ شَرْقًا وَغَرْبًا، وَيُوتِرُ عَلَيْهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی سواری پر نفل اور وتر پڑھتے تھے' جس طرف بھی اس کا منہ ہوتا خواہ اس کا منہ مشرق اور مغرب کی طرف ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا الْفَضْلُ

یہ حدیث عبید اللہ سے صرف فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

2835 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نا

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تین چیزیں

2834- أخرجه البخاری: التقصير جلد**2**صفحه**669** رقم الحديث:**1098**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**487** .

2835- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد**20**صفحه**224** رقم الحديث:**522** . انظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**162** .

عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ الْجِسْرِيِّ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَاِضَاعَةَ الْمَالِ

تمہارے لیے ناپسند کی ہیں: قیل و قال کرنا اور زیادہ سوال کرنا' مال ضائع کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ قُتَيْبَةَ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' عمران سے روایت کرنے میں ابن قتیبہ اکیلے ہیں۔

2836 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُلِقَ ابْنُ آدَمَ اِلَى جَنْبِهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ مَنِيَّةً، اِنْ اَخْطَاَهُ مَنَايَاهُ دُفِعَ فِي الْهَرَمِ حَتَّى يَمُوتَ

حضرت مطرف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسان کے لیے ننانوے بیماریاں پیدا کی ہیں' اگر ان سے بچ جائے گا تو بڑھاپا آئے گا یہاں تک کہ موت آ جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَلْمٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں اور عمران سے مسلم اکیلے روایت کرنے والے ہیں۔

2837 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَزْدِيِّ، عَنْ غَرْفَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حِجَّةِ الْوَدَاعِ وَاُتِيَ بِالْبُدْنِ، فَقَالَ: ادْعُوا لِي اَبَا الْحَسَنِ فَدَعَا عَلِيًّا فَقَالَ: خُذْ بِاَسْفَلِ الْحَرْبَةِ وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَاهَا، فَلَمَّا فَرَغَ رَكِبَ الْبَغْلَةَ وَاَرْدَفَ عَلِيًّا

حضرت عرفہ بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھا' آپ اونٹ پر سوار تھے' آپ نے فرمایا: میرے پاس ابوالحسن کو بلاؤ! حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا گیا' آپ نے فرمایا: نیچے سے پکڑو' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوپر سے پکڑا' جب فارغ ہوئے تو آپ خچر پر سوار ہوئے اور اپنے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سوار کرلیا۔

2836- أخرجه الترمذي: القدر جلد4صفحه455 رقم الحديث: 2150' وأبو نعيم في الحلية جلد2صفحه211 .

2837- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه153-154 رقم الحديث: 1766' والطبراني في الكبير جلد 18 صفحه261-262 رقم الحديث: 655 .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ غَرْفَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ

یہ حدیث غرفہ سے اسی سند سے روایت ہے' غرفہ سے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مہدی اکیلے ہیں۔

2838 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا جَارِيَةُ بْنُ هَرِمٍ الْفُقَيْمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُسْرٍ الْحُبْرَانِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا كَبْشَةَ الْأَنْمَارِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، أَوْ رَدَّ عَلَيَّ شَيْئًا أَمَرْتُ بِهِ، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے یا اپنے حکم کو ردّ کردے جس کا میں نے حکم دیا تو اس کو چاہیے کہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنالے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي كَبْشَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث ابوکبشہ' حضرت ابوبکر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' ابوکبشہ سے روایت کرنے میں عمرو بن مالک اکیلے ہیں۔

2839 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَلَفٍ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّمَرِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَرْحَةَ التَّنُوخِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فِيمَا نَجَاةُ هَذِهِ الْأُمَّةِ؟ فَقَالَ: فِي الْكَلِمَةِ الَّتِي أَرَدْتُ عَلَيْهَا عَمِّي، فَأَبَاهَا: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس اُمت کی نجات کس میں ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کلمہ جو میں نے اپنے چچا پر پیش کیا تھا اور اس نے پڑھنے سے انکار کیا' وہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف عمر بن سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

2840 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، قَالَ عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ: أَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ طواف کر

2838- أخرجه أبو يعلى في مسنده رقم الحديث: 73 .

عُـمَـرُ، مَـوْلَـى آلِ مَـنْظُورِ بْنِ سَيَّارٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، اِذِ انْقَطَعَ شِسْعُهُ، فَحَلَّ رَجُلٌ شِسْعًا مِنْ نَعْلِهِ، ثُمَّ نَاوَلَهُ اِيَّاهُ، فَاَبَى اَنْ يَاْخُذَهُ، وَقَالَ: هَذِهِ اَثَرَةٌ، وَلَا اَقْبَلُ اَثَرَةً

رہے تھے اچانک آپ کی نعلین کا تسمہ ٹوٹ گیا' پھر ایک آدمی نے اپنی نعلین کا تسمہ پکڑا' آپ نے پکڑنے سے انکار کر دیا اور فرمایا: یہ ترجیح ہے' میں ترجیح کو قبول نہیں کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا عُمَرُ مَوْلَى آلِ سَيَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث عاصم سے عمر مولیٰ آلِ سیار روایت کرتے ہیں' عمر سے عمر بن علی روایت کرتے ہیں۔

2841 - حَـدَّثَـنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْـحُـصَيْـنِ الْـعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ قَالَ: نا وَاصِلٌ، مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْـنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيسِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سفر کا ارادہ کرتے تو آپ جمعرات کو نکلتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ اِلَّا ابْنُ عُلَاثَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ

یہ حدیث واصل سے ابن علاثہ روایت کرتے ہیں' ابن علاثہ سے روایت کرنے میں عمرو بن حصین اکیلے ہیں۔

2842 - حَـدَّثَـنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْـحُـصَيْـنِ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الرَّازِيُّ الْبَجَلِيُّ قَـالَ: نَـا سُهَيْـلُ بْـنُ اَبِـي صَـالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اَحَـدُ مِـنْـكُـمْ سَـفَـرًا فَلْيُسَلِّمْ عَلَى اِخْوَانِهِ، فَاِنَّهُمْ يَزِيدُونَهُ بِدُعَائِهِمْ اِلَى دُعَائِهِ خَيْرًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک سفر کا ارادہ کرے تو اُس کے لیے ضروری ہے کہ اپنے بھائیوں کو سلام کرے کیونکہ جب ان کی دعا' اس کی دعا کے ساتھ مل جائے گی تو بھلائی بڑھ جائے گی۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

اس حدیث کو سہیل سے صرف یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کے ساتھ عمرو منفرد ہیں۔

2843 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ اَبِی سَارَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَحَقَ الْاِسْلَامُ شَيْئًا مَحْقَ الشُّحِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسلام کنجوسی و لالچ کے مٹانے کی طرح کسی شی کو نہیں مٹاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِی سَارَةَ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ

اس حدیث کو حضرت ثابت سے صرف علی بن ابی سارہ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کے ساتھ عمرو بن حصین منفرد ہیں۔

2844 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ اَبِی سَارَةَ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُكَفِّرُوا اَحَدًا مِنْ اَهْلِ قِبْلَتِكُمْ بِذَنْبٍ وَاِنْ عَمِلُوا بِالْكَبَائِرِ وَصَلُّوا مَعَ كُلِّ اِمَامٍ، وَجَاهِدُوا مَعَ كُلِّ اَمِيرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کسی گناہ کی وجہ سے اہل سنت و جماعت کے کسی فرد پر کفر کا فتویٰ نہ لگاؤ' اگرچہ وہ گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو' ہر امام کے پیچھے نماز پڑھ لو اور ہر کمانڈر کے ساتھ مل کر جہاد میں شریک رہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِی سَارَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ

یہ حدیث علی بن زید سے صرف علی بن ابی سارہ روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے ساتھ حضرت عمرو بن حصین اکیلے ہیں۔

2845 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ سَعْدَانَ قَالَ: نا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، وَاَبِی وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَاَنِّی اَنْظُرُ اِلَى بَيَاضِ خَدَّیْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا میں رسول کریم ﷺ کے دونوں رخساروں کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں' جب آپ دائیں اسلام علیکم ورحمۃ اللہ فرماتے اور بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ فرماتے۔

2844- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه112 .

2845- وأخرجه النسائي: السهو جلد3صفحه53 (باب كيف السلام على الشمال؟) .

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

2846 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ، اَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِی الرَّبِيعِ، اَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ قَالَ: نا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِی الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى، وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر میں سبح اسم ربك الاعلیٰ‘ قل یا ایها الکافرون اور قل هو اللّٰه احد تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ

یہ حدیث حضرت عاصم سے صرف عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں۔

2847 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ سَاجِدًا بِمَكَّةَ، فَجَاءَ اِبْلِيسُ فَاَرَادَ اَنْ يَطَاَ عَلَى عُنُقِهِ فَنَفَحَهُ جِبْرِيلُ نَفْحَةً بِجَنَاحِهِ، فَمَا اسْتَوَتْ قَدَمَاهُ عَلَى الْاَرْضِ حَتَّى بَلَغَ الْاُرْدُنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں سجدہ کی حالت میں تھے‘ پس ابلیس لعین نے آکر آپ کی گردن مبارک کو روندنا چاہا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنے پَروں کے ساتھ ہوا سے اس کو دُور کردیا۔ اس کے پاؤں زمین پر نہ ٹک سکے یہاں تک کہ وہ اُردون میں جاپڑا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ

اس حدیث کو حضرت ثابت سے صرف عثمان بن مطر ہی روایت کرتے ہیں۔

2848 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: حَدَّثَتْنَا اُمُّ عُمَرَ بِنْتُ حَسَّانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَبِی الْغُصْنِ، قَالَتْ: حَدَّثَنِی سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسِ بْنِ عِيسَى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّكَ اِذَا اعْتَلَلْتَ قَدَّمْتَ اَبَا

حضرت سعید بن یحییٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُم المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب آپ بیمار ہوئے تو حضرت ابوبکر کو امامت کے لیے آگے کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں‘ ان کو اللہ نے آگے کیا۔

بَكْرٍ؟ فَقَالَ: لَسْتُ اَنَا الَّذِی قَدَّمْتُه، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ الَّذِی قَدَّمَهُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تفرَّدَ بِهِ: الصَّلْتُ

یہ حدیث یحییٰ بن قیس سے صرف اسی سند سے روایت ہے اس حدیث کے ساتھ صلت منفرد ہیں۔

2849 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الشَّيْبَانِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی اِسْحَاقُ بْنُ اَبِی اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِیُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَحِقْتُهُ بِالْبَقِيعِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: السَّلَامُ عَلَى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ، فَانْقَطَعَ شِسْعِی، فَقَالَ لِی: اَنْعِشْ قَدَمَكَ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طَالَتْ عُزُوبَتِی، وَنَايَتُ عَنْ دَارِ قَوْمِی، فَقَالَ: يَا بَشِيرُ، اَلَا تَحْمَدِ اللّٰهَ الَّذِی اَخَذَ بِنَاصِيَتِكَ لِلْاِسْلَامِ مِنْ بَيْنِ رَبِيعَةَ، قَوْمٌ يَرَوْنَ اَنْ لَوْلَا هُمْ لَائْتَفَكَتِ الْاَرْضُ بِمَنْ عَلَيْهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا ابْنُهُ اِسْحَاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُقْبَةُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بَشِيرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت بشیر ابن خصاصیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور جنت البقیع میں آپ سے جاملا' پس میں نے سنا آپ فرما رہے تھے: السلام علٰی اهل الديار من المؤمنين! پس میرے جوتے کا تسمہ ٹوٹ گیا' آپ نے مجھ سے فرمایا: اپنے جوتے کو تسمہ ڈالو۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرا سفر لمبا ہے' میں اپنی قوم کے گھروں سے دُور ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے بشیر! کیا تُو اس بات پر اللہ کا شکر نہیں کرتا کہ اس نے بنو ربیعہ سے تجھے اسلام لانے کی توفیق دی۔ وہ ایسی قوم ہے جو خیال کرتی ہے کہ اگر وہ نہ ہوتے تو شاید زمین پر کوئی نہ ہوتا۔

اس حدیث کو ابواسحاق سے' ان کے بیٹے اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کے ساتھ عقبہ اکیلے ہیں' یہ حدیث بشیر سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

2850 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَعِدَ الثَّنِيَّةَ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ فَاِنَّهُ يُحَطُّ عَنْهُ مَا حُطَّ عَنْ بَنِی اِسْرَائِيلَ ۔ قَالَ جَابِرٌ: فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ صَعِدَهَا خَيْلُنَا بَنِی الْخَزْرَجِ، ثُمَّ تَتَامَّ النَّاسُ، فَقَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ثنیہ المرار پر چڑھے گا اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں گے جس طرح بنی اسرائیل کے معاف ہوئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سب سے پہلے جو چڑھا وہ ہمارا دوست بنی خزرج کا تھا' پھر لوگ مکمل ہو گئے' حضور ﷺ نے فرمایا: سارے بخشے گئے ہیں مگر

2850- أخرجه مسلم: المنافقين جلد4صفحه2144' والبيهقی فی دلائل النبوة جلد4صفحه108-109 .

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: کُلُّکُمْ مَغْفُورٌ لَهُ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ ، فَقُلْنَا: تَعَالَ یَسْتَغْفِرْ لَکَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَاَنْ اَجِدَ ضَالَّتِی اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَسْتَغْفِرَ لِی صَاحِبُکُمْ، وَاِذَا هُوَ یُنْشِدُ ضَالَّةً

سرخ اونٹ والا نہیں' ہم نے کہا: آ تیرے لیے رسول اللہ ﷺ سے بخشش طلب کریں' اس نے کہا: ابھی تو مجھے اپنا اونٹ تلاش کرنا زیادہ پسند ہے' تمہارے صاحب کی بخشش طلب کرنے سے۔ اس وقت اس کا اونٹ گم ہوا تھا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ اِلَّا مُعَاذٌ

یہ حدیث قرہ بن خالد سے صرف معاذ ہی روایت کرتے ہیں۔

2851 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَکُونِیُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ حُسَامِ بْنِ مِصَکٍّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّیْبَانِیِّ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الرَّجُلُ بِلَالٌ، وَالْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین آدمی بلال ہے' مؤذنوں کی گردنیں دوسرے لوگوں سے لمبی ہوں گی۔

فائدہ: لمبی ہونا سے مراد ہے کہ ان کا مقام ومرتبہ اونچا ہوگا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حُسَامُ بْنُ مِصَکٍّ

یہ حدیث قتادہ سے صرف حسام بن مصک ہی روایت کرتے ہیں۔

2852 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَکُونِیُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا ابْنُ اَبِی لَیْلَی، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِی الْخَلِیلِ، عَنْ اَبِی قَتَادَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَکَلَ مِنَ الْهَدْیِ تَطَوُّعًا فَقَدْ غَرِمَ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب نفلی قربانی کھائی جائے تو وہ اس کے ذمہ چٹی ہوجائے گی۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی قَتَادَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ

یہ حدیث ابوقتادہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے خالد اکیلے ہیں۔

2853 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو قُعَيْسٍ، اَنَّهُ اَتَى عَائِشَةَ، فَاسْتَاْذَنَ عَلَيْهَا، فَكَرِهَتْ اَنْ تَاْذَنَ لَهُ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَائَنِي اَبُو قُعَيْسٍ فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ، فَقَالَ: لِيَدْخُلْ عَلَيْكِ عَمُّكِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي الْمَرْاَةُ، لَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ، فَقَالَ: اِنَّهُ عَمُّكِ، فَلْيَدْخُلْ عَلَيْكِ وَكَانَ اَبُو قُعَيْسٍ اَخَا ظِئْرِ عَائِشَةَ

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں کہ مجھے ابوقعیس نے بیان کیا کہ وہ عائشہ کے پاس آئے' آپ کے پاس آنے کی اجازت چاہی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے اجازت دینے کو ناپسند سمجھا' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' حضرت عائشہ نے عرض کی: یا نبی اللہ! میرے پاس ابوقعیس آئے تھے' میں نے ان کو اپنے پاس آنے کی اجازت نہیں دی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ تیرے پاس آ سکتا ہے وہ تیرا چچا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے عورت نے دودھ پلایا ہے' مجھے مرد نے دودھ نہیں پلایا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ تیرا چچا ہے اور وہ تیرے پاس آ سکتا ہے۔ حضرت ابوقعیس' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے رضاعی چچا تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثِ عَنْ اَبِي قُعَيْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هُدْبَةُ

یہ حدیث ابوقعیس سے اسی سند سے روایت ہے' محمد بکر البرسانی سے ھدبہ روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

2854 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوسَى، عَنْ اَبِي مَضَاءٍ، وَكَانَ رَجُلَ صِدْقٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صُبَيْحٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ جَدِّهِ صُبَيْحٍ قَالَ: كُنْتُ بِبَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، فَجَلَسُوا نَاحِيَةً، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْنَا، فَقَالَ: اِنَّكُمْ عَلَى خَيْرٍ وَعَلَيْهِ كِسَاءٌ خَيْبَرِيٌّ، فَجَلَّلَهُمْ بِهِ، وَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ، سَلْمٌ

حضرت ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن صبیح مولیٰ اُم سلمہ اپنے دادا صبیح سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے کے پاس تھا' حضرت علی' فاطمہ' حسن و حسین رضی اللہ عنہم آئے' ایک کونے میں بیٹھ گئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف نکلے' فرمایا: تم بھلائی پر ہو! ان حضرات پر خیبر والی چادر تھی' ان کو چادر سے ڈھانپ لیا اور فرمایا: میں ان سے لڑوں گا جو تم سے لڑے گا' میں ان سے دوستی رکھوں گا جو تم سے دوستی رکھے گا۔

لِمَنْ سَالَمَكُمْ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حُسَيْنٌ الْأَشْقَرُ وَقَدْ رَوَاهُ السُّدِّيُّ: عَنْ صُبَيْحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

یہ حدیث صبیح مولیٰ اُم سلمہ' حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین اشقر اکیلے ہیں۔ سدی نے صبیح سے' انہوں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے حدیث روایت کی ہے۔

2855 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ حَرْبٍ أَبُو بِشْرٍ الْمُزَنِيُّ، أَنَا الْمَضَاءُ الْخَرَّازُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَافِحُ النِّسَاءَ مِنْ تَحْتِ الثَّوْبِ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عورتوں سے مصافحہ کرتے تھے کپڑے کے نیچے سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا مَضَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَتَّابٌ

یہ حدیث یونس سے صرف مضاء روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عتاب اکیلے ہیں۔

2856 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ ابْنِ أَخِي مَنْصُورِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ يُكَنَّى: أَبَا مُحَمَّدٍ، وَحَدَّثَنِي شَيْخٌ يُقَالُ لَهُ الْمُهَاجِرُ، فِي زَمَنِ خَلَفٍ فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِرَبِّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ فِي أَيَّامِ دَهْرِكُمْ نَفَحَاتٍ، فَتَعَرَّضُوا لَهَا، لَعَلَّ أَحَدَكُمْ أَنْ تُصِيبَهُ مِنْهَا نَفْحَةٌ لَا يَشْقَى بَعْدَهَا أَبَدًا

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے رب عزوجل کی طرف تمہارے زمانہ کے دنوں میں نفحات' ان کو لو! ہوسکتا ہے تم مین سے کوئی اس پھونک سے لے لے' وہ اس کے بعد ہمیشہ کے لیے بدبخت نہیں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث محمد بن مسلمہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

2857 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان

عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی يَزِيدُ بْنُ اَبِی عُبَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، رَفَعَهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ: اللّٰهُمَّ لَقْحًا لَا عَقِيمًا

کرتے ہیں کہ جب ہوا (آندھی) ہوتی تو ہم یہ عا کرتے: ''اَللّٰهُمَّ لَقْحًا لَا عَقِيمًا '' (پھل لانے والی ہو بانجھ نہ ہو)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَی سَلَمَةَ اِلَّا الْمُغِيرَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث حضرت سلمہ کے غلام یزید سے مغیرہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

2858 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِیُّ قَالَ: نا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ: قُلْتُ لِضَمْرَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ: مَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيكَ فِی لَيْلَةِ الْقَدْرِ؟ فَقَالَ: كَانَ اَبِی صَاحِبَ بَادِيَةٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنِی بِلَيْلَةٍ اُنْزِلُ فِيهَا، فَقَالَ: انْزِلْ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ فَلَمَّا وَلَّی قَالَ: اطْلُبْهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ میں نے ضمرہ بن عبداللہ بن انیس سے کہا کہ حضور ﷺ نے تیرے باپ کو کیا فرمایا تھا لیلۃ القدر کے متعلق؟ حضرت عبداللہ انیس نے کہا: میرا باپ دیہاتی تھا' اس نے عرض کی کہ یارسول اللہ! مجھے اس رات کے متعلق بتائیں جس میں قرآن نازل ہوا ہے' آپ نے فرمایا: وہ تیسویں کی رات میں نازل ہوا ہے' جب وہ جانے لگے تو آپ نے فرمایا: آخری عشرے میں تلاش کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُكَيْرٍ اِلَّا فُضَيْلٌ

یہ حدیث بکیر سے صرف فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

2859 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو سمندر پھینکے اس کو کھاؤ' جو اس میں مرجائے یا پانی پر تیرنے لگے اس کو نہ کھاؤ۔

2858- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **2** صفحه **53** رقم الحديث: **1380**' والطبرانی فی الكبير جلد **2** صفحه **288** رقم الحديث: **2199** . انظر: مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **181** .

2859- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **357** رقم الحديث: **3815**' وابن ماجة: الصيد جلد **2** صفحه **1082** رقم الحديث: **3247** .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَلْقَى الْبَحْرُ وَجَزَرَ عَنْهُ فَكُلُوهُ، وَمَا مَاتَ فِيهِ، اَوْ طَفَى فَلَا تَأْكُلُوهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث اسماعیل سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2860 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: اَنَا شَرِيكٌ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَّامُ التَّشْرِيقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ فَلَا يَصُمْهَا اَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایامِ تشریق کھانے اور پینے کے دن ہیں' ان دنوں میں کوئی آدمی روزہ نہ رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا حُسَيْنُ بْنُ الْاَشْقَرِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث اشعث سے صرف شریک اور شریک سے صرف حسین بن اشعر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

2861 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ قَالَ: اَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَجِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، وَعَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَهَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَشْرَبَ فِي اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے چاندی کے برتن میں پینے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا قَيْسٌ

یہ حدیث جابر سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں۔

2862 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حُسَيْنٌ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ زِيَادٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ يَزِيدَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ کے پاس غصہ آیا' آپ نے مجھے فرمایا: وضو

2860- انظر: تلخيص الحبير جلد2صفحه208-209 رقم الحديث: 21 .

بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ اَبِی هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: رَعِفْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: تَوَضَّأْ

کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ

یہ حدیث جعفر سے حسین اشقر ہی روایت کرتے ہیں۔

2863 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ قَالَ: نا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ بَخِيتٍ الطَّاحِيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ، لَسْتُ اَدَعُهُنَّ الدَّهْرَ: الْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَصَلَاةُ الضُّحَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی ہے' ان کو ساری زندگی نہیں چھوڑوں گا' سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی' ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' چاشت کی نماز کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا نُوحٌ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف نوح ہی روایت کرتے ہیں۔

2864 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَشَّابُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی زِيَادٍ الْقَدَّاحِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا خَلْفَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فَفِي النَّارِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تہبند ٹخنوں سے نیچے ہوتا ہے وہ جہنم میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا سُلَيْمٌ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف سلیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2865 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدٌ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ، عَنْ تَطَوُّعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ؟ فَقَالَتْ: رَكْعَتَانِ دُبُرَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سفر میں حضور ﷺ کی نفلی نماز کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: ہر نماز کے بعد دو رکعت پڑھتے تھے۔

2864- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه126 .

كُلِّ صَلاةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ إِلَّا ابْنُهُ

یہ حدیث مجالد سے ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں۔

2866 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدٌ قَالَ: نا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا زَيْدٍ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ فِجَاجِ الْمَدِينَةِ، فَسَمِعَ رَجُلًا يَتَهَجَّدُ وَيَقْرَأُ بِأُمِّ الْقُرْآنِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَعَ حَتَّى خَتَمَهَا، ثُمَّ قَالَ: مَا فِي الْقُرْآنِ مِثْلُهَا

حضرت ابوزید فرماتے ہیں کہ (ان کو صحابہ کا درجہ حاصل ہے) میں حضور ﷺ کے ساتھ ہوتا تھا' مدینہ شریف گلیوں میں' آپ نے ایک آدمی کو سنا وہ نمازِ تہجد میں سورۂ فاتحہ پڑھ رہا تھا' نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے' آپ نے اس کی قرأت سنی یہاں تک کہ اس نے ختم کر لی' پھر فرمایا: قرآن کی اور کوئی سورت اس کی مثل نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي زَيْدٍ عَمْرِو بْنِ أَخْطَبَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابوزید عمرو بن اخطب سے اسی سند سے روایت ہے' اس حدیث کو روایت کرنے میں سلیم بن مسلم اکیلے ہیں۔

2867 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، وعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ إِلَى الْجَبَّانِ مَاشِيًا، وَيَرْجِعُ مَاشِيًا، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مقامِ جبان کی طرف پیدل چل کر جایا کرتے تھے اور پھر پیدل چل کر واپس آتے۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کی بھی یہی عادت رہی)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

2868 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حلال اور حرام واضح ہیں' ان کے درمیان مشتبہات ہیں' جو ان سے بچ گیا' اس نے اپنی

2867- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه372 رقم الحديث: 13382 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا شُبُهَاتٌ، فَمَنِ اتَّقَاهَا كَانَ اَنْزَهَ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ اَوْشَكَ اَنْ يَقَعَ فِي الْحَرَامِ، كَالْمُرْتِعِ حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يُوَاقِعَ الْحِمَى وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

عزت اور اپنا دین بچا لیا' جوان میں پڑ گیا قریب ہے کہ وہ حرام میں پڑ جائے گا' (جس طرح کہ بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے) چراگاہ کے اردگرد چرنے والے جانور ہوتے ہیں تو قریب ہے چرتا چرتا بے خیالی میں اس میں چلا جائے۔

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2869 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ جِبْرِيلُ اِذَا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُرْآنِ، كَانَ اَوَّلَ مَا يُلْقِي عَلَيْهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، فَاِذَا قَالَ جِبْرِيلُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ الثَّانِيَةَ، عَلِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ قَدْ خَتَمَ السُّورَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام جب حضور ﷺ کے پاس قرآن لے کر آتے' پہلے بسم اللہ الرحمٰن پڑھتے تھے پھر جبریل علیہ السلام جب دوسری مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے تو حضور ﷺ کو معلوم ہو جاتا کہ سورۃ مکمل ہو گئی ہے۔

2870 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ زَوَّجَ عَلِيًّا فَاطِمَةَ قَالَ: يَا عَلِيُّ، لَا تَدْخُلْ عَلَى اَهْلِكَ حَتَّى تُقَدِّمَ لَهُمْ شَيْئًا فَقَالَ: مَا لِي شَيْءٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَعْطِهَا دِرْعَكَ الْحُطَمِيَّةَ قَالَ ابْنُ اَبِي رَوَّادٍ: قَالَ اَبِي: فَقُوِّمَتِ الدِّرْعُ اَرْبَعَمِائَةٍ وَثَمَانِينَ دِرْهَمًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جس وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کی' فرمایا: اے علی! اپنے گھر والوں کے پاس نہ جانا یہاں تک کہ تم اُن کا حق مہر نہ ادا کر لو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس کوئی شی نہیں ہے' آپ نے فرمایا: تم اپنی الحطمیہ نامی زرہ فروخت کر دو! ابن ابی روّاد فرماتے ہیں کہ میرے باپ فرماتے تھے: اس زرہ کی قیمت لگائی گئی چارسو اسّی درہم بنی۔

2869- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد1صفحه231 . انظر: الدر المنثور جلد1صفحه7 .

2871 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نا مُعْتَمِرٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي عُمَرَ الْغُدَانِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَا يَكُونُ لِرَجُلٍ اِبِلٌ لَا يُؤَدِّي حَقَّهَا فِي نَجْدَتِهَا وَرِسْلِهَا اِلَّا بُطِحَ لَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقَاعٍ قَرْقَرٍ جَائَتْ كَاَكْثَرِ مَا كَانَتْ وَاَغَذِّهِ وَآشَرِهِ وَاَجْسَمِهِ فَتَطَؤُهُ بِاَخْفَافِهَا، كُلَّمَا مَضَتْ اُخْرَاهَا عَادَتْ اُولَاهَا، فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ وَقَالَ فِي الْغَنَمِ كَنَحْوِ ذٰلِكَ، وَقَالَ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَنَحْوِ ذٰلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی اپنے اونٹوں کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے وہ قیامت کے دن لایا جائے گا' اس کے کھر دنیا کے کھروں سے زیادہ سخت اور بڑے ہوں گے' جب اس کو ان کے ساتھ روندے گا' جب ایک مرتبہ گزرنے گا روند کر دوبارہ وہ ٹھیک ہو جائے گا' ایک دن کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔ بکریوں کی زکوٰۃ نہ دینے والوں کا اور سونے اور چاندی کی زکوٰۃ نہ دینے والوں کا حشر اسی طرح ہوگا۔

2872 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَعْدِ، اَوِ ابْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرَيْتُ مِقْسَمَ بَنِي فُلَانٍ، فَرَبِحْتُ فِيهِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: اَلَا اُنَبِّئُكَ بِمَا هُوَ اَكْثَرُ مِنْهُ رِبْحًا؟ قَالَ: هَلْ يُوجَدُ؟ قَالَ: رَجُلٌ تَعَلَّمَ عَشْرَ آيَاتٍ، فَذَهَبَ الرَّجُلُ فَتَعَلَّمَ عَشْرَ آيَاتٍ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا ابْنُهُ

حضرت ابوامامہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے مقسم بن فلان کو خریدا' مجھے اس میں اتنا نفع ہوا کہ آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو اس سے زیادہ نفع والی شے نہ بتاؤں؟ اس نے عرض کی: کیا اس نفع کو پایا جا سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک آدمی جو دس آیات سیکھ لے۔ وہ آدمی گیا' اس نے دس آیتیں سیکھیں' اس کے بعد حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور آپ کو بتایا۔

یہ تمام احادیث سلیمان التیمی سے ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں۔

2873 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي الْفَضْلِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ناپسند کرتے تھے ایسی بو کو جس سے تکلیف ہوتی ہے۔

2871- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد 2 صفحه 127 رقم الحديث: 1658' والنسائي: الزكاة جلد 5 صفحه 8 (باب التغليظ في حبس الزكاة)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 644 رقم الحديث: 10360 .

2873- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 278 رقم الحديث: 26174 .

عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ اَنْ يُوجَدَ مِنْهُ رِيحٌ يُتَاَذَّى مِنْهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث ہشام سے عمران ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

2874 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، اَخُو حَجَّاجٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: نا لَيْثٌ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ، اَقُولُ: اتَّقُوا النَّارَ وَاتَّقُوا الْحُدُودَ، ثَلَاثًا، ثُمَّ اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَمَنْ وَرَدَ فَقَدْ اَفْلَحَ، فَيُؤْتَى بِرِجَالٍ، حَتَّى اِذَا عَرَفْتُهُمْ وَعَرَفُونِي اخْتُلِجُوا دُونِي، فَاَقُولُ: رَبِّ اَصْحَابِي، فَيُقَالُ: لَمْ يَزَالُوا يَرْتَدُّونَ عَلَى اَعْقَابِهِمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو تمہاری پشتوں سے پکڑتا ہوں' میں تم کو کہتا ہوں کہ آگ سے ڈرو! اور مقرر کردہ حدوں سے آگے بڑھنے سے بچو! میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا' جو میرے حوض پر آیا وہ کامیاب ہے' کچھ لوگ لائے جائیں گے یہاں تک کہ میں ان کو پہچان لوں گا اور وہ مجھے پہچان لیں گے' میرے سامنے پردہ میں کر دیئے جائیں گے۔ میں عرض کروں گا: اے رب! میرے صحابی ہیں' کہا جائے گا: یہ لوگ آپ کے بعد مرتد ہو گئے تھے۔

یہ حدیث صرف عبدالواحد ہی روایت کرتے ہیں۔

2875 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نا مُعْتَمِرٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ هِلَالٍ، اَخِي بَنِي مُرَّةَ ابْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: اَعْوَزَنَا عَوَزًا شَدِيدًا، فَاَمَرَنِي اَهْلِي اَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْاَلَهُ شَيْئًا، فَاَقْبَلْتُ، فَكَانَ اَوَّلَ مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اسْتَغْنَى اَغْنَاهُ اللّٰهُ، وَمَنِ اسْتَعَفَّ اَعَفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ سَاَلَنَا لَمْ نَدَّخِرْ عَنْهُ شَيْئًا اِنْ وَجَدْنَا، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: لَاَسْتَغْنِيَنَّ فَيُغْنِينِي اللّٰهُ، وَلَاَتَعَفَّفَنَّ فَيُعِفَّنِي اللّٰهُ، فَلَمْ اَسْاَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو ایک دفعہ سخت فاقہ پہنچا' میرے گھر والوں نے مجھ سے کہا کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں جاؤں' آپ سے کچھ مانگوں' پس میں گیا' سب سے پہلے میں نے آپ سے سنا جو آپ نے فرمایا: جو استغنا اختیار کرتا ہے' اللہ اس کو غنی کر دیتا ہے' جو گناہوں سے بچنا چاہتا ہے اللہ اس کو بچا لیتا ہے' جو ہم سے مانگے گا ہم اس سے کوئی شی نہیں روکیں گے' اگر ہمارے پاس ہوئی تو میں نے اپنے دل میں کہا: میں ضرور استغناء اختیار کروں گا' اللہ مجھے غنی کر دے گا' میں سوال کرنے سے بچنا چاہتا تھا اللہ عزوجل نے

2875- أخرجه أحمد: المسند جلد3 صفحه3 رقم الحديث: 10995 .

شَيْئًا

مجھے بچالیا' میں نے حضورﷺ سے کوئی شی نہیں مانگی۔

2876 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَاصِمٌ قَالَ: نا مُعْتَمِرٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلَى الْمَدِينَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میرے حوض کی لمبائی اتنی ہے جتنی صنعاء سے لے کر مدینہ تک سفر ہے۔

2877 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّي لَاَتُوبُ اِلَى اللّٰهِ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں دن میں ستر مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔

2878 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا رَجَعْنَا مِنْ غَزْوَةِ الْحُدَيْبِيَةِ قَدْ حِيلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ نُسُكِنَا، فَنَحْنُ بَيْنَ الْحُزْنِ وَالْكَآبَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح: 1) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اُنْزِلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا جَمِيعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم غزوۂ حدیبیہ سے واپس آئے ہم قربانی نہ کر سکے' ہم غم اور پریشانی میں تھے اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اے مصطفیٰ (ﷺ)! ہم نے آپ کو واضح فتح دی' حضور ﷺ نے فرمایا: آج ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا ابْنُهُ

یہ تمام احادیث سلیمان تیمی سے ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں۔

2879 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الْعَيْزَارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ قَالَ: قَالَ لِي ابْنُ عَبَّاسٍ: يَا اَبَا الْجَوْزَاءِ، اَلَا اُخْبِرُكَ، اَلَا اُتْحِفُكَ، اَلَا اُعْطِيكَ؟ قُلْتُ: بَلَى، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى اَرْبَعَ

حضرت ابوالجوزاء فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے ابوالجوزاء! کیا میں آپ کو بتاؤں! کیا میں آپ کو تحفہ نہ دوں! کیا میں آپ کو عطا نہ کروں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو چار رکعت نفل ادا کرتا ہے' ہر

2876- أخرجه مسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1801' وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1439 رقم الحديث: 4304' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 269 رقم الحديث: 13299 .

2878- أخرجه مسلم: الجهاد جلد 3 صفحه 1413' والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 385 رقم الحديث: 3263 .

رَكَعَاتٍ، يَقْرَأُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ أُمَّ الْقُرْآنِ وَسُورَةً، فَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَائَةِ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، فَهٰذِهِ وَاحِدَةٌ، حَتّٰى يُكْمِلَ خَمْسَ عَشْرَةَ، ثُمَّ رَكَعَ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ رَفَعَ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ يَسْجُدُ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ يَرْفَعُ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ يَسْجُدُ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهُ فَيَقُولُهَا عَشْرًا، فَهٰذِهِ خَمْسَةٌ وَسَبْعُونَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَالَ: مَنْ صَلَّاهُنَّ غُفِرَ لَهُ كُلُّ ذَنْبٍ صَغِيرِهِ وَكَبِيرِهِ، قَدِيمٌ اَوْ حَدِيثٌ، كَانَ اَوْ هُوَ كَائِنٌ

رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کوئی اور سورۃ پڑھتا ہے' جب قرأت سے فارغ ہو جائے تو پندرہ مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ' وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ' وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ" پڑھتا ہے' پھر رکوع کرتا ہے' رکوع میں یہ کلمات دس مرتبہ کہے' رکوع سے اُٹھتے وقت دس مرتبہ' پھر سجدہ میں دس مرتبہ' پھر سجدہ سے اُٹھ کر دس مرتبہ' پھر دوسرے سجدہ میں دس مرتبہ پھر دوسرا سجدہ کر کے دس مرتبہ پڑھتا ہے' ہر رکعت میں پچھتر (۷۵) مرتبہ ہو جائے گا' چار رکعتوں میں اس طرح کرنا ہے' جس نے یہ نفل ادا کر لیے اس سے صغیرہ اور کبیرہ نئے اور پرانے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحْرِزٌ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف یحییٰ بن عقبہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محرز اکیلے ہیں۔

2880 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ زُنْبُورٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الصَّفَا مِنْ بَابِ بَنِي مَخْزُومٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صفا کی طرف نکلتے تھے بنی مخزوم کے دروازے سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

2881 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعْدٌ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی خوبی یہ ہے کہ لایعنی کاموں کو

2880- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ251 .

2881- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4صفحہ558 رقم الحديث: 2317' وابن ماجة: الفتن جلد 2صفحہ1315 رقم الحديث: 3976 .

اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُهُ مَا لَا یَعْنِیهِ

چھوڑ دینا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُهَیْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث سہیل سے صرف عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2882 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ، اَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، اَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ کَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ کَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے' اللہ عزوجل اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے' جو اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ عزوجل اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔

2883 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ کَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِیَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَی وَادِیًا ثَالِثًا، وَلَا یَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَیَتُوبُ اللّٰهُ عَلَی مَنْ تَابَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ چاہے گا تیسری بھی ہو' انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی' اللہ توبہ قبول کرتا ہے' جس کی توبہ قبول کرنا چاہے۔

2884 - وَبِهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَیْنَ عَیْنَیْهِ مَکْتُوبٌ: کَافِرٌ یَعْنِی: الدَّجَّالَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا۔

2885 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِنَبِیِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور

2882- أخرجه البخاری: الرقاق جلد 11 صفحه 364 رقم الحديث: 6507' ومسلم: الذكر جلد 4 صفحه 2065 .

2883- أخرجه مسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 725' والدارمی: الرقاق جلد 2 صفحه 410 رقم الحديث: 2778' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 150 رقم الحديث: 12236 .

2884- أخرجه البخاری: الفتن جلد 13 صفحه 97 رقم الحديث: 7131' ومسلم: الفتن جلد 4 صفحه 2248 .

2885- أخرجه البخاری: الرقاق جلد 11 صفحه 472 رقم الحديث: 6581' والترمذی: التفسير جلد 5 صفحه 449 رقم الحديث: 3360 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ عُرِضَ لَهُ نَهْرٌ حَافَّتَاهُ الْيَاقُوتُ الْمُجَوَّفُ، فَضَرَبَ الْمَلَكُ الَّذِي مَعَهُ بِيَدِهِ، فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا، فَقَالَ لِلْمَلَكِ الَّذِي مَعَهُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي اَعْطَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: فَرُفِعَتْ لِي سِدْرَةُ الْمُنْتَهَى، فَاَبْصَرْتُ عِنْدَهَا نُورًا عَظِيمًا

ﷺ کو جنت کی سیر کروائی گئی تو آپ کو ایک نہر دکھائی گئی' اس کے دونوں کناروں پر یاقوت کے موتی لٹکے ہوئے تھے' فرشتے نے وہ شے ماری جو اس کے پاس تھی' اس سے مشک خوشبو نکلی' فرشتے سے کہا جس کے پاس وہ تھی: یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: یہ کوثر ہے جو آپ کو اللہ عزوجل نے عطا کی ہے' میرے لیے سدرۃ المنتہیٰ اُٹھایا گیا' میں نے اس کے پاس بڑا نور دیکھا۔

2886 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْكَافِرَ اِذَا عَمِلَ حَسَنَةً اُطْعِمَ بِهَا طُعْمَةً فِي الدُّنْيَا، وَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَدَّخِرُ لَهُ حَسَنَاتِهِ فِي الْآخِرَةِ، وَيُعْقِبُهُ رِزْقًا فِي الدُّنْيَا عَلَى طَاعَتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کافر جب کوئی نیکی کرتا ہے تو اس کا بدلہ اس کو دنیا میں دیا جاتا ہے' مؤمن کی نیکی آخرت کے لیے ذخیرہ کی جاتی ہے اور دنیا میں اس کی طاعت کی وجہ سے رزق دیا جائے گا۔

2887 - وَبِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ: اِذَا اَبْصَرَهُمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ قَالُوا: مَا هَؤُلَاءِ؟ فَيُقَالُ: هَؤُلَاءِ الْجَهَنَّمِيُّونَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب جنت والے جہنمیوں کو دیکھیں گے تو کہا جائے گا: یہ جہنمی ہیں۔

2888 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَفَعْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَاُ: اَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ، فَقَالَ: يَقُولُ ابْنُ آدَمَ: مَالِي مَالِي، وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ يَا ابْنَ آدَمَ اِلَّا مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ، اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ، اَوْ اَعْطَيْتَ

حضرت مطرف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ سورۃ الہاکم التکاثر پڑھ رہے تھے اور فرما رہے تھے: انسان کہتا ہے کہ میرا مال' میرا مال' اے آدم کے بیٹے! کیا تیرا کوئی مال ہے بھی سہی سوائے اس کے جو تو نے کھا لیا اور ضائع کر دیا یا

2886- أخرجه مسلم: المنافقين جلد4صفحه2162 .

2887- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه155 رقم الحديث: 12278 .

2888- أخرجه مسلم: الزهد جلد 4صفحه2273' والترمذي: التفسير جلد 5صفحه447 رقم الحديث: 3354' والنسائي: الوصايا جلد6صفحه198 (افتتاحية كتاب الوصايا)' وأحمد: المسند جلد4صفحه33 رقم الحديث: 16328 .

فَامْضَيْتَ

پہن کر پرانا کرلیا' یا اللہ کی راہ میں دے کر آگے کے لیے بھیج دیا۔

2889 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابٍ عِنْدَهُ: غَلَبَتْ اَوْ قَالَ: سَبَقَتْ رَحْمَتِي غَضَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ نے لکھنے کا فیصلہ کیا تو اس نے اپنے پاس لکھا: میری رحمت میرے غضب پر غالب آ گئی۔

2890 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْاَةُ عَوْرَةٌ، وَاِنَّهَا اِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ، وَاِنَّهَا لَا تَكُونُ اَقْرَبَ اِلَى اللّٰهِ مِنْهَا فِي قَعْرِ بَيْتِهَا

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت چھپانے والی شے ہے' کیونکہ جب عورت نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانک کر دیکھتا ہے' عورت اللہ کے قریب اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر کے کسی کونے کے اندر ہوتی ہے۔

2891 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ وَلَا غَرَبَتْ اِلَّا وبِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ، يَسْمَعُ مَنْ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ: اَيُّهَا النَّاسُ، هَلُمُّوا اِلَى رَبِّكُمْ، اِنَّ مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهَى، وَلَا آبَتْ اِلَّا وبِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ: اللّٰهُمَّ مَنْ اَنْفَقَ فَاَعْطِهِ خَلَفًا، وَمَنْ اَمْسَكَ فَاَعْطِهِ تَلَفًا

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے' اس کے پاس دو فرشتے ہوتے ہیں' دونوں اعلان کر رہے ہوتے ہیں: زمین والی ہر شے سوائے انسان و جن کے سنتی ہے' اے لوگو! آؤ اپنے ربّ کی طرف! بے شک تھوڑا ہی عمل کرو اور ہمیشہ کے لیے ہو تو کثرت اور غفلت سے بہتر ہے اور جب (طلوع ہوتا ہے) تو دونوں فرشتے اعلان کرتے ہیں: اے اللہ! خرچ کرنے والے کو عطا کر! جو روک لے عطا نہ کر' اس کو ضائع کر دے یعنی مال کو۔

2892 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ انا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا مقام عرفات میں دعا کرتے ہوئے' آپ کے دونوں ہاتھ سینہ کے برابر تھے جس طرح

2889- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه532 رقم الحديث: 7553' ومسلم: التوبة جلد4صفحه2107 .

2891- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه234 رقم الحديث: 21779 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه258 .

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِعَرَفَةَ، وَيَدَاهُ اِلَى صَدْرِهِ كَاسْتِطْعَامِ الْمِسْكِينِ

مسکین کھانا مانگنے کے لیے ہاتھ اُٹھاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالمجید ہی روایت کرتے ہیں۔

2893 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ الْيَمَامِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ اَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُونَ بِهَدْيِي، وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي، وَسَتَكُونُ رِجَالٌ قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الشَّيَاطِينِ فِي اَجْسَادِ الْاِنْسِ قُلْتُ: كَيْفَ اَصْنَعُ اِنْ اَدْرَكَنِي ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَسْمَعُ وَتُطِيعُ لِلْاَمِيرِ الْاَعْظَمِ، وَاِنْ ضَرَبَ ظَهْرَكَ، وَاَخَذَ مَالَكَ، فَاسْمَعْ وَاَطِعْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے بادشاہ ہوں گے کہ میری ہدایت پر نہ چلیں گے اور میری سنت نہ اپنائیں گے عنقریب ایسے لوگ آئیں گے کہ ان کے دل شیطان کے دل انسانوں کے جسموں میں میں نے عرض کی: اگر میں ان کو پاؤں تو میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: اس کی بات سن اور بڑے امیر کی اطاعت کر! اگرچہ وہ تیری پشت پر مارے اور تیرا مال لے تو اس کی بات سن بھی اور اطاعت بھی کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں ابن سلام اکیلے ہیں۔

2894 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد کاموں والے ایسے مرد ہوں گے کہ تمہارے سامنے نیکی بنا کر پیش کریں گے جس کو تم برائی سمجھتے ہو اور برائی کہیں گے اس چیز کو جسے تم نیکی سمجھتے ہو اللہ کی

2893- أخرجه مسلم: الامارة جلد**3**صفحه**1476**' والبيهقي في الكبرىٰ جلد **8**صفحه**271-272** رقم الحديث: **16617**.

2894- أخرجه أحمد: المسند جلد**5**صفحه**386** رقم الحديث: **22853**' والحاكم في المستدرك جلد**3**صفحه**357**.

سَيَلِي أُمُورَكُمْ مِنْ بَعْدِي رِجَالٌ يُعَرِّفُونَكُمْ مَا تُنْكِرُونَ، وَيُنْكِرُونَ عَلَيْكُمْ مَا تَعْرِفُونَ، فَلَا طَاعَةَ لِمَنْ عَصَى اللّٰهَ

نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں ہے۔

2895 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ قَالَ: نا حَلْبَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي زَوَّجْتُ ابْنَتِي، وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تُعِينَنِي بِشَيْءٍ فَقَالَ: مَا عِنْدِي مِنْ شَيْءٍ، وَلَكِنْ إِذَا كَانَ غَدًا فَتَعَالَ فَجِئْنِي بِقَارُورَةٍ وَاسِعَةِ الرَّأْسِ وَعُودِ شَجَرٍ، وَآيَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ أَنْ أَجِيفَ نَاحِيَةَ الْبَابِ قَالَ: فَأَتَاهُ بِقَارُورَةٍ وَاسِعَةِ الرَّأْسِ وَعُودِ شَجَرٍ، فَجَعَلَ يَسْلُتُ الْعِرْقَ مِنْ ذِرَاعَيْهِ حَتَّى امْتَلَأَتِ الْقَارُورَةُ، فَقَالَ: خُذْ، وَأْمُرْ بِنْتَكَ إِذَا أَرَادَتْ أَنْ تَطَيَّبَ أَنْ تَغْمِسَ هَذَا الْعُودَ فِي الْقَارُورَةِ وَتَطَيَّبَ بِهِ قَالَ: فَكَانَتْ إِذَا تَطَيَّبَتْ شَمَّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ رَائِحَةَ ذَلِكَ الطِّيبِ، فَسُمُّوا بَيْتَ الْمُطَيَّبِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنی بیٹی کی شادی کرنی ہے' میں پسند کرتا ہوں کہ اس حوالہ سے آپ میری مدد کریں کسی شی کے ساتھ۔ آپ نے فرمایا: سردست میرے پاس کوئی شی نہیں ہے لیکن کل آپ میرے پاس آنا اور کھلے منہ والی شیشی اور ایک لکڑی لانا' میرے اور آپ کے درمیان وعدہ تھا' میں دروازے کے پاس کھڑا ہوا' وہ فرماتے ہیں: میں ایک کھلے منہ والی شیشی اور درخت کی ٹہنی لایا' آپ نے اس میں اپنی کلائی مبارک سے پسینہ اُتار کر بھرنے لگے یہاں تک کہ شیشی بھر گئی' آپ نے فرمایا: لے لو اور اپنی بیٹی کو حکم دے دو' جب تو خوشبو لگانے کا ارادہ کرے تو یہ لکڑی اس پیالہ میں ڈالنا اور اس کے ساتھ خوشبو لگانا' وہ جب بھی خوشبو لگاتی تو پورے مدینہ پاک میں پھیل جاتی تھی' اس گھر کا نام مدینہ والوں نے خوشبو والا گھر رکھ دیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ إِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا حَلْبَسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ بِشْرٌ

یہ حدیث ابوزناد سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں اور سفیان سے صرف حلبس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر اکیلے ہیں۔

2896 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ

حضرت زیال بن عبید بن حنظلہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا حنظلہ بن حذیم سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ

2896- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 3501' وأحمد جلد5صفحه67-68 .

قَالَ: نا الذَّيَّالُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ بْنَ حِذْيَمٍ يَقُولُ: وَفَدْتُ مَعَ جَدِّي حِذْيَمٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ لِي بَنِينَ ذَوِي لِحًى وَغَيْرَهُمْ، وَهَذَا أَصْغَرُهُمْ، فَأَدْنَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَسَحَ رَأْسِي، وَقَالَ: بَارَكَ اللَّهُ فِيكَ قَالَ الذَّيَّالُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ حَنْظَلَةَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ الْوَارِمِ وَجْهُهُ وَالشَّاةِ الْوَارِمِ ضَرْعُهَا، فَيَقُولُ: بِسْمِ اللَّهِ، عَلَى مَوْضِعِ كَفِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَمْسَحُهُ، فَيَذْهَبُ الْوَرَمُ

میں اپنے دادا حذیم کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں گیا، عرض کی: یارسول اللہ! میرے بیٹے ہیں: ذوی لحی اور اس کے علاوہ اور یہ ان سے چھوٹا ہے، مجھے حضور ﷺ نے قریب بلایا اور میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ آپ کو برکت دے! حضرت ذیال فرماتے ہیں کہ میں نے حنظلہ کو دیکھا، آپ کے پاس اگر ایسا آدمی لایا جاتا اس کے چہرے پر ورم ہوا ہوتا یا بکری لائی جاتی، اس کے تھنوں میں ورم ہوتا، آپ اللہ کا نام لے کر اس جگہ سے ملتے جس جگہ حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک رکھا تھا، وہ ورم چلا جاتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حَنْظَلَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو سَعِيدٍ

یہ حدیث حنظلہ سے اسی سند سے روایت ہے، ان سے روایت کرنے میں ابوسعید اکیلے ہیں۔

2897 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَمَّارٌ كَذَا وَكَذَا وَكَذَا، مَا لَمْ يَبْلُغْهُ السِّنُّ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت عمار کے متعلق فرماتے ہوئے سنا کہ آپ کو اس اس طرح کیا جائے گا، جب تک آپ بلوغت کی عمر تک نہ پہنچیں۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعْدُ بْنُ أَوْسٍ الْكَاتِبُ

یہ حدیث حذیفہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے، اس کو روایت کرنے میں سعد بن اوس الکاتب روایت کرتے ہیں۔

2898 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَصْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں دونوں طرف سلام پھیرتے تھے۔

2898- أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه**409**، وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه**260** رقم الحديث: **996** والترمذي: الصلاة جلد**2** صفحه**89** رقم الحديث: **295**، والنسائي: السهو جلد **3** صفحه**53** (باب كيف السلام على الشمال؟)، وابن ماجة: الاقامة جلد**1** صفحه**296** رقم الحديث: **914** .

عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَتَيْنِ فِي الصَّلَاةِ

2899 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَصْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَحَابَّ رَجُلَانِ فِي اللّٰهِ اِلَّا كَانَ اَحَبُّهُمَا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَشَدُّهُمَا حُبًّا لِصَاحِبِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو دو آدمی اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے آپس میں محبت کرتے ہیں' اللہ عزوجل اس سے زیادہ محبت کرتا ہے جو اپنے ساتھی سے زیادہ محبت کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ

یہ حدیث ثابت سے صرف عبداللہ بن زبیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2900 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدُ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صُومُوا مِنْ وَضَحٍ اِلَى وَضَحٍ

حضرت ابوملیح بن اسامہ ہذلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزے رکھو ایک چاند سے دوسرے چاند تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ اِلَّا سَالِمٌ، وَلَا عَنْ سَالِمٍ اِلَّا مُفَضَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُتَيْبَةَ

یہ حدیث ابوملیح سے سالم اور سالم سے مفضل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوقتیبہ اکیلے ہیں۔

2901 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى قَالَ: نا سَلْمٌ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَبْهَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي النَّعْلَيْنِ وَالْخُفَّيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نعلین اور موزے پہن کر نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَلْمٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں سلم اکیلے ہیں۔

2900- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **504**' والبزار في كشف الأستار جلد **1** صفحه **482** .

2902 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا عُوَيْنُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ أَخُو رِيَاحِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَئُوا الْقُرْآنَ بِالْحُزْنِ، فَإِنَّهُ نَزَلَ بِالْحُزْنِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھو غم میں ڈوب کر کیونکہ قرآن غم کی کیفیت ساتھ لے کر نازل ہوا ہے۔

2903 - وَبِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرَى ظَوَاهِرُهَا مِنْ بَوَاطِنِهَا، وبَوَاطِنُهَا مِنْ ظَوَاهِرِهَا أَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُتَحَابِّينَ فِيهِ، وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيهِ، وَالْمُتَبَاذِلِينَ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ایسا ہوگا کہ اس کے اندر والا حصہ باہر سے دکھائی دے گا اور باہر کا حصہ اندر سے دکھائی دے گا' وہ اللہ عزوجل نے تیار کیا ہے آپس میں اللہ کی رضا کے لیے محبت کرنے والوں' آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں اور آپس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عُوَيْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا إِسْمَاعِيلُ

یہ دونوں حدیثیں سعید سے صرف عوین ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو روایت کرنے والے اسماعیل اکیلے ہیں۔

2904 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا جَعْفَرٌ الضُّبَعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ، وَرُبَّمَا خَلَعَهُمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نعلین میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' کبھی اُتار کر پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث جعفر سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

2905 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ

حضرت راشد ابو محمد الحمانی فرماتے ہیں کہ میں نے

الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نَا بَكَّارُ بْنُ سُقَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَاشِدٌ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، بِالزَّاوِيَةِ، فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِي عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ كَانَ؟ فَإِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّكَ كُنْتَ تُوَضِّئُهُ قَالَ: نَعَمْ، فَدَعَا بِوَضُوءٍ، فَأُتِيَ بِطَسْتٍ وَبِقَدَحٍ نُحِتَ، يَقُولُ: كَمَا نُحِتَ فِي أَرْضِهِ فَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَكْفَأَ عَلَى يَدَيْهِ مِنَ الْمَاءِ، فَأَنْعَمَ غُسْلَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلَاثًا، وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَخْرَجَ يَدَهُ الْيُمْنَى فَغَسَلَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ غَسَلَ الْيُسْرَى ثَلَاثًا، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّةً وَاحِدَةً غَيْرَ أَنَّهُ أَمَرَّهَا عَلَى أُذُنَيْهِ، فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا، ثُمَّ أَدْخَلَ كَفَّيْهِ جَمِيعًا فِي الْمَاءِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ درد اور بخار دونوں مؤمن کے گناہ معاف کردیتے ہیں اگرچہ ان کے گناہ اُحد پہاڑ کی مثل ہوں جب تندرست ہوتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ رائی کے دانہ برابر بھی نہیں ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابودرداء سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3120 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ الْمُرِّيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَرَغَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى كُلِّ عَبْدٍ مِنْ خَلْقِهِ، مِنْ خَمْسٍ: مِنْ عَمَلِهِ، وَأَجَلِهِ، وَرِزْقِهِ، وَأَثَرِهِ، وَمَضْجَعِهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر بندے کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے اس کی پیدائش کے وقت سے اس کی پانچ چیزیں لکھ دی ہیں: (۱) عمل (۲) عمر (۳) رزق (۴) اثر (۵) قبر۔

لَا يُرْوَى عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ.

حضرت ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے حضرت خالد اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

3121 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ

حضرت عقبہ بن غزوان بنی مازن بن صعصعہ کے

3119- أخرجه أيضًا أحمد جلد5صفحه199 .

3120- أخرجه أيضًا أحمد جلد 5صفحه197، والبزار، وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه198 الى الكبير أيضًا وقال: أحد اسنادي أحمد رجاله ثقات .

3121- أخرجه أيضًا الكبير، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه285: رواه الطبراني عن شيخه بكر بن سهل، عن عبد الله بن يوسف، وكلاهما قد وثق، وفيهما خلاف . قلت: عبد الله بن يوسف هو التنيسي . قال الخليلي: ثقة متفق عليه، وقال الذهبي: الثقة شيخ البخاري، أساء ابن عدي بذكره في الكامل، وقال ابن حجر: ثقة متقن من أثبت

يُوسُفَ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ، اَخِي بَنِي مَازِنِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ وَرَائَكُمْ اَيَّامَ الصَّبْرِ، الْمُتَمَسِّكُ فِيهِنَّ يَوْمَئِذٍ بِمِثْلِ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ لَهُ كَاَجْرِ خَمْسِينَ مِنْكُمْ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَوَمِنْهُمْ؟ قَالَ: لَا، بَلْ مِنْكُمْ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَوَمِنْهُمْ؟ قَالَ: لَا، بَلْ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اَوْ اَرْبَعًا

بھائی ہیں' یہ صحابی ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے پیچھے صبر کرنے کے دن ہیں' ان دنوں میں دین پر ثابت قدم رہنے والے کو ثواب اتنا ملے گا جتنا تم میں آج کوئی پچاس آدمی نیکی کرتے ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان میں شامل ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ تم میں ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان میں سے ہوں گے؟ فرمایا: تم میں سے ہوں گے' تین مرتبہ یا چار مرتبہ فرمایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُتْبَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي عَبْلَةَ

یہ حدیث عتبہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے ابراہیم بن ابی علیہ اکیلے ہیں۔

3122 - وَبِهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي عَبْلَةَ، اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْجِنَازَةِ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَهُ، وَاَنْتَ هَدَيْتَهُ اِلَى الْاِسْلَامِ، وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوحَهُ، وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهِ وَعَلَانِيَتِهِ، جِئْنَاكَ شُفَعَاءَ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ

حضرت ابراہیم بن ابی علیہ فرماتے ہیں کہ مروان بن حکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نمازِ جنازہ کے متعلق کوئی شی سنی ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے اللہ! تو نے اس کو پیدا کیا ہے' تو نے اس کو اسلام لانے کی ہدایت دی ہے' تو نے اس کی روح قبض کی ہے' تو اس کے علانیہ اور چھپے ہوئے گناہوں کو جانتا ہے' ہم تیری بارگاہ میں شفاعت کے لیے آئے ہیں' تو اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، وَعِرَاكُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف خالد بن یزید اور عراک بن خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

الناس في الموطأ' وأما شيخ الطبراني ففيه كلام كما تقدم .

3122- أخرجه أحمد في المسند جلد**2**صفحه**603** رقم الحديث:**9926** بلفظ: التأنيث .

3123 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ: أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي زَكَرِيَّا، يُحَدِّثُ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، أَنَّهُ رَأَى سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ وَهُوَ مُرَابِطٌ بِسَاحِلِ حِمْصٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَ: مُرَابِطٌ، فَقَالَ سَلْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَصِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ، وَمَنْ مَاتَ مُرَابِطًا جَرَى عَلَيْهِ أَجْرُ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ وَأَمِنَ مِنَ الْفَتَّانِ، وَبُعِثَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَهِيدًا

حضرت شرحبیل بن سمط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو حمص کے ساحل پر نگہبانی کرتے ہوئے دیکھا' آپ سے عرض کی گئی: یہ کیا ہے؟ فرمایا: نگہبانی کر رہا ہوں' حضرت سلمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ کی راہ میں ایک دن کی نگہبانی کرنے والے کو ایک ماہ کے روزوں اور قیام کے برابر ثواب ملے گا' جو اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے مارا جائے اس کا عمل جاری رہے گا اور فتنوں سے امن میں رہے گا اور قیامت کے دن شہداء کے درجہ میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي زَكَرِيَّا إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی زکریا سے صرف عبداللہ بن الولید اور ولید سے صرف عبداللہ اور عبداللہ سے صرف معاویہ بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نافع بن یزید اکیلے ہیں۔

3124 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يُحْيَى قَالَ: أَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ حَرْبِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اغْتَسَلَ الرَّجُلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَمَسَّ طِيبًا،

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی جمعہ کے دن غسل کرتا ہے اور خوشبو لگاتا ہے اور خاموش رہتا ہے' لغویات نہیں کرتا ہے یہاں تک کہ خطبہ مکمل ہو جائے اور نماز پڑھتا ہے تو اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اور تین دن اضافی طور پر اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

3123- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 6صفحه267 رقم الحديث: 6179 وقال الحافظ الهيثمی: وفيه من لم أعرفهم. انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه293 .

3124- أخرجه أبو داؤد فی الطهارة جلد1صفحه93 رقم الحديث: 343 (انفرد به أبو داؤد) .

وَأَنْصَتَ وَلَمْ يَلْغُ حَتَّى يَقْضِيَ الْإِمَامُ خُطْبَتَهُ، وَرَكَعَ شَيْئًا إِنْ بَدَا لَهُ، كُفِّرَ عَنْهُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ حَرْبٍ إِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث حرب سے یزید ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3125 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ كَيْسَانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ كَيْسَانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ يَتَّجِرُ بِالْخَمْرِ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ مِنَ الشَّامِ وَمَعَهُ خَمْرٌ فِي الزِّقَاقِ، يُرِيدُ التِّجَارَةَ، فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي جِئْتُ بِشَرَابٍ جَيِّدٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ بَعْدَكَ قَالَ كَيْسَانُ: فَأَذْهَبُ فَأَبِيعُهَا يَا نَبِيَّ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ وَحُرِّمَ ثَمَنُهَا فَانْطَلَقَ كَيْسَانُ إِلَى الزِّقَاقِ، فَأَخَذَ بِأَرْجُلِهَا ثُمَّ أَهْرَاقَهَا جَمِيعًا

حضرت نافع بن کیسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ان کے والد کیسان نے بتایا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں تجارت کرتے تھے' شام سے واپس آئے تو ان کے پاس مٹکے میں شراب تھی' اس کو فروخت کرنے کا ارادہ تھا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں عمدہ شراب لے کر آیا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے جانے کے بعد شراب حرام ہو گئی تھی' حضرت کیسان نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جاؤں اور اس کو فروخت کر دوں؟ آپ نے فرمایا: شراب بھی حرام' اس کی کمائی بھی حرام ہے۔ حضرت کیسان شراب کے مٹکے کی طرف گئے' اس کو نیچے سے پکڑا اور ساری شراب کو بہا دیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَيْسَانَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

کیسان سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3126 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3125- اخرجه أيضًا الكبير جلد 9 صفحه 95 رقم الحديث: 438' وأحمد جلد 4 صفحه 335-336 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 91: وفيه نافع بن كيسان وهو مستور . قلت: وفيه أيضًا ابن لهيعة' وهو مختلط' فالحديث ضعيف الاسناد .

3126- أخرجه أيضًا أحمد جلد 2 صفحه 220' وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 25 الى الكبير' وقال: وفيه

يَحْيَى قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْمُسْلِمَ لَيُدْرِكُ دَرَجَةَ الصَّوَّامِ الْقَوَّامِ بِحُسْنِ خُلُقِهِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک مسلمان اچھے اخلاق کے ساتھ ہمیشہ روزہ اور قیام کرنے والے کے برابر ثواب پالیتا ہے۔

3127 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ فِي لُحُومِ الضَّحَايَا: كُنَّا نُصْلِحُ مِنْهُ وَيَقْدَمُ بِهِ اُنَاسٌ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَا يَاْكُلُونَهُ اِلَّا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، لَيْسَ بِالْعَزِيمَةِ، وَلَكِنْ اَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَطْعَمُوا مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ قربانی کے گوشت کے متعلق کہ ہم اس کو خشک کر کے رکھتی تھیں' لوگ اس شہر کی طرف لے جاتے' اس کو تین دن تک ہی کھاتے تھے' یہ عزیمت نہیں ہے لیکن آپ ﷺ نے اس سے لوگوں کے کھانے کا ارادہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، وَلَا عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

یہ حدیث یحییٰ سے ہشام اور ہشام سے ابواسود اور ابواسود سے عبیداللہ بن ابی جعفر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں لیث اکیلے ہیں۔

3128 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ: بَلَغَ مُعَاوِيَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يُحَدِّثُ اَنَّهُ يَكُونُ مَلِكٌ مِنْ قَحْطَانَ، فَغَضِبَ، وَقَالَ:

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ کو خبر پہنچی کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بادشاہ قحطان کا ہے' حضرت معاویہ ناراض ہوئے اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ حکومت ہمیشہ قریش میں رہے

ابن لهيعة' وفيه ضعيف' وبقية رجاله رجال الصحيح .

3127- تقدم برقم (3086) .

3128- أخرجه البخاری فی المناقب جلد6صفحه616 رقم الحديث: 3500' وأحمد فی المسند جلد4صفحه116 رقم الحديث: 16858' والطبرانی فی الكبير جلد19صفحه337 رقم الحديث: 779 .

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَزَالُ هَذَا الْاَمْرُ فِي قُرَيْشٍ لَا يُعَادِيهِمْ اَحَدٌ اِلَّا كَبَّهُ اللّٰهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي النَّارِ

گی' جو کوئی ان سے لے گا اللہ عزوجل اس کو اوندھے منہ جہنم میں گرائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث معمر سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3129 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: بَلَغَ عَائِشَةَ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: اِنَّ مَوْتَ الْفَجْاَةِ سَخْطَةٌ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَتْ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِابْنِ عُمَرَ، اِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْتُ الْفَجْاَةِ تَخْفِيفٌ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ، وَسَخْطَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اچانک موت ایمان والوں کے لیے ناراضگی کا سبب ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ عزوجل عبداللہ کو بخشے! حضور ﷺ نے فرمایا: اچانک موت ایمان والوں کے گناہ کم ہونے کا سبب ہے اور کافروں کے لیے ناراضگی کا سبب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا صَالِحٌ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

3130 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ الْكِلَابِيِّ قَالَ: خَطَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ اُمَّ الدَّرْدَاءِ بَعْدَ وَفَاةِ اَبِي الدَّرْدَاءِ، فَقَالَتْ اُمُّ الدَّرْدَاءِ: اِنِّي سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا، فَتَزَوَّجَتْ بَعْدَهُ فَهِيَ لِآخِرِ اَزْوَاجِهَا وَمَا

حضرت عطیہ بن قیس الکلابی فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان نے اُم درداء کو حضرت ابودرداء کے نکاح کا پیغام دیا' حضرت اُم الدرداء نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے' اس کے بعد وہ دوسرے شوہر سے شادی کر سکتی ہے' میں ابودرداء کے بعد کسی اور سے نکاح نہیں کرتی ہوں۔ حضرت معاویہ نے ان کی طرف خط لکھا کہ آپ روزے رکھیں کیونکہ روزہ ڈھال ہے۔

3129- أخرجه أيضًا أحمد جلد 6 صفحه 136 من طريق: عبد الله بن الوليد' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 321: وفيه عبيد الله بن الوليد الصافي وهو متروك . قلت: وفي اسناد الطبراني أيضًا متروك كما تقدم .

كُنْتُ لَاخْتَارَكَ عَلَى اَبِي الدَّرْدَاءِ فَكَتَبَ اِلَيْهَا مُعَاوِيَةُ: فَعَلَيْكِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهُ مَحْسَمَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ اِلَّا الْوَلِيدُ

یہ حدیث ابوبکر بن ابی مریم سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

3131 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عِيسَى بْنِ مُوسَى بْنِ حُمَيْدٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ اَوْصَى رَجُلًا كَانَ يَكُونُ بِالْبَادِيَةِ: اِذَا اَنْتَ اَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ فَشُدَّ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ، فَاِنَّهُ لَا يَسْمَعُ صَوْتَكَ جِنٌّ وَلَا اِنْسٌ وَلَا شَجَرٌ وَلَا شَيْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذَلِكَ.

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی جو کہ دیہاتی تھا' کو وصیت کی کہ جب تو اذان دے نماز کے لیے تو اونچی آواز میں دے کیونکہ تیری اذان کی آواز جو درخت یا کوئی شے بھی سنے گی وہ قیامت کے دن تیرے لیے گواہی دے گی' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح سنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى بْنِ مُوسَى اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث عیسیٰ بن موسیٰ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3132 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: جَائَتِ امْرَاَةٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرِيدُ حَاجَةً، فَقَالَ: اجْلِسِي فِي اَيِّ طُرُقِ الْمَدِينَةِ شِئْتِ حَتَّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک ضرورت لے کر آئی' آپ نے فرمایا: تُو مدینہ کے جس راستے میں چاہے بیٹھ جا یہاں تک کہ میں تیرے پاس آ کر بیٹھوں گا۔

3131- أخرجه البخاری فی الأذان جلد **2** صفحه **104** رقم الحديث: **609** بلفظ: فارفع صوتك......الخ . ومالك فی الموطأ جلد **1** صفحه **69** رقم الحديث: **5** بنحوه . وأحمد فی المسند وأحمد فی المسند جلد **3** صفحه **43** رقم الحديث: **11311** بنحوه .

3132- أبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **257** رقم الحديث: **4818**' وأحمد فی المسند جلد **3** صفحه **263** رقم الحديث: **13246** .

اَجْلِسَ اِلَيْكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُوَيْدٍ اِلَّا مَهْدِيٌّ

یہ حدیث سوید سے صرف مہدی ہی روایت کرتے ہیں۔

3133 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَزَعَ رَجُلٌ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ غُصْنَ شَوْكٍ، عَنِ الطَّرِيقِ، اِمَّا كَانَ فِي شَجَرَةٍ فَقَطَعَ، وَاِمَّا كَانَ مَوْضُوعًا فَاَمَاطَهُ، فَشَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ فَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی فوت ہوا' اس نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی تھی ماسوائے راستے میں ایک ٹہنی دور کرنے کے' یا راستے کے ایک درخت کو کاٹنے کے' یا کوئی نقصان دِہ شے دور کی تھی' اللہ عزوجل نے اس کی نیکی قبول کی اور اس کو جنت میں داخل کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث زید سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

3134 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَمْرُ اُمُّ الْفَوَاحِشِ، وَاَكْبَرُ الْكَبَائِرِ، مَنْ شَرِبَهَا وَقَعَ عَلَى اُمِّهِ وَخَالَتِهِ وَعَمَّتِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شراب تمام بے حیائیوں کی ماں ہے' سب گناہوں میں سے بڑا گناہ ہے' جس نے شراب پی اس نے اپنی ماں' اپنی خالہ' اپنی پھوپھی سے زنا کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ

یہ حدیث عطاء سے صرف عبدالکریم ہی روایت کرتے ہیں۔

3133- اخرجه أبو داؤد فی الأدب جلد4صفحه364 رقم الحديث: 5245' وانظر الترغيب والترهيب جلد3 صفحه620 رقم الحديث: 15 .

3134- اخرجه أيضًا فی الكبير' وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد5صفحه70 وفيه عبد الكريم أبو أمية وهو ضعيف .

3135 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شے حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث عمر بن مغیرہ سے صرف عبداللہ بن یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

3136 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصْحَبْ إِلَّا مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو مؤمن کو دوست بنا اور پرہیزگار کو کھلا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَالِمٌ

یہ حدیث حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں سالم اکیلے ہیں۔

3137 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''کالمھل''

3135- أخرجه مسلم في الأشربة جلد 3 صفحه 1587، وأبو داؤد في الأشربة جلد 3 صفحه 326 رقم الحديث: 3679، والترمذي في الأشربة جلد 4 صفحه 291 رقم الحديث: 1864، والنسائي في جلد 8 صفحه 263 باب اثبات اسم الخمر لكل مسكر من الأشربة، وابن ماجة في الأشربة جلد 2 صفحه 1223 رقم الحديث: 3387، وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 23 رقم الحديث: 4643 .

3136- أخرجه أبو داؤد في الأدب جلد 4 صفحه 260 رقم الحديث: 2832، والترمذي في الزهد جلد 4 صفحه 601,600 رقم الحديث: 2395 قال أبو عيسى: هذا حديث حسن، انما نعرفه من هذا الوجه . والدارمي في الأطعمة جلد 2 صفحه 140 رقم الحديث: 2057، والحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 128 .

3137- أخرجه الترمذي في صفة جهنم جلد 4 صفحه 704 رقم الحديث: 2581 وقال أبو عيسى: هذا حديث لا نعرفه الا من حديث رشدين بن سعد ورشدين قد تكلم فيه . وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 87 رقم الحديث: 11678

عَنْ دَرَّاجٍ اَبِی السَّمْحِ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِی قَوْلِهِ: (كَالْمُهْلِ) (الكهف:29) قَالَ: كَعَكَرِ الزَّيْتِ اِذَا قُرِّبَ مِنْهُ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ مِنْهُ

کے متعلق فرمایا: وہ زیتون کے درخت کا پیالہ ہوگا' جب اس کے قریب کیا جائے گا تو اس کی جلن سے اس کے چہرے کا گوشت جل کر گر جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا رِشْدِينُ

یہ حدیث عمرو سے رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

3138 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِی ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِی ذَرٍّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصَلَ بَيْنَ يَوْمَيْنِ وَلَيْلَةٍ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ قَبِلَ وِصَالَكَ، وَلَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدَكَ وَذَلِكَ اَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَقُولُ: (ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ) (البقرة:187)، فَلَا صِيَامَ بَعْدَ اللَّيْلِ، وَاَمَرَنِی بِالْوِتْرِ بَعْدَ الْفَجْرِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لگاتار دن رات روزے رکھتے' حضرت جبریل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: بے شک اللہ نے آپ کے لگاتار روزے قبول کر لیے ہیں' آپ کے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہیں' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کا کہ ''روزہ مکمل کرو رات تک'' اس کا مطلب یہ ہے کہ رات کے بعد روزہ نہیں ہے اور مجھے حکم دیا وتر پڑھنے کا فجر کے بعد۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِی ذَرٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ثور سے یحییٰ اور یحییٰ سے ابوذر اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔

3139 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَقُولُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِيلُوا ذَوِی الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ، مَا لَمْ يَكُنْ حَدًّا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مختلف شکلوں والوں کے عیب اُن پر لوٹاتے رہو انہیں بتاتے رہو جب تک وہ حد کو نہ پہنچ جائیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا مِنْ

یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ابوبکر بن

3139- أخرجه أبو داؤد في الحدود جلد 4 صفحه 131 رقم الحديث: 4375' وأحمد في المسند جلد 6 صفحه 202 رقم الحديث: 25528.

حَدِيثِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرَةَ

محمد، حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں۔

3140 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: نا الْوَزِيرُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ﴾ (الرحمن: 29) قَالَ: مِنْ شَأْنِهِ أَنْ يَغْفِرَ ذَنْبًا وَيُفَرِّجَ كَرْبًا، وَيَرْفَعَ قَوْمًا وَيَضَعَ آخَرِينَ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس ارشاد کہ ''قیامت کے ہر دن وہ الگ شان والا ہوگا'' فرمایا: شان سے گناہ معاف کرنا، مشکل دور کرنا، ایک قوم کا درجہ بلند کرنا اور ایک قوم کا درجہ کم کرنا مراد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ إِلَّا يُونُسُ

یہ حدیث اُم الدرداء سے صرف یونس ہی روایت کرتے ہیں۔

3141 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿حُورٌ عِينٌ﴾ (الواقعة: 22) قَالَ: حُورٌ بِيضٌ، عِينٌ ضِخَامٌ، شُفْرُ الْحَوْرَاءِ بِمَنْزِلَةِ جَنَاحِ النَّسْرِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ﴾ (الرحمن: 58) قَالَ: صَفَاؤُهُنَّ كَصَفَاءِ الدُّرِّ الَّذِي فِي الْأَصْدَافِ الَّذِي لَا تَمَسُّهُ الْأَيْدِي قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِهِ: ﴿فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ﴾ (الرحمن: 70) قَالَ: خَيْرَاتُ الْأَخْلَاقِ، حِسَانُ

اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اللہ کے قول ''حُورٌ عِينٌ'' کے بارے خبر دیجئے! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سفید رنگ کی حوریں، موٹی آنکھوں والی، باز کے پروں کی مانند ان کی پلکیں ہوں گی۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اللہ کے فرمان ''كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ'' کے بارے خبر دیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: ان کی صفائی، موتی کی مانند ہووگی جو سیپیوں میں ہوتا ہے اور اس کو ہاتھوں نے چھوا نہیں ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے خبر دیجئے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ'' کے بارے میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بھلے اخلاق والیاں، خوبصورت چہروں والیاں۔ میں نے عرض کی:

3140- أخرجه ابن ماجة في المقدمة جلد1صفحه73 رقم الحديث: 202 قال ابن ماجة في الزوائد: اسناده حسن .

3141- أخرجه أيضًا في الكبير جلد22صفحه367، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10صفحه420: وفي اسنادهما سليمان بن أبي كريمة وهو ضعيف .

الْوُجُوهِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِهِ: (كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ) (الصافات: 49) قَالَ: رِقَّتُهُنَّ كَرِقَّةِ الْجِلْدِ الَّتِي فِي دَاخِلِ الْبَيْضَةِ مِمَّا يَلِي الْقِشْرَ وَهُوَ الْغِرْقِيءُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِهِ: (عُرُبًا أَتْرَابًا) (الواقعة: 37) قَالَ: هُنَّ اللَّوَاتِي قُبِضْنَ فِي دَارِ الدُّنْيَا عَجَائِزَ رُمْصًا شُمْطًا، خَلَقَهُنَّ اللّٰهُ بَعْدَ الْكِبَرِ فَجَعَلَهُنَّ عَذَارَى قَالَ: (عُرُبًا) (الواقعة: 37) : مُعَشَّقَاتٌ مُحَبَّبَاتٌ (أَتْرَابًا) (الواقعة: 37) : عَلَى مِيلَادٍ وَاحِدٍ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنِسَاءُ الدُّنْيَا أَفْضَلُ أَمِ الْحُورُ الْعِينُ؟ قَالَ: بَلْ نِسَاءُ الدُّنْيَا أَفْضَلُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ كَفَضْلِ الظِّهَارَةِ عَلَى الْبِطَانَةِ. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَبِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: بِصَلَاتِهِنَّ وَصِيَامِهِنَّ وَعِبَادَتِهِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، أَلْبَسَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وُجُوهَهُنَّ النُّورَ وَأَجْسَادَهُنَّ الْحَرِيرَ، بِيضُ الْأَلْوَانِ، خُضْرُ الثِّيَابِ، صُفْرُ الْحُلِيِّ مَجَامِرُهُنَّ الدُّرُّ، وَأَمْشَاطُهُنَّ الذَّهَبُ، يَقُلْنَ: أَلَا نَحْنُ الْخَالِدَاتُ فَلَا نَمُوتُ أَبَدًا، أَلَا وَنَحْنُ النَّاعِمَاتُ فَلَا نَبْؤُسُ أَبَدًا، أَلَا وَنَحْنُ الْمُقِيمَاتُ فَلَا نَظْعَنُ أَبَدًا، أَلَا وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلَا نَسْخَطُ أَبَدًا، طُوبَى لِمَنْ كُنَّا لَهُ وَكَانَ لَنَا قُلْتُ: الْمَرْأَةُ مِنَّا تَتَزَوَّجُ الزَّوْجَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ وَالْأَرْبَعَةَ، ثُمَّ تَمُوتُ فَتَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَيَدْخُلُونَ مَعَهَا، مَنْ يَكُونُ زَوْجَهَا مِنْهُمْ؟ فَقَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ، إِنَّهَا تُخَيَّرُ، فَتَخْتَارُ أَحْسَنَهُمْ خُلُقًا، فَتَقُولُ: أَيْ رَبِّ، إِنَّ هَذَا كَانَ

اے اللہ کے رسول! مجھے اللہ تعالیٰ کے قول ''كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ'' کے بارے خبر دیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: ان کی نرمی اس جلد کی مانند ہوگی جو انڈے کے اندر ہوتی ہے جس سے چھلکا ملا ہوا ہوتا ہے' وہ انڈے کی سفیدی کی جھلی ہے۔ میں نے عرض کی: مجھے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''عُرُبًا أَتْرَابًا'' کے بارے بتایئے! آپ ﷺ نے فرمایا: ان سے مراد وہ عورتیں ہیں جو دنیا میں اس حال میں فوت ہوئیں کہ وہ بوڑھی گھنگھریالے چھوٹے بالوں والی' جن کے جسم جل سڑ گئے تھے' ان کے بڑھاپے کے بعد اللہ تعالیٰ انہیں پیدا کرے گا اور انہیں کنواریاں بنا دے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عُرُبًا'' یعنی عشق و محبت کرنے والیاں ''أَتْرَابًا'' یعنی وہ عورتیں جو ایک ساتھ پیدا ہوئیں۔ میں نے عرض کی: حضور! کیا دنیا کی عورتیں زیادہ فضیلت والی ہیں یا جنت کی موٹی آنکھوں والی حوریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا کی عورتیں' جنت کی حوروں پر اس طرح فضیلت رکھتی ہیں جس طرح ظاہر باطن پر۔ میں نے عرض کی: اس کا سبب؟ آپ نے فرمایا: اپنی نمازوں' روزوں اور عبادات کے سبب' جو انہوں نے اللہ کی رضا کے لیے کی ہوں گی' ان کے چہروں کو اللہ تعالیٰ ایک نور عطا کرے گا۔ ان کے جسم' ریشم کی مانند بنا دے گا۔ رنگ بالکل سفید ان پر سبز کپڑے ہوں گے۔ زرد زیورات' موتیوں کے ہار' سونے کی کنگھیاں ہوں گی' یہ سب کچھ دیکھ کر وہ پکاریں گی: ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں' ہم کبھی نہ مریں گی' ہم نعمتوں والی ہیں' ہمیں تکلیف نہ

اَحْسَنَهُمْ مَعِی خُلُقًا فِی دَارِ الدُّنْیَا فَزَوِّجْنِیهِ، یَا اُمَّ سَلَمَةَ ذَهَبَ حُسْنُ الْخُلُقِ بِخَیْرِ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ

آئے گی' ہم مقیم ہیں' مسافر نہ ہوں گی' ہم خوش رہنے والی ہیں کبھی ناراض نہ ہوں گی۔ مبارک ہو ان کو جن کی ہم ہیں اور وہ ہمارے لیے ہیں۔ میں نے عرض کی: ایک عورت بعض اوقات دو' تین یا چار نکاح کرتی ہے' پھر فوت ہوتی ہے' اسے جنت نصیب ہوتی ہے اور وہ مرد بھی جنت میں داخل ہو جاتے ہیں' ان میں سے کون اس کا خاوند ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! اُسے اختیار دیا جائے گا' تو وہ اُس کو چنے گی جو سب سے اچھے اخلاق والا ہو گا' اللہ کی بارگاہ میں عرض کرے گی: اے میرے رب! ان میں یہ دنیا کے گھر میں میرے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آیا' اب اسی کے ساتھ میرا نکاح فرما دے۔ اے اُم سلمہ! حُسن خلق نے دنیا و آخرت کی سب بھلائیاں سمیٹ لی ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا سُلَیْمَانُ بْنُ اَبِی كَرِیمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

اس حدیث کو ہشام بن حسان سے سلیمان بن ابی کریمہ ہی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے ساتھ عمرو بن ہاشم اکیلے ہیں۔

3142 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا سَعِیدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا فُلَیْحُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، لَا تَسْتَفْضِلُوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے' چاندی کو چاندی کے بدلے فروخت کرو' ایک دوسرے کو زیادتی کے ساتھ فروخت نہ کرو۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ فُلَیْحٍ اِلَّا سَعِیدٌ

یہ حدیث فلیح سے صرف سعید ہی روایت کرتے

3142- أخرجه مسلم فی المساقاة جلد 3 صفحه 1212 بلفظ: الذهب بالذهب وزنا بوزن ومثلا بمثل والفضة بالفضة وزنا بوزن . مثلا بمثل فمن استزاد فهو ربا . ولفظ المصنف من طريق: أبی سعيد الخدری . أخرجه البخاری فی البيوع عن طريق أبی سعيد الخدری جلد 4 صفحه 444 رقم الحديث: 2177 .

ہیں۔

3143 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ مِائَةَ آيَةٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهُ قُنُوتُ لَيْلَةٍ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک رات کو سو آیتیں پڑھیں' اس کے لیے اس رات قنوت کا ثواب لکھا جائے گا' یعنی ساری رات قیام کرنے کا۔

3144 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَجَّةٌ لِمَنْ لَمْ يَحُجَّ خَيْرٌ مِنْ عَشْرِ غَزَوَاتٍ، وَغَزْوَةٌ لِمَنْ حَجَّ خَيْرٌ مِنْ عَشْرِ حِجَجٍ، وَغَزْوَةٌ فِي الْبَحْرِ خَيْرٌ مِنْ عَشْرِ غَزَوَاتٍ فِي الْبَرِّ، وَمَنْ أَجَازَ الْبَحْرَ فَكَأَنَّمَا أَجَازَ الْأَوْدِيَةَ كُلَّهَا، وَالْمَائِدُ فِيهِ كَالْمُتَشَحِّطِ فِي دَمِهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حج نہیں کیا' اس کا حج کرنا دس غزوات سے بہتر ہے' جس نے حج کیا اس کا جہاد کرنا دس حج کرنے سے بہتر ہے' سمندر میں جہاد کرنا خشکی کے دس جہاد سے بہتر ہے' جو سمندر میں چلا اس کے لیے ساری وادیوں میں چلنے سے بہتر ہے' سمندر میں ٹھہرنا جہاد کے لیے ایسے ہے جس طرح کوئی اپنے خون میں لت پت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

3145 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب چلتے تھے تو ایسے محسوس ہوتا تھا کہ آپ نے ٹیک لگائی

3143- أخرجه أحمد في المسند جلد 4صفحه128 رقم الحديث: 16960' والطبراني في الكبير جلد 2صفحه50 رقم الحديث: 1252 وقال الحافظ الهيثمي: وفيه سليمان بن موسى الشامي وثقه ابن معين' وأبو حاتم' وقال البخاري: عنده مناكير وهذا لا يقدح . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه270 .

3145- أخرجه أبو داؤد في الأدب جلد4صفحه268 رقم الحديث: 4863' والترمذي في اللباس جلد4صفحه233 رقم الحديث: 1754 .

قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَشَى كَأَنَّهُ يَتَوَكَّأُ

ہوئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث حمید سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3146 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: نا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سَوْدَةَ، عَنْ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَغَوَّطَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَسَّحْ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ، فَإِنَّ ذَلِكَ كَافِيهِ

حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پاخانہ کرے تو تین پتھروں سے استنجاء کرے یہ اس کے لیے کافی ہے بشرطیکہ محل صاف ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ مَرْفُوعًا إِلَّا الْهِقْلُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

یہ حدیث مرفوعاً اوزاعی سے صرف ہقل ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے والے عمرو اکیلے ہیں۔

3147 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ، فَيَقْرَأُ فِي أَوَّلِ رَكْعَةٍ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ تین رکعت وتر ادا کرتے تھے پہلی رکعت میں سبح اسم ربك الاعلىٰ دوسری میں قل يا ايها الكافرون تیسری میں قل هو الله احد قل اعوذ برب الفلق قل اعوذ برب الناس پڑھتے تھے۔ (معلوم ہوا کہ وتر تین رکعتیں ہیں۔)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ

یہ حدیث سعید سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت

3146- اخرجه أيضًا الكبير، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 214: ورجاله موثوقون الا أن أبا شعيب صاحب أبي أيوب لم أر فيه تعديلا ولا جرحا .

3147- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 2 صفحه 64 رقم الحديث: 1424، والترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 326 رقم الحديث: 463 قال أبو عيسى: هذا حديث حسن غريب . وابن ماجة في الاقامة جلد 1 صفحه 371 رقم الحديث: 1173، وانظر نصب الراية جلد 2 صفحه 118-119 .

أَيُّوبَ

3148 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوِ اطَّلَعَتِ امْرَأَةٌ مِنْ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِلَى الْأَرْضِ لَمَلَأَتْ مَا بَيْنَهُمَا رِيحًا، وَلَأَضَاءَتْ مَا بَيْنَهُمَا، وَلَتَاجُهَا عَلَى رَأْسِهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

کرتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر جنت کی کوئی عورت زمین میں جھانکے تو ساری زمین اس کی خوشبو اور روشنی سے بھر جائے اس کے سر کا تاج دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

3149 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّكُمْ فِي الْجَنَّةِ إِلَّا مَنْ شَرَدَ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ شِرَادَ الْبَعِيرِ عَلَى أَهْلِهِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا: تم سارے جنت میں ہو گے مگر جو اللہ کی اطاعت سے نکل گیا جس طرح اونٹ اپنے مالک کی اطاعت سے نکل جاتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3150 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْزِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی اپنے ماں باپ کا حق ادا نہیں کر سکتا ہے ہاں! ایک صورت ہے وہ یہ کہ کوئی آدمی اپنے ماں باپ کو غلام پائے تو اُن کو آزاد کروا دے۔

3149- أخرجه أيضًا الكبير جلد 8 صفحه 206 رقم الحديث: 7730، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 74 واسنادهما حسن .

3150- أخرجه مسلم في العتق جلد 2 صفحه 1148، وأبو داؤد في الأدب جلد 4 صفحه 337 رقم الحديث: 5137، والترمذي في البر جلد 4 صفحه 315 رقم الحديث: 1906، وابن ماجة في الأدب جلد 2 صفحه 1207 رقم الحديث: 3659، وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 586 رقم الحديث: 9758 .

وَلَدٌ وَالِدَهُ، اِلَّا اَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيُعْتِقَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَارِجَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

یہ حدیث خارجہ سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حضرت لیث اکیلے ہیں۔

3151 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بِلَالٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ عَنِ ابْنِ الْهَادِ اِلَّا يَحْيَى وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث ابن ہاد سے صرف یحییٰ اور لیث بن سعد ہی روایت کرتے ہیں۔

3152 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّحِمُ شَجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمَنِ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رشتہ داری رحمٰن کی بارگاہ میں غمگین ہو کر حاضر ہوئی' اللہ عزوجل نے فرمایا: جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا' جو اس کو توڑے گا میں اس کو توڑوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ اِلَّا اللَّيْثُ

یہ حدیث ابن ہاد سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں۔

3153 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

3152- أخرجه البخاری فی الأدب جلد **10** صفحه **431** رقم الحديث: **5989**' والبيهقی فی السنن جلد **7** صفحه **41** رقم الحديث: **13214** .

3153- أخرجه ابن ماجة فی النكاح جلد **1** صفحه **593** رقم الحديث: **1847** قال ابن ماجة فی الزوائد: اسناده صحيح ورجاله ثقات . والبيهقی فی سننه جلد **7** صفحه **124** رقم الحديث: **13453** بلفظ: (لم يرو للمتحابين فی اللّٰهمثل التزويج) والحاكم فی المستدرك جلد **2** صفحه **160** وقال الحاكم: علی شرط مسلم ولم يخرجاه

يُوسُفَ قَالَ: نـا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يُرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلُ التَّزْوِيجِ

حضور ﷺ نے فرمایا: شادی کی طرح دو محبت کرنے والے نہیں دیکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا مُحَمَّدٌ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الثَّوْرِيِّ

یہ حدیث طاؤس سے صرف ابراہیم اور ابراہیم سے صرف محمد اور سفیان الثوری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں امام ثوری سے مؤمل بن اسماعیل منفرد ہیں۔

3154 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ الْغَازِ، اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ صَوْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ حَتَّى يَصِلَهُ بِرَمَضَانَ، وَكَانَ يَتَحَرَّى صِيَامَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

حضرت ربیعہ بن غاز فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ ﷺ کے روزے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ شعبان کے مکمل یہاں تک کہ رمضان کے روزوں سے ملا دیتے تھے اور پیر اور جمعرات کے روزے کے لیے کوشش کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث ثور سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3155 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ، قَالَ نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے' اللہ اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے' جو اللہ سے ملاقات کو

وهو حديث صحيح . والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 17 رقم الحديث: 10895 .

3154- أخرجه ابن ماجة في الصيام جلد 1 صفحه 528 رقم الحديث: 1649' وأبو داؤد في الصوم جلد 2 صفحه 336 رقم الحديث: 2431 .

3155- أخرجه أحمد في المسند جلد 3 صفحه 132 رقم الحديث: 12053' وانظر الترغيب والترهيب للحافظ المنذري جلد 4 صفحه 334 رقم الحديث: 2 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ ۔ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا وَهُوَ يَكْرَهُ الْمَوْتَ، فَقَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ ذَاكَ، اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا جَاءَ الْبَشِيرُ مِنَ اللّٰهِ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَكَانَ اللّٰهُ لِلِقَائِهِ اَحَبَّ، وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا جَائَهُ مَا يَكْرَهُ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلِقَائِهِ اَكْرَهَ

ناپسند کرتا ہے اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر کوئی موت کو ناپسند کرتا ہے آپ نے فرمایا: یہ مراد نہیں ہے اللہ عزوجل کی طرف سے مومن کو جب خوشخبری آتی ہے تو وہ اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے کافر کے پاس جب موت آتی ہے تو وہ ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے جس طرح وہ اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

3156 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، وَاَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةِ نَفَرٍ فَقِيلَ لِجَابِرٍ: فَالْبَقَرَةُ؟ قَالَ: هِيَ مِثْلُهَا قَالَ: وَشَهِدَ جَابِرٌ الْحُدَيْبِيَةَ قَالَ: وَنَحَرْنَا يَوْمَئِذٍ سَبْعِينَ بَدَنَةً

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا يَحْيَى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے آپ نے فرمایا: اونٹ میں سات آدمی قربانی کے لیے شریک ہو سکتے ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: گائے میں؟ فرمایا: گائے بھی اونٹ کی مثل ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اس وقت حاضر تھا ہم نے ستر اونٹ قربانی کیے۔

یہ حدیث ابن جریج سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3157 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا میں آپ کو جنت والے لوگ نہ بتاؤں اور دوزخ والے؟ میں نے

3156- اخرجه مسلم في الحج جلد 2صفحه955' وابو داؤد في الضحايا جلد 3صفحه98 رقم الحديث: 2809' والترمذي في الحج جلد 3صفحه239 رقم الحديث: 904' وابن ماجة في الأضاحي جلد 2صفحه1047 رقم الحديث: 3132' والدارمي في الأضاحي جلد 2صفحه107 رقم الحديث: 1956' ومالك في المؤطا جلد 2 صفحه486 رقم الحديث: 9 ولم يذكر: (ونحرنا يومئذ سبعين بدنة) اللفظة الأخيرة من الحديث .

3157- أخرجه أيضًا الكبير جلد7صفحه152 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه268: واسناده حسن .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ؟ قُلْتُ: بَلَى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: اَمَّا اَهْلُ النَّارِ فَكُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ، وَاَمَّا اَهْلُ الْجَنَّةِ فَالضُّعَفَاءُ الْمَغْلُوبُونَ

عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: جہنم والے سرکشی اور تکبر کرنے والے ہیں اور جنت والے وہ لوگ ہیں جو کمزور اور مغلوب ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سُرَاقَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى

یہ حدیث سراقہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ اکیلے ہیں۔

3158 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا اَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَلَسْتَ بِرَسُولٍ، قُمْ يَا خَرَشَةُ، فَاضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَامَ اِلَيْهِ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن نواحہ سے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر تُو کسی کا نمائندہ نہ ہوتا تو میں ضرور تجھے قتل کرتا' آج تُو نمائندہ نہیں ہے کسی کا' اے خرشہ! اُٹھو! اس کی گردن اُڑا دو۔ حضرت خرشہ اُٹھے اور اس کی گردن اُڑا دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3159 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اِشْكَابٍ الصَّفَّارُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ، عَنْ اَبِي مَنْصُورٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَيُّ جَبَلٍ هٰذَا؟ قُلْتُ: اُحُدٌ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِهِ مَا يَسُرُّنِي اَنَّهُ لِي ذَهَبًا قِطَعًا اُنْفِقُهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَدَعُ مِنْهُ قِيرَاطًا . قُلْتُ: قِنْطَارًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قِيرَاطٌ. قُلْتُ: قِنْطَارًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! یہ کون سا پہاڑ ہے؟ میں نے عرض کی: احد! فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! مجھے پسند نہیں ہے کہ میرے پاس سونے کا ٹکڑا ہو' اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کروں' میں اس سے قیراط لوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! قنطار؟ آپ نے فرمایا: قیراط' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! قنطار؟ آپ نے فرمایا: قیراط پھر مجھے تیسری مرتبہ فرمایا:

3158- أخرجه أحمد في المسند جلد1صفحه500 رقم الحديث: 3641 .

3159- أخرجه أيضًا البزار' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه242: واسناده البزار صحيح .

قِيرَاطٌ ثُمَّ قَالَ لِي فِي الثَّالِثَةِ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اِنَّمَا اَقُولُ الَّذِي هُوَ اَقَلُّ، وَلَا اَقُولُ الَّذِي هُوَ اَكْثَرُ

میں کم کہتا ہوں' میں زیادہ نہیں کہتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَنْصُورٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث ابومنصور سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

3160 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَلْمَانَ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً تَخْرُجُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نُخْرِجُ اللَّيْلَةَ اَمْ نَمْكُثُ حَتَّى نُصْبِحَ؟ فَقَالَ: اَلَا تُحِبُّونَ اَنْ تَبِيتُوا فِي خِرَافٍ مِنْ خِرَافِ الْجَنَّةِ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک سریہ میں نکلنے کا حکم دیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم رات کو نکلیں یا ہم رُکیں یہاں تک کہ صبح ہو جائے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم پسند نہیں کرتے کہ تم جنت کے باغوں میں سے کسی باغ میں رات گزارو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث صفوان سے ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3161 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَبُو حَنِيفَةَ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: اِنَّهُ لَيُهَوِّنُ عَلَيَّ الْمَوْتَ اَنِّي اُرِيتُكِ زَوْجَتِي فِي الْجَنَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس بیماری میں جس میں آپ کا وصال ہوا' مجھ پر میرا وصال آسان ہوگیا کیونکہ جنت میں تجھے میں نے اپنی بیوی دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ وَمِسْعَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث حماد سے ابوحنیفہ اور مسعر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومعاویہ اکیلے ہیں۔

3162 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور

3160- أخرجه الطبراني في الكبير جلد23صفحه39 رقم الحديث:98 .

3161- أخرجه الطبراني في الكبير جلد23صفحه39 رقم الحديث:98 .

3162- تقدم تخريجه .

يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، قَالَا: اَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَى اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ صَلَاةِ الْهَجِيرِ، وَاَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى جَهَنَّمَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعت اور چار اس کے بعد ادا کیں' اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا الْهَيْثَمُ وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث نعمان سے صرف ہشیم اور یحییٰ بن مرہ روایت کرتے ہیں۔

3163 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْقُرَظِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ كَمَا يَقُولُ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اذان سنتے تھے تو وہی الفاظ دُہراتے تھے جو مؤذن کہتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث محمد بن علی سے صرف ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

3164 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَوُّوا قُبُورَكُمْ

3213 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَعَدَ عَلَى فِرَاشِ مُغِيبَةٍ قُيِّضَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُعْبَانٌ

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو بستر پر غیبت کرنے کے لیے بیٹھا' قیامت کے دن اس پر سانپ مقرر کردیئے جائیں گے۔

3214 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ بِلَالٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا اللَّيْثُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ موزوں اور کپڑے پر مسح کرتے تھے۔

یہ حدیث حبیب سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے معتمر اکیلے ہیں۔

3215 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: اَكَلْنَا زَمَانَ خَيْبَرَ الْخَيْلَ وَحُمُرَ الْوَحْشِ، وَنَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِمَارِ الْاَهْلِيِّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم خیبر میں گھوڑوں اور جنگلی گدھوں کا گوشت کھاتے تھے اور حضورﷺ نے ہم کو پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا۔

3213- أخرجه أيضًا الكبير جلد3صفحه272 رقم الحديث: 3278 . وأحمد جلد5صفحه300 . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد6صفحه216: فيه ابن لهيعة وحديثه حسن' وفيه ضعف .

3214- أخرجه مسلم فى الطهارة جلد1صفحه231' والترمذى فى الطهارة جلد1صفحه172 رقم الحديث: 101 والنسائى فى الطهارة جلد 1صفحه64 باب (المسح على العمامة) . وابن ماجة فى الطهارة جلد 1صفحه186 رقم الحديث: 561 .

3215- أخرجه البخارى فى الذبائح جلد9صفحه570 رقم الحديث: 5524' ومسلم فى الصيد جلد 3صفحه1541 . ولفظ الحديث عن مسلم .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

3216 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَلْتَفِتُ إِذَا مَشَى، وَكَانَ رُبَّمَا تَعَلَّقَ رِدَاؤُهُ بِالشَّجَرَةِ أَوِ الشَّيْءِ فَلَا يَلْتَفِتُ حَتَّى يَرْفَعُوهُ؛ لِأَنَّهُمْ كَانُوا يَمْزَحُونَ وَيَضْحَكُونَ، وَكَانُوا قَدْ أَمِنُوا الْتِفَاتَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب چلتے تھے تو اِدھر اُدھر توجہ نہیں کرتے تھے' بسا اوقات آپ کی چادر درخت یا کسی شی سے لٹک جاتی تھی تو آپ اِدھر اُدھر لکھتے تھے یہاں تک کہ صحابہ اس کو اُٹھا لیتے تھے' کیونکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے مزاح اور مسکراتے بھی تھے' حالانکہ لوگ آپ کی توجہ کی وجہ سے مامون و محفوظ تھے۔

3217 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَفَرَ اللَّهُ لِرَجُلٍ أَمَاطَ عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ غُصْنًا مِنْ شَوْكٍ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ایک آدمی کو مسلمانوں کے راستے سے تکلیف دِہ شے ہٹانے کی وجہ سے اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ إِلَّا ابْنُ هُبَيْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن حجیرہ سے صرف ابن ہبیرہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3218 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَمَرَنِي جِبْرِيلُ أَنْ أُكَبِّرَ أَوْ قَالَ: أَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے اللہ اکبر کہنے کے لیے عرض کی' یا فرمایا کہ تم تکبیر کو مقدم کرو۔

3217- أخرجه البخاري في الآذان جلد2صفحه163 رقم الحديث: 652 بلفظ: بينما رجل يمشي بطريق وجد غصن شوك على الطريق' فأخره فشكر الله له' فغفر له . ومسلم في الامارة جلد3صفحه1521 بنحوه .

قَدِّمُوا التَّكْبِيرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أُسَامَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث نافع سے صرف اسامہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے ابن مبارک اکیلے ہیں۔

3219 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْفَيَّاضِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نا أَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونَ لِأَصْحَابِي بَعْدِي زَلَّةٌ، يَغْفِرُهَا اللَّهُ لَهُمْ بِصُحْبَتِهِمْ، وَسَيَتَأَسَّى بِهِمْ قَوْمٌ بَعْدَهُمْ، يَكُبُّهُمُ اللَّهُ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ فِي النَّارِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میرے صحابہ سے میرے بعد لغزش ہو گی لیکن میرے صحابی ہونے کی وجہ سے اللہ اُن کو بخش دے گا اور عنقریب ان کے بعد ایسی قوم آئے گی کہ اللہ عزوجل اُن کو چہروں کے بل جہنم میں گرا دے گا۔

3220 - وَبِهِ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَأَنَّى أَصَابَ أَوْ كَادَ، وَمَنْ عَجَّلَ أَخْطَأَ أَوْ كَادَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے آہستہ آہستہ تسلی سے کام کیا وہ کامیاب ہوا یا کامیابی کے قریب ہوا' جس نے جلدی کی' اس نے غلطی کی یا غلطی کے قریب ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مِشْرَحٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ إِلَّا أَشْهَبُ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ

یہ دونوں حدیثیں مشرح سے صرف ابن لہیعہ اور ابن لہیعہ سے صرف اشہب ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

3221 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا قِيلَ: وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ: زِنًى بَعْدَ إِحْصَانٍ، أَوْ كُفْرٌ بَعْدَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیں' جب وہ یہ پڑھ لیں گے تو انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ۔ عرض کی گئی؟ حق کے ساتھ قتل کرنا کیا ہے؟ فرمایا: شادی کرنے کے بعد زنا کرنا' یا اسلام کے بعد کفر کرنا یا کسی جان کو قتل کرنا' پس اس کے

3220- تقدم هذا الحديث برقم (3082).

اِسْلَامٍ، اَوْ قَتْلُ نَفْسٍ فَيُقْتَلُ بِهِ

بدلے اس کو قتل کر دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا اللَّفْظَ الَّذِي فِي آخِرِ الْحَدِيثِ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

حمید سے حدیث کے آخری الفاظ صرف ابوخالد الاحمر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ہاشم اکیلے ہیں۔

3222 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرٌو قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلَكِنْ يَقْبِضُهُ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتَّى اِذَا لَمْ يَزَلْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُئُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا، فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَاَضَلُّوا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل لوگوں کے سینوں سے علم نہیں لے گا بلکہ علماء اُٹھا لے گا' یہاں تک کہ جب عالم نہیں ملے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے' ان سے مسائل پوچھیں گے تو وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے' خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْحُصَيْنِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن حصین سے صرف عمرو بن ہاشم ہی روایت کرتے ہیں۔

3223 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَّ نَافِعًا، حَدَّثَهُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، حِينَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْجَلَ كَذَلِكَ، فَصَلَّاهَا مَرَّةً، ثُمَّ لَمْ اَرَهُ صَلَّاهَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھی' فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح جلدی کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے اس طرح ایک مرتبہ پڑھی ہے' اس کے بعد اور اس سے پہلے کبھی بھی دو اکٹھی نمازیں نہیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف یحییٰ بن حمزہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3224 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ:

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

3222- أخرجه البخاری فی العلم جلد1صفحه234 رقم الحديث:100' ومسلم فی العلم جلد4صفحه2058 .

3224- أخرجه البخاری فی الصوم جلد4صفحه215 رقم الحديث:1945' وأبو داؤد فی الصوم جلد2صفحه329 رقم الحديث:2049' وابن ماجة فی الصيام جلد1صفحه531 رقم الحديث:1663 .

نَا يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، اَنَّ اِسْمَاعِيلَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَهُ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهِ فِي يَوْمٍ حَارٍّ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَضَعُ يَدَهُ عَلَى رَاْسِهِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ، فَمَا كَانَ مِنَّا صَائِمٌ اِلَّا نَبِيُّ اللّٰهِ وَابْنُ رَوَاحَةَ

حضور ﷺ کے ساتھ گرمی کے دن کسی سفر میں نکلے' گرمی اتنی تھی کہ آدمی اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھتا تھا' ہم میں سوائے حضور ﷺ اور ابن رواحہ کے کوئی روزے دار نہیں تھا۔

3225 - وَبِهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، اَنَّ اَبَا الْمُنِيبِ الْجُرَشِيَّ، حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ اُحَافِظُ عَلَيْهِنَّ: سُبْحَةُ الضُّحَى، اَلَّا اَدَعَهَا فِي سَفَرٍ وَلَا حَضَرٍ، وَصِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَلَا اَنَامُ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ اَسْتَكْمِلُ بِذَلِكَ الدَّهْرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست ابوالقاسم ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی' جس پر میں ہمیشگی کرتا ہوں: (۱) چاشت کی نماز کی' میں نے اس کو سفر و اقامت کی حالت میں بھی نہیں چھوڑا (۲) ہر ماہ تین روزے رکھنا (۳) وتر سونے سے پہلے ادا کرنے کی' ساری زندگی ایسے ہی کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْمُنِيبِ اِلَّا زَيْدٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا يَحْيَى وَصَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث ابوالمنیب سے صرف زید اور زید سے صرف یحییٰ اور صدقہ بن خالد ہی روایت کرتے ہیں۔

3226 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عُبَيْدٍ الطَّائِيِّ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: قُلْتُ لِاَنَسٍ: مَا اَنْكَرْتَ مِنْ حَالِنَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: اِنَّكُمْ لَا تُتِمُّونَ الصُّفُوفَ

حضرت بشیر بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ہماری حالت اور حضور ﷺ کے زمانہ میں کیا تبدیلی دیکھتے ہیں؟ فرمایا: تم صفیں مکمل نہیں کرتے ہو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ اِلَّا عُقْبَةُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث بشیر سے صرف عقبہ بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

3225- أخرجه البخاری فی التهجد جلد3صفحه68 رقم الحديث: 1178' ومسلم فی المسافرين جلد1صفحه499 .

3226- أخرجه البخاری فی الأذان جلد2صفحه245 رقم الحديث: 724' وأحمد فی المسند جلد3صفحه138 رقم الحديث: 12116 .

3227 - وَبِهِ نا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ وَرَوَاهُ اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَنَسٍ

یہ حدیث عاصم' انس سے اور عاصم سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔ ابواسماعیل المؤدب' عاصم سے' وہ عمر بن بشیر سے' وہ انس سے۔

3228 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا اِسْحَاقُ، عَنْ عِيسَى الْاِسْكَنْدَرَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو ان کو آزماتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عِيسَى، وَلَا عَنْ عِيسَى اِلَّا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ الْبَصْرِيُّ وَلَيْسَ بِالْوَاسِطِيِّ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف عیسیٰ اور عیسیٰ سے صرف اسحاق الزرقی البصری واسطی نہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3229 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي سُهَيْلٍ نَافِعِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يُجَهِّزُ بَعْثًا، فَطَلَعَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا عَمُّ نَبِيِّكُمْ، اَجْوَدُ قُرَيْشٍ كَفًّا، وَاَوْصَلُهَا وَرُبَّمَا قَالَ: وَاَحْنَاهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے اور ایک لشکر تیار کر کے بھیجا' حضرت عباس بن عبدالمطلب آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ تمہارے نبی کے چچا ہیں' قریش میں دینے کے لحاظ سے زیادہ سخی ہے' زیادہ صلہ رحمی کرنے والا ہے' بسا اوقات فرماتے: زیادہ محبت کرنے والے ہیں۔

3227- أخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه68 رقم الحديث: 1178' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه499 .

3230 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَّ قَزْعَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلَا يَقْرَبْ مَسْجِدَنَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اس درخت (پیاز وغیرہ) سے کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَزْعَةَ اِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث قزعہ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

3231 - وَبِاِسْنَادِهِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَعَظَّمَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ: مَنْ كَانَ لَمْ يَطْعَمْ مِنْكُمْ فَلْيَصُمْ يَوْمَهُ هَذَا، وَمَنْ كَانَ قَدْ طَعِمَ مِنْكُمْ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عاشوراء کے دن کا ذکر کیا' اس کی عظمت بیان کی' پھر آپ نے اردگرد والوں سے فرمایا: جس نے آج تم میں سے کھانا نہیں کھایا ہے' وہ اس دن کا روزہ رکھے' تم میں سے جس نے کھالیا وہ باقی دن کا روزہ رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَزْعَةَ اِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث قزعہ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

3232 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَقَالَ: خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ التُّرْبَةَ يَوْمَ السَّبْتِ، وَخَلَقَ فِيهَا الْجِبَالَ يَوْمَ الْاَحَدِ، وَالشَّجَرَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَالْمَكْرُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وَالنُّورَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ، وَبَثَّ فِيهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيسِ، وَعَدَّ كَمَا يُعَدُّ النِّسَاءُ، وَخَلَقَ آدَمَ بَعْدَ الْعَصْرِ يَوْمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا' فرمایا: اللہ عزوجل نے ہفتہ کے دن مٹی کو پیدا کیا' اس زمین میں اتوار کے دن پہاڑ بنائے اور درخت پیر کے دن' ناپسند شے منگل کے دن اور بدھ کے دن جانور پھیلائے' جمعرات کے دن اس کو شمار کیا جس طرح عورتیں شمار کرتی ہیں اور آدم علیہ السلام کو عصر کے بعد جمعہ کے دن' دن کی آخری گھڑیوں میں عصر سے لے کر رات تک۔

3232- أخرجه مسلم في المنافقين جلد4صفحه2149' وأحمد في المسند جلد2صفحه438 رقم الحديث: 8362 .

الْجُمُعَةِ آخِرَ سَاعَةٍ مِنْ سَاعَاتِ النَّهَارِ مَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى اللَّيْلِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ جُرَيْجٍ

یہ حدیث عبداللہ سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن جریج اکیلے ہیں۔

3233 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَمَلِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ إِلَّا يُخْتَمُ عَلَيْهِ، فَإِذَا مَرِضَ الْمُؤْمِنُ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: رَبَّنَا عَبْدُكَ فُلَانٌ قَدْ حَبَسْتَهُ، فَيَقُولُ: اخْتِمُوا لَهُ عَلَى عَمَلِهِ حَتَّى يَبْرَأَ أَوْ يَمُوتَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی دن و رات کو عمل کرتا ہے اس پر مہر لگتی ہے' جب مؤمن بیمار ہوتا ہے تو فرشتے عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! تیرا فلان بندہ روکا گیا ہے نیک عمل کرنے سے؟ اللہ عزوجل فرماتا ہے: اس کے عمل لکھتے رہو' اس پر مہر لگاؤ یہاں تک کہ وہ ٹھیک ہو جائے یا فوت ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یزید سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3234 - وَبِهِ نا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الدَّرْدَاءِ يُخْبِرُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ بِرَفْعِ رَأْسِهِ، فَأَرْفَعُ رَأْسِي، فَأَعْرِفُ أُمَّتِي، عَنْ يَمِينِي، وَعَنْ شِمَالِي، فَقِيلَ لَهُ: كَيْفَ تَعْرِفُهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ، وَذَرَارِيُّهُمْ نُورُهُمْ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے مجھے سر اُٹھانے کے لیے اجازت ملے گی' میں اپنا سر اُٹھاؤں گا' میں اپنی اُمت کو دائیں بائیں پہچانوں گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ ان کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: ان کے سجدے والی جگہ چمک رہی ہوگی اور نور ان کے آگے آگے چل رہا ہوگا۔

3233- أخرجه أيضًا الكبير جلد 17 صفحه 284' وأحمد جلد 4 صفحه 146 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 306: وفيه ابن لهيعة' وفيه كلام .

3234- أخرجه أيضًا أحمد جلد 5 صفحه 199' والبزار . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 347: ورجال أحمد رجال الصحيح غير ابن لهيعة وهو ضعيف . قلت: اسناده ضعيف لاختلاط ابن لهيعة واضطرابه في السند .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3235 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُسِرُّ بِالْقُرْآنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ، وَالْجَاهِرُ بِالْقُرْآنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آہستہ آہستہ قرآن پڑھنے والا چھپ کر صدقہ کرنے والے کی طرح ہے' قرآن کو اونچی آواز میں پڑھنے والا سرعام صدقہ کرنے والے کی طرح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ إِلَّا يَحْيَى، تفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ

اس حدیث کو حضرت خالد سے یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ معاویہ بن صالح منفرد ہیں۔

3236 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا عَلَى مَوْتَاكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ، الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى، أَرْبَعًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے مردوں پر چار تکبیریں نماز پڑھو' رات ہو یا دن' چھوٹے ہوں یا بڑے' مذکر ہوں یا مؤنث (مرد و عورت)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث ابن زبیر سے صرف ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ہاشم اکیلے ہیں۔

3237 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ،

حضرت عبداللہ بن انیس الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کبیرہ گناہ یہ ہیں کہ اللہ کے

3235- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 2 صفحه 39 رقم الحديث: **1333** . والترمذي في فضائل القرآن جلد 5 صفحه 180 رقم الحديث: **2919** . وقال أبو عيسى: هذا حديث حسن غريب . والنسائي في الزكاة جلد 5 صفحه 59-60 وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 187 رقم الحديث: **17378** .

3236- أخرجه أيضًا أحمد جلد 3 صفحه 349 بلفظ: اذا كفن أحدكم أخاه فليحسن كفنه' وصلوا...... . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 38: وفيه ابن لهيعة' وفيه كلام .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ، عَنْ اَبِى اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَالْيَمِينُ الْغَمُوسُ، وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰهِ يَمِينَ صَبْرٍ فَاَدْخَلَ فِيهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ اِلَّا كَانَتْ نُكْتَةً فِي قَلْبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ساتھ شریک ٹھہرانا' والدین کی نافرمانی کرنا' یمین غموس اُٹھانا' جو اللہ کی قسم اُٹھاتا ہے بند کرنے والی' اس میں مچھر کے پَر کے برابر شے داخل ہوتی ہے تو وہ قیامت کے دن اس کے دل کے اندر نکتہ بن کے رہے گی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

یہ حدیث عبداللہ بن انیس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں لیث اکیلے ہیں۔

3238 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ اَهْلِ الْكِتَابِ اَكْلَةُ السَّحَرِ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے روزوں اور اہل کتاب کے روزوں کے درمیان فرق سحری کھانا ہے۔

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث عمرو سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن علی اکیلے ہیں۔

3239 - وَبِهِ عَنْ اَبِي قَيْسٍ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: اَرْسَلَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَلْهَا: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ؟ فَاِنْ قَالَتْ: لَا، فَقُلْ: اَمَا اِنَّ

حضرت ابوقیس' حضرت عمرو بن عاص کے غلام فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص نے اُم سلمہ زوجہ نبی ﷺ کی طرف بھیجا' فرمایا: آپ سے پوچھا گیا کہ کیا حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے؟ اگر وہ فرمائیں کہ نہیں! تو عرض کرنا کہ حضرت عائشہ

3238- أخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه770، وأبو داؤد في الصيام جلد 2صفحه312 رقم الحديث: 2343 والنسائي في الصيام جلد4صفحه120 باب (فصل ما بين صيامنا وصيام أهل الكتاب) . والدارمي في الصيام جلد 2 صفحه11-12 رقم الحديث: 1697، وأحمد في المسند جلد4صفحه242 رقم الحديث: 17778 .

عَائِشَةَ تُحَدِّثُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ ـ فَقَالَ اَبُو قَيْسٍ: فَجِئْتُهَا، فَقَالَتْ: اَحُرٌّ اَمْ مَمْلُوكٌ؟ فَقُلْتُ: مَمْلُوكٌ، فَقَالَتْ: اُدْنُهْ، فَدَنَوْتُ فَقُلْتُ: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اَرْسَلَنِي اِلَيْكِ اَسْاَلُكِ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ؟ فَقَالَتْ: لَا، فَقُلْتُ: اِنَّ عَائِشَةَ تُحَدِّثُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ ؟ فَقَالَتْ: لَعَلَّهُ كَانَ يُقَبِّلُهَا، اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَتَمَالَكُ لَهَا حُبًّا

رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ روزے کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔ حضرت ابوقیس فرماتے ہیں کہ میں آپ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: کیا آپ آزاد ہیں یا غلام؟ میں نے عرض کی: غلام! آپ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ! میں قریب ہوا' میں نے عرض کی: عبداللہ بن عمرو بن عاص نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے' یہ پوچھنے کے لیے کہ کیا رسول اللہ ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہوسکتا ہے آپ بوسہ لیتے ہوں کیونکہ کوئی آپ سے زیادہ اپنے نفس پر قابو رکھنے والا نہ تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو' حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ اکیلے ہیں۔

3240 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ صَنَعَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ طَعَامًا، فَدَعَاهُمْ، فَلَمَّا دَخَلُوا وُضِعَ الطَّعَامُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعَاكُمْ اَخُوكُمْ وَتَكَلَّفَ لَكُمْ ثُمَّ تَقُولُ: اِنِّي صَائِمٌ؟ اَفْطِرْ، ثُمَّ صُمْ يَوْمًا مَكَانَهُ اِنْ شِئْتَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب کے لیے کھانا تیار کیا گیا' ان حضرات کو دعوت دی' جب داخل ہوئے تو کھانا رکھا گیا' قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: میں روزہ کی حالت میں ہوں' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے بھائی نے تمہاری دعوت کی ہے اور تمہارے لیے تکلف کیا ہے' تم کہتے ہو کہ میں روزہ کی حالت میں ہوں' تو روزہ توڑ دے' اس کی جگہ کسی اور دن روزہ رکھ' اگر تو چاہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ وَهُوَ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ، اَهْلُ الْمَدِينَةِ يَقُولُونَ: حَمَّادُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حماد بن ابی حمید اکیلے ہیں' ان کا نام محمد بن ابی حمید ہے' اہل مدینہ ان کو حماد بن ابی حمید کہتے ہیں۔

3241 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَالَ عَنِّي اَوْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيَّ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى اَشْعَثَ، شَاحِبٍ، مُشَمِّرٍ، لَمْ يَضَعْ لَبِنَةً عَلَى لَبِنَةٍ، وَلَا قَصَبَةً عَلَى قَصَبَةٍ، رُفِعَ لَهُ عِلْمٌ فَشَمَّرَ اِلَيْهِ، الْيَوْمَ الْمِضْمَارُ، وَغَدًا السِّبَاقُ، وَالْغَايَةُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ سے مانگے یا جس کو میری طرف دیکھنا پسند ہو' وہ اشعث کو دیکھے جس کا رنگ بدلا ہوا ہے' وہ ارادہ کرنے والا اینٹ پر اینٹ نہیں رکھی اور نہ لکڑی پر لکڑی دھری ہے۔ اس کے لیے علم اُٹھایا جائے گا' پس وہ اس کی طرف قصد کرے گا' آج میدان تیار ہے' کل دوڑ ہو گی اور انجام جنت ہے یا دوزخ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

یہ حدیث ہشام سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

3242 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَانَ بْنَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ اِلَى الْمَدِينَةِ فِي سَرِيَّةٍ قِبَلَ نَجْدٍ، فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: فَاَتَوْنَا وَقَدْ فَتَحْنَا خَيْبَرَ قَبْلَ اَنْ نَقْسِمَ، وَاِنَّ خِطَامَ خُيُولِهِمُ اللِّيفُ، فَقَالَ اَبَانُ بْنُ سَعِيدٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اقْسِمْ لَنَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا تَقْسِمْ لَهُمْ، فَقَالَ اَبَانُ: اَنْتَ يَا وَبْرُ تَحَدَّرَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابان بن سعید بن العاص کو مدینہ کی طرف بھیجا ایک سریہ نجد کی جانب سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم آئے' ہم نے خیبر کو فتح کیا' تقسیم کرنے سے پہلے جبکہ ہمارے گھوڑوں کی لگامیں کھجور کی چھال سے ہیں۔ حضرت ابان بن سعید نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے تقسیم کریں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ان کے لیے تقسیم نہ کریں' ابان نے کہا: اے اونٹ کی بہت اون والے! تم پہاڑ کی چوٹی سے گرے ہو؟ مالِ غنیمت سے ان کے لیے کوئی شی نہیں

مِنْ رَاْسِ الْجَبَلِ، فَلَمْ يَقْسِمْ لَهُمْ مِنَ الْغَنِيمَةِ شَيْئًا

ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف محمد بن ولید الزبیدی روایت کرتے ہیں۔

3243 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے ستر سال کی مسافت جتنا دور کردیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ إِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ہشام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں لیث اکیلے ہیں۔

3244 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَرْجِسَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَمُوتُ، وَعِنْدَهُ قَدَحٌ فِيهِ مَاءٌ، يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهُ بِالْمَاءِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلَى كُرُبَاتِ الْمَوْتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپ کا وصال مبارک ہو رہا تھا' آپ کے پاس پانی کا ایک پیالہ تھا' آپ اس پیالہ میں ہاتھ داخل کرتے اور اپنے چہرے پر پانی ملتے تھے' پھر عرض کرتے: اے اللہ! میری موت کی مشکل پر مدد فرما!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُوسَى، وَلَا عَنْ مُوسَى إِلَّا ابْنُ الْهَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

یہ حدیث قاسم بن محمد سے صرف موسیٰ اور موسیٰ سے صرف ابن ھاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے

3243- أخرجه النسائي في الصيام جلد 4 صفحه 144 باب (ثواب من صام يوما في سبيل الله) . وابن ماجة في الصيام جلد 1 صفحه 548 رقم الحديث: 1718 . بلفظ: من صام يومًا في سبيل الله زحزح الله وجهه عن النار سبعين خريفًا .

3244- أخرجه الترمذي في الجنائز جلد 3 صفحه 299 رقم الحديث: 978' وابن ماجة في الجنائز جلد 1 صفحه 518 رقم الحديث: 1623' وأحمد في المسند جلد 6 صفحه 72 رقم الحديث: 24410 . ولفظهم: اللهم أعني على (غمرات) أو سكرات الموت .

میں لیث اکیلے ہیں۔

3245 - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، أَنَّهُ سَأَلَ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ: هَلْ رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ أَنْ يُصَلِّينَ عَلَى الدَّوَابِّ؟ فَقَالَ: لَمْ يُرَخِّصْ لَهُنَّ فِي ذَلِكَ، فِي شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ إِلَّا يَحْيَى

حضرت نعمان بن المنذر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء بن رباح سے پوچھا: کیا عورتوں کیلئے رخصت ہے کہ وہ سواریوں پر نماز پڑھیں؟ حضرت عطاء نے فرمایا: ان کے لیے کوئی رخصت نہیں خوشحالی اور تنگی میں۔

یہ حدیث نعمان سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3246 - وَبِهِ نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ: كَانَ حُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِي سَفَرٍ، فَجَعَلَ عَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ وَيُومِءُ بِرَأْسِهِ تِلْقَاءَ جِهَتِهِ الَّتِي يَسِيرُ إِلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ حُوَيْطِبٌ: أَسَمِعْتَ هَذَا يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَضَحِكَ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت مکحول فرماتے ہیں کہ حضرت حویطب بن عبدالعزیٰ‘ حضرت عبداللہ بن عمر کے ساتھ ایک سفر میں تھے‘ حضرت عبداللہ سواری پر نفل پڑھنے لگے‘ اپنے سر کے ساتھ اشارہ کرے تھے اس طرف جس طرف آپ جا رہے تھے۔ حضرت حویطب نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے اس حوالہ سے حضور ﷺ سے سنا ہے؟ حضرت عبداللہ مسکرائے‘ فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔

3247 - وَبِهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ: سَأَلَ مَكْحُولًا عَنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ، فَقَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ صَلَّاهَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَفَّ وَرَائَهُ طَائِفَةٌ مِنَّا، وَأَقْبَلَتْ

حضرت عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے بتایا کہ انہوں نے حضرت مکحول سے نمازِ خوف کے متعلق پوچھا‘ حضرت مکحول نے فرمایا: حضرت عبداللہ بیان کرتے تھے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ ﷺ نے تکبیر کہی آپ کے پیچھے ہمارا ایک گروہ تھا‘ ایک

3247- أخرجه البخاري في صلاة الخوف جلد2صفحه497 رقم الحديث: 942 من طريق شعيب عن الزهري‘ عن سالم‘ ومسلم في المسافرين جلد1صفحه574 من طريق معمر‘ عن الزهري‘ عن سالم .

طَائِفَةٌ عَلَى الْعَدُوِّ، فَرَكَعَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، مِثْلَ نِصْفِ صَلَاةِ الصُّبْحِ، ثُمَّ انْصَرَفُوا، فَاَقْبَلُوا عَلَى الْعَدُوِّ، وَجَائَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرَى، فَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَ الطَّائِفَتَيْنِ، فَرَكَعَ لِنَفْسِهِ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ

گروہ دشمن کے سامنے تھا' اس گروہ نے حضور ﷺ کے ساتھ ایک رکعت پڑھی صبح کی نماز کی طرح' پھر وہ گروہ چلا گیا' دشمن کے مقابلہ والا دوسرا گروہ آیا' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے پہلے گروہ کی طرح ایک رکعت پڑھی' پھر آپ نے سلام پھیر دیا' دونوں گروہ میں سے ہر ایک آدمی نے ایک ایک رکعت خود پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا ابْنُ ثَوْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث مکحول سے صرف ثوبان ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حمزہ اکیلے ہیں۔

3248 - وَبِهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، اَنَّ الزُّهْرِيَّ، حَدَّثَهُ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث زبیدی سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3249 - وَبِهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعُدَتْ مِنْهُ النَّارُ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے ستر سال کی مسافت جتنا دور کر دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث نعمان سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3248- أخرجه البخاری فی الصیام جلد **4** صفحه **146** (باب ما یکسره من الصیام فی السفر) . وابن ماجة فی الصیام جلد **1** صفحه **532** رقم الحدیث: **1664**' وأحمد فی المسند جلد **5** صفحه **506** رقم الحدیث: **23741**' والطبرانی فی الکبیر جلد **19** صفحه **171** رقم الحدیث: **385** .

3250 - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ أَحَدَ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَالَ: كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ ادَّانَ بِدَيْنٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَحَاطَ ذَلِكَ بِمَالِهِ، وَكَانَ مُعَاذٌ مِنْ صُلَحَاءِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ مُعَاذٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا جَعَلْتُ فِي نَفْسِي حِينَ أَسْلَمْتُ أَنْ أَبْخَلَ عَلَى الْإِسْلَامِ بِمَالٍ مَلَكْتُهُ، وَإِنِّي أَنْفَقْتُ مَالِي فِي أَمْرِ الْإِسْلَامِ، فَأَبْقَى ذَلِكَ عَلَيَّ دَيْنًا عَظِيمًا: فَادْعُ غُرَمَائِي، فَاسْتَرْفِقْهُمْ، فَإِنْ أَرْفَقُوا بِي فَسَبِيلُ ذَلِكَ، وَإِنْ أَبَوْا فَاخْلَعْنِي لَهُمْ مِنْ مَالِي قَالَ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُرَمَائَهُ، فَعَرَضَ عَلَيْهِمْ أَنْ يَرْفُقُوا بِهِ فَقَالُوا: نَحْنُ نُحِبُّ أَمْوَالَنَا، فَدَفَعَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَ مُعَاذٍ كُلَّهُ، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا عَلَى بَعْضِ الْيَمَنِ لِيَجْبُرَهُ، فَأَصَابَ مُعَاذٌ مِنَ الْيَمَنِ مِنْ مَرَافِقِ الْإِمَارَةِ مَالًا، فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُعَاذٌ بِالْيَمَنِ، فَارْتَدَّ بَعْضُ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَاتَلَهُمْ مُعَاذٌ وَأُمَرَاءُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّرَهُمْ عَلَى الْيَمَنِ حَتَّى دَخَلُوا فِي الْإِسْلَامِ، ثُمَّ قَدِمَ فِي خِلَافَةِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ بِمَالٍ عَظِيمٍ، وَأَتَاهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ،

حضرت کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' جبکہ وہ اُن تین میں سے ایک ہیں جن کی توبہ اللہ نے قبول فرمائی۔ فرماتے ہیں: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے زمانے میں اس قدر قرض لیا کہ اس نے آپ کے سارے مال کا احاطہ کر لیا جبکہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ صالح صحابی تھے' تو حضرت معاذ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے تو میں نے اپنے دل میں یہ بات نہیں رکھی کہ جس مال کا میں مالک ہوا' اس کو اسلام پر خرچ کرنے میں بخل کروں گا' اب صورتِ حال یہ ہے کہ مجھ پر بہت زیادہ قرض چڑھ گیا ہے' میرے قرض خواہوں کو بلائیے اور انہیں فرمائیے کہ وہ مجھ پر نرمی کریں' اگر وہ انکار کریں تو میرا مال اُن کے سامنے حاضر کر دیجئے۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے آپ کے قرض خواہوں کو بلایا۔ انہیں نرمی کرنے کو کہا تو انہوں نے کہا: ہم اپنے مالوں سے محبت کرنے والے ہیں۔ تو رسول کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا سارا مال ان کے حوالے کر دیا' پھر حضور ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کے کسی علاقہ میں مال پورا کرنے کے لیے بھیجا۔ یمن کے اس علاقہ کی امارت کے منافع سے آپ کو بہت مال ملا۔ تو رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا جبکہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ یمن میں تھے۔ کچھ یمنی مرتد ہو گئے تو حضرت معاذ نے اُن سے جہاد کیا اور وہ امیر جن کو یمن پر رسول کریم ﷺ نے مقرر فرمایا تھا اُن کو یمن پر

فَقَالَ: اِنَّكَ قَدِمْتَ بِمَالٍ عَظِيمٍ، وَاِنِّي اَرَى اَنْ تَاْتِيَ اَبَا بَكْرٍ، فَتَسْتَحِلَّ مِنْهُ، فَاِنْ اَحَلَّهُ لَكَ طَابَ لَكَ، وَاِلَّا دَفَعْتَهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ مُعَاذٌ: لَقَدْ عَلِمْتَ يَا عُمَرُ، مَا بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا لِيَجْبُرَنِي حِينَ دَفَعَ مَالِي اِلَى غُرَمَائِي، وَمَا كُنْتُ لِاَدْفَعَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ شَيْئًا مِمَّا جِئْتُ بِهِ اِلَّا اَنْ يَسْاَلَنِيهِ، فَاِنْ سَاَلَنِيهِ دَفَعْتُهُ اِلَيْهِ، وَاِنْ لَمْ يَاْخُذْ اَمْسَكْتُهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اِنِّي لَمْ آلُكَ وَنَفْسِي اِلَّا خَيْرًا، ثُمَّ قَامَ عُمَرُ، فَانْصَرَفَ، فَلَمَّا وَلَّى دَعَاهُ، فَعَادَ، فَقَالَ: اِنِّي مُطِيعُكَ، وَلَوْلَا رُؤْيَا رَاَيْتُهَا لَمْ اُطِعْكَ، اِنِّي اَرَانِي فِي نَوْمِي غَرِقْتُ فِي حَوْمَةِ مَاءٍ، فَاَرَاكَ اَخَذْتَ بِيَدِي، فَاَنْجَيْتَنِي مِنْهَا، فَانْطَلِقْ بِنَا اِلَى اَبِي بَكْرٍ، فَانْطَلَقَا حَتَّى دَخَلَا عَلَيْهِ، فَذَكَرَ لَهُ مُعَاذٌ كَنَحْوٍ مِمَّا كَلَّمَ بِهِ عُمَرُ فِيمَا كَانَ مِنْ غُرَمَائِهِ، وَمَا اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَبْرِهِ، ثُمَّ اَعْلَمَهُ بِمَا جَاءَ بِهِ مِنَ الْمَالِ، حَتَّى قَالَ: وَسَوْطِي هٰذَا مِمَّا جِئْتُ بِهِ، فَمَا رَاَيْتَ فَخُذْ، وَمَا رَاَيْتَ فَاَطِبْهُ، فَقَالَ لَهُ اَبُو بَكْرٍ: هُوَ لَكَ كُلُّهُ يَا مُعَاذُ، فَالْتَفَتَ عُمَرُ اِلَى مُعَاذٍ، فَقَالَ: يَا مُعَاذُ، هٰذَا حِينَ طَابَ لَكَ، فَكَانَ مُعَاذٌ مِنْ اَكْثَرِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالًا، وَكَانَ مُعَاذٌ اَوَّلَ رَجُلٍ اَصَابَ مَالًا مِنْ مَرَافِقِ الْاِمَارَةِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَمَضَتِ السُّنَّةُ فِي مُعَاذٍ بِاَنْ خَلَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَالِهِ، وَلَمْ يَاْمُرْ بِبَيْعِهِ، وَفِي

برقرار رکھا یہاں تک کہ وہ اسلام میں داخل ہو گئے' پھر آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں آئے بہت زیادہ مال لے کر۔ حضرت عمر نے ان کے پاس آ کر فرمایا: ماشاء اللہ! آپ تو بہت مال لائے ہیں' میرا خیال ہے کہ آپ حضرت ابوبکر کے پاس جا کر یہ مال پیش کر دیں۔ پس اگر انہوں نے اپنے ہاتھ سے آپ کو مال دیا تو وہ آپ کے لیے مبارک ہوگا ورنہ آپ مال اُن کے حوالے کر دیں۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بولے: اے عمر! آپ کو معلوم ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے مال کی کمی دور کرنے کے لیے ہی تو بھیجا تھا' جب میرے قرض خواہوں نے میرا سارا مال لے لیا تھا جو مال میں لایا ہوں اُس میں سے حضرت ابوبکر صدیق کو اس وقت تک کچھ نہ دوں گا جس وقت تک وہ اس کا مطالبہ نہ کریں۔ پس اگر وہ مطالبہ کریں تو میں ان کی خدمت میں پیش کر دوں گا۔ اور اگر انہوں نے نہ لیا تو اپنے پاس رکھوں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: مجھے میری جان کی قسم! میں نے تجھے اچھا مشورہ دیا ہے۔ پھر حضرت عمر اُٹھے اور چل دیئے' جب آپ تھوڑی دور گئے تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے پیچھے سے بلایا' آپ لوٹ آئے تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کا حکم ماننے کو تیار ہوں اور اگر میں نے وہ خواب نہ دیکھے ہوتے جو میں نے دیکھے ہیں تو میں آپ کی پیروی نہ کرتا' میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں پانی کے حوض میں ڈوب رہا ہوں اور آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر نکالا ہے۔ مجھے حضرت

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا التَّمَامِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، وَعُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں لے چلیں۔ پس وہ دونوں حضرات چلتے چلتے حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ پس حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اسی طرح کلام کیا جس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا اور جو حضرت عمر نے قرض خواہوں کے حوالے سے فرمایا اور یہ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارادہ یہ نہ تھا کہ آپ وہی مال پورا کریں' پھر وہ جو مال لائے تھے سب سے آگاہ کیا۔ یہاں تک کہ کہا: یہ میرا ڈنڈا ہے' یہ بھی میں وہیں سے لایا ہوں جو آپ چاہیں لے لیں اور جو چاہیں عطا کر دیں۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: یہ سارے کا سارے آپ کا ہے۔ ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اب تیرے لیے اچھا ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اکثر صحابہ سے زیادہ مال والے تھے' حضرت معاذ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے امارت کے منافع سے مال حاصل کیا۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: حضرت معاذ کے بعد میں یہ طریقہ جاری ہوا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے مال سے قرض خواہوں کو مال دے دیا اور اسے بیچنے کا حکم نہ دیا اور اللہ کے رسول کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔ یہ پوری حدیث امام زہری سے صرف یزید بن ابی حبیب نے اور عمارہ بن غزیہ نے روایت کی ہے' ابن لہیعہ منفرد ہیں۔

3251 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ اَزْهَرَ بْنَ

حضرت ابوکبشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے' آپ کے پاس سے

3251- أخرجه أيضًا أحمد جلد **4** صفحه **231**' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **295**: ورجال أحمد ثقات .

سَعِيدٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ جَالِسٌ اِذْ مَرَّتْ بِهِ امْرَاَةٌ فَقَامَ اِلَى اَهْلِهِ، فَخَرَجَ اِلَيْنَا وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَاَنَّهُ قَدْ كَانَ شَيْءٌ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، مَرَّتْ بِي فُلَانَةُ، فَوَقَعَ فِي نَفْسِي شَهْوَةُ النِّسَاءِ، فَقُمْتُ اِلَى بَعْضِ اَهْلِي، وَكَذٰلِكَ فَافْعَلُوا، فَاِنَّهُ مِنْ اَمَاثِلِ اَعْمَالِكُمْ اِتْيَانُ الْحَلَالِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي كَبْشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ

ایک عورت گزری' آپ اپنے گھر گئے پھر ہماری طرف واپس آئے تو آپ کے سرانور سے پانی کے قطرے گر رہے تھے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! لگتا ہے کوئی شی تھی؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میرے پاس سے فلانی گزری' میرے دل میں عورتوں کی محبت پیدا ہوئی' میں اپنی کسی بیوی کے پاس گیا' تم بھی ایسے ہی کیا کرو کیونکہ تمہارے اعمال عمدہ ہو جائیں گے حلال کام کرنے سے۔

یہ حدیث ابوکبشہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن صالح اکیلے ہیں۔

3252 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي حَلْبَسٍ يَزِيدَ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ الدَّرْدَاءِ تَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا سَمِعْتُهُ يُكَنِّيهِ قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا، يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: يَا عِيسَى، اِنِّي بَاعِثٌ مِنْ بَعْدِكَ اُمَّةً، اِنْ اَصَابَهُمْ مَا يُحِبُّونَ حَمِدُوا وَشَكَرُوا، وَاِنْ اَصَابَهُمْ مَا يَكْرَهُونَ احْتَسَبُوا وَصَبَرُوا، وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ قَالَ: يَا رَبِّ، كَيْفَ يَكُونُ هٰذَا وَلَا عِلْمَ وَلَا حِلْمَ؟ قَالَ: اُعْطِيهِمْ مِنْ حِلْمِي وَعِلْمِي

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوالقاسم کا نام سنا' میں نے یہ کنیت اس سے پہلے اور اس کے بعد نہیں سنی ہے' فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا کہ اے عیسیٰ! میں آپ کے بعد ایک اُمت بھیجنے والا ہوں' اگر ان کو ملے گا جو وہ پسند کریں گے' وہ الحمد للہ کہیں گے اور شکریہ ادا کریں گے' وہ ملے جو وہ ناپسند کرتے ہوں گے' وہ ثواب حاصل کریں گے اور صبر کریں گے' اس کے پاس بردباری اور علم نہیں ہوگا۔ حضرت عیسیٰ نے عرض کی: اے رب! یہ کیسے ہوگا' ان کے پاس علم اور بردباری نہیں ہو گی؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: ان کو میرے علم اور میری بردباری سے حصہ دیا گیا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ مَيْسَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث اُم درداء سے یزید روایت کرتے ہیں اور یزید سے صرف معاویہ بن صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

3252- أخرجه أيضًا أحمد جلد 6 صفحه 450 . والبزار' وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 70 الى الكبير أيضًا وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح غير الحسن بن سوار' وأبي حلبس يزيد بن ميسرة' وهما ثقتان .

3253 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ، وَهُوَ قُرْبَةٌ إِلَى رَبِّكُمْ، وَمَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر رات کا قیام لازم ہے کیونکہ یہ طریقہ تم سے پہلے نیک لوگوں کا ہے یہ رب کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور گناہوں کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا أَبُو إِدْرِيسَ، وَلَا عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ إِلَّا رَبِيعَةُ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث ابوامامہ سے صرف ابوادریس اور ابو ادریس سے صرف ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن صالح اکیلے ہیں۔

3254 - بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اتَّقُوا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ، فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُورِ اللَّهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھ لیتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث ابوامامہ حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے والے معاویہ اکیلے ہیں۔

3255 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ هَانِئٍ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ السُّلَمِيِّ قَالَ: بِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا، فَجِئْتُ

حضرت عرباض بن ساریہ السلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ سے ایک اونٹ لیا میں آپ کے پاس اس کے پیسے لینے کے لیے آیا

3253- أخرجه أيضًا الكبير جلد8صفحه109 رقم الحديث: 7466 . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه254 وفيه: عبد الله بن صالح كاتب الليث قال عبد الملك بن شعيب بن الليث: ثقة مأمون وضعفه جماعة من الأئمة .

3254- أخرجه الطبراني في الكبير جلد8صفحه102 رقم الحديث: 7497 . وقال الحافظ الهيثمي: اسناده حسن . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه271 .

3255- أخرجه ابن ماجة في التجارات جلد 2صفحه767 رقم الحديث: 228 . وأحمد في المسند جلد4صفحه157 رقم الحديث: 17154 . والبيهقي في الكبرى جلد5صفحه575 رقم الحديث: 10941 .

اَتَقَاضَاهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اقْضِنِي ثَمَنَ بَكْرِى، فَقَضَاهُ بَعِيرًا مُسِنًّا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا اَفْضَلُ مِنْ بَكْرِى، فَقَالَ: هُوَ خَيْرٌ لَكَ، اِنَّ خَيْرَ الْقَوْمِ خَيْرُهُمْ قَضَاءً

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے میرے اونٹ کے پیسے دے دیں! آپ نے اس سے زیادہ عمر والا اونٹ دیا' عرض کی: یارسول اللہ! یہ تو میرے اونٹ سے بڑا ہے' آپ نے فرمایا: تیرے لیے بہتر ہے' لوگوں میں بہتر وہ ہے جو قرض اچھی طرح ادا کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْعِرْبَاضِ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عرباض سے اسی سند سے روایت ہے۔

3256 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ قَالَ: حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ فِي الْغَزْوِ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ، وَيُنَفِّلُ اِذَا قَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جہاد کے مالِ غنیمت کا چوتھا حصہ لیتے تھے خمس لینے کے بعد اور جب واپس آتے تو مالِ غنیمت سے تہائی حصہ لیتے خمس لینے کے بعد۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث علاء سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3257 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ: كُنَّا نَرْقِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ نَرْقِي فِي ذَلِكَ؟ فَقَالَ: اعْرِضُوا عَلَيَّ رُقَاكُمْ قَالَ: لَا بَاْسَ بِالرُّقَى مَا لَمْ يَكُنْ شِرْكٌ

حضرت عوف بن مالک الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جاہلیت میں دَم کرتے تھے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیسے دَم کریں؟ آپ نے فرمایا: جو تم پڑھتے ہو دَم میں وہ مجھ کو سناؤ! آپ نے فرمایا: دَم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ شرکیہ کلمات نہ ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَوْفٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث عوف سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معاویہ اکیلے ہیں۔

3256- أخرجه أبو داؤد فی الجهاد جلد3صفحه80 رقم الحديث: 2749 . وأحمد فی المسند جلد 4صفحه198 رقم الحديث: 17477 .

3257- أخرجه مسلم فی السلام جلد4صفحه1727' وأبو داؤد فی الطب جلد4صفحه10 رقم الحديث: 3886' والطبرانی فی الكبير جلد18صفحه49 رقم الحديث: 88 .

3258 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ سِنُونَ خَدَّاعَةٌ، يُتَّهَمُ فِيهَا الْاَمِينُ، وَيُؤْتَمَنُ الْمُتَّهَمُ، وَيَنْطَلِقُ فِيهَا الرُّوَيْبِضَةُ . قَالُوا: وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: السَّفِيهُ يَنْطِقُ فِي اَمْرِ الْعَامَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے سخت دھوکہ باز لوگ ہوں گے، اس میں امین کو خائن اور خائن کو امین سمجھا جائے گا اور اس میں رویبضہ چلے گی۔ صحابہ نے عرض کی: رویبضہ کیا ہے؟ فرمایا: بے وقوف آدمی گفتگو کرے گا امر عامہ میں۔

3259 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے مسجد بنائی، اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے، ان سے روایت کرنے والے ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3260 - وَبِهِ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ، وَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ، وَاَدْخَلْتُ فِيهَا شَيْئًا تَرَكَتْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تیری قوم کا زمانہ کفر کے قریب نہ ہوتا تو کعبہ کو شہید کر کے اس کے دو دروازے بنائے جاتے، اس کو داخل کرتا جس کو قریش نے چھوڑا تھا، وہ اس کو شامل کرنے سے عاجز آ گئے تھے (وہ حطیم کعبہ ہے)۔

3258- أخرجه أيضًا أحمد جلد 3صفحه220، وأبو يعلى . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه287: في اسناده الطبراني ابن لهيعة وهو لين .

3259- أخرجه ابن ماجة في المساجد جلد 1صفحه243 رقم الحديث: 737 في الزوائد: اسناد حديث علي ضعيف . والوليد بن مسلم مدلس، وقد رواه بالعنعنة . وشيخه ابن لهيعة ضعيف .

3260- أخرجه البخاري في البخاري في الحج جلد 3صفحه514 رقم الحديث: 1586 من طريق يزيد بن رومان عن عروة . ومسلم في الحج جلد2صفحه971 عن طريق الحارث بن عبد الله بن أبي ربيعة .

قُرَيْشٌ، عَجَزُوا عَنْهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَخِيهِ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث قاسم اپنے بھائی سے روایت کرتے ہیں' وہ صرف ابواسود سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3261 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ هَجَرَ نِسَائَهُ، فَإِذَا هُوَ عَلَى سَرِيرٍ رُمَالٍ، يَعْنِي: مَرْمُولٍ، فَنَظَرْتُ، فَلَمْ اَرَ فِي الْبَيْتِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ اِلَّا اُهُبَ عِجْلٍ، قَدْ سَطَعَ رِيحُهَا، فَقُلْتُ: اَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ وَخِيرَتُهُ، وَهَذَا كِسْرَى وَقَيْصَرُ فِي الدِّيبَاجِ وَالْحَرِيرِ؟ فَقَالَ: اَوَفِي نَفْسِكَ اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟ اُولَئِكَ قَوْمٌ لَهُمْ حِسَابُهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں حضور ﷺ کے پاس داخل ہوا' جس وقت آپ نے اپنی ازواج کو چھوڑا تھا' آپ چارپائی پر آرام کر رہے تھے' میں نے گھر میں نظر دوڑائی' میری نگاہ نے کوئی شے نہیں دیکھی مگر بچھڑے کی بو پھیل رہی تھی۔ میں نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' اور اُس کے منتخب ہیں کہ یہ کسریٰ و قیصر کے لوگ ریشم اور دیباج پہنتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے ابن خطاب! کیا تم اپنے دل میں یہ بات نہیں پاتے ہو کہ ان سے اس کا حساب لیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَرْزُوقٍ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مرزوق سے صرف ولید بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

3262 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو فرض نماز پڑھنے کے لیے باوضو ہو کر چلا' اس کے لیے احرام باندھ کر حج کرنے والے کی

3261- أصله عند البخاری ومسلم من حديث طويل من طريق: عبد الله بن عبد الله بن أبی ثور . أخرجه البخاری فی المظالم جلد5صفحه137 رقم الحديث:2468' ومسلم فی الطلاق جلد2صفحه1111 .

3262- أخرجه أبو داؤد فی الصلاة جلد1صفحه150 رقم الحديث:558 بلفظ: من خرج من بيته متطهرًا...... . وأحمد فی المسند جلد5صفحه316 رقم الحديث:22367 . والطبرانی فی الكبير جلد8صفحه176 رقم الحديث: 7734-7735 .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَشَى اِلَى صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ وَهُوَ مُتَطَهِّرٌ فَاَجْرُهُ كَاَجْرِ الْحَاجِّ الْمُحْرِمِ، وَمَنْ مَشَى اِلَى تَسْبِيحِ الضُّحَى فَاَجْرُهُ كَاَجْرِ الْمُعْتَمِرِ، وَصَلَاةٌ عَلَى اِثْرِ صَلَاةٍ لَا لَغْوَ بَيْنَهُمَا كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

مثل ثواب ہے' جو چاشت کی نماز پڑھنے کے لیے چلا تو اس کے لیے عمرہ کرنے والے کی طرح ثواب ہے' ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا پڑھنا بشرطیکہ لغو بات کوئی نہ ہو' اس کے لیے علّیین میں ثواب لکھا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ بِهَذَا التَّمَامِ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث یحییٰ بن حارث سے اس تمام سند سے صرف ہشیم بن حمید ہی روایت کرتے ہیں۔

3263 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اِشْكِيبَ الصَّفَّارُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ مِنْكُمْ وَقَدْ اَصَابَ مِنَ الْغَمْرِ شَيْئًا قَبْلَ اَنْ يَغْسِلَ يَدَهُ، فَاَصَابَهُ شَيْءٌ، فَلَا يَلُومَنَّ اِلَّا نَفْسَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے سو کر اُٹھے' اس کے ہاتھوں کو کوئی شی لگی اس نے ہاتھ کو دھویا نہیں' اس کو کسی شے نے نقصان دیا تو وہ ملامت صرف اپنے آپ ہی کو کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا لَيْثٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

3264 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمِيعٍ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بِئْسَ الطَّعَامُ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ يُدْعَا اِلَيْهَا الْاَغْنِيَاءُ، وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ، وَمَنْ دُعِيَ اِلَى وَلِيمَةٍ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ مَا اَنَا قُلْتُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ولیمہ کا بُرا کھانا وہ ہے جس میں مال داروں کو بلایا جائے اور محتاج لوگوں کو چھوڑا جائے' جس کو ولیمہ کی دعوت دی گئی اس نے قبول نہ کی تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی' میں یہ خود نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔

3264- أخرجه البخاري في النكاح جلد 9 صفحه 152 رقم الحديث: 5177 من طريق ابن شهاب' عن الأعرج' عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه كان يقول شر الطعام طعام الوليمة'......' ومن ترك الدعوة فقد...... . ومسلم في النكاح جلد 2 صفحه 1054 . ولفظه نحوه . ولم يذكرا ما أنا قلته .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ.

یہ حدیث اسماعیل سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3265 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو عِصَامٍ رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا فَعَلَتْ فُلَانَةُ؟ لِيَتِيمَةٍ كَانَتْ عِنْدَهَا، فَقُلْتُ: أَهْدَيْنَاهَا إِلَى زَوْجِهَا قَالَ: فَهَلْ بَعَثْتُمْ مَعَهَا بِجَارِيَةٍ تَضْرِبُ بِالدُّفِّ، وَتُغَنِّي؟ قَالَتْ: تَقُولُ مَاذَا؟ قَالَ: تَقُولُ:(البحر الرجز)

أَتَيْنَاكُمْ، أَتَيْنَاكُمْ... فَحَيُّونَا، نُحَيِّيكُمْ

لَوْلَا الذَّهَبُ الْأَحْمَرُ... مَا حَلَّتْ بِوَادِيكُمْ

وَلَوْلَا الْحَبَّةُ السَّمْرَاءُ... مَا سَمِنَتْ عَذَارِيكُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فلانی نے کیا کیا؟ جو ایک یتیم لڑکی حضرت عائشہ کے پاس تھی' میں نے عرض کی: اس کو اس کے شوہر کے سپرد کر دیا ہے' آپ نے فرمایا: کیا تم نے اس کے ساتھ لونڈی بھیجی ہے؟ دف بجاتی اور اشعار پڑھتی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: وہ کیا پڑھتی؟ آپ نے فرمایا: وہ پڑھتی:

ہم تمہارے پاس آئے ہیں' ہم تمہارے پاس آئے ہیں' پس تم ہمیں سلام کرو' ہم تمہیں سلام کرتے ہیں' اگر سرخ سونا نہ ہوتا تو تمہاری وادیوں میں کوئی نہ اُترتا' اور اگر گندم نہ ہوتی تو تمہاری کنواری عورتیں کبھی موٹی نہ ہوتیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا رَوَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف شریک اور شریک سے صرف روّاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن السری اکیلے ہیں۔

3266 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ هُنَّ عَلَيَّ فَرِيضَةٌ وَهُوَ لَكُمْ سُنَّةٌ: الْوِتْرُ، وَالسِّوَاكُ، وَقِيَامُ اللَّيْلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں مجھ پر فرض تھیں' تمہارے لیے سنت ہیں: وتر' مسواک' رات کا قیام یعنی تہجد۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا مُوسَى،

یہ حدیث ہشام سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے

تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيدٍ

ہیں' اس کو روایت کرنے والے عبدالغنی بن سعید اکیلے ہیں۔

3267 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اِشْكِيبَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا نَتَصَيَّدُ بِهٰذِهِ الْكِلَابِ، فَقَالَ: اِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُعَلَّمَ، وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَلَكَ مَا اَمْسَكَ عَلَيْهِ، وَاِنْ قَتَلَ، اِلَّا اَنْ يَاْكُلَ، فَاِنْ اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ، فَاِنِّي اَخَافُ اَنْ يَكُونَ اِنَّمَا اَمْسَكَهُ عَلَى نَفْسِهِ، وَاِنْ خَالَطَتْهَا كِلَابٌ مِنْ غَيْرِهَا فَلَا تَاْكُلْ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کتوں سے شکار کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جب تُو سکھایا ہوا کتا چھوڑے اور اللہ کا نام لے کر چھوڑے تو جو وہ پکڑے وہ تیرا ہے' اگر مار دے پھر بھی کھالو' اگر کھائے تو نہ کھا' میں خوف کرتا ہوں کہ اس نے اپنی ذات کے لیے روکا ہے' اگر اس کے ساتھ دوسرے کتے بھی شریک ہو جائیں تو اس کو نہ کھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ حدیث بیان سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3268 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ طَعَامِ بُرٍّ حَتَّى قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آلِ محمد ﷺ نے وصال مبارک تک پیٹ بھر کر گندم کی روٹی نہیں کھائی۔

3269 - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ سَبْعِينَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ، مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ كِسَاءٌ، اِمَّا بُرْدَةٌ، وَاِمَّا رِدَاءٌ، قَدْ رَبَطُوهَا فِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ستر اصحابِ صفّہ کو دیکھا' ان میں سے کسی کے پاس چادر نہیں تھی سوائے ایک چھوٹی چادر کے' جس کو وہ اپنی

3267- أخرجه البخاري في الذبائح جلد9صفحه524 رقم الحديث: 5483' ومسلم في الصيد والذبائح جلد3 صفحه1529 .

3268- أخرجه البخاري في الأطعمة جلد9صفحه427 رقم الحديث: 5374 ولم يذكر لفظ بر عند البخاري ومسلم: الزهد جلد4صفحه2284' والترمذي في الزهد جلد4صفحه579 رقم الحديث: 2358 .

3269- أخرجه البخاري في الصلاة جلد1صفحه638 رقم الحديث: 442 .

اَعْنَاقِهِمْ، فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقِ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ، فَيَجْمَعُهُ بِيَدِهِ كَرَاهِيَةَ اَنْ تَبْدُوَ عَوْرَتُهُ

گردن سے باندھتے اور وہ نصف پنڈلی تک پہنچتی تھی' وہ ٹخنوں تک نہیں پہنچتی تھی' وہ اپنے ہاتھ سے اس کو اکٹھا کرتے ہیں اس ڈر سے کہ ان کی شرمگاہ ننگی نہ ہو۔

3270 - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مَا بَيْنَ مَنْكِبَي الْكَافِرِ فِي النَّارِ مَسِيرَةُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ لِلرَّاكِبِ الْمُسْرِعِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کافر کے دونوں کندھوں کے درمیان اتنی آگ ہوگی کہ ایک سوار تین دن تک تیز چلتا رہے تو وہ ختم نہ ہو۔

3271 - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَصَابَنِي جَهْدٌ شَدِيدٌ، فَاَتَيْتُ عُمَرَ، فَاسْتَفْتَحْتُهُ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَدَخَلَ دَارَهُ، ثُمَّ فَتَحَهَا عَلَيَّ، فَذَهَبْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ، فَخَرَرْتُ لِوَجْهِي مِنَ الْجَهْدِ، فَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى رَاْسِي، فَقَالَ: اَبُو هُرَيْرَةَ قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، فَاَخْبَرْتُهُ مَا اَنَا فِيهِ، فَعَرَفَ الَّذِي بِي فَانْطَلَقَ اِلَى رَحْلِهِ، فَاَمَرَ لِي بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ مِنْهُ، فَقَالَ: عُدْ، يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، فَعُدْتُ، فَشَرِبْتُ حَتَّى اسْتَوَى ظَهْرِي وَصَارَ كَالْقِدْحِ، فَلَقِيتُ عُمَرَ، فَذَكَرْتُ الَّذِي كَانَ مِنْ اَمْرِي، وَقُلْتُ لَهُ: تَوَلَّى اللّٰهُ ذَلِكَ مَنْ كَانَ اَحَقَّ بِهِ مِنْكُمْ، وَلَقَدِ اسْتَقْرَاْتُكَ الْآيَةَ وَاَنَا اَقْرَاُ لَهَا مِنْكَ، فَقَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ اَدْخَلْتُكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے سخت بھوک لگی' میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ سے قرآن پاک کی ایک آیت کا مفہوم پوچھا' آپ نے بتایا اور اپنے گھر داخل ہوگئے' پھر میں واپس آیا' ابھی دور نہیں گیا تھا کہ میں بھوک کی وجہ سے چہرے کے بل گر پڑا' دیکھا تو رسول اللہ ﷺ میرے سر پر کھڑے تھے۔ فرمایا: ابوہریرہ ہو؟ میں نے عرض کی: لبیک وسعدیک یارسول اللہ! میں نے بتایا کہ میں ہی ہوں' آپ نے میرے چہرے سے معلوم کرلیا کہ میں بھوکا ہوں' مجھے لے کر اپنے گھر چلے' مجھے آپ نے دودھ کا پیالہ دیا' میں نے اس کو پیا۔ فرمایا: ابوہریرہ اور پیو! میں نے دوبارہ پیا' میں نے اتنا پیا کہ میری کمر سیدھی ہوگئی' پیالہ کی طرح ہوگئی' پھر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا اور اس معاملہ کا ذکر کیا' میں نے عرض کی: اللہ نے اس کا ولی اُس ہستی کو مقرر فرمایا جو آپ سے زیادہ حقدار تھی۔ میں نے آپ سے

3270- أخرجه البخاری فی الرقاق جلد 11 صفحه 423 رقم الحديث: 6551 ومسلم فی الجنة وصفة نعيمها جلد 4 صفحه 2189 رقم الحديث: 2852 .

3271- أخرجه البخاری فی الأطعمة جلد 9 صفحه 427 رقم الحديث: 5375 .

ایک آیت پڑھنے کی درخواست کی حالانکہ میں بھی اس کو زیادہ پڑھنے والا تھا' حضرت عمر نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر بتا سکتا تو میں آپ کو اپنے گھر داخل کر کے کھانا کھلاتا تو مجھے سرخ اونٹ (صدقہ) کرنے سے زیادہ محبوب تھا۔

3272 - وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُضِيفَهُ، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مَا يُضَيِّفُهُ، فَقَالَ: اَلَا رَجُلٌ يُضِيفُ هٰذَا، رَحِمَهُ اللّٰهُ؟ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَانْطَلَقَ بِهِ اِلَى رَحْلِهِ، فَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: اَكْرِمِي ضَيْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا عِنْدَنَا اِلَّا قُوتُ الصِّبْيَةِ، فَقَالَ لَهَا: نَوِّمِي الصِّبْيَةَ، وَاَضِيئِي السِّرَاجَ، وَقَرِّبِيهِ اِلَى ضَيْفِ رَسُولِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَرِيهِ كَاَنَّا نَطْعَمُ مَعَهُ، وَاَطْفِئِي السِّرَاجَ، واتْرُكِيهِ لِضَيْفِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَعَلَتْ قَالَ: وَاَتَى اَبُو طَلْحَةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ عَجِبَ اللّٰهُ، اَوْ ضَحِكَ مِنْ فُلَانٍ وَفُلَانَةَ يَعْنِي: اَبَا طَلْحَةَ وَامْرَاَتَهُ، وَاَنْزَلَ فِيهِمْ هٰذِهِ الْآيَةَ: (وَيُؤْثِرُونَ عَلَى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ) (الحشر: 9)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تاکہ آپ اس کی مہمان نوازی کریں (بظاہرا) آپ کے پاس کچھ نہیں تھا' آپ نے فرمایا: کیا کوئی آدمی اس کی مہمان نوازی کرے گا تو اللہ اس پر رحم کرے گا؟ انصار کا ایک آدمی آیا' وہ اس کو اپنے گھر لے گیا' اس نے اپنی بیوی سے کہا: رسول اللہ ﷺ کے مہمان کی عزت کرنا۔ بیوی نے کہا: اللہ کی قسم! صرف بچوں کا کھانا ہے' اس نے کہا: تو بچوں کو سلا دے اور چراغ جلا دے اور کھانا مہمان کے قریب کر دینا' وہ خیال کرے گا کہ اس کے ساتھ ہم بھی کھا رہے ہیں' تم چراغ بجھا دینا اور رسول اللہ ﷺ کے مہمان کے لیے چھوڑ دینا' بیوی نے ایسے ہی کیا۔ ابوطلحہ صبح حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے پسند کیا' یا فرمایا: اللہ فلاں فلاں کے کام کو دیکھ کر خوش ہوا ہے۔ یعنی ابوطلحہ اور اس کی بیوی سے۔ یہ آیت اتری: ''وہ اپنے اوپر دوسرے کو ترجیح دیتے اگرچہ وہ خود ضرورت مند ہوتے ہیں''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ حدیث فضیل بن غزوان سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3272- أخرجه البخاري في التفسير جلد8صفحه500 رقم الحديث: 4889' ومسلم في الأشربة جلد3صفحه1624 .

3273 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّلُ زُمْرَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِينَ يَلُونَهُمْ عَلَى ضَوْءِ اَشَدِّ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ اِضَائَةً، لَا يَبُولُونَ، وَلَا يَتَغَوَّطُونَ، وَلَا يَتْفِلُونَ، وَلَا يَمْتَخِطُونَ، اَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ، وَمَجَامِرُهُمُ الْاَلُوَّةُ، وَاَزْوَاجُهُمُ الْحُورُ الْعِينُ، اَخْلَاقُهُمْ عَلَى خُلُقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلَى صُورَةِ اَبِيهِمْ آدَمَ سِتِّينَ ذِرَاعًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا' ان کی صورتیں چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گی' جو اس کے بعد ہوں گے ان کے چہروں کی سفیدی آسمان کے ستاروں سے زیادہ ہوگی' وہ نہ پیشاب نہ پاخانہ نہ ناک صاف کرتے اور نہ تھوک کریں گے' ان کے کنگنے سونے کے ہوں گے' ان کا پینا مشک کی خوشبو کی طرح ہوگا' ان کی انگیٹھیوں میں خوشبو ہوگی' انکی بیویاں حور العین ہوں گی' ان کے اخلاق ایک جیسے ہوں گے' وہ اپنے باپ آدم کی صورت پر ہوں گے ساٹھ ہاتھ۔

یہ حدیث عمارہ سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3274 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: نَا اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ الْاَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى دَارًا فَاَكْمَلَهَا وَحَسَّنَهَا، وَبَقِيَتْ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا مَوْضِعُ لَبِنَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يُطِيفُونَ بِبُنْيَانِهِ، يَتَعَجَّبُونَ، وَيَقُولُونَ: فَهَلَّا وَضَعَ هَاهُنَا لَبِنَةً فَاَكْمَلَ بِهَا بِنَائَهُ؟ فَاَنَا ذَلِكَ، اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میری اور پہلے انبیاء کی مثال اُس آدمی کی ہے جس نے ایک عمارت بنائی' اس کو مکمل کیا اور خوبصورت بنایا' اس کے کونوں میں سے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ رہ گئی۔ لوگ اس کے اردگرد چکر لگا کر دیکھتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں اور حیرانی سے کہتے ہیں: اس جگہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی کہ اس کے ساتھ اس کی تعمیر مکمل ہو جاتی؟ پس میں اس اینٹ کی مانند ہوں' میں خاتم النبیین ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

3273- أخرجه البخاری فی أحاديث الأنبياء جلد6صفحه417 رقم الحديث: 3327 من طريق أبی زرعة . ومسلم فی الجنة وصفة نعيمها جلد4صفحه2179 .

3274- أصله متفق عليه: من طريق أبی الح . أخرجه البخاری فی المناقب جلد6صفحه645 رقم الحديث: 3535 ومسلم فی الفضائل جلد4صفحه1791 .

3275 - وَبِإِسْنَادِهِ حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا، فَجَعَلَتْ هَذِهِ الدَّوَابُّ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهِ، وَيَزَعُهُنَّ عَنْهَا، وَيَقْتَحِمْنَ فِيهَا، وَإِنِّي آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ، هَلُمُّوا عَنِ النَّارِ، هَلُمُّوا عَنِ النَّارِ، فَتَغْلِبُونِي، فَتَقْتَحِمُونَ فِيهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری مثال اور تمہاری اس آدمی کی طرح ہے جس نے آگ روشن کی' اس میں کیڑے مکوڑے گرنے لگے' وہ اس سے نکال رہا ہے وہ اس میں گر رہے ہیں' میں بھی تمہیں تمہاری پشتوں سے پکڑتا ہوں' جہنم کی آگ سے بچو' جہنم کی آگ سے بچو' تم مجھ پر غالب آ رہے ہو' تم اس میں گر رہے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ دونوں حدیثیں حبیب بن سالم سے صرف محمد بن سعد ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو محمد بن فضیل روایت کرتے ہیں۔

3276 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَمَّا حَفَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَنْدَقَ أَصَابَ الْمُسْلِمِينَ جَهْدٌ شَدِيدٌ، حَتَّى رَبَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَطْنِهِ صَخْرَةً مِنَ الْجُوعِ، وَأَصْحَابُهُ، فَذَبَحْتُ عَنَاقًا وَأَمَرْتُ أَهْلِي فَخَبَزُوا شَيْئًا مِنْ شَعِيرٍ كَانَ عِنْدَهُمْ، وَطَبَخُوا الْعَنَاقَ، ثُمَّ دَعَوْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي صَنَعْتُ، فَقَالَ: فَانْطَلِقْ، فَهَيِّءْ مَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ خندق کھود رہے تھے تو صحابہ کرام کو سخت بھوک لگی' یہاں تک کہ حضور ﷺ نے بھوک کی وجہ سے پتھر پیٹ پر باندھے ہوئے تھے اور آپ کے صحابہ نے' میں نے ایک دنبہ کا بچہ ذبح کیا اور اپنی بیوی کو جو کی روٹی پکانے کا حکم دیا' جو ان کے پاس تھے۔ وہ دنبہ کا بچہ پک گیا تو پھر میں نے حضور ﷺ کو دعوت دی' میں نے آپ کو بتایا کہ میں نے تیار کیا تھا' آپ نے فرمایا: تم چلو جو آپ کے پاس ہے وہ تیار کرو' میں آیا میں نے تیار کیا جو

3275- أصله عند البخاری ومسلم . أخرجه البخاری فی الرقاق جلد 11 صفحه 323 رقم الحديث: 6483 . من طريق شعيب حدثنا أبو الزناد عن عبد الرحمٰن . ومسلم فی الفضائل جلد 4 صفحه 1789 من طريق معمر' عن همام بن منبه . ولفظ مسلم نحوه .

3276- أخرجه البخاری فی المغازی جلد 7 صفحه 456 رقم الحديث: 4101 بنحوه . ومسلم فی الأشربة جلد 3 صفحه 1610 . وعند مسلم من طريق حنظلة بن أبی سفيان' حدثنا سعيد بن ميناء' قال: سمعت جابر بن عبد الله وذكر نحوه .

عِنْدَكَ حَتَّى آتِيَكَ فَذَهَبْتُ، فَهَيَّأْتُ مَا كَانَ عِنْدَنَا، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْجَيْشُ جَمِيعًا، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا هِيَ عَنَاقٌ، جَعَلْتُهَا لَكَ وَلِنَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتِ بِقَصْعَةٍ فَأَتَيْتُهُ بِقَصْعَةٍ، ثُمَّ قَالَ: ائْدِمْ فِيهَا ثُمَّ دَعَا عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ: أَدْخِلْ عَشَرَةَ رِجَالٍ فَفَعَلْتُ، فَإِذَا طَعِمُوا وَشَبِعُوا خَرَجُوا، وَأَدْخَلْتُ عَشَرَةً أُخْرَى، حَتَّى بَلَغَ الْجَيْشُ جَمِيعًا، وَالطَّعَامُ كَمَا هُوَ

ہمارے پاس تھا' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اور آپ کے غلام بھی آئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک دنبہ کا بچہ ہے میں نے آپ کیلئے اور آپ کے چند غلاموں کے لیے۔ آپ نے فرمایا: پیالہ لاؤ! میں آپ کے پاس پیالہ لایا' پھر فرمایا: اس میں سالن ڈالو! پھر آپ نے اس پر برکت کے لیے دعا کی' پھر فرمایا: اللہ کے نام سے! پھر فرمایا: دس افراد داخل ہوں' میں نے ایسے ہی کیا' چنانچہ ان حضرات نے کھایا اور سیر ہو گئے' وہ تشریف لے گئے اور دوسرے دس افراد داخل ہوئے' یہاں تک کہ سارے غلاموں نے لنگر کھایا تو لنگر ویسے کا ویسے ہی تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ حدیث عبدالواحد بن ایمن سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3277 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا دَرَّاجٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَأْتِي عَلَى أُمَّتِي زَمَانٌ، يَكْثُرُ الْقُرَّاءُ، وَيَقِلُّ الْفُقَهَاءُ، وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: الْقَتْلُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ يَأْتِي بَعْدَ ذَلِكَ زَمَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ رِجَالٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي زَمَانٌ يُجَادِلُ الْمُنَافِقُ الْمُشْرِكُ الْمُؤْمِنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت پر ایسا زمانہ آئے گا کہ قاری زیادہ ہوں گے' فقہاء کم ہوں گے' علم اُٹھالیا جائے گا' قتل زیادہ ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: ہرج کیا ہے؟ فرمایا: قتل وغارت' پھر اس کے بعد ایسا زمانہ آئے گا کہ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' پھر ایک زمانہ آئے گا کہ منافق مشرک مؤمن سے لڑے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ إِلَّا دَرَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن حجیرہ سے صرف درّاج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3278 - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ، قَرَّبَ اَحَدَهُمَا، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ مِنْكَ وَلَكَ، هَذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ . ثُمَّ قَرَّبَ الْآخَرَ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ مِنْكَ وَلَكَ، هَذَا عَنْ مَنْ وَحَّدَكَ مِنْ اُمَّتِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے دو سینگھوں والے کالے مینڈھوں کی قربانی کی‘ فرمایا: تجھ پر تیرے اللہ کے نام سے محمد اور آلِ محمد کی طرف سے‘ پھر دوسرا ذبح کیا تو فرمایا: اللہ کے نام سے تجھے اور تیرے لیے‘ میری اُمت میں سے ان کی طرف سے جو لا الٰہ الا اللہ پڑھیں گے (اور قربانی کی طاقت نہ رکھیں گے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث حجاج سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3279 - وَبِهِ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ الصَّدَقَةِ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الْكَاشِحِ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: افضل صدقہ وہ ہے جو اس رشتے دار کو دیا جائے جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ

یہ حدیث زہری سے صرف حجاج بن ارطاۃ روایت کرتے ہیں۔

3280 - وَبِهِ عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، تَزَوَّجَ امْرَاَةً عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ایک عورت سے سونے کی ایک ڈلی کے وزن کے برابر مہر کے بدلے شادی کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث حجاج سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3279- أخرجه أحمد في المسند جلد 5 صفحه 486 رقم الحديث: 23591‘ والطبراني في الكبير جلد 4 صفحه 138 رقم الحديث: 3923 . وقال الحافظ الهيثمي: وفيه الحجاج بن أرطأة وفيه كلام . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 119 .

3280- أخرجه البخاري في النكاح جلد 9 صفحه 111 رقم الحديث: 5148‘ ومسلم في النكاح جلد 2 صفحه 1042 .

وَبِهِ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اِلْيَاسَ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ،

یہ حدیث صالح سے صرف خالد بن ایاس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومعاویہ اکیلے ہیں۔

3281 - عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَضُ فِي الصَّلَاةِ عَلَى صُدُورِ قَدَمَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں قدموں کے بل اُٹھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث صالح سے خالد بن الیاس روایت کرتے ہیں اور خالد سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3282 - وَبِهِ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حج و عمرہ کے لیے حاضر ہوں (یعنی حج اور عمرہ دونوں کا اکٹھا تلبیہ کہا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث زہری سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3283 - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حمیر قبیلہ کے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ سے پوچھنے لگے' اُن میں سے ایک آدمی نے عرض کی:

3281- أخرجه الترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 80 رقم الحديث: 288 . وقال: فيه خالد بن الياس ضعيف عند أهل الحديث . وعزاه الحافظ الزيلعي أيضًا الى ابن عدى في الكامل . انظر: نصب الراية جلد 1 صفحه 389 .

3282- أخرجه البخاري في المغازي جلد 7 صفحه 669 رقم الحديث: 4353-4354 . من طريق حميد الطويل حدثنا بكر أنه ذكر لابن عمر أن أنسًا حدثهم أن النبي ﷺ أهل بعمرة وحجة . ومسلم في الحج جلد 2 صفحه 905 بلفظ: سمعت النبي ﷺ يلبي بالحج والعمرة جميعًا . وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 225 رقم الحديث: 12903 ولفظه عنده .

3283- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 236 رقم الحديث: 12983 وعزاه الحافظ السيوطي في الدر المنثور أيضًا الى ابن جرير وابن أبي حاتم والخرائطي . انظر: الدر المنثور جلد 1 صفحه 262-263 .

عَبَّاسٍ، اَنَّ اُنَاسًا مِنْ حِمْيَرَ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُونَهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: اِنِّي اُحِبُّ النِّسَاءَ، وَاُحِبُّ اَنْ آتِيَ امْرَاَتِي مُجَبِّيَةً، فَكَيْفَ تَرَى؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنَّى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتِهَا مُقْبِلَةً وَمُدْبِرَةً، اِذَا كَانَ ذٰلِكَ فِي الْفَرْجِ

میں عورتوں سے محبت کرتا ہوں' میں پسند کرتا ہوں کہ پیچھے سے اُن کے ساتھ جماع کروں (یعنی اگلے حصے میں) آپ کیا خیال کرتے ہیں؟ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں' اپنی کھیتیوں میں آؤ جس طرح چاہو''۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آگے یا پیچھے سے آؤ' جب کہ فرج میں ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث یزید بن ابی حبیب سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3284 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَهُ رَمَضَانُ وَعَلَيْهِ رَمَضَانُ آخَرُ لَمْ يَقْضِهِ لَمْ يُتَقَبَّلْ مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کا مہینہ پایا اس کے ذمہ دوسرے رمضان کے روزوں کی قضاء تھی تو اس نے وہ قضاء نہیں کیے تھے' اس کے روزے قبول نہیں ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3285 - وَبِهِ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ وَفَاءِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَجَبَتْ لَهُ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر درود پڑھا اور عرض کی: ''اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

3284- أخرجه أحمد في المسند جلد 2 صفحه 468 رقم الحديث: 8642 . وقال الحافظ الهيثمي: وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه كلام وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 152 .

3285- أخرجه أيضًا الكبير والبزار وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 166: وأسانيدهم حسنة .

شَفَاعَتِي

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رُوَيْفِعٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث رویفع سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3286 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَمَّامِ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُونُ بَعْدِى حَمَّامَاتٌ، وَلَا خَيْرَ فِى الْحَمَّامَاتِ لِلنِّسَاءِ. فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاِنَّهَا تَدْخُلُهُ بِاِزَارٍ؟ فَقَالَ: لَا، وَاِنْ دَخَلَتْهُ بِاِزَارٍ وَدِرْعٍ وَخِمَارٍ، وَمَا مِنَ امْرَاَةٍ تَنْزِعُ خِمَارَهَا فِى غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا اِلَّا كَشَفَتِ السِّتْرَ فِيمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے حمام کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد حمام ہوں گے' عورتوں کے حمام میں خیر نہیں ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تہبند پہن کر داخل ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اگرچہ وہ تہبند چادر اور اوڑھنی چادر پہن کر داخل ہوں' جو عورت اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ اپنا کپڑا اُتارتی ہے تو اللہ اور اس کے درمیان جو پردہ ہوتا ہے' وہ ظاہر ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عروہ سے صرف ابوالاسود روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3287 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ، وَاَنْ يَمَسَّ مِنَ الطِّيبِ، وَلَوْ مِنْ طِيبِ اَهْلِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن ہر بالغ پر غسل فرض ہے اور خوشبو لگانا اگرچہ اپنی اہلیہ کی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث عمرو بن سلیم سے صرف ابوبکر بن منکدر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے بکیر بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

3287- أخرجه البخاری فی الجمعة جلد2صفحه423 رقم الحديث: 880' ومسلم فی الجمعة جلد2صفحه581 .

3288 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا فَقَّهَهُ فِي الدِّينِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین میں سمجھ عطا کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا عَبَّادٌ، وَلَا عَنْ عَبَّادٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث سالم سے صرف عباد اور عباد سے صرف ابن لہیعہ اور عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں۔

3289 - وَبِهِ نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ شِمَاسَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ تَبِيعٍ الْحِجْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُدَيْسٍ الْبَلَوِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَخْرُجُ اُنَاسٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُقْتَلُونَ بِجَبَلِ لُبْنَانَ، اَوْ بِجَبَلِ الْجَلِيلِ قَالَ ابْنُ لَهِيعَةَ: فَقُتِلَ ابْنُ عُدَيْسٍ بِجَبَلِ لُبْنَانَ، اَوْ بِجَبَلِ الْجَلِيلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عدیس بلوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کچھ لوگ نکلیں گے وہ دین سے اس طرح نکلیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے وہ لبنان کے پہاڑ او رجلیل کے پہاڑ والوں کو قتل کریں گے۔ ابن لہیعہ فرماتے ہیں: ابن عدیس کو لبنان یا جلیل کے پہاڑ کے پاس قتل کیا گیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُدَيْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عدیس سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

3290 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا اَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا تُبَّعًا، فَاِنَّهُ قَدْ اَسْلَمَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تبع کو گالی نہ دو کیونکہ وہ مسلمان ہوگیا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث سہل بن سعد سے صرف اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3290- أخرجه أيضًا في الكبير جلد6 صفحه250 رقم الحديث: 6013 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8 صفحه79: وفيه عمرو بن جابر وهو كذاب .

3291 - وَبِهِ نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ كَانَ صَاحِبَ الذِّرَاعِ قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ ، فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ. فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَلِلشَّاةِ غَيْرُ ذِرَاعَيْنِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ نَاوَلْتَنِي مَا زِلْتَ تُنَاوِلُنِي

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ اِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ

حضرت ابورافع فرماتے ہیں' جو صاحبِ ذراع ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے بکری کی دستی دو! میں نے آپ کو دی تو پھر مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو دی' پھر فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! بکری کی دو ہی دستی ہوتی ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تو مجھے پکڑاتا جاتا تو میں نے مسلسل پکڑتے رہنا تھا۔

یہ حدیث حسن بن علی بن رافع سے صرف بکیر بن عبداللہ بن اشجع ہی روایت کرتے ہیں۔

3292 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِي عُتْبَةَ، حَدَّثَهُ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قِيلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: حَدِّثْنَا عَنْ شَاْنِ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى تَبُوكَ فِي قَيْظٍ شَدِيدٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا اَصَابَنَا فِيهِ عَطَشٌ، ظَنَنَّا اَنَّ رِقَابَنَا سَتَنْقَطِعُ، حَتَّى اِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَذْهَبُ يَلْتَمِسُ الْمَاءَ يَرْجِعُ حَتَّى يَظُنَّ اَنَّ رَقَبَتَهُ سَتَنْقَطِعُ، حَتَّى اِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَنْحَرُ بَعِيرَهُ، فَيَعْصُرُ فَرْثَهُ، فَيَشْرَبُهُ، وَيَجْعَلُ مَا بَقِيَ عَلَى كَبِدِهِ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی کہ ہم کو غزوۂ تبوک کے متعلق بتائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ تبوک کی طرف سخت گرمی میں نکلے' ہمیں پیاس لگی' قریب تھا کہ ہماری گردنیں الگ ہو جائیں' یہاں تک کہ ایک آدمی پانی تلاش کرنے کے لیے جاتا' واپس آتا تو گمان ہوتا کہ اس کی گردن ٹوٹ جائے گی' یہاں تک کہ ایک آدمی اپنا اونٹ نحر کرتا' اس کا پیشاب نچوڑتا اور اس کو پیتا اور باقی اپنے پاس رکھتا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ نے آپ کی دعا میں برکت

3291- أخرجه أيضًا الكبير' وأحمد جلد6صفحه392 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه314: وأحد اسنادي أحمد حسن .

3292- أخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار جلد 2صفحه354) . وقال الهيثمي في المجمع جلد 6صفحه198: ورجال البزار ثقات .

اللّٰـهِ، إِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَوَّدَكَ فِي الدُّعَاءِ خَيْرًا، فَادْعُ لَنَا، فَقَالَ: أَتُحِبُّ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَلَمْ يُرْجِعْهُمَا حَتَّى انْقَمَاتِ السَّحَابُ، فَأَمْطَرَتْ، ثُمَّ سَكَنَتْ فَمَلَئُوا مَا مَعَهُمْ

رکھی ہے' آپ ہمارے لیے دعا کریں' آپ نے فرمایا: کیا آپ پسند کرتے ہیں؟ حضرت ابوبکر نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے دونوں دست مبارک اُٹھائے' آپ ہاتھ واپس نہیں لائے تھے یہاں تک کہ بادل آئے اور برسے' یہاں تک کہ جو برتن پاس تھے وہ بھر گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ إِلَّا عُتْبَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ أَبِي هِلَالٍ

یہ حدیث نافع بن جبیر سے صرف عتبہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے سعید بن ابی ہلال اکیلے ہیں۔

3293 - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ الْمَدَنِيُّ، أَنَّ مُوسَى بْنَ عَمْرِو بْنِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا مَاتَ مَيِّتٌ قَالَ: قَدِّمُوهُ عَلَى فَرَطِنَا عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، فَنِعْمَ الْفَرَطُ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب کوئی آدمی فوت ہو جاتا تو آپ فرماتے تھے: اس کو آگے کرو! ہمارے عثمان بن مظعون سے وہ اچھی سبقت لے جانے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ عَمْرِو بْنِ قُدَامَةَ

یہ حدیث سالم سے صرف موسیٰ بن عمرو بن قدامہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3294 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَزْهَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ الْهِلَالِيِّ، وَهُوَ: ابْنُ أَخِي مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى

حضرت عبدالرحمٰن بن سائب الہلالی' حضرت میمونہ زوجہ نبی ﷺ کے بھائی کے بیٹے ہیں' فرماتے ہیں کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آؤ! تجھے رسول اللہ ﷺ والا دم کرتے

3293- أخرجه أيضًا الكبير جلد **12** صفحه **295** . وقال الهيثمي في المجمع جلد **9** صفحه **305**: واسناد الكبير ضعيف، وفي اسناد الأوسط من لم أعرفهم .

3294- أخرجه أيضًا الكبير جلد **23** صفحه **438** . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **116**: وفيه عبد الله بن صالح . كاتب الليث وقد وثق وفيه ضعف وعلى كل حال اسناده حسن، وسند الأوسط أجود . قلت: اسناد الكبير هو نفس اسناد الأوسط .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَتْ مَيْمُونَةُ: يَا ابْنَ اَخِي، تَعَالَ اَرْقِيكَ بِرُقْيَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيكَ، اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ

ہیں' حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے پڑھا: ''بِسْمِ اللّٰهِ اِلٰی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَيْمُونَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث کعب بن عیاض سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن صالح اکیلے ہیں۔

3295 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً، وَاِنَّ فِتْنَةَ اُمَّتِي الْمَالُ

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر اُمت کے لیے کوئی فتنہ تھا' میری اُمت کے لیے فتنہ مال ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث کعب بن عیاض سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اس کو روایت کرنے والے معاویہ بن صالح اکیلے ہیں۔

3296 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ فَقَالَ: خِدْمَةُ عَبْدٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں خدمت کے لیے غلام دینا' یا سایہ کیلئے خیمہ دینا یا دودھ دینے والا جانور دینا۔

3295- أخرجه الترمذي في الزهد جلد4صفحه569 رقم الحديث: 2336 وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب' انما نعرفه من حديث معاوية بن صالح . و أحمد في المسند جلد4صفحه198 رقم الحديث: 17483 .

3296- أخرجه الترمذي في فضائل الجهاد جلد 4صفحه168 رقم الحديث: 1626' والطبراني في الكبير جلد 17 صفحه105-106 رقم الحديث: 255' والحاكم في المستدرك جلد 2صفحه90-91 . انظر: الدر المنثور للسيوطي جلد1صفحه226 .

ظِلُّ فُسْطَاطٍ، اَوْ طَرُوقَةُ فَحْلٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث عدی بن حاتم سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے معاویہ اکیلے ہیں۔

3297 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ اُمَّ حَبِيبَةَ، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ: كُنْتُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، وَفِيهِ كَانَ مَا كَانَ، قَالَتْ: اُصَلِّي فِيهِ وَيُصَلِّي فِيهِ، يَعْنِي: الثَّوْبَ الَّذِي يُجَامِعُ فِيهِ.

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے۔ فرماتی ہیں: میں اس کپڑے میں اور آپ بھی اس کپڑے میں' یعنی جس میں جماع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَنْبَسَةَ اِلَّا ضَمْرَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث عنبسہ سے صرف ضمرہ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے والے معاویہ اکیلے ہیں۔

3298 - وَبِهِ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَّلَهُ. قَالَ: وَهَلْ تَدْرِي مَا عَسَّلَهُ؟. قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: يَفْتَحُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا بَيْنَ يَدَيْ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب اللہ عزوجل کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو عمل کرنے دیتا ہے۔ فرمایا: جانتے ہو عسل سے کیا مراد ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اُس کا رسول زیادہ جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بندہ کو مرنے سے پہلے نیک

3297- أخرجه أبو داؤد والنسائي وابن ماجة والدارمي وأحمد بلفظ: عن معاوية بن أبي سفيان: أنه سأل أخته أم حبيبة زوج النبي ﷺ: هل كان رسول الله ﷺ يصلي في الثوب الذي يجامعها فيه؟ فقالت: نعم' اذا لم يرى فيه أذى . أخرجه أبو داؤد في الطهارة جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 366' والنسائي في الطهارة جلد 1 صفحه 127 (باب المني يصيب الثوب)' وابن ماجة في الطهارة جلد 1 صفحه 179 رقم الحديث: 540' والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 369 رقم الحديث: 1376' وأحمد في المسند جلد 6 صفحه 453 رقم الحديث: 27471 .

3298- أخرجه أيضًا أحمد جلد 5 صفحه 224' والبزار (كشف الأستار جلد 4 صفحه 25) وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 217 الى الكبير' وقال: ورجال أحمد والبزار رجال الصحيح .

مَوْتِهِ، حَتّٰى يَرْضَى عَنْهُ حَبِيبُهُ وَمَنْ حَوْلَهُ

عمل کی توفیق دیتا ہے یہاں تک کہ اس سے اس کا دوست اوراردگرد والے خوش ہو جاتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرٍو إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ

حضرت عمرو سے اس حدیث کو اسی سند سے روایت کیا گیا' اس کے ساتھ حضرت معاویہ منفرد ہیں۔

3299 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهِيدُ يُغْفَرُ لَهُ فِي أَوَّلِ دَفْقَةٍ مِنْ دَمِهِ، وَيُزَوَّجُ حَوْرَاوَيْنِ، وَيُشَفَّعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِهِ، وَالْمُرَابِطُ إِذَا مَاتَ فِي رِبَاطِهِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَجْرَ عَمَلِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَغُدِيَ وَرِيحَ عَلَيْهِ بِرِزْقِهِ، وَزُوِّجَ سَبْعِينَ حَوْرَاءَ، وَقِيلَ لَهُ: قِفْ، فَاشْفَعْ إِلَى أَنْ يَفْرُغَ الْحِسَابُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شہید کے سارے گناہ خون کے پہلے قطرے سے معاف ہو جاتے ہیں' اس کی شادی کئی حوروں سے کی جاتی ہے' وہ اپنے ستر گھر والوں کی شفاعت کرے گا' اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنے والا جب نگہبانی کرتے ہوئے مرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کا اجر قیامت تک لکھتا رہے گا' صبح وشام اس کو رزق دیا جائے گا (یعنی درجات بلند کیے جائیں گے) اس سے کہا جائے گا: رُک جا! میں حساب سے فارغ ہونے تک تیری شفاعت قبول کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي رَوَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ابن اُبی روّاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن ابی جعفر اکیلے ہیں۔

3300 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الصَّلْتِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَطِءَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَقُضِيَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ، فَأَصَابَهُ جُذَامٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حالت حیض میں اپنی بیوی سے جماع کیا' اس دوران کہ وہ حاملہ ہوگئی' اس کو کوڑھ کی بیماری لگی تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ الصَّلْتِ، شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث زہری سے صرف حسن بن صلت جو شام والوں کے بزرگ ہیں' روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی سری اکیلے ہیں۔

3301 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، صَاحِبُ الْقُوصِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَقُولُ: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ قَالَ: نَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ قَالَ: لَا تَمَسَّ الْقُرْآنَ إِلَّا وَأَنْتَ طَاهِرٌ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب مجھے یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا: قرآن کو نہ چھونا مگر اس حالت میں کہ تُو پاک ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ إِلَّا سُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مطر الوراق سے صرف سوید بن ابوحاتم روایت کرتے ہیں اور حکیم بن حزام سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3302 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هَوْذَةَ بْنِ خَلِيفَةَ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَمْرُو بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَاهَدُوا الْقُرْآنَ، فَلَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنْ نَوَازِعِ الطَّيْرِ إِلَى أَوْطَانِهَا

3401 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، نَا اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِنِسَاءٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فِي عُرْسٍ لَهُنَّ يُغَنِّينَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بار انصاری عورتوں کے پاس سے گزرے وہ شادی میں موجود تھیں اور یوں گا رہی تھیں:

(البحر الرجز)

وَاَهْدَى لَهَا كَبْشًا... تَنَحْنَحَ فِي الْمِرْبَدِ

وَزَوْجُكِ فِي النَّادِي... وَيَعْلَمُ مَا فِي غَدِ

اور اس نے اس کے لیے مینڈھا ہدیہ کیا' وہ اپنے باڑے میں کھانستا ہے' آوازیں نکالتا ہے اور تیرا خاوند دُوری پر ہے اور وہ جانتے ہیں کہ کل کیا ہوگا۔

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ

تو یہ سُن کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہو گا مگر اللہ۔ یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابواویس ہی روایت کرتے ہیں۔

3402 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ ہم دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

3401- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 124 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 292-293: ورجاله رجال الصحيح .

عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَنَّهُمَا بَايَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا ابْنَا سَبْعِ سِنِينَ، فَلَمَّا رَآهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسَّمَ، وَبَسَطَ يَدَهُ فَبَايَعَهُمَا

کی بیعت کی ہم دونوں سات سال کے تھے جب رسول اللہ ﷺ نے ہم دونوں کو دیکھا تو آپ نے تبسم فرمایا اور اپنا ہاتھ پھیلا کر آپ نے بیعت کی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا ابْنُ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

ہشام بن عروہ سے صرف اسماعیل بن عیاش اور اسماعیل سے صرف ابن بنت شرحبیل روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر سے صرف اسی سند سے روایت ہے اور حضور ﷺ کی سند سے روایت ہے۔

3403 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نَا اَبُو الْجُمَاهِرِ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَالْمَعْتُوهِ حَتَّى يَفِيقَ، وَالصَّبِيِّ حَتَّى يَعْقِلَ، اَوْ يَحْتَلِمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں سے قلم اُٹھا لیا جاتا ہے: (۱) سونے والا یہاں تک کہ جاگ جائے (۲) پاگل یہاں تک کہ درست ہو جائے (۳) بچہ یہاں تک کہ عقل مند یا بالغ ہو جائے۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ، وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ اِلَّا اَبُو الْجُمَاهِرِ

ابن عباس سے یہ حدیث اسی وجہ سے روایت ہے اور اس کو صرف ابو جماہر روایت کرتے ہیں۔

3404 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ

حضرت ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک پتھر پر اُترے لوگوں سے اس کنواں کا پانی مانگا پھر وہاں آرام کیا جب لوگ زیادہ ہوئے تو آپ نے لوگوں کو حکم دیا کہ اس پانی

3403- أخرجه أيضًا الكبير جلد 11 صفحه 89 رقم الحديث: 11141 وقال الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 254: وفيه عبد العزيز بن عبد الله بن حمزة وهو ضعيف .

اَبِی وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحِجْرِ، وَاسْتَسْقَى النَّاسُ مِنْ بِئْرِهَا ثُمَّ رَاحَ مِنْهَا فَلَمَّا اسْتَقَلَّ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ لَا يَشْرَبُوا مِنْ مَائِهَا، وَلَا يَتَوَضَّئُوا مِنْهَا، وَمَا كَانَ مِنْ عَجِينٍ عُجِنَ مِنْ مَائِهَا اَنْ يُعْلَفَ، فَفَعَلَ النَّاسُ

سے نہ پیؤ نہ اس سے وضو کرو نہ اس پانی سے آٹا گوندھو۔ تو لوگوں نے ایسے ہی کیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ

حضرت سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن بنت شرحبیل اکیلے ہیں۔

3405 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نا اَبُو الْجُمَاهِرِ، نا خُلَيْدُ بْنُ دِعْلِجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْمُسْلِمِينَ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ، وَمَنْ مَاتَ لَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامٌ فَمِيتَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ، وَمَنْ مَاتَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمانوں سے ایک بالشت بھی جدا ہوا' اس نے اسلام کا طوق اپنی گردن سے اُتار دیا' جو اس حالت میں مرا کہ اس کا کوئی امام نہ ہو' وہ جاہلیت کی موت مرا' جو عصبیت کے جھنڈے کے تحت مرا اس عصبیت کی مدد کرتا رہا تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دِعْلِجٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

حضرت قتادہ سے صرف خلید بن دعلج روایت کرتے ہیں اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

3406 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، نَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِی رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کماۃ (کھمبی) من سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے اور عجوہ جنت سے ہے' یہ

3405- أخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار جلد 2 صفحه 252) . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 5 صفحه 227: وفيه خليد بن دعلج وهو ضعيف .

3406- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 125' والكبير جلد 12 صفحه 63 . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 5 صفحه 91-92: وفيه مهدى بن جعفر الرملى وهو ثقة' وفيه ضعيف' وبقية رجاله ثقات .

جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَهِيَ شِفَاءٌ مِنَ السُّمِّ. قَالَ: وَنَعَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِرْقِ النَّسَا اَلْيَةَ كَبْشٍ

جادو سے شفاء ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عرق النساء کے لیے مینڈھے کی چربی کی تعریف فرمائی۔

لَمْ نَسْمَعْهُ اِلَّا مِنَ ابْنِ غُلَيْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

امام طبرانی فرماتے ہیں: ہم نے ابن غلیب سے ہی اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

3407 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، نَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، نَا عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا يَحْيَى الْجُعْفِيُّ

یحییٰ جعفی سے ہی روایت کرتے ہیں۔

3408 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَزِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ قَطَنٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابی بن عمارہ الانصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے گھر میں نماز پڑھی، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے موزوں پر مسح کیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: ایک دن؟ فرمایا: دو دن، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تین دن؟ فرمایا: جی

3407- أخرجه البخاری فی الجمعة جلد2صفحه462 رقم الحديث: 919 من طريق: سالم عن أبيه قال: سمعت النبی ﷺ يخطب علی المنبر فقال: من جاء الی الجمعة فليغتسل . ومسلم فی الجمعة جلد2صفحه579 بلفظ: اذا أراد أحدكم أن يأتی الجمعة فليغتسل . والترمذی فی الصلاة جلد2صفحه364 رقم الحديث: 492' وابن ماجة فی الاقامة جلد1صفحه346 رقم الحديث: 1088 . وأحمد فی المسند جلد2صفحه58 رقم الحديث: 5004 . انظر: نصب الراية جلد1صفحه86 .

3408- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد1صفحه203 رقم الحديث: 546 .

صَلَّى فِي بَيْتِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: يَوْمًا؟ قَالَ: وَيَوْمَيْنِ. قُلْتُ: وَثَلَاثَةً يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَمَا بَدَا لَكَ

ہاں! جو تیرے لیے ظاہر ہو۔

رَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، فَلَمْ يَذْكُرُوا عُبَادَةَ بْنَ نُسَيٍّ، وَلَمْ يَذْكُرْهُ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ

یحییٰ بن ایوب سے ایک جماعت نے روایت کیا ہے اور انہوں نے عبادہ بن نسی کا ذکر نہیں کیا اور صرف سعید بن عفیر کا ذکر کیا ہے۔

3409 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ الْمِصْرِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے، جب صبح ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت ملا کر وتر کر لیا کرو۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

اسے صرف یحییٰ بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

3410 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ، نَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، نا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ، وَاَلْزَقَ الْخِتَانَ بِالْخِتَانِ، وَجَبَ الْغُسْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنی عورت کے چار شانوں کے درمیان بیٹھے اور شرمگاہ شرمگاہ سے مل جائے تو غسل فرض ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى اِلَّا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث سری بن یحییٰ سے صرف عمرو بن ربیع بن طارق روایت کرتے ہیں۔

3411 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

3409- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد1صفحه669 رقم الحديث: 473، ومسلم فی المسافرين جلد1صفحه516 .

3410- أخرجه البخاری فی الغسل جلد 1صفحه470 رقم الحديث: 291، ومسلم فی الحيض جلد 1صفحه 271 بلفظ: اذا جلس بين شعبها الأربع ثم جهدها فقدم وجب الغسل . وأبو داؤد فی الطهارة جلد1صفحه54 و اللفظ عنده .

3411- عند البخاری ومسلم بلفظ: لا تمنعوا اماء الله مساجد الله . أخرجه البخاری فی الجمعة جلد 2صفحه444

الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوا اِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ، وَلْيَخْرُجْنَ تَفِلَاتٍ

ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کی اللہ کی مسجدوں میں آنے سے نہ روکو وہ باپردہ ہو کر نکلیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے صرف یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ربیع بن طارق روایت کرتے ہیں۔

3412 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُبَارَكِيُّ، نَا اَبُو شِهَابٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي الْمُوَرِّعِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَاْتِي الْمَدِينَةَ، فَلَا يَدَعُ قَبْرًا وَلَا وَثَنًا اِلَّا كَسَّرَهُ، وَلَا صُورَةً اِلَّا لَطَّخَهَا؟ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ هَابَ اَهْلَ الْمَدِينَةِ فَجَلَسَ . قَالَ عَلِيٌّ: فَذَهَبْتُ، ثُمَّ جِئْتُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ اَدَعْ قَبْرًا بِالْمَدِينَةِ اِلَّا سَوَّيْتُهُ، وَلَا وَثَنًا اِلَّا كَسَّرْتُهُ، وَلَا صُورَةً اِلَّا لَطَّخْتُهَا، فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، لَا تَكُونَنَّ فَتَّانًا وَلَا مُخْتَالًا وَلَا تَاجِرًا، اِلَّا تَاجِرَ خَيْرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کون ہے جو شہر آئے وہ کسی قبر اور بُت کو ختم کر دے اور تصویر کو مٹا دے؟ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کرتا ہوں۔ پھر وہ اس شہر والوں سے ڈر گیا اور بیٹھ گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جاتا ہوں۔ پس میں گیا' پھر واپس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! میں نے شہر میں ساری قبروں کو برابر کر دیا ہے اور ہر بُت کو توڑ دیا ہے اور تصویر کو مٹا دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! فتنہ پھیلانے والے' تکبر کرنے والے نہ ہونا' اچھے تاجر ہونا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو شِهَابٍ

اسے شعبہ سے صرف ابوشہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

رقم الحديث: 900' ومسلم فى الصلاة جلد 1 صفحه 327 .

3412- أخرجه أحمد فى المسند جلد 1 صفحه 173 رقم الحديث: 1174 . وقال الحافظ الهيثمي: وفيه أبو محمد الهذلي ويقال أبو مورع ولم أحد من وثقه وقد روى عند جماعة ولم يضعفه أحد' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 175-176 . وقال الحافظ المنذرى: اسناده جيد . انظر: الترغيب جلد 4 صفحه 44-45 .

3413 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نا سَعِيدُ بْنُ دَاوُدَ الزُّبَيْرِيُّ، نا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ، فَقَالَ: خُذُوهَا وَمَا حَوْلَهَا، فَاطْرَحُوهُ

لَمْ يَقُلْ عَنْ مَيْمُونَةَ غَيْرُ الزُّبَيْرِيِّ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: چوہا جب گھی میں گر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: اس کے اردگرد لگا ہوا لے لو اور اس کو پھینک دو۔

زبیری کے علاوہ میمونہ سے کسی نے روایت نہیں کی ہے۔

3414 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، نا دَاوُدُ بْنُ بِلَالٍ السَّعْدِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَفْضُلُ صَلَاةُ الْجَمْعِ عَلَى صَلَاةِ الْفَذِّ خَمْسًا وَعِشْرِينَ صَلَاةً

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ بِلَالٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: باجماعت نماز' اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس گنا زیادہ ثواب کا درجہ رکھتی ہے۔

عمرو بن دینار سے صرف حماد اور حماد سے داؤد بن بلال روایت کرتے ہیں۔

3415 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، نَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمَوْصِلِيُّ، نَا أَبُو شِهَابٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ

حضرت عاصم بن ضمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: ہم کو حضور ﷺ کے دن کے نفلوں کے متعلق بتائیں! آپ رضی اللہ عنہ

3413- أخرجه البخاري في الوضوء جلد 1 صفحه 410 رقم الحديث: 236' والنسائي في الفرع جلد 7 صفحه 157 (باب الفأرة تقع في السمن) .

3414- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري في الأذان جلد 2 صفحه 160 رقم الحديث: 648' ومسلم في المساجد جلد 1 صفحه 450' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 689 رقم الحديث: 10808 ولفظه عنده .

3415- أخرجه الترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 493 رقم الحديث: 598 وقال: هذا حديث حسن . وابن ماجة في الاقامة جلد 1 صفحه 367 رقم الحديث: 1161' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 107 رقم الحديث: 752 .

ضَمْرَةَ قَالَ: قِيلَ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ: اَخْبِرْنَا عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهَارِ تَطَوُّعًا، فَقَالَ: لَا تُطِيقُوهَا، فَقَالُوا: حَدِّثْنَاهُ اَنْتَ، فَقَالَ: كَانَ اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هَاهُنَا مِنْ عِنْدِ الْعَصْرِ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُمْهِلُ حَتَّى اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هَاهُنَا مِنْ عِنْدِ الظُّهْرِ صَلَّى اَرْبَعًا، ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ

نے فرمایا: تم اس کی طاقت نہیں رکھتے ہو! انہوں نے عرض کی: آپ ہمیں بتائیں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سورج عصر کے وقت غروب ہونے کے قریب ہوتا تو آپ دو رکعت ادا کرتے' پھر رُک جاتے' جب دوپہر کے وقت سے ڈھل جاتا تو آپ چار رکعت (سنتیں) ادا کرتے' پھر ظہر کے بعد دو رکعت ادا کرتے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا اَبُو شِهَابٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي شِهَابٍ اِلَّا عَبْدُ الْغَفَّارِ

خالد سے صرف ابوشہاب اور ابوشہاب سے صرف عبدالغفار روایت کرتے ہیں۔

3416 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، نَا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُحْرِمَ، اَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ فَبَاتَ بِهَا، فَاِذَا اَصْبَحَ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ، فَاِذَا اسْتَوَتْ اَهَلَّ، وَزَعَمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب احرام باندھنے کا ارادہ کرتے تو ذی الحلیفہ آتے' یہاں رات گزارتے' جب صبح ہوتی تو آپ سواری پر سوار ہوتے' جب سیدھا بیٹھ جاتے تو آپ تلبیہ پڑھتے اور بتاتے تھے کہ حضور ﷺ بھی ایسے ہی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا اُمَيَّةُ، وَلَا رَوَاهُ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، وَلَا اَسْنَدَ قُرَّةُ عَنْ نَافِعٍ غَيْرَ هَذَا تَرْجَمَةٌ

قرہ سے صرف امیہ اور امیہ سے صرف محمد بن عمرو بن جبلہ ہی روایت کرتے ہیں' قرہ سے نافع کے علاوہ کوئی روایت نہیں کرتا ہے۔

3417 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، نا عُبَيْدُ بْنُ حَسَّابٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس اُمت میں انبیاء کے بعد بہتر ابوبکر اور عمر ہیں۔

3416- أخرجه البخاري في الحج جلد3صفحه482 رقم الحديث: 1553 بنحوه .

3417- أصله في البخاري من طريق محمد ابن الحنفية قال: قلت لأبي: أي الناس خير بعد رسول الله ﷺ...... . أخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد7صفحه24 رقم الحديث: 3671' وأبو داؤد في السنة جلد4صفحه206 رقم الحديث: 4629 .

خَيْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا: اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ حَسَّابٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُبَيْدٍ اِلَّا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

صلت بن بھرام سے صرف عبید بن حساب اور عبید سے صرف سہل بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

3418 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، نَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَقْرَاَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُورَةَ حم فَرُحْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْمَسْجِدِ، قُلْتُ لَهُ: اَتَقْرَاُ هَذِهِ السُّورَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ فَقَرَاَ اُخْرَى، لَا اَقْرَاُهَا، قُلْتُ: مَنْ اَقْرَاَكَ؟ قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ، قُلْتُ: رَسُولُ اللّٰهِ اَقْرَاَنِي، فَلَقِيتُ آخَرَ، فَقُلْتُ: اَتَقْرَاُ هَذِهِ السُّورَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: اقْرَاْ، فَاِذَا هُوَ يَقْرَاُ قِرَائَةَ صَاحِبِي، قُلْتُ: مَنْ اَقْرَاَكَ؟ قَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قُلْتُ: وَاَنَا اَقْرَاَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ قُلْتُ: خَالَفَنِي هَذَا فِي الْقِرَائَةِ، فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ وَغَضِبَ فَاَشَارَ اِلَى عَلِيٍّ، وَكَانَ عِنْدَهُ، فَتَكَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ وَقَالَ عَلِيٌّ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ يَاْمُرُ اَنْ يَقْرَاَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مَا عَلِمَ، فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالِاخْتِلَافِ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے سورۂ حٰم پڑھائی' میں مسجد کی طرف گیا تو مسجد میں ایک آدمی تھا' میں نے اس کو کہا: کیا تم نے یہ سورت پڑھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! تو اُس نے دوسری قرأت پر پڑھی جو میں نے نہیں پڑھی تھی' میں نے کہا: تمہیں کس نے پڑھایا ہے؟ اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے۔ میں نے کہا: مجھے بھی رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے۔ پھر میں دوسرے آدمی سے ملا تو میں نے کہا: آپ نے یہ سورہ پڑھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! میں نے کہا: آپ نے اس قرأت کے علاوہ پڑھی جو قرأت میرے ساتھی نے پڑھی تھی۔ میں نے کہا: آپ کو کس نے پڑھائی ہے؟ اس نے کہا: حضور ﷺ نے۔ میں نے کہا: مجھے بھی رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے۔ پھر میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں گیا' آپ ﷺ تشریف فرما تھے' میں نے عرض کی: مجھے آپ نے کوئی اور قرأت پڑھائی ہے۔ آپ کے چہرۂ مبارک کا رنگ بدل گیا اور غصہ آیا' آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا' آپ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہی تھے' رسول اللہ ﷺ نے گفتگو کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک

3418- أخرجه أحمد في المسند جلد 1 صفحه 586 رقم الحديث: 4321 بنحوه والحاكم في المستدرك جلد 2 صفحه 223-224 وقال: هذا حديث صحيح الاسناد وعزاه أيضًا الحافظ السيوطي الى ابن الضريس . انظر: الدر المنثور جلد 6 صفحه 37 .

رسول اللہ ﷺ حکم دیتے ہیں کہ ہر آدمی جو جانتا ہے وہی پڑھے، تم سے پہلے لوگ اختلاف کی وجہ سے ہلاک ہوئے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالانِيّ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ وَقَدْ رَوَاهُ الْاَعْمَشُ، عَنْ عَاصِمٍ. وَرَوَاهُ غَيْرُ الْاَعْمَشِ

ابوخالد الدالانی سے صرف عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں اور اعمش، عاصم سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو اعمش کے علاوہ نے بھی روایت کیا ہے۔

3419 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ، نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ اُمَّتِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ بُلْقٌ مِنْ آثَارِ الطُّهُورِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے جو اپنی اُمت دیکھی نہیں ہے، آپ اُنہیں قیامت کے دن کیسے پہچانیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اُن کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے، جس طرح گھوڑے کے پاؤں چمک رہے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي دَاوُدَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

شعبہ سے صرف ابوداؤد اور ابوداؤد سے صرف عبداللہ بن عمران روایت کرتے ہیں۔

3420 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَاسِرٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، نَا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: خَيْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ رَجُلٌ، يَعْنِي نَفْسَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اُمت میں انبیاء علیہم السلام کے بعد بہتر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ہیں، پھر ایک آدمی یعنی خود اپنی ذات کا نام لیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا وَكِيعٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ وَكِيعٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

اعمش سے صرف وکیع اور وکیع سے صرف احمد بن عمر روایت کرتے ہیں۔

3419- أخرجه ابن ماجة في الطهارة جلد 1 صفحه 104 رقم الحديث: 284 في الزوائد: أصل هذا الحديث في الصحيحين من حديث أبي هريرة وحذيفة . وهذا حديث حسن . وحماد هو ابن سلمة . وعاصم هو ابن النجود، كوفي صدوق في حفظه شيء . وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 587 رقم الحديث: 4328 .

3421 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هِشَامٍ الشَّطَوِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، نَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَخِيهِ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، ح قَالَ عَلِيٌّ: وَحَدَّثَنَا ابْنُ آدَمَ، نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِنْ قُلْتَهُنَّ غُفِرَ لَكَ، عَلَى اَنَّهُ مَغْفُورٌ لَكَ؟ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ اگر اگر تو اُن کو پڑھ لے تو آپ کے گناہ معاف ہو جائیں گے' آپ کے سارے گناہ معاف ہو جائیں' وہ کلمات یہ ہیں: ''لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ''۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا يَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ

حسن بن صالح سے صرف یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن مدینی اکیلے ہیں۔

3422 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلَّوَيْهِ الْقَطَّانُ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ سُفْيَانَ، وَمِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَاءُ اُمَّتِي بِالطَّعْنِ وَالطَّاعُونِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا الطَّعْنُ قَدْ عَرَفْنَا، فَمَا الطَّاعُونُ؟ قَالَ: وَخْزُ اَعْدَائِكُمْ مِنَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی فناء' طعن اور طاعون کے سبب ہوگی۔ عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! اس طعن کو تو ہم نے جان لیا' طاعون کیا ہے؟ فرمایا: تمہارے دشمن کی رسوائی اور ہر ایک میں شہادت ہے۔

3421- أخرجه الترمذي في الدعوات جلد 5 صفحه 529 رقم الحديث: 3504 وقال: هذا حديث غريب . وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 198 رقم الحديث: 1367 .

3422- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 127، وأحمد جلد 4 صفحه 395, 417، وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 314-315 الى الكبير أيضًا وقال رواه أحمد بأسانيد، ورجال بعضها رجال الصحيح .

الْجِنِّ، وَفِي كُلِّ شَهَادَةٌ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى

مسعر سے اس کو اسماعیل بن زکریا اور ان سے اس کو اسماعیل بن عیسیٰ نے روایت کیا ہے۔

3423 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلَوِيَّةَ الْقَطَّانُ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: هَلْ لِمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا تَوْبَةٌ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: فَأَيْنَ قَوْلُهُ: (الَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ) (الفرقان: 69) ؟ قَالَ: هَذِهِ آيَةٌ مَكِّيَّةٌ نَسَخَتْهَا آيَةٌ مَدَنِيَّةٌ: (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا) (النساء: 93)

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کی: یہ جو کسی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: اللہ کا یہ قول کہاں گیا ''وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی معبود کو نہیں پکارتے اور نہ اس جان کو قتل کرتے ہیں جس کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ' زنا نہیں کرتے اور جس نے یہ کام کیا وہ گناہ سے ملا' قیامت کے دن اس کے لیے دُہرا عذاب ہوگا اور وہ اس میں ذلیل ہوتا رہے گا مگر جس نے توبہ کی' ایمان لایا اور نیک اعمال کیے سو اللہ ان کی بُرائیوں کو نیکیوں سے بدل دے گا''۔ آپ نے فرمایا: یہ آیت مکی ہے' اس کو مدنی آیت نے منسوخ کر دیا ہے۔ وہ یہ ہے: ''جو آدمی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے' اس میں ہمیشہ رہے گا' اللہ اس پر ناراض ہوگا' لعنت فرمائے گا اور اس کے لیے اس نے بڑا عذاب تیار کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ حُسَيْنٍ

یہ حدیث جعفر بن حارث سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن حسین اکیلے ہیں۔

3424 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلَوِيَّه الْقَطَّانُ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

3423- أخرجه البخارى فى التفسير جلد8 صفحه 351 رقم الحديث: 4762' ومسلم فى التفسير جلد4 صفحه 2318 .

نَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ، وَاِنَّ الْحَاجِمَ شَكَى اِلَيْهِ حَتَّى بَكَى، فَاَرْسَلَ اِلَى مَوَالِيهِ اَنْ يُخَفِّفُوا عَنْهُ ضَرِيبَتَهُ

حضور ﷺ نے پچھنا لگوایا' پچھنا لگانے والے نے آپ سے عرض کی اور رو پڑا' آپ ﷺ نے اپنے غلام کو بلا کر اس کے دُکھ کو ہلکا کر دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

عبدالکریم سے صرف عبیداللہ اور عبیداللہ سے صرف عبیداللہ بن جناد روایت کرتے ہیں۔

3425 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيّ، نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ، نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، صَاحِبُ الْبَانِ، نَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ قَرْنٍ الْقَرْنُ الَّذِي اَنَا فِيهِ، ثُمَّ الثَّانِي، ثُمَّ الثَّالِثُ، ثُمَّ الرَّابِعُ فَلَا يَعْبَاُ اللّٰهُ بِهِمْ شَيْئًا

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر زمانہ میرا ہے' اس کے بعد تابعین کا' اس کے بعد تبع تابعین کا' پھر چوتھا زمانہ آئے گا' اللہ عزوجل کو ان لوگوں کی پروا نہیں ہوگی۔

لَا يُرْوَى عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

اعمش سے یہ حدیث اسی وجہ سے روایت ہے۔

3426 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دَلُّوَيْهِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، وَمُجَمِّعٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُنَادِي يَقُولُ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ: وَاَنَا، وَاَنَا، فَاِذَا قَالَ: وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب اذان سنتے تھے تو جب مؤذن پڑھتا: اشھد ان لا الہ الا اللہ! آپ جواباً فرماتے: میں بھی گواہی دیتا ہوں' جب مؤذن اشھد ان محمداً رسول اللہ پڑھتا تو آپ ﷺ فرماتے: میں ہوں' میں ہوں۔

3425- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 127' والبزار (كشف الأستار جلد 3 صفحه 289). وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 22: ورجال البزار ثقات' وفي رجال الطبراني اسحاق بن ابراهيم صاحب البان' ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات.

3426- أخرجه البخاري في الجمعة جلد 2 صفحه 460 رقم الحديث: 914.

رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ: وَاَنَا، وَاَنَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ

یہ حدیث سفیان' عمرو سے اور عمرو سے احمد بن ثابت الجحدری روایت کرتے ہیں۔

3427 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الدَّارِمِيُّ اَبُو مَعْشَرٍ، نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، نَا حَفْصُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيبٍ الصَّيْرَفِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَرَاهُمْ مَنْ اَسْفَلَ مِنْهُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي اُفُقِ السَّمَاءِ، فَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمِنْهُمْ وَاَنْعَمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بلند درجات والے اپنے سے نیچے درجات والوں کو دیکھیں گے' جس طرح کوکب الدری آسمان کے اُفق میں دیکھا جا سکتا ہے' بے شک ابوبکر وعمران میں سے ہیں' دونوں انعام والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيبٍ الصَّيْرَفِيِّ اِلَّا حَفْصُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ

یہ حدیث ہیثم بن حبیب صیرفی سے صرف حفص بن ابوداؤد کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوربیع الزہرانی اکیلے ہیں۔

3428 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيلٍ الْعَنَزِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمٍ الْاَزْدِيُّ، نَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ اللَّيْلِ اَجْوَبُ دَعْوَةً؟ قَالَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: رات کے کس حصے میں دعا قبول ہوتی ہے: فرمایا: رات کے آخری حصے میں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْاَشْجَعِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف اشجعی ہی روایت کرتے

3427- أخرجه الترمذي في المناقب جلد5صفحه607 رقم الحديث: 3658 . وقال: هذا حديث حسن . وابن ماجة في المقدمة جلد1صفحه37 رقم الحديث: 96 . وأحمد في المسند جلد3صفحه33 رقم الحديث: 11219 .

3428- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه128' والبزار (كشف الأستار جلد 4صفحه43) وعزاه الهيثمي في المجمع جلد10صفحه158 الى الكبير أيضًا وقال: رجال البزار والكبير رجال الصحيح .

تَرْجَمَةٌ

ہیں۔

3429 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حُبَاشٍ الْحِمَّانِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْعَطَّارُ، نَا سَيْفُ بْنُ عَمِيرَةَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَقُلْ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَهْبَةً وَرَغْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَنْجَا وَلَا مَلْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي اَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ، فَاِنْ مِتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ مِتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ، وَاِنْ اَصْبَحْتَ اَصَبْتَ خَيْرًا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے حکم دیا کہ جب تُو اپنے بستر پر آئے تو یہ پڑھ: ”اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَهْبَةً وَرَغْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَنْجَا وَلَا مَلْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي اَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ“۔ اگر رات کو مر گیا تو فطرت پر مرے گا اور اگر صبح پڑھ لیے تو صبح بہتر ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبَانَ اِلَّا سَيْفُ بْنُ عَمِيرَةَ

ابان سے صرف سیف بن عمیرہ روایت کرتے ہیں۔

3430 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حُبَاشٍ الْحِمَّانِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْعَطَّارُ، نَا سَيْفُ بْنُ عَمِيرَةَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ اُمِّ سَلَمَةَ، نَسْاَلُهَا عَنْ حُرُوفِ الْقُرْآنِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، اِنِّي لَاُحَدِّثُ نَفْسِي بِالشَّيْءِ لَوْ تَكَلَّمْتُ بِهِ لَاَحْبَطْتُ اَجْرِي، وَلَوِ اطُّلِعَ عَلَيَّ

حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے کہ ہم نے آپ سے قرآن کے حروف کے متعلق پوچھا۔ ایک آدمی نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! میں اپنے دل میں ایسی بات پاتا ہوں کہ اگر میں اس کی گفتگو کروں تو میری نیکیاں ضائع ہو جائیں' اگر مجھ پر کوئی مطلع ہو جائے تو میری گردن اُڑا دے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے

3429- أخرجه البخاري في الوضوء جلد **1** صفحه **426** رقم الحديث: **247** ولم يذكر: وان أصبحت أصبت خيرًا. ومسلم في الذكر جلد **4** صفحه **2081**.

3430- أخرجه أيضًا الصغير جلد **1** صفحه **129**. وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **37**: في اسناده سيف بن عمرة قال الأزدي يتكلمون فيه.

لَضُرِبَتْ عُنُقِي. قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْ مِثْلِ مَا سَأَلْتَ عَنْهُ، فَقَالَ: لَا يُلَقَّى ذَلِكَ الْكَلَامَ اِلَّا مُؤْمِنٌ

فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ سے وہی پوچھا گیا جو تم پوچھ رہے ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے دل میں ایسی بات (امتحاناً) ڈالی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبَانَ اِلَّا سَيْفٌ ولا يروى عن ام سلمة الا بهذا الاسناد

ابان سے صرف سیف ہی روایت کرتے ہیں۔ اُم سلمہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3431 - وَبِهِ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، حَدَّثَنِي اَبُو اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مَوْقِفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ؟ فَقَالَ: كَانَ اَشَدَّنَا يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ حَاذَى بِرُكْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے پوچھا گیا کہ بدر کے دن حضور ﷺ کہاں ٹھہرے تھے؟ میں نے کہا: بدر کا دن ہم پر بڑا سخت تھا' حضور ﷺ کے ٹھہرنے کی جگہ کیسے دیکھتے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبَانَ اِلَّا سَيْفٌ

ابان سے صرف سیف ہی روایت کرتے ہیں۔

3432 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ النَّحَّاسُ اَبُو سَعِيدٍ، نَا قُرَّةُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ مُرَّةَ السَّعْدِيُّ، نَا اَبُو يُونُسَ الْخَصَّافُ، نَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، اَنَّهُ حَجَّ، فَاَتَى سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ: حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ مِنْ هَذَا الْبِئْرِ قَائِمًا، وَاَوْمَا بِيَدِهِ اِلَى زَمْزَمَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو آبِ زمزم کھڑے ہو کر پیتے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا اَبُو يُونُسَ الْخَصَّافُ، وَلَا عَنْ اَبِي يُونُسَ اَلا قُرَّةُ بْنُ الْعَلَاءِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ

یہ حدیث داؤد بن ابی ھند سے صرف ابو یونس الخصاف روایت کرتے ہیں اور یونس سے صرف قرہ بن علاء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن محمد النحاس اکیلے ہیں۔

3433 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

3432- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه129 . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه83: وفيه جماعة لم أعرفهم .

3433- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه129 . وقال الحافظ الهيثمي: رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه176 .

مُطَّرِحٍ الْخَوْلَانِيُّ الْمِصْرِيُّ، نَا يَزِيدُ بْنُ سَعِيدٍ الصَّبَّاحِيُّ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي جُمُعَةٍ مِنَ الْجُمَعِ: مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ، إِنَّ هَذَا يَوْمٌ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ عِيدًا، فَاغْتَسِلُوا، وَعَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزدلفہ میں جمعہ کے دن فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! یہ دن اللہ عزوجل نے تمہارے لیے عید کا دن بنایا ہے اس میں غسل کرو اور مسواک کرو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ سَعِيدٍ، وَمَعْنُ بْنُ عِيسَى

مالک سے یزید بن سعید اور معن بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔

3434 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَهْرَيَارَ، نَا زُرَيْقُ بْنُ الْوَرْدِ الرَّقِّيُّ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَرَاسَةَ، نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ يَعْلَمُ الْمَرْءُ مَا يَأْتِيهِ بَعْدَ الْمَوْتِ مَا أَكَلَ أَكْلَةً، وَلَا شَرِبَ شَرْبَةً، إِلَّا وَهُوَ يَبْكِي وَيَضْرِبُ عَلَى صَدْرِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی جان لے کہ مرنے کے بعد کون آتا ہے؟ تو کوئی کھانا نہ کھائے اور نہ پانی پئے، مگر روتا رہے اپنے سینہ کو مارتے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَرَاسَةَ

تَرْجَمَةُ

سفیان سے صرف ابراہیم بن ہراسہ روایت کرتے ہیں۔

3435 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ النَّحَّاسُ الْكُوفِيُّ، نَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَنَّادٍ الْجُهَنِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود میری کنیت رکھی۔

3434- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 130 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 337: وفيه ابراهيم بن هراسة وهو متروك .

3435- أخرجه الترمذي في المناقب جلد 5 صفحه 682 رقم الحديث: 383' وقال: هذا حديث لا نعرفه الا من حديث جابر الجعفي عن أبي نضر . وأبو نضر هو خيثمة البصري روى عن أنس أحاديث . وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 157 رقم الحديث: 12294 .

نَضْرٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْعَنْقَزِيُّ

سفیان سے صرف عنقزی ہی روایت کرتے ہیں۔

3436 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ النَّخَّاسُ، نَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، نَا اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْمَاطِيُّ، مَوْلَى ابْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ اِذَا لَمْ يَحْفَظِ اسْمَ الرَّجُلِ قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت جاریہ بن یزید بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کسی آدمی کا نام معلوم نہ ہوتا تو آپ فرماتے: اے اللہ کے بندے!

لَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث اسی وجہ سے روایت ہے۔

3437 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ بْنِ سَلَامَةَ الدَّهَّانُ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَرَنَ رَسُولُ اللّٰهِ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَطَافَ لَهُمَا طَوْفًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج قران کیا اور ان دونوں کا طواف ایک کیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ

سفیان سے صرف یحییٰ بن یمان روایت کرتے ہیں۔

3438 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فَهْدٍ النَّرْسِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، نَا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِي مِجَنٍّ ثَمَنُهُ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ درہم کی چوری پر چور کے ہاتھ کاٹے۔

لَمْ يَرْفَعْهُ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عُبَيْدَةُ

سعید سے مرفوعاً عبیدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3437- أخرجه الطبرانی فی الصغير جلد1صفحه130 .

3438- أخرجه النسائی فی السارق جلد8صفحه69-70 (باب القدر الذی اذا سرقه السارق قطعت يده) .

3439 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ الْاُشْنَانِيُّ الْكُوفِيُّ، نَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ، اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَمْدُودٌ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ، وَعِتْرَتِي اَهْلُ بَيْتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں‘ ایک دوسری سے بڑی‘ کتاب اللہ جو آسمان سے زمین کی طرف بھیجی گئی اور اپنی اہل بیت‘ دونوں جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر ملیں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ

کثیر نواء سے صرف ابوعبدالرحمن المسعودی روایت کرتے ہیں۔

3440 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْمُجَوِّزُ الْبَصْرِيُّ، نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرَةُ بِعَيْنِهَا، وَالسُّكْرُ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ شراب کو فروخت کرنا اور پینا حرام کیا گیا۔

3441 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ، نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتَّى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، اَوْ صَلَاةً يُوَدِّعُ بِهَا الْمَنْزِلَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی جگہ اُترے تو اس جگہ سے نہ جاتے تھے یہاں تک کہ آپ دو رکعت نفل نہ ادا کر لیتے۔

3440- أخرجه النسائی فی الأشربة جلد 8 صفحه 285-293 (باب ذکر الأخبار التی اعتل بها من أباح شراب المسکر). والدارقطنی فی سننه جلد 4 صفحه 256 رقم الحدیث: 56، وأبو نعیم فی الحلیة جلد 7 صفحه 224، والطبرانی فی الکبیر جلد 12 صفحه 34 رقم الحدیث: 12389 . انظر: نصب الرایة للحافظ الزیلعی جلد 4 صفحه 306 .

3441- أخرجه أیضًا أبو یعلیٰ، والبزار، وقال الهیثمی فی المجمع جلد 2 صفحه 286: وفیه عثمان ابن سعد، وثقه أبو نعیم وأبو حاتم، وضعفه جماعة . قلت: لم یوثقه أبو حاتم، وانما قال فیه: شیخ، والصواب أنه ضعیف .

3442 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، نَا اَبُو رَجَاءٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ عَنِ الْمَجُوسِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: اَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ: الْمَجُوسُ طَائِفَةٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ، فَاحْمِلُوهُمْ عَلَى مَا تَحْمِلُونَ عَلَيْهِ اَهْلَ الْكِتَابِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو رَجَاءٍ وَهُوَ رَوْحُ بْنُ الْمُسَيِّبِ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مسجد کے متعلق پوچھا گیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے مجھے بتایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجوسی اہل کتاب کا ایک گروہ ہے' (یا دوسرا ترجمہ:) ان کو اہل کتاب کی طرح سمجھو۔

اعمش سے ابورجاء روایت کرتے ہیں' ابورجاء کا نام روح بن مسیّب ہے۔

3443 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَشْعَثِ الْبَزَّازُ الْمِصْرِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَلَّامٍ الْاِفْرِيقِيُّ، نَا اَبِي، نَا عُثْمَانُ بْنُ مِقْسَمٍ الْبُرِّيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ: اَنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ، وَزِيدَ فِي صَلَاةِ الْمُقِيمِ، وَاُثْبِتَتْ صَلَاةُ الْمُسَافِرِ كَمَا هِيَ

لَا يُرْوَى عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَغَيْرُهُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُرْوَةَ

حضرت سلیمان بن یسار فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف) خط لکھا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ نماز رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں دو رکعت فرض ہوئی' مقیم کی نماز میں اضافہ کیا گیا اور مسافر کے لیے اسی نماز کو برقرار رکھا گیا جس حالت میں فرض ہوئی تھی۔

عمر بن عبدالعزیز سے اسی سند سے روایت ہے' حماد بن زید اور ان کے علاوہ یحییٰ بن سعید سے' وہ عروہ سے روایت کرتے ہیں۔

3444 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَجَّاجِ حِمَّصَةُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، نَا حَمَّادٌ، نَا اَيُّوبُ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُعَاذَةَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ بغیر احتلام کے جنبی ہوتے تھے' آپ غسل کرتے اور روزہ رکھتے تھے۔

3444- أخرجه البخاری فی الصوم جلد4 صفحه181 رقم الحديث: 1930-1931' ومسلم فی الصيام جلد 2 صفحه780 .

عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ احْتِلَامٍ، فَيَغْتَسِلُ وَيَصُومُ

لَمْ يَرْوِ اَيُّوبُ عَنْ يَزِيدَ غَيْرَ هٰذَا، وَلَمْ يَسْمَعْهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الشَّيْخِ

یہ حدیث ایوب' یزید سے اس کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں' اس شیخ سے ہی سنی ہے۔

3445 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَجَّاجِ حِمَّصَةُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَسَّابٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى السَّعْدِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ قَالَ: رَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ وَاقِفًا عَلَى ظَهْرِ اِجَّارٍ يَنْظُرُ اِلَى اُخْتِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ، فَقُلْتُ: تَفْعَلُ هٰذَا وَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا اَوْقَعَ اللّٰهُ فِي قَلْبِ امْرِءٍ خِطْبَةَ امْرَاَةٍ فَلَا بَاْسَ اَنْ يَتَاَمَّلَ خَلْقَهَا

حضرت مطعم بن مقدام فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن مسلمہ کی طرف دیکھا کہ آپ اپنی چھت پر ضحاک بن قیس کی بہن کو دیکھ رہے ہیں' میں نے عرض کی: آپ ایسے کرتے ہیں حالانکہ آپ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب اللہ عزوجل کسی بندے کے دل میں کسی عورت کے نکاح کا پیغام ڈالے تو اس کو دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى السَّعْدِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْمُطْعِمِ اِلَّا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ وَلَيْسَ هُوَ عِنْدَنَا بِالشَّامِيِّ

ثور بن یزید سے صرف محمد بن عیسیٰ السعدی روایت کرتے ہیں اور مطعم سے صرف ثور بن یزید روایت کرتے ہیں' ہمارے نزدیک یہ شامی نہیں ہیں۔

3446 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، نَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ، نَا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اپنے گھر سے علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے' فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پر بچھاتے ہیں

3445- أخرجه ابن ماجة في النكاح جلد **1** صفحه **599** رقم الحديث: **1864**' وأحمد في المسند جلد **4** صفحه **275** رقم الحديث: **17999**' والطبراني في الكبير جلد **19** صفحه **223** رقم الحديث: **499-505** كلهم بلفظ: اذا ألقى...... . انظر: نصب الراية جلد **4** صفحه **241** .

3446- أخرجه أحمد في المسند جلد **4** صفحه **294** رقم الحديث: **18119** بنحوه والطبراني في الكبير جلد **8** صفحه **66-67** رقم الحديث: **7388** .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَدَا مِنْ بَيْتِهِ يَطْلُبُ عِلْمًا فَرَشَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَصْنَعُ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ فَتَحَ بَابًا قِبَلَ الْمَغْرِبِ، عَرْضُهُ سَبْعُونَ عَامًا، ثُمَّ لَا يُغْلِقُهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْهُ، قُلْتُ: زِدْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ. قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَجَائَهُ اَعْرَابِيٌّ جَهْوَرِيُّ الصَّوْتِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قِفْ اَسْاَلُكَ، يَا مُحَمَّدُ، قِفْ اَسْاَلُكَ، فَاَجَابَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ قَالَ: هَاؤُمْ هَاؤُمْ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَيَعْرِفُ فَضْلَهُمْ، وَلَا يَعْمَلُ بِمِثْلِ عَمَلِهِمْ؟ قَالَ: هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ اَحَبَّ، قُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَاَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى: اَنْ لَا تَخْلَعُوا الْخِفَافَ، ثَلَاثًا، اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ

3656- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد3صفحه297 رقم الحديث: 3572' والترمذي: الأحكام جلد 3صفحه605 وقال: هذا حديث حسن غريب . وابن ماجة: الأحكام جلد 2صفحه774 رقم الحديث: 2308' وأحمد: المسند جلد2صفحه308 رقم الحديث: 7164 .

3657- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه181: ورجاله ثقات .

مَنِ اسْمُهُ سَلْمٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام سلم ہے

3658 - حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ عِصَامٍ اَبُو اُمَيَّةَ الثَّقَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ حَفْصِ بْنِ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَهْرَمَانُ آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا وَرَّثَ وَالِدٌ ولدًا خَيْرًا مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی والد کی اپنی اولاد کے لیے بہترین وراثت' اچھا ادب سکھانا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف محمد بن موسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن عمر اکیلے ہیں۔

3659 - حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ عِصَامٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَفْصِ بْنِ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ فَاَقُولُ: اَبْقِ لِي، اَبْقِ لِي

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ ایک ہی پانی کے برتن سے غسل کرتے تھے' میں عرض کرتی: میرے لیے بھی (پانی) چھوڑیں' میرے لیے بھی (پانی) چھوڑیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ، اِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ حَفْصٍ

یہ حدیث یونس سے صرف سالم بن نوح ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبیداللہ بن حفص اکیلے ہیں۔

3658- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه108-109: وفيه عمرو بن دينار قهرمان آل الزبير وهو ضعيف .

3659- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 23صفحه367 رقم الحديث: 868' والطبراني في الصغير جلد 1صفحه177 وقال: لم يروه عن يونس الا سالم بن نوح العطار تفرد به محمد بن عبيد الله بن حفص .

مَنِ اسْمُهُ سَيْفٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام سیف ہے

3660 - حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ عَمْرٍو اَبُو التَّمَّامِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ طَارِقٍ اَبُو قُرَّةَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي نُجَيْدٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اُمَّتِي كَالْمَطَرِ لَا يُدْرَى اَوَّلُهُ خَيْرٌ اَمْ آخِرُهُ

حضرت ابونجید صحابیٔ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت کی مثال بارش کی طرح ہے کوئی نہیں جانتا کہ اس کے اوّل حصہ میں برکت ہے یا آخری حصہ میں۔

اَبُو نُجَيْدٍ عِمْرَانُ بْنُ حَصِينٍ الْخُزَاعِيُّ، وَلَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حَصِينٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

ابونجید کا نام عمران بن حصین الخزاعی ہے یہ حدیث عمران بن حصین سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن ابی السری اکیلے ہیں۔

3661 - حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو هُنَيْدَةَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّاَ وَاحِدَةً وَاحِدَةً، فَقَالَ: هَذَا الْوُضُوءُ الَّذِي لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ الصَّلَاةَ اِلَّا بِهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ ثِنْتَيْنِ ثِنْتَيْنِ، فَقَالَ: هَذَا وُضُوءُ الْاُمَمِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کے لیے پانی مانگا تو آپ نے سارے اعضاء کو ایک ایک دفعہ دھویا فرمایا: نماز اس وضو کے ساتھ قبول ہوتی ہے پھر ہر عضو کو دو دو مرتبہ دھویا اور فرمایا: یہ وہ وضو ہے جو تم سے پہلی اُمتیں کرتی تھیں پھر آپ نے ہر عضو کو تین تین مرتبہ دھویا اور فرمایا: یہ میرا وضو ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء بھی ایسے ہی وضو کرتے تھے۔

3660- أخرجه أيضًا البزار عن عبيد بن محمد، ثنا اسماعيل بن نصر، ثنا عباد بن راشد، عن عمران بن حصين بنحوه، وقال: لا نعلمه يروى عن النبى ﷺ باسناد أحسن من هذا . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 10 صفحه 71: واسناد البزار حسن .

3661- قال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 234: وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

قِبَلِكُمْ ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، فَقَالَ هَذَا وُضُوئِي وَوُضُوءُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث ابن بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی السری اکیلے ہیں۔

3662 - حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ أَبِي قُرَّةَ عَطَاءِ بْنِ أَبِي قُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ضَمْرَةَ السَّلُولِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ قَالَ: اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، وَاجْعَلْنَا فِي شَفَاعَتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ هَذَا عِنْدَ النِّدَاءِ جَعَلَهُ اللَّهُ فِي شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب اذان سنتے تو اس کے بعد یہ دعا کرتے: ''اللّٰهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، وَاجْعَلْنَا فِي شَفَاعَتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اذان سن کر یہ دعا کی تو قیامت کے دن اللہ عزوجل اس کے لیے میری شفاعت واجب کر دے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ

ابوالدرداء سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ابی سلمہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3662- أخرجه أيضًا في كتاب الدعاء . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **336**: وفيه صدقه بن عبد الله السمين، ضعفه أحمد والبخاري ومسلم وغيرهم، ووثقه دحيم وأبو حاتم وأحمد بن صالح المصري .

بَابُ الشِّينِ
مَنِ اسْمُهُ
شُعَيْبٌ

باب الشین
اس شیخ کے نام سے
جس کا نام شعیب ہے

3663 - حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ عِمْرَانَ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اِدْرِيسُ الْاَوْدِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: النَّاقُورُ: الصُّورُ، وَهُوَ قَرْنٌ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْعَمُ وَقَدِ الْتَقَمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ وَرَوَاهُ اَبُو مُسْلِمٍ قَائِدُ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ''الناقور'' کا معنی بیان کرتے ہیں کہ اس کا معنی صور ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کیسے خوش ہو سکتا ہوں جبکہ اسرافیل علیہ السلام صور منہ میں لیے ہوئے ہیں۔

یہ حدیث ادریس اودی' عطیہ سے' وہ ابن عباس سے' اور ادریس سے صرف ابن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں۔ ابومسلم قائد اعمش سے' ابوادریس سے' وہ عطیہ سے' وہ ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

3664 - حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ عِمْرَانَ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: نا الْاَعْمَشُ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کافر کو کہا جائے گا کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ کہے گا: میں نہیں جانتا' وہ اُس وقت زیادہ گونگا' اندھا اور بہرا ہوگا' اس کو ایک نیزہ مارا جائے گا' اگر وہ نیزہ پہاڑ پر مارا جائے تو وہ مٹی ہو جائے' اس کی آواز ہر شے

3663- أخرجه أيضًا أحمد أطول منه' عن أسباط' ثنا مطرف' عن عطية به . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه**334**: وفيه عطية العوفي وهو ضعيف' وفيه توثيق لين .

3664- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **239-240** رقم الحديث: **4753**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **363** رقم الحديث: **18639** من حديث طويل وعزاه الحافظ السيوطي أيضًا الى ابن أبي شيبة وهناد بن السري في الزهد وعبد بن حميد وابن جرير وابن أبي حاتم وابن مردويه . انظر الدر المنثور جلد **4** صفحه **78** .

وَسَلَّمَ: يُقَالُ لِلْكَافِرِ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: لَا اَدْرِى، فَهُوَ تِلْكَ السَّاعَةَ اَصَمُّ اَعْمَى اَبْكَمُ، فَيُضْرَبُ بِمِرْزَبَّةٍ، لَوْ ضُرِبَ بِهَا جَبَلٌ صَارَ تُرَابًا فَيَسْمَعُهَا كُلُّ شَيْءٍ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ (يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِى الْآخِرَةِ، وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِينَ) (ابراهيم: 27)

سنے گی مگر انسان اور جن نہیں سنتے ہیں۔ اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ یہ آیت پڑھ رہے تھے: اللہ عزوجل ایمان والوں کا (لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ) کے پڑھنے کی وجہ سے دنیا و آخرت میں ثابت قدم رکھے گا' اللہ عزوجل ظلم کرنے والوں کو گمراہ کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، اِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِى زَائِدَةَ

یہ حدیث اعمش سے یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں۔

3665 - حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ عِمْرَانَ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِى زَائِدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبِى، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِى رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ قَالَ: بَيْنَا حُذَيْفَةُ، وعُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو اَبُو مَسْعُودٍ جَالِسَيْنِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِى اِسْرَائِيلَ كَانَ يَنْبِشُ الْقُبُورَ، فَقَالَ لِاَهْلِهِ: اِذَا اَنَا مُتُّ فَحَرِّقُونِى، ثُمَّ خُذُوا عَظْمِى فَاطْحَنُوهَا، ثُمَّ انْظُرُوا يَوْمًا رَائِحًا فَاذْرُونِى فِيهِ، فَفُعِلَ ذَاكَ بِهِ، فَقَالَ: لَهُ رَبُّهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: مَخَافَةً مِنْكَ يَا رَبُّ، فَغَفَرَ اللّٰهُ لَهُ فَقَالَ عُقْبَةُ: وَاَنَا سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ

حضرت عقبہ بن عامر اور ابومسعود رضی اللہ عنہما بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا وہ قبروں کو اُکھاڑتا تھا' اس نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا اور ہڈیاں پکڑ کر پھینک دینا' پس اس کے ساتھ ایسے ہی کیا گیا۔ اللہ عزوجل نے اُس سے فرمایا: تُو نے ایسے کیوں کیا؟ اس نے عرض کی: اے ربّ! تجھ سے ڈر گیا تھا' اللہ عزوجل نے اس کو بخش دیا۔ حضرت عقبہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِى زَائِدَةَ، اِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث زکریا بن ابی زائدہ سے صرف ان کے بیٹے یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3665- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد6صفحه594 رقم الحديث: 3479 .

مَنِ اسْمُهُ شَبَابٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام شباب ہے

3666 - حَدَّثَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبِ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ عَنْبَسَةَ الْحَدَّادِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ، وَاَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن کی اپنی رائے سے تفسیر بیان کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا عَنْبَسَةُ الْحَدَّادُ

یہ حدیث زہری سے صرف عنبسہ الحداد روایت کرتے ہیں۔

3667 - حَدَّثَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبِ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نُعْمٍ الْبَجَلِيِّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَمْرُ اُمُّ الْخَبَائِثِ فَمَنْ شَرِبَهَا لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ صَلَاتُهُ اَرْبَعِينَ يَوْمًا، فَاِنْ مَاتَ وَهِيَ فِي بَطْنِهِ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شراب تمام گناہوں کی جڑ ہے' جس نے اس کو پیا اس کی چالیس دن تک نمازیں قبول نہیں ہوں گی اور اگر اس کو اس حالت میں موت آئی کہ وہ شراب اس کے پیٹ میں تھی تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ، اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث ولید بن عبادہ سے صرف حکم بن عبدالرحمن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ربیعہ اکیلے ہیں۔

3666- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 199 رقم الحديث: 4603، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 401 رقم الحديث: 8009 .

3667- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 75: وشيخه شباب بن صالح لم أعرفه، وبقية رجاله ثقات، وفي بعضهم كلام لا يضر . وأورده الشيخ الألباني في سلسلة الصحيحة وحسنه .

مَنِ اسْمُهُ شَرَاحِيلُ

3668 - حَدَّثَنَا شَرَاحِيلُ بْنُ الْعَلَاءِ اَبُو الْوَرْدِ الْبَالِسِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى خَلْفَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ، اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام شراحیل ہے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

یہ حدیث مالک سے صرف ابن مبارک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبید بن ہشام اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3668- أخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 49: وفيه عبيد بن هشام وثقه أبو حاتم وغيره، وفيه خلاف .

مَنِ اسْمُهُ شَيْبَانُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام شیبان ہے

3669 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو اَحْمَدَ الْمِسْمَعِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ مَعْرُوفٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: صِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین چیزوں کی وصیت کی: ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' جمعہ کے دن غسل کرنے کی' سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی۔

☆☆☆☆☆

3669- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه307 رقم الحديث: 7157 .

بَابُ الصَّادِ
مَنِ اسْمُهُ
صَالِحٌ

3670 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو شُعَيْبٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ رَاشِدٍ الدَّارِمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ قُرَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ شَيْخًا هَرِمًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي عَمَلًا أَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: عَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ: لَا أَسْتَطِيعُ ذَلِكَ كَبِرْتُ، عَنْ ذَلِكَ، وَضَعُفْتُ قَالَ: فَكُنْ مُؤَذِّنًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ قُرَيْرٍ، إِلَّا مُبَارَكُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

3671 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُذِّنَ فِي قَرْيَةٍ آمَنَهَا اللّٰهُ

باب الصاد
اس شیخ کے نام سے
جس کا نام صالح ہے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک بوڑھا آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ جس کے ذریعے میں اللہ کے قریب ہو جاؤں! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔ اُس نے عرض کی: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا' میں بوڑھا اور کمزور ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اذان دینے والے بن جاؤ۔

یہ حدیث عبدالعزیز بن قریر سے صرف مبارک بن راشد روایت کرتے ہیں۔ ان سے داؤد بن شبیب اکیلے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی بستی میں اذان دی جاتی ہے تو اللہ عزوجل اس دن اس بستی والوں سے عذاب اُٹھا لیتا ہے۔

3670- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه330: وفيه قريب والد الأصمعي وهو منكر الحديث .

3671- أخرجه أيضًا في الصغير والكبير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه331: وفيه عبد الرحمن بن سعد بن عمارة ضعفه ابن معين .

مِنْ عَذَابِهِ ذَلِكَ الْيَوْمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث سفیان بن سلیم سے صرف عبدالرحمٰن بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بکر بن محمد اکیلے ہیں۔

3672 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: نا نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ قَالَ: نا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ أَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجَاءُ بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُوقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَطَّلِعُونَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: أَتَعْرِفُونَ هَذَا فَيَقُولُونَ: يَا رَبَّنَا، هَذَا الْمَوْتُ، فَيُذْبَحُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَيُقَالُ لَهُمْ: خُلُودٌ لَا مَوْتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن موت کو لایا جائے گا اور جنت اور دوزخ کے درمیان روکا جائے گا' ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: اے جنت والو! وہ دیکھیں گے تو اُن کو کہا جائے گا کہ کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ عرض کریں گے: اے ہمارے رب! یہ موت ہے' اُس کو جنت اور دوزخ کے درمیان ذبح کیا جائے گا۔ جنت والوں کو کہا جائے گا: ہمیشہ رہو اب موت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ، وَلَا، عَنْ خَالِدٍ، إِلَّا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے صرف خالد بن قیس اور خالد سے نوح بن قیس ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نافع بن خالد العطاحی اکیلے ہیں۔

3673 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُقَاتِلِ بْنِ صَالِحٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ الْفُقَيْمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبْجَرَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: خَيْرُ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انبیاء کے بعد اس اُمت میں افضل ابوبکر اور عمر ہیں۔

3672- أخرجه أيضًا أبو يعلى' والبزار' عن نافع بن خالد الطاحي به' نحوه . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه**398**: ورجالهم رجال الصحيح غير نافع بن خالد الطاحي وهو ثقة .

3673- أصله عند البخاري من طريق محمد ابن الحنفية قال: قلت لأبي: أي الناس خير بعد رسول الله ﷺ؟ فذكر نحوه . أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد **7** صفحه**24** رقم الحديث: **3671** . وأحمد: المسند جلد **1** صفحه**138** رقم الحديث: **881** ولفظه له .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبْجَرَ، اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ، وَابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبْجَرَ

یہ حدیث عبدالملک بن ابجر سے صرف عمرو بن عبدالغفار اور ان کے بیٹے عبدالرحمٰن بن عبدالملک بن ابجر۔

3674 - حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ، عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ قَالَ: تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت قبیصہ بن مخارق الحلالی فرماتے ہیں کہ میں نے تلوار کا پٹہ اُٹھایا۔ پس انہوں نے حدیث بیان کی۔

3675 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مُقَاتِلٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ التَّيْمِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْمَعْنِيُّ قَالَ: نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً اَضَرَّ مِنَ النِّسَاءِ عَلَى الرِّجَالِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی اُمت کے مردوں پر اپنے بعد سب سے نقصان دہ فتنہ عورتوں کو چھوڑ کر جارہا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا مِنْدَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ

یہ حدیث عاصم الاحول سے مندل روایت کرتے ہیں اور اس کو روایت کرنے میں علی بن حمید اکیلے ہیں۔

3676 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مُقَاتِلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: طلاق نکاح کے بعد ہی ہوتی

3674- أخرجه مسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **722**، وأبو داؤد: الزكاة جلد **2** صفحه **123** رقم الحديث: **1640**، والنسائي: الزكاة جلد **5** صفحه **66** (باب الصدقة لمن تحمل بحمالة)، والدارمي: الزكاة جلد **1** صفحه **487** رقم الحديث: **1678**، وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **579** رقم الحديث: **15922** .

3675- أخرجه البخاري: النكاح جلد **9** صفحه **41** رقم الحديث: **5096**، ومسلم: الذكر والدعاء جلد **4** صفحه **2097** .

3676- أخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **337**: أحمد بن صالح كذا في المجمع والصواب صالح بن أحمد متروك .

عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ الْبَارِقِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا طَلَاقَ اِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ

ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ، اِلَّا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ

یہ حدیث ایوب سے صرف عاصم بن ہلال ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن القطعی اکیلے ہیں۔

3677 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مُقَاتِلٍ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَاَعُوذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَاَعُوذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، لَا اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ، اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: ''اَعُوْذُ بِرِضَاكَ اِلٰى آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف جنادہ بن سلم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلم بن جنادہ اکیلے ہیں۔

3678 - سَمِعْتُ صُلَيْحَةَ بِنْتَ اَبِي نُعَيْمٍ الْفَضْلِ بْنِ دُكَيْنٍ، تَقُولُ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: الْقُرْآنُ كَلَامُ اللّٰهِ غَيْرُ مَخْلُوقٍ، مَنْ قَالَ: الْقُرْآنُ مَخْلُوقٌ فَهُوَ كَافِرٌ

امام طبرانی فرماتے ہیں کہ میں نے صلیحہ بنت ابی نعیم الفضل بن دکین کو کہتے ہوئے سنا' وہ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا: قرآن اللہ کا کلام ہے مخلوق نہیں' جو کہے کہ قرآن مخلوق ہے وہ کافر ہے۔

☆☆☆☆☆

بَابُ الضَّادِ مُهْمَلٌ

بَابُ الطَّاءِ

مَنِ اسْمُهُ طَالِبٌ

باب الضاد مہمل

باب الطاء

اس شیخ کے نام سے جس کا نام طالب ہے

3679 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا اَخِي اِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَرَّرِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُعْزَلُ عَنِ الْحُرَّةِ اِلَّا بِاِذْنِهَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آزاد عورت سے عزل اس کی اجازت سے کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ، اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے جعفر بن ربیعہ اور جعفر سے صرف ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن عیسیٰ اکیلے ہیں اور حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

3680 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی کسی کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے' نہ کوئی عورت دوسری عورت کی شرمگاہ کو دیکھے' کوئی آدمی

3679- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد 1صفحه620 رقم الحديث: 1928' وأحمد: المسند جلد 1صفحه40 رقم الحديث: 213 ولفظهما: نهى عن العزل عن الحرة الا باذنها . وفى اسنادهما ابن لهيعة وهو ضعيف .

3680- أخرجه مسلم: الحيض جلد 1صفحه266' وأبو داؤد: الحمام جلد4صفحه40 رقم الحديث: 4018' والترمذى: الأدب جلد5صفحه109 رقم الحديث: 2793' وأحمد: المسند جلد3صفحه78 رقم الحديث: 11607 .

الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلَى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلَا تَنْظُرُ الْمَرْاَةُ اِلَى عَوْرَةِ الْمَرْاَةِ، وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ، وَلَا تُفْضِي الْمَرْاَةُ اِلَى الْمَرْاَةِ

دوسرے آدمی کے راز کو ظاہر نہ کرے اور کوئی عورت دوسری عورت کے راز کو ظاہر نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اَسْلَمَ، اِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، وَزِيدُ بْنُ الْحُبَابِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ضحاک بن عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اور زید بن حباب اکیلے ہیں اور حضرت اُم سعید سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3681 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ تَمَّامِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ غَرْبًا مِنْ جَهَنَّمَ جُعِلَ وَسَطَ الْاَرْضِ لَآذَى نَتْنُ رِيحِهِ وَشِدَّةُ حَرِّهِ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، وَلَوْ اَنَّ شَرَرَةً مِنْ شَرَرِ جَهَنَّمَ بِالْمَشْرِقِ لَوَجَدَ حَرَّهَا مَنْ بِالْمَغْرِبِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر جہنم سے کوئی جز زمین کے درمیان رکھا جائے تو اس کی سخت بدبو سے اور گرمی سے مشرق اور مغرب تکلیف میں مبتلا ہو جائے' جہنم کے انگاروں میں سے ایک انگارہ اگر مشرق میں ہو تو مغرب میں موجود آدمی اس کی گرمی محسوس کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ، اِلَّا تَمَّامُ بْنُ نَجِيحٍ

یہ حدیث حسن سے صرف تمام بن نجیح ہی روایت کرتے ہیں۔

3682 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى الْحَرْبِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نرم ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے' نرمی کرنے پر وہ کچھ دیتا ہے جو سختی کرنے پر نہیں دیتا ہے۔

3681- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 390: وفيه تمام بن نجيح وهو ضعيف، وقد وثق، وبقية رجاله أحسن حالًا من تمام .

الْعُنُفِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ، إِلَّا أَبُو الْأَحْوَصِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى الْحَرْبِيُّ

یہ حدیث سماک سے صرف ابواحوص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن عیسیٰ الحربی اکیلے ہیں۔

3683 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْأَذَنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَاصِمٍ، فَلَقِيتُ عَاصِمًا بِمَكَّةَ فَحَدَّثَنَا، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ قَالَ أَبُو عُثْمَانَ: فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرَةَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: سَمِعَتْهُ أُذُنَيَّ، وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنا نسب بدلا اس کے لیے جنت حرام ہوگئی۔ حضرت ابوعثمان فرماتے ہیں کہ میں ابوبکرہ سے ملا' میں نے یہ حدیث ذکر کی' فرمایا: میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا اور اپنے دل میں یاد کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، إِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ

یہ حدیث خالد' عاصم سے اور عاصم سے صرف ابن علیہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عیسیٰ الطباع اکیلے ہیں۔

3684 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْأَذَنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا آكُلُ مُتَّكِئًا لَمْ يُدْخِلْ فِي

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا ہوں۔

3683- أخرجه البخاري: الفرائض جلد12صفحه54 رقم الحديث:6766-6767' ومسلم: الأيمان جلد1صفحه80 .

3684- أخرّجه البخاري: الأطعمة جلد 9صفحه451 رقم الحديث: 5398' وأبو داؤد: الأطعمة جلد 3صفحه3427 رقم الحديث: 3769' والترمذي: الأطعمة جلد4صفحه273 رقم الحديث: 1830' وابن ماجة: الأطعمة جلد 2 صفحه1086 رقم الحديث: 3262' وأحمد: المسند جلد4صفحه378 رقم الحديث: 18781 .

هَذَا الْحَدِيثَ بَيْنَ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ وَبَيْنَ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَوْنَ بْنَ اَبِي جُحَيْفَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ وَرَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ، عَنْ رَقَبَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ

علی بن اقمر اور ابی جحیفہ کی اس حدیث میں عون بن ابی جحیفہ داخل نہیں ہیں مگر محمد بن عیسیٰ الطباع' ایک جماعت نے ابوعوانہ سے' وہ رقبہ سے' وہ علی بن اقمر سے' وہ ابوجحیفہ سے۔

3685 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَبُو سَلَمَةَ الْكِنَانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ الْكِنْدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ طَمَعٍ يَهْدِي اِلَى طَبْعٍ وَمِنْ طَمَعٍ يَهْدِي اِلَى غَيْرِ مَطْمَعٍ

حضرت مقدام بن معدی کرب الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل سے ایسی طمع کی پناہ مانگو جو طبع کی طرف لے جائے' یعنی وہ عادت بن جائے اور اس لالچ سے بھی اللہ کی پناہ مانگو جو ایسی چیز کی طرف لے جائے جس کی خواہش نہ کی جا سکتی ہو۔

☆☆☆☆☆

3685- أخرجه أيضًا في الكبير جلد**20**صفحه**274** . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**147**: وفيه محمد بن سعيد بن الطباع' ولم أعرفه . قلت: هو محمد بن عيسى والطباع عيسى تحرف عند الحافظ الهيثمي الى سعد ولذا لم يعرف .

مَنِ اسْمُهُ طَاهِرٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام طاہر ہے

3686 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عَلِيٍّ الطَّبَرَانِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ الطَّبَرَانِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ زُمَيْلٍ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عمرو بن مرہ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ

عمرو بن مرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ہیثم بن عدی اکیلے ہیں۔

3687 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتْ سُرِّيَّةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ إِبْرَاهِيمَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهَا، وَكَانَ قِبْطِيٌّ يَأْوِي إِلَيْهَا، وَيَأْتِيهَا بِالْمَاءِ وَالْحَطَبِ، فَقَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی لونڈی آپ کے بیٹے حضرت ابراہیم کی ماں کے گھر میں ذخیرہ کرنے کی جگہ تھی۔ ایک قبطی اُن کے پاس پناہ لیتا اوران کے پاس پانی اور لکڑیاں لے آتا تھا۔ اس حوالے سے لوگوں نے یہ بات کی کہ ایک موٹا عجمی کافر' عجمی عورت کے پاس آتا

3686- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه149: رواه الطبراني في الأوسط والكبير' وفيه الهيثم بن عدى الطائي قال البخاري وغيره: كذاب .

3687- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه164: وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

النَّاسُ فِي ذَلِكَ: عِلْجٌ يَدْخُلُ عَلَى عِلْجَةٍ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، فَأَمَرَهُ بِقَتْلِهِ، فَانْطَلَقَ فَوَجَدَهُ عَلَى نَخْلَةٍ، فَلَمَّا رَأَى الْقِبْطِيُّ السَّيْفَ مَعَ عَلِيٍّ وَقَعَ، فَأَلْقَى الْكِسَاءَ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ وَاقْتَحَمَ، فَإِذَا هُوَ مَجْبُوبٌ، فَرَجَعَ عَلِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ إِذَا أَمَرْتَ أَحَدَنَا بِأَمْرٍ، ثُمَّ رَأَى غَيْرَ ذَلِكَ أَيُرَاجِعُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا رَأَى مِنَ الْقِبْطِيِّ قَالَ: فَوَلَدَتْ أُمُّ إِبْرَاهِيمَ إِبْرَاهِيمَ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فِي شَكٍّ حَتَّى جَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا إِبْرَاهِيمَ، فَاطْمَأَنَّ إِلَى ذَلِكَ

ہے۔ (کوئی بات ہے!) تو یہ بات نبی کریم ﷺ کو پہنچی۔ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف قاصد بھیجا اور حکم دیا کہ اس کو قتل کر دیں۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے' اتفاق سے اس کو کھجور کے درخت پر پایا۔ پس جب قبطی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تلوار اُٹھاتے ہوئے دیکھا تو اس پر یوں خوف طاری ہوا کہ اس کے تن بدن پر جو چادر تھی اس نے پھینک دی اور درخت سے کود گیا' اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نظر پڑی تو اس کا ذکر (عضو تناسل) کٹا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کی کیا رائے ہے کہ آپ ہم میں سے کسی ایک کو حکم دیں' پھر وہ اس کے علاوہ صورتِ حال دیکھے تو کیا وہ آپ کی طرف رجوع کر سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قبطی کے حوالے سے جو بات دیکھی تھی' بتا دی۔ راوی کا بیان ہے کہ اُم ابراہیم نے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو جنم دیا تو حضور ﷺ شک میں رہے یہاں تک کہ جبریل علیہ السلام نے آ کر کہا: یا ابا ابراہیم! السلام علیک! تو آپ ﷺ مطمئن ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، وَعُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْهُمَا

اس حدیث کو زہری سے صرف یزید بن ابی حبیب اور عقیل بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے ساتھ ان دونوں سے ابن لہیعہ منفرد ہیں۔

3688 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي أَحْمَدُ بْنُ أَبْيَضَ الْمَدِينِيُّ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْجَنَّةَ لَتُزَيَّنُ مِنَ السَّنَةِ إِلَى السَّنَةِ لِشَهْرِ رَمَضَانَ، وَإِنَّ الْحُورَ الْعِينَ لَتَتَزَيَّنُ مِنَ السَّنَةِ إِلَى السَّنَةِ لِشَهْرِ رَمَضَانَ، فَإِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا فِي هَذَا الشَّهْرِ مِنْ عِبَادِكَ سُكَّانًا، وَيَقُلْنَ الْحُورُ الْعِينُ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا فِي هذا الشَّهْرِ مِنْ عِبَادِكَ أَزْوَاجًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ صَانَ نَفْسَهُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، فَلَمْ يَشْرَبْ فِيهِ مُسْكِرًا، وَلَمْ يَرِمْ فِيهِ مُؤْمِنًا بِالْبُهْتَانِ، وَلَمْ يَعْمَلْ فِيهِ خَطِيئَةً، زَوَّجَهُ اللّٰهُ كُلَّ لَيْلَةٍ مِائَةَ حَوْرَاءَ، وَبَنَى لَهُ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ مِنْ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ وَيَاقُوتٍ وَزَبَرْجَدٍ، لَوْ أَنَّ الدُّنْيَا جُمِعَتْ فَجُعِلَتْ فِي ذَلِكَ الْقَصْرِ لَمْ يَكُنْ فِيهِ إِلَّا كَمَرْبَطِ عَنْزٍ فِي الدُّنْيَا، وَمَنْ شَرِبَ فِيهِ مُسْكِرًا وَرَمَى فِيهِ مُؤْمِنًا بِبُهْتَانٍ، وَعَمِلَ فِيهِ خَطِيئَةً أَحْبَطَ اللّٰهُ عَمَلَهُ سَنَةً، فَاتَّقُوا شَهْرَ رَمَضَانَ، فَإِنَّهُ شَهْرُ اللّٰهِ أَنْ تُفَرِّطُوا فِيهِ فَقَدْ جَعَلَ لَكُمْ أَحَدَ عَشَرَ شَهْرًا تَنْعَمُونَ فِيهَا وَتَتَلَذَّذُونَ، وَجَعَلَ لِنَفْسِهِ شَهْرَ رَمَضَانَ فَاحْذَرُوا شَهْرَ رَمَضَانَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کو ایک سال سے لے کر دوسرے سال تک خوبصورت کیا جاتا ہے' رمضان کے مہینہ کی آمد کے لیے' جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کہتی ہے: اے اللہ! میرے لیے اس مہینہ میں روزے رکھنے والے بندوں کو رکھ دے۔ حورالعین کہتی ہیں: اے اللہ! اس مہینہ میں روزے رکھنے والے میرے لیے شوہر رکھ دے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اس ماہ میں اپنے نفس کو قابو میں رکھا' اس میں شراب اور نشہ آور شے نہ پی' کسی مؤمن پر بہتان نہ لگایا' کوئی گناہ نہ کیا تو اللہ عزوجل ہر رات اس کی ایک سو حوروں سے شادی کرتا ہے' اس کے لیے جنت میں سونے' چاندی' یاقوت' زبرجد کا محل بنایا جاتا ہے' اگر ساری دنیا کو اس محل میں رکھا جائے تو ایسے محسوس ہوگا کہ دنیا کا ایک کوڑا رکھا گیا ہے' اور جس نے اس ماہ میں شراب پی' مؤمن پر بہتان لگایا' گناہ کیا' اللہ عزوجل اس کے ایک سال کی نیکیاں ختم کر دے گا' رمضان کے ماہ میں گناہوں سے بچو' کیونکہ یہ اللہ کا مہینہ ہے' اس ماہ میں کنجوسی کرنے سے بچو! اس نے تم کو گیارہ ماہ تک نعمتیں دی ہیں اور تم لذت حاصل کرتے رہے ہو' رمضان کے ماہ میں اپنے آپ کو قابو میں رکھو' رمضان کے ماہ میں گناہوں سے

3688- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه **147** بعد نقله كلام الطبراني: لم يروه عن الأوزاعي الا أحمد بن أبيض' قلت: ولم أجد من ترجمه' وبقية رجاله موثقون .

بچو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ اَبْيَضَ الْمَدَنِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف احمد بن ابیض المدنی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زہیر بن عباد اکیلے ہیں۔

3689 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنُ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمَانَ، امْرَاَتَهُ سَاَلَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ لَحْمِ الْاَضَاحِي؟ فَقَالَتْ: قَدِمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ مِنْ غَزْوَةٍ، فَدَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِّبَ لَهُ مِنْ لَحْمِ الْاَضَاحِي، فَاَبَى اَنْ يَاْكُلَهُ حَتَّى سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْهُ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ اِلَى ذِي الْحِجَّةِ

حضرت یزید مولیٰ سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان نے حضرت عائشہ زوجہ نبی علیہ السلام سے قربانی کے گوشت کے متعلق پوچھا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضرت علی بن ابی طالب ایک غزوہ سے آئے تو حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ علیہ السلام کے پاس آئے' آپ کے لیے قربانی کا گوشت کھانے کے لیے رکھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے کھانے سے انکار کر دیا' یہاں تک کہ رسول اللہ علیہ السلام سے پوچھ لیں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک ذی الحجہ سے لے کر دوسری ذی الحجہ تک کھاؤ۔

لَمْ تَرْوِ اُمُّ سُلَيْمَانَ امْرَاَةُ يَزِيدَ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ عَائِشَةَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

اُم سلیمان' یزید بن ابی عبید مولیٰ سلمہ بن اکوع کی بیوی ہیں' حضرت عائشہ سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتی ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3689- أخرجه أحمد: المسند جلد**6**صفحه**314** رقم الحديث: **26471**. وقال الحافظ الهيثمي: لم ترو أم سليمان غير هذا الحديث، قلت: وثقت كما نقل في المسند: وبقية رجال أحمد ثقات. انظر مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**30**.

مَنِ اسْمُهُ طَيٌّ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام طی ہے

3690 - حَدَّثَنَا طَيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ قَحْطَبَةَ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ الطَّائِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْحَسَنِ، وَالْحُسَيْنِ، فَسَأَلَهُمَا، فَقَالَا: إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَصْلُحُ إِلَّا لِثَلَاثَةٍ: لِحَاجَةٍ مُجْحِفَةٍ، أَوْ حَمَالَةٍ مُثْقِلَةٍ، أَوْ دَيْنٍ فَادِحٍ وَأَعْطَيَاهُ، ثُمَّ أَتَى ابْنَ عُمَرَ، فَأَعْطَاهُ، وَلَمْ يَسْأَلْهُ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: أَتَيْتُ ابْنَيْ عَمِّكَ فَسَأَلَانِي، وَأَنْتَ لَمْ تَسْأَلْنِي، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: ابْنَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا كَانَا يُغَرَّانِ الْعِلْمَ غَرًّا

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' اس نے دونوں سے مانگا تو دونوں نے ارشاد فرمایا: مانگنا صرف تین آدمیوں کے لیے جائز ہے: ضرورت مند کے لیے یا ضمانت اُٹھانے والے کے لیے یا مقروض کے لیے۔ پھر دونوں نے اس کو دیا' پھر وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور اُن سے مانگا تو اُنہوں نے دے دیا' اس سے پوچھا نہیں۔ اس آدمی نے کہا: میں آپ کے چچازاد کے پاس آیا تو اُن دونوں نے مجھ سے پوچھا' آپ نے مجھ سے نہیں پوچھا؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: دونوں رسول اللہ ﷺ کے بیٹے ہیں' دونوں علم کو لقمہ بنا کر کھاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ، إِلَّا يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ

یہ حدیث مجاہد سے صرف یونس بن خباب ہی روایت کرتے ہیں۔

آج راقم الحروف نے اللہ عزوجل کے فضل وکرم اور حضور ﷺ کی خاص نگاہِ کرم' صحابہ کرام' اہل بیت اطہار' اولیاءِ کاملین خصوصاً حضور محبوبِ سبحانی' قطبِ ربانی' شہباز لامکانی' حضور غوثِ پاک اور مرکزِ تجلیات منبع فیوضِ برکات' تاج العارفین'

3690- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 103: وفيه يونس بن خباب وهو ضعيف: وفيه أيضًا يحيى بن يعلى ضعيف.

امام الکاملین گنج بخش فیض عالم حضور داتا صاحب اور نائب رسول' عطاءِ رسول حضور خواجہ معین الدین چشتی اور سفیرِ عشقِ مصطفےٰ امام العارفین' سیّد الواصلین غوثِ زماں' سلطان الفقر سیدی مرشدی حضور پیر سید غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہ العزیز اور وارثِ علومِ دستگیریہ' شبیہ دستگیر حضرت پیر سید حسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ سرویہ شریف راولپنڈی اور جامعہ رسولیہ شیرازیہ کے جملہ اساتذہ کرام خصوصاً شیخ الحدیث والتفسیر استاذ الاساتذہ' رئیس المدرسین' زینت مسند تدریس' یادگارِ اسلاف حضرت علامہ مفتی گل احمد خان عتیقی مدظلہ العالی استاذی المکرّم شیخ الحدیث مجاہد اہل سنت' محافظ ناموسِ رسالت داعی اتحاد اہلسنت و جماعت حضرت صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی' شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد اشرف بندیالوی' مفکر اسلام شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ المفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ کی دعاؤں اور شفقت کے صدقہ ''معجم الاوسط'' کے عربی مطبوعہ کی دوسری جلد کا ترجمہ مکمل کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اے اللہ! اپنے ان نیک بندوں کے صدقے باقی کام کو میرے لیے آسان کر دے۔ اس کام کو میری قبر و آخرت کیلئے ذریعۂ نجات کا سبب بنا دے! حسد' ریاکاری' دکھاوے سے محفوظ رکھ! عاجزی وانکساری کی توفیق عطا فرما! آمین بحرمۃ سیّد العالمین۔

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی غفرلہٗ

☆☆☆☆☆